

عرشی وظائف کے
آزمودہ
زمینی نتائج

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

پی ایچ ڈی (امریکہ)

Qureshi

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب ...... عرشی وظائف کے آزمودہ زمینی نتائج
جمع وترتیب ...... شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
(پی۔ایچ۔ڈی: امریکہ)
ناشر ...... دفتر ماہنامہ عبقری عالمی مرکز روحانیت وامن، قرطبہ چوک لاہور
سن اشاعت 2015ء
قیمت ...... =/280 روپے

خط وکتابت کا پتہ: دفتر ماہنامہ ''عبقری'' عالمی مرکز روحانیت وامن
78/3 قرطبہ چوک 'نزد قرطبہ مسجد عبقری اسٹریٹ مزنگ چونگی لاہور

فون / فیکس: 042-37425803,37425802,37425801
E-mail:contact@ubqari.org
Website:www.ubqari.org
Facebook.com/ubqari

(اہم بات)

حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ الفاظ، آیات میں کوئی غلطی نہ ہو لیکن پھر بھی ہم ہر لمحہ اپنے آپ کو قابل اصلاح سمجھتے ہیں۔ آپ کی تحقیقی نظر میں بھی کوئی غلطی یا قابل اصلاح پہلو کی طرف جائے اطلاع دیجئے شکر گزار رہیں گے۔

Oureshi

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	حال دل	36
2	"بسم اللہ الرحمن الرحیم" کے مشاہدات	38
3	گھر میں رزق کی چہل پہل اور نمازی بنا دیا	38
4	صرف ایک بچے کو سکول میں داخل ہونے کی اجازت	38
5	چیونٹیاں مٹھائی کے قریب تک نہ آئیں	39
6	اڑھائی لاکھ سے 97 لاکھ کا انتظام	39
7	راتوں کو نیند نہ آنے کا مسئلہ حل	39
8	سب کام غیب کے خزانوں سے مکمل	40
9	خراب کمپیوٹر چل پڑا	40
10	غلطی کرنے پر جی ایم کی ڈانٹ سے بچت	40
11	بسم اللہ الرحمن الرحیم کی برکات	41
12	بسم اللہ کی برکت سے جنریٹر آن ہو گیا	42
13	چارپائی پر لیٹی بیمار ہمسائی اٹھ کر بیٹھ گئی	42
14	تاروں کو چھونے سے کرنٹ نہیں لگا	43
15	2 کی بجائے 3 بچوں کے سوٹ بن گئے	43
16	بسم اللہ الرحمن الرحیم سے پرانا مسئلہ حل	43
17	بسم اللہ کی برکت سے نماز میں خشوع و خضوع	44
18	والدہ کے مہروں کی تکلیف ختم	44

Oureshi

19	پوری کلاس میں اکیلا ہی جرمانہ سے بچ گیا	45
20	قرض سے خلاصی اور کاروبار میں ترقی	45
21	عرصہ سے اٹکا ہوا مقدمہ جیت گئے	46
22	داڑھ کا درد فوری ختم	46
23	کلاس کے دوران ہچکی فورا رک گئی	47
24	اسم ”اللہ“ کے مشاہدات	47
25	اسم اللہ سے نور، روحانیت، نماز فجر کا حصول	47
26	اسم ”اللہ“ نے مرشد کے قدموں میں بٹھا دیا	47
27	”کلمہ طیبہ“ کے مشاہدات	48
28	اللہ کے پاس امانت رکھوائیں اور خاتمہ بالخیر پائیں	48
29	اماں کے وظیفے سے بہترین نیند	49
30	کلمہ طیبہ سے ہر قسم کے درد کا علاج	49
31	کلمہ طیبہ سے آندھی رک گئی	49
32	لیبیا میں قید شخص کی ایک ہفتے میں رہائی	49
33	اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر کے گناہوں سے بچنا	50
34	کلمے کے نصاب سے بیروزگاری کا خاتمہ	50
35	بخار میں تپتا بچہ سکون سے سو گیا	51
36	آنکھ کے پھوڑے سے فوری شفاء	51
37	کلمے کی برکت سے میاں بیوی میں صلح	52
38	”درود شریف“ کے مشاہدات	52
39	درود شریف کی برکت سے غرباء کی امداد	52
40	درود شریف کی برکت سے سارا دن خوب آمدنی	53
41	روضہ رسول ﷺ کی زیارت	53
42	پٹرول کے بغیر تین کلومیٹر دور پمپ تک پہنچ گیا	53

43	انسپکٹر کی کیفیات اور عمرے کی ادائیگی	54
44	شریر لوگوں کے شر سے نجات	55
45	درود شریف کی برکت سے قرض واپس مل گیا	56
46	ذکر کرنے میں آسانی	57
47	درود پاک کا ذکر اور بیماریوں سے شفاء	57
48	درود شریف سے نیند کا مسئلہ حل ہو گیا	57
49	لوگوں کو نیند نہ آنے کے مسئلے کا ازالہ	58
50	پڑھائی میں کمزور بیٹی کو سکالرشپ ملی	58
51	چار گنا زیادہ تنخواہ پر ایگزیکٹو بنا دیا	58
52	سخت مزاج بیٹا گھر والوں کا تابعدار بن گیا	58
53	درود شریف سے بیٹی کی شادی کیلئے غیبی مدد	59
54	ہچکی کا فوری علاج	59
55	گیدڑوں نے رات کو شور مچانا بند کر دیا	59
56	ہر قسم کے جسمانی درد سے فوری شفاء	60
57	درود شریف کی برکت سے عمرے کی سعادت	60
58	درود شریف کی برکت سے حادثے میں حفاظت	61
59	عمل سے ناممکن مسائل حل	61
60	درود پاک سے ناممکن الرجی کا علاج	62
61	”سورۃ رحمٰن“ کے مشاہدات	62
62	شفاء بھی اور 35 لاکھ کے خرچ سے نجات بھی	62
63	سگنل توڑنے پر ٹریفک وارڈن نے نظر انداز کر دیا	63
64	والد صاحب کو ملی گردوں کے مرض سے شفاء	63
65	قرآنی سپرے سے فصل تباہی سے بچ گئی	63

66	ڈاکٹروں کے ٹھکرائے مریض کو شفاء	64
67	گھر سے بدبو آنا بند اور مچھلی زندہ ہوگئی	64
68	گھر میں سکون اور راحت کا سماں	65
69	دکان اور گھر میں برکت ہی برکت	65
70	مشکلات اور پریشانیاں حل ہوگئیں	66
71	دو دن بعد سکون کی نیند	67
72	مونس جنات تنگ کرنا چھوڑ دیا	67
73	بخار سے نجات کیلئے پرتاثیر عمل	67
74	سورۃ رحمٰن اور سورۃ بقرہ سے فرتج ٹھیک ہوگئی	68
75	چھ ہزار کی بجائے لیپ ٹاپ فری میں ٹھیک ہوگیا	68
76	یارحمٰن سے یورک ایسڈ سے نجات	69
77	"سورہ بقرہ" کے مشاہدات	69
78	7 سال بعد دوبارہ اولاد نرینہ	69
79	دو بیٹیوں کے بعد اللہ نے بیٹا عطا کردیا	70
80	3 سال بعد اللہ نے بیٹا عطا فرمایا	70
81	اللہ تعالیٰ نے بیٹے کی خواہش پوری کردی	70
82	سورۃ بقرہ گھر میں فائدہ ہی فائدہ	70
83	سورۃ بقرہ سے بیٹے کی دیرینہ خواہش پوری	71
84	عمل کی برکت بداثرات زائل ہوگئے	71
85	گھر میں ہی بغیر تکلیف کے بیٹے کی پیدائش	71
86	سورۃ بقرہ سے ہر کسی کو بیٹا ہی ملا	72
87	گرتا ہوا بچہ جالیوں کیساتھ لٹک کر بچ گیا	72
88	سورۃ بقرہ سے جڑواں بیٹوں کی ولادت	73

Oureshi

89	اللہ تعالیٰ نے بیٹا عطا کر دیا	73
90	نیند نہ آنیوالوں کیلئے مجرب عمل	73
91	**''سورہ مائدہ کی آیت 114'' کے مشاہدات**	73
92	رزق کا ایسا انتظام کہ بندہ خود حیران	73
93	جو بھی اللہ پاک سے مانگا...... وہ ملا	74
94	کرائے کے مکان سے اپنے گھر میں	74
95	چھوٹی سی آیت سے بے شمار خواہشات کی تکمیل	75
96	ثواب کمانے کا مجرب عمل	76
97	ہر ماہ مارکیٹنگ کا ٹارگٹ پورا ہو جاتا ہے	77
98	رزق میں برکت اور سکون میسر	77
99	ایک ہفتے میں گاڑی کی رقم کا بندوبست	77
91	کرنل صاحب نے 25 لاکھ روپے کا آرڈر دیدیا	78
101	نہ فروخت ہونیوالا فروٹ صبح سویرے بک گیا	78
102	12% کے بجائے 45% تنخواہ بڑھی	79
103	کبوتروں نے درخواست اللہ کو پہنچادی	79
104	اللہ تعالیٰ نے زیرو سے ہیرو بنادیا	80
105	اِدھر سوچا اور فری میں لیپ ٹاپ مل گیا	81
106	بچوں کی پسند کا بڑا گھر مل گیا	81
107	شدید گرمی کے روزوں میں آسانی اور برکتیں	82
108	بچوں سمیت تمام گھروالوں کے روزے اچھے گزرے	82
109	عمل کی برکت سے بڑا گھر مل گیا	83
110	تمام گھروالوں کا رمضان بہت اچھا گزرا	83
111	اللہ کے راستے پر چلنے میں سہولت	83

Oureshi

112	شدید بخار میں شفاء پا کر درس میں پہنچ گیا	84
113	اعمال سے چیزیں رائیگاں نہیں جاتیں	84
114	کھانے کی خواہش فورا پوری ہوئی	85
115	اللہ نے تیز بارش میں سفر آسان بنادیا	86
116	کرایہ کیلئے پیسوں کا غیب کے خزانوں سے انتظام	86
117	روحانی غذا ملنے لگی	87
118	"یا حیّ یا قیوم ایاک نعبد و......" کے مشاہدات	87
119	چور نے خود آکر موٹر سائیکل واپس کردی	87
120	رات کو پرسکون نیند اور حکیم صاحب سے ملاقات	88
121	تمام دشمن ہلاک ہونا شروع ہوگئے	88
122	صحت یاب ہوکر خود درس میں پہنچ گیا	88
123	معاشی تنگدستی ختم ہوگئی	89
124	"یا باعث یا نور" کے مشاہدات	89
125	بھولے ہوئے اعمال یاد آگئے	89
126	عمل کی برکت سے فجر کی سعادت ملنے لگی	90
127	فجر کے ساتھ تہجد کی سعادت	90
128	نماز فجر کی سعادت اور پرسکون نیند	91
129	فجر کی نماز حاصل کرنے کیلئے	91
130	نماز سے پہلے خود بخود آنکھ کھل جاتی ہے	92
131	یا باعث یا نور سے اچھی نیند آتی ہے	92
132	فجر کیلئے اڑھائی سالہ بیٹے کا اٹھانے کا انداز	92
133	عمل کی برکت سے دل نورانی ہوگیا	93
134	یا باعث یا نور سے نماز فجر کی باجماعت ادائیگی	94

Oureshi

135	دل سے روحانی روشنی کا نکلنا	94
136	نماز فجر کی باجماعت پابندی	94
137	''یا فتاح'' کے مشاہدات	95
138	غیب کے خزانوں سے انتظامات	95
139	سکول ٹیچر کو افسر نوکری سے فارغ نہ کر سکا	95
140	''یا باسط یا فتاح یا کریم'' کے مشاہدات	96
141	بوقت ضرورت کمیٹی نکل آئی	96
142	بڑے آپریشن کے بجائے نارمل ڈلیوری ہوگئی	97
143	ایک تسبیح سے بغیر پیسے دیئے سامان مل گیا	97
144	وظیفہ پڑھنے سے شادی ہوگئی	98
145	''یا باسط یا فتاح یا رزاق'' کے مشاہدات	98
146	سب کی ٹرانسفر ہوگئی لیکن میری نہ ہوئی	98
147	اللہ پاک نے ڈوبی ہوئی رقم بازیاب کروادی	99
148	وظیفے کی برکت سے کمیٹی نکل آئی	99
149	دل کے مرض سے شفاء اور سٹنٹ سے بچت	100
150	چھوٹے سے آپریشن سے بہو بچ گئی	100
151	''آخری چھ سورتوں'' کے مشاہدات	101
152	کبھی نیند نہ آنے کی شکایت نہیں ہوئی	101
153	موٹر سائیکل کی چابی سے گھر کا تالا کھل گیا	101
154	سفر میں اچھی اور سستی سواری مل جاتی ہے	101
155	مسنون عمل کی برکت سے سفر میں حفاظت	102
156	آخری 5 سورتوں سے مسائل کا یقینی حل	102
157	مسواک نہ کرنے سے گناہوں کی طرف رغبت	102

Oureshi

158	آخری 5 سورتیں اور ایمان کا ہدیہ کرنے کے فوائد	103
159	8 سورتوں کے دم والے پانی سے شفاء	103
160	روڈ پر ایکسیڈنٹ کے دوران حفاظت	104
161	نمازوں میں خشوع وخضوع	104
162	جو کچھ مانگو اللہ پاک دیتا ہے	105
163	تمام پیپروں میں پاس ہوگیا	105
164	زیر ناف بیماریوں اور گناہوں سے نجات	106
165	بیماری میں مبتلاء شخص کو اللہ نے آسان موت دیدی	107
166	عرصے سے بیروزگار شخص کو نوکری مل گئی	107
167	سخت بیمار شخص کی منٹوں میں حالت سنبھل گئی	108
168	گھٹنوں کے شدید درد سے افاقہ	109
169	بغیر ٹرائی کے لائسنس ایک ہفتے میں ملا	110
170	سکیورٹی حصار سے بحفاظت گھر پہنچ گیا	110
171	**''نوافل'' کے مشاہدات**	111
172	2 رکعت نماز نفل کی برکت سے شفاء ملی	111
173	گناہ کرنے پر بے چینی دور ہوگئی	112
174	تمام کام آسانی سے حل ہونا شروع	113
175	سنت اور شریعت کی زندگی گزارنے کا مجرب وظیفہ	113
176	غیب کے خزانوں سے پیسوں کا انتظام	114
177	شدید خارش سے خلاصی	116
178	والدین کی مغفرت اور عافیت کا مسنون عمل	116
179	**''سورۃ کوثر'' کے مشاہدات**	117
180	مالی حالات بدتر سے بہتر ہوگئے	117

Oureshi

181	بیٹے نے گالیاں دینا اور تنگ کرنا چھوڑ دیا	117
182	وظیفے کی برکت سے انٹرویو میں کامیابی	118
183	بند کاروبار چل پڑا اور قرض ادا کر دیا	119
184	معاشی تنگی دور ہو کر مالدار بن گیا	120
185	**''سورہ الم نشرح'' کے مشاہدات**	120
186	لوگوں کی مشکلات میں آسانیاں	120
187	بدترین جام ٹریفک کھولنے کیلئے آزمودہ عمل	121
188	آپریشن سے قبل دل کے تمام والو کھل گئے	122
189	تین کلومیٹر ٹریفک جام راستہ دو منٹ میں طے	123
190	گردے سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل گئی	123
191	لوٹ مار کے دوران گھر والوں کی حفاظت	124
192	خراب UPS بغیر پیسوں کے ٹھیک	126
193	کام جلدی مکمل ہو جاتا ہے	127
194	ناممکن کام فوراً ممکن ہو گیا	129
195	رش کے باوجود وقت پر دفتر حاضری	129
196	بغیر سفارش لائسنس بن کر گھر آ گیا	130
197	اللہ پاک نے زبان کی گرہ کھول دی	131
198	شناختی کارڈ بنوانے میں آسانی	133
199	سکیورٹی اہلکار بند دروازے کھول دیتے ہیں	135
200	حافظے میں برکت اور پرسکون نیند	136
201	بچی صحت مند اور یادداشت واپس آ گئی	136
202	راستے خود بخود کھلنا شروع ہو جاتے ہیں	137
203	پڑھائی میں کمزور بچوں کی پہلی پوزیشن	137

Oureshi

204	’’الملک القدوس السلام‘‘ کے مشاہدات	138
205	گھٹنے کے درد کا کامیاب علاج	138
206	ازدواجی زندگی میں خوشحالی آگئی	139
207	خواتین کے پوشیدہ امراض کیلئے مجرب وظیفہ	140
208	زیر ناف بیماریوں میں فائدہ	140
209	شوگر ختم اور گردے ٹھیک ہوگئے	141
210	’’یاھادی یاسلام‘‘ کے مشاہدات	142
211	چند منٹ بعد ہائی بلڈ پریشر نارمل	142
212	’’یاھادی یارحیم‘‘ کے مشاہدات	143
213	ڈراؤنے خوابوں نے پیچھا چھوڑ دیا	143
214	اعمال کا ہدیہ کرنے سے قرض کی وصولی	143
215	غلطی سے دیئے پیسوں کی واپسی	143
216	باس کی نفرت محبت میں بدل گئی	144
217	لڑکی نے بھائی کی جان چھوڑ دی	145
218	’’حم لاینصرون‘‘ کے مشاہدات	145
219	وظیفہ پڑھتے ہی گانا بند ہوگیا	145
220	نقصان سے حفاظت	146
221	گھر بیٹھی ہمشیرہ کو شوہر واپس لے گیا	147
222	حم لاینصرون سے بازو جڑ گیا	148
223	ٹاؤن کمیٹی والوں نے خود معافی مانگی	149
224	بھابی اور نند کے گھریلو حالات ٹھیک ہوگئے	150
225	بندہ خود بخود گھر آکر پیسے دے گیا	151
226	دفعہ 302 کے مقدمہ سے چھٹے دن رہائی	151

Qureshi

227	اقامہ ری نیو (Renew) ہوگیا	152
228	''حم لاینصرون'' ایٹم بم کی حیثیت رکھتا ہے	152
229	چند ہفتوں میں پھلبہری کا نام ونشان تک نہ رہا	153
230	ڈاکٹر خود حیران کہ مریضہ قومے سے باہر کیسی آگئی	154
231	ہر طرف سے عزت اور رشتوں کی بھرمار	155
232	**''اللہ الصمد'' کے مشاہدات**	155
233	فیصلے حق میں اور بگڑے ہوئے کام سنورنے لگے	155
234	اللہ الصمد سے ہر پریشانی ختم	155
235	**''قبرستان والا عمل'' کے مشاہدات**	156
236	اعمال ہدیہ سے دل کو چین اور سکون	156
237	**''ربنا ھب لنا من ازواجنا......'' کے مشاہدات**	156
238	اولاد فرمانبردار ہوگئی	156
239	میاں بیوی کے جھگڑے ختم ہوگئے	157
240	**''حی علی الصلوٰۃ اور حی الفلاح'' کے مشاہدات**	158
241	اب میری آنکھ کھل جاتی ہے	158
242	**''یارب سلم'' کے مشاہدات**	159
243	شدید ٹریفک سے صرف ہماری گاڑیاں نکلیں	159
244	**''مسبب الاسباب'' کے مشاہدات**	159
245	غیبی مدد سے گھر مل گیا	159
246	اب کوئی مشکل، مشکل نہیں رہتی	160
247	**''آیت کریمہ'' کے مشاہدات**	160
248	بیروزگار کو اچھی ملازمت مل گئی	160
249	آیت کریمہ کی بدولت جنات سے حفاظت	161

250	”یامميت یاقابض......“ کے مشاہدات	161
251	گھر سے جادوئی اثرات ختم	161
252	مالی حالات میں بہتری اور قرضہ ادا	162
253	بے شمار فوائد کیساتھ طبیعت بھی ٹھیک ہوگئی	163
254	شادی میں رکاوٹ ختم	163
255	اولاد فرمانبردار، لائق اور نیک بنانے کا مجرب عمل	164
256	حفظ میں کمزور بیٹا مکمل پارہ سنانے لگا	164
257	لاعلاج مریض کے منہ سے خون آنا بند	165
258	آنت کے السر سے چھٹکارا	166
259	2 دن میں گھر سے جادو کا خاتمہ	166
260	”یا اللہ میں بے بس ہوں تو بے بس نہیں“ کے مشاہدات	167
261	بند آنکھیں کھلتے ہی سسٹم ٹھیک ہوگیا	167
262	”سورۃ فلق اور سورۃ ناس“ کے مشاہدات	167
263	مسائل حل ہونا شروع ہوگئے	167
264	”سورہ کہف“ کے مشاہدات	168
265	چوری ہونیوالے پیسے واپس مل گئے	168
266	”لفظ کہف“ کے مشاہدات	169
267	موٹر سائیکل اور ہر چیز کی حفاظت	169
268	”کہف“ سے گندم کے کیڑے ختم	169
269	صرف ایک لفظ سے کبھی کوئی نقصان نہیں	170
270	دال کی بوریوں میں کیڑے مر گئے	170
271	”اصحاب کہف“ کے مشاہدات	170
272	مسنون اعمال کی برکت سے شفاء	170

Oureshi

273	”یا قدوس“ کے مشاہدات	171
274	دوران کام تھکاوٹ اور نیند سے نجات	171
275	”یا صمد“ کے مشاہدات	171
276	رمضان میں پیاس اور جی متلانے سے افاقہ	171
277	”بسم اللہ علی دینی ونفسی وولدی ......“ کے مشاہدات	172
278	دعا کی برکت...... حادثے سے بچ گیا	172
279	ایک طرف سے فارغ اور دوسری طرف فوراً نوکری ملی	172
280	نقصان سے قبل غیبی اطلاع	173
281	”ویران مسجد کی صفائی“ کے مشاہدات	173
282	جوبھی دعائیں مانگیں 100 فیصد قبولیت ہوئیں	174
283	”سورہ تغابن“ کے مشاہدات	175
284	صرف ایک ماہ میں لاکھوں کے قرض سے نجات	175
285	”مسلمان بھائیوں میں صلح کروانے“ کے مشاہدات	175
286	اخلاص دیکھ کر بندہ نمازی ہوگیا	175
287	”مسواک“ کے مشاہدات	176
288	گاڑی کے نیچے آنے کے باوجود کچھ نہیں ہوا	176
289	ایکسیڈنٹ میں دوسری گاڑی ٹوٹ پھوٹ گئی	177
290	”اکفنی رجلاک واغنی بحلک عمن سواک“ کے مشاہدات	177
291	دعا کی برکت سے دشمن دوست بن گئے	177
292	”سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم“ کے مشاہدات	178
293	مسنون عمل سے خواہشات کی تکمیل	178
294	”رب اغفر وارحم وانت خیر الرحمین“ کے مشاہدات	178
295	مسنون عمل کی برکت سے بچوں کی تربیت	178

Oureshi

296	”سبحان اللہ العظیم......“ کے مشاہدات	179
297	اللہ کے فضل سے حمل کی حفاظت	179
298	”یاحکیم یاحنان یاعزیز بحق......“ کے مشاہدات	179
299	ذکر کی بدولت فہم وفراست کا حصول	179
300	”بسم اللہ الرحمن الرحیم لایوزوزولا......“ کے مشاہدات	180
301	بغیر کچھ کیے سانپ مرگیا	180
302	”بسم اللہ الرحمن الرحیم یاکریم“ کے مشاہدات	181
303	پنکچر موٹرسائیکل چلتی رہی	181
304	”یاشافی الامراض“ کے مشاہدات	181
305	والدہ کوملی بیماری سے شفاء	181
306	”سلام علی نوح فی عالمین“ کے مشاہدات	182
307	چھپکلی سے نجات، پرندوں نے لڑنا چھوڑ دیا	182
308	موذی جانوراور بچھوؤں سے حفاظت	182
309	”السلام علیکم“ کے مشاہدات	183
310	السلام علیکم کے عمل سے گھر میں برکت	183
311	”انا اللہ وانا علیہ راجعون“ کے مشاہدات	183
312	روحانی جسمانی مشکلات کا حل	183
313	گمشدہ اشیاء واپس لینے کا عمل	184
314	چوری ہونیوالی گاڑی برآمد	185
315	گمشدہ چیز کا ملنا اور رزق میں برکت	185
316	جنات نے انگوٹھی واپس رکھ دی	186
317	”سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، عہد کریمہ......الناس“ کے مشاہدات	186
318	وظیفے کی برکت سے اچھی نوکری	186

Qureshi

319	”صدقہ“ کے مشاہدات	187
320	بیٹیوں کے رشتوں کیلئے مسنون صدقہ	187
321	ایک کے بدلے دس ہزار روپے ملے	188
322	جسم کے کسی بھی حصے کا درد ختم	188
323	صدقہ کرنے سے جان بچ گئی	189
324	”دعائے خیر“ کے مشاہدات	189
325	دشمن دوست بن گیا	189
326	”لبیک اللھم لبیک“ کے مشاہدات	190
327	عمرے کیلئے غیب سے نظام	190
328	”سبحان اللہ...... الملکوت“ کے مشاہدات	191
329	پتے کے آپریشن سے نجات	191
330	”والقت مافی ھا وتخلت......“ کے مشاہدات	191
331	اہلیہ بڑے آپریشن سے بچ گئی	191
332	قرض میں واپسی اور نارمل ڈلیوری	192
333	”سر پر پگڑی باندھنے“ کے مشاہدات	192
334	سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے سردرد کا علاج	192
335	”سودخوروں کے نام لکھنے“ کے مشاہدات	193
336	سودخوروں کے نام کی نحوست	193
337	”استغفار“ کے مشاہدات	193
338	ہر دعا اور عبادت قبول ہوجاتی ہے	193
339	خواب میں ملا رزق کی کشادگی کا وظیفہ	194
340	استغفار کی بدولت وسیع رزق	194
341	سفر کیلئے بآسانی سیٹ مل گئی	195

Oureshi

342	شدید ٹریفک میں بخیر و عافیت سفر	195
343	بند کام چلنا شروع ہو گیا	196
344	”تحدیدی نامہ“ کے مشاہدات	196
345	نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے تحریر نقش سے شفاء یابی	196
346	”سورۃ کافرون“ کے مشاہدات	197
347	سورۃ کافرون سے گنجے پن کا خاتمہ	197
348	میڈیکل سائنس کے مایوس مریضوں کو شفاء	198
349	لاعلاج مریضوں کیلئے شفاء	198
350	دم والے تیل سے مسوڑھوں کا علاج	199
351	صرف ایک بار میں پیچیدہ مسئلہ حل	199
352	نماز کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے	200
353	سورۃ کافرون کے تیل سے ہر قسم کی شفاء	200
354	دکان پر کبھی فارغ بیٹھنے کی فرصت نہیں ملتی	201
355	سورۃ کافرون کے پانی سے جناتی چیزیں حاضر ہو گئیں	201
356	کاروبار میں اللہ کی طرف سے غیبی مدد	202
357	”سورۃ یوسف کی آیت“ کے مشاہدات	202
358	دوسری شادی کیلئے مجرب عمل	202
359	”کھیعص. حمعسق“ کے مشاہدات	203
360	پریشان طالبعلموں کے امتحان میں آسانی	203
361	”یا قادر یا نافع“ کے مشاہدات	203
362	ولیمہ کے کھانے میں برکت	203
363	”یا جبار“ کے مشاہدات	204
364	بچی نے بیٹھنا اور چلنا شروع کر دیا	204

Oureshi

365	”جل منڈی، جاسول جانے اب سول“ کے مشاہدات	205
366	صرف ایک شعر سے ہر قسم کا درد ختم	205
367	”سورۃ ملک“ کے مشاہدات	205
368	باری کے بخار سے شفاء	205
369	”سورہ انشقاق“ کے مشاہدات	206
370	مشکل حالت میں نارمل ڈلیوری	206
371	ڈلیوری نارمل ہونے کا پر تاثیر عمل	206
372	گردے سے پتھری نکل گئی	207
373	آیت کی برکت سے 30 منٹ میں نارمل ڈلیوری	208
374	آپریشن سے حفاظت اور ڈلیوری میں آسانی	208
375	”یا حافظ، یا حفیظ، یا رقیب......“ کے مشاہدات	209
376	ہر قسم کے حادثے اور نقصان سے حفاظت	209
377	”لا خلابۃ“ کے مشاہدات	209
378	سودا سلف خریدنے میں برکت	209
379	دوران سفر نماز میں آسانی	210
380	”حروف صوامت“ کے مشاہدات	210
381	بیٹے کو نہیں......اس کی برائی کو مارو	210
382	”حسبنا اللہ ونعم الوکیل“ کے مشاہدات	211
383	اللہ پاک ہر دعا قبول کر لیتا ہے	211
384	اللہ کے ذکر سے مشکلات میں آسانی	211
385	”منزل والا عمل“ کے مشاہدات	212
386	صحت یابی کی طرف گامزن	212
387	عجیب کیفیت سے صحت یابی	212

Oureshi

388	”یامانع“ کے مشاہدات	213
389	نسوار سے چھٹکارا	213
390	”رب اغفر وارحم انت خیر الرحمین“ کے مشاہدات	213
391	جو خواب دیکھا سچ ہوا	213
392	”قرض کی مسنون دعا“ کے مشاہدات	214
393	سود کی لعنت سے جان چھوٹ گئی	214
394	”سورۃ انعام کی آیت“ کے مشاہدات	214
395	کینسر کے لاعلاج مرض سے خاتون کو شفاء	214
396	خواب میں نوچندی کا پیغام	215
397	چچی کو طلاق ہونے سے بچ گئی	215
398	افغانی نے کرایہ دیکر مکان خالی کر دیا	216
399	2 بھائیوں کی قتل کے مقدمات سے خلاصی	216
400	”سفر کی دعا“ کے مشاہدات	217
401	گاڑیوں کی ٹکر کے دوران نقصان سے بچت	217
402	”واذا بطشتم“ کے مشاہدات	217
403	بیر رکھنے والے شخص کو ملی فوری سزا	217
404	”مراقبہ“ کے مشاہدات	218
405	تصور ہی تصور میں بیماری کا علاج	218
406	نیند کا علاج مل گیا	219
407	مراقبے کے باعث والد سے ملاقات	219
408	حافظہ تیز کرنے کا روحانی نسخہ	220
409	پانچ کی بجائے تین منٹ میں توجہ کیساتھ تسبیح	220
410	مراقبہ سے دیرینہ درد ختم	221

411	عرصہ دراز کی بواسیر سے شفاء	222
412	مراقبہ سے مشکلات کا حل	222
413	”باوضو رہنے“ کے مشاہدات	223
414	مشکلات پریشانیاں ختم اور رزق میں برکت	223
415	”دعاؤں“ کے مشاہدات	224
416	تین ماہ سے رکا ہوا بل جمع کروانے کا غیب سے انتظام	224
417	دعا کی مقبولیت کی گھڑیاں	224
418	بدنظری سے حفاظت کے انعام	225
419	امت کی خیرخواہی سے اپنا بھلا کریں	226
420	موذی کیڑے سے حفاظت	226
421	جو مانگا کریم مولا نے وہ واقعی عطا فرما دیا	227
422	پریشانی اور جھگڑوں کے راج نے پیچھا چھوڑ دیا	228
423	میاں بیوی میں شدید قسم کا جھگڑا ختم	229
424	اللہ تعالیٰ نے بیٹا ہی عطا کیا	229
425	جدہ والوں کی مشکل کا حل	229
426	دعاؤں کی قبولیت کیساتھ پریشانیاں بھی ختم	230
427	مرشد کا واسطے دینے سے دعا میں قبولیت	230
428	دشمنوں اور ہر قسم کے شر سے محفوظ	232
429	”دوسروں کیلئے دعا“ کے مشاہدات	233
430	ٹیچر کا غصہ ٹھنڈا کرنے کیلئے	233
431	والدین کی دعاؤں کے فیوض	233
432	دشمن کیلئے دعا	233
433	لڑکوں نے غنڈہ گردی چھوڑ دی	234

434	’’بچوں سے دعا کروانے‘‘ کے مشاہدات	234
435	تنخواہ میں اضافہ اور مرضی کی ٹرانسفر بھی	234
436	کئی ماہ سے پڑا ہوا سامان بک گیا	235
437	گھر والے اور بچے عیش میں	236
438	’’تسبیح خانہ سے نسبت‘‘ کے مشاہدات	237
439	تسبیح خانہ نے حلیہ درست بنا دیا	237
440	مرشد کی توجہ سے اللہ کا قرب نصیب ہو گیا	237
441	تاریک ماضی پر اللہ سے معافی	239
442	وسوسے اور حضرت صاحب کی خواب میں اصلاح	239
443	بُرائی کے راستے سے خلاصی	241
445	گھریلو لڑائی جھگڑوں سے چھٹکارا	241
446	ضرورت کے وقت دوال بعد قرض واپس مل گیا	242
447	دعا کے بعد اب کبھی لڑائی نہیں ہوئی	243
448	ایمان بچانے کی راہ......	244
449	گاڑی خراب ہونے پر غیبی مدد و اکرام	245
450	بیرون ملک قید شوہر کی رہائی	247
451	پاکستان کے آٹھ انجینئروں میں نام شامل ہو گیا	248
452	اللہ تعالیٰ نے سب سے بڑا تحفہ دیدیا	249
453	تسبیح خانے میں رمضان گزارنے کی برکت	249
454	کنگال گھرانہ لاکھوں میں کھیلنے لگا	250
455	خدمت کے دوران شدید بخار اور کان درد غائب	251
456	بار بار کے آپریشن سے نجات اور خوشحالی	252
457	عبقری رسالہ پڑھنے سے کامل رہبر مل گیا	254

Oureshi

458	10 سیڑھیوں سے نیچے گر کر اُف تک نہ کی	254
459	دل اور معدے کے درد سے افاقہ	255
460	”تسبیحات فاطمہؓ“ کے مشاہدات	255
461	ٹانگوں کے مسلسل درد سے نجات	255
462	کولہے شدید درد سے فوری شفاء	256
463	اکثر رہنے والی تھکاوٹ سے نجات	257
464	سولہ گھنٹے کے کام میں بھی کوئی تھکاوٹ نہیں	257
465	وقت پر نیند سے بیدار ہو جاتا ہوں	258
467	نو گھنٹے کھڑے رہنے سے تھکاوٹ نہیں ہوتی	259
468	”دو انمول خزانہ“ کے مشاہدات	259
469	خودکشی کے خیالات سے نجات	259
470	تھوک میں خون آنا بند ہو گیا	260
471	گھر اجڑنے سے بچ گیا	260
472	”تلاوت سننے“ کے مشاہدات	261
473	موبائل کی بیٹری چارج نہیں کرنا پڑتی	261
474	”سورۃ الناس، سورۃ فلق اور دم والا تیل“ کے مشاہدات	261
475	ذکر کے دوران جناتی چیزوں کی تنبیہ	261
476	”حسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر“ کے مشاہدات	262
477	ذکر خاص کی آیت کی برکت	262
478	”تیسرے کلمے“ کے مشاہدات	263
479	نعمت کا نعم البدل ملا	263
480	دبئی میں جاب مل گئی	263

481	’’یاملیک یامقتدر‘‘ کے مشاہدات	264
482	گمشدہ موبائل فون مل گیا	264
483	’’یاغنی یامغنی‘‘ کے مشاہدات	264
484	رزق میں برکت کا پرتاثیر وظیفہ	264
485	’’استخارہ‘‘ کے مشاہدات	265
486	استخارہ سے پریشانیاں دور	265
487	’’اعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہ من......‘‘ کے مشاہدات	265
488	چند سیکنڈ میں شدید سردرد غائب	265
489	’’عبقری تقسیم کرتے‘‘ کے مشاہدات	266
490	فکرامت سے مسائل کا حل	266
491	’’حسبی اللہ الحسیب‘‘ کے مشاہدات	267
492	گاڑی چوری ہونے سے بچ گئی	267
493	’’یاحفیظ یاسلام‘‘ کے مشاہدات	268
494	ایکسیڈنٹ کے دوران کچھ نہیں ہوا	268
495	’’یاقادر یانافع‘‘ کے مشاہدات	268
496	بارش فوراً بند ہوگئی	268
497	’’سورۃ قریش‘‘ کے مشاہدات	269
498	درس میں آنے کیلئے موٹرسائیکل کا انتظام	269
499	ناحل ہونیوالے مسائل حل	269
500	’’سورہ نصر‘‘ کے مشاہدات	270
501	سورہ پڑھنے سے کام ہوجاتا ہے	270
502	’’یاحمید‘‘ کے مشاہدات	270
503	وظیفے کی برکت سے اولاد نرینہ	270

Oureshi

504	”یا قادر یا نور“ کے مشاہدات	270
505	ہر کام میں آسانی	270
506	”صلوۃ تسبیح“ کے مشاہدات	271
507	تسبیح خانے کی نیت سے حفاظت	271
508	ہفتوں کی بجائے صرف تین دن میں ویزہ مل گیا	272
509	”افحسبتم اور اذان“ کے مشاہدات	272
510	آپریشن کے بغیر ٹیومر مرض سے چھٹکارا	272
511	اب کبھی دوبارہ پہلے جیسا مسئلہ نہیں ہوا	273
512	نانی سے اولاد میں منتقل ہونیوالے سخت گیر جادو سے نجات	273
513	گھر سے گندگی اور بدبو کا آنا ختم	276
514	”اللھم لاحلابہ“ کے مشاہدات	277
515	مناسب ریٹ پر قربانی کے جانور مل گئے	277
516	”لا الہ الا اللہ“ کے مشاہدات	278
517	ذکر شروع ہوتے سر درد ختم	278
518	”یا رؤف یا رحیم“ کے مشاہدات	278
519	درس میں نہ آنے پر خواب میں تنبیہ	278
520	”یا حی یا قیوم ایاک نعبدو......“ کے مشاہدات	279
521	ایک گاڑی روزانہ بک جاتی ہے	279
522	ایاک نعبدو ایاک نستعین سے قربانی میں سہولت	279
523	”یا حلیم یا علیم یا علی یا عظیم“ کے مشاہدات	280
524	چھٹی کیلئے درخواست فوراً منظور	280
525	”نستغفرک ونتوب الیک“ کے مشاہدات	280
526	CNG کے بغیر 25 کلومیٹر سفر	280

Oureshi

527	”سبحان اللہ“ کے مشاہدات	281
528	بے ادبی کے مرتکب شخص کی اصلاح	281
529	”ربنا اتنافی الدنیا......“ کے مشاہدات	281
530	دل کی دنیا آباد ہوگئی	281
531	غیبی مدد کا گھر کی حفاظت کیلئے اٹھانا	281
532	”یاعلیم علمنی، یاخبیر واخبرنی......“ کے مشاہدات	282
533	استخارہ سے اللہ کی طرف سے رہنمائی	282
534	”سورۃ ماعون“ کے مشاہدات	283
535	چوہے گندم کو چھوڑ کر بھاگ گئے	283
536	”یاحافظ یاحفیظ یارقیب یاوکیل یاسلام“ کے مشاہدات	283
537	جادو سحر اور بندش سے نجات	283
538	”بسم اللہ الحمدللہ“ کے مشاہدات	284
539	جب تک پہیہ چلے گا ثواب ملتا رہے گا	284
540	”قاغرات ازقال“ کے مشاہدات	284
541	آپریشن کی بجائے نارمل ڈلیوری	284
542	”یاملیق یامقتدر“ کے مشاہدات	285
543	گمشدہ موبائل مل گیا	285
544	”تمہیدی عہد نامہ مبارک“ کے مشاہدات	285
555	شیطانی، جناتی چیزیں جاتے جاتے نشان دے گئیں	285
556	بیٹی نے عجیب حرکتیں کرنا چھوڑ دیں	286
557	”خوشبو اور مسنون تسبیحات“ کے مشاہدات	287
558	خوشبو اور مسنون تسبیحات سے پرسکون نیند	287

Oureshi

559	”یا کریم“ کے مشاہدات	287
560	ایک لفظ سے پرسکون آنے لگی	287
561	”تیسرے کلمے“ کے مشاہدات	287
562	بیٹے کی گمشدگی میں نیند نہ آنے کا مسئلہ حل	287
563	”وضو“ کے مشاہدات	288
564	پرسکون نیند میسر آگئی	288
565	”سورۃ طارق“ کے مشاہدات	288
566	والدہ کو نیند آور گولیوں سے چھٹکارا ملا	288
567	”سنت اپنانے“ کے مشاہدات	288
568	صرف دائیں کروٹ لیٹنے سے بہترین نیند	288
569	”سورۃ حشر کی آخری 3 آیات“ کے مشاہدات	289
570	گہری نیند کیساتھ وقت پر بیدار ہونا	289
573	”لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین“ کے مشاہدات	289
574	ڈاکٹروں سے جان چھوٹ گئی	289
575	”یا جامع یا مجید“ کے مشاہدات	289
576	گمشدہ کتاب خود ہی مل گئی	289
577	”استقبال شوال“ کے مشاہدات	290
578	مشکل امتحانات میں بیٹی کو ملی کامیابی	290
579	”ایام بیض کے روزوں“ کے مشاہدات	290
580	رزق میں برکت کیساتھ تہجد نصیب	290

581	"السلام علیکم" کے مشاہدات	291
582	گھر سے شیطانی اور غلیظ چیزوں کو دھکا لگا کر نکالیں	291
583	"سورہ قصص آیت 24" کے مشاہدات	291
584	11-KV کا کرنٹ لگنے والا چند ہی دن میں ٹھیک	291
585	غیبی مدد سے گھر کی تعمیر مکمل ہوگئی	292
586	جو سوچوں وہ مل جاتا ہے	292
587	"17 وظائف" کے مشاہدات	292
588	17 اعمال کی برکات ہی برکات	292
589	اعمال کی بدولت ہیپا ٹائٹس سے شفاء	293
590	"یانافع" کے مشاہدات	294
591	رزق میں برکت کی چہل پہل	294
592	یانافع سے پٹرول کی بچت اور برکت	294
593	"بسم اللہ والحمد للہ" کے مشاہدات	294
594	لاہوتی وضو سے نماز کا دھیان	294
595	"موتی مسجد کے عمل" کے مشاہدات	295
596	ادھر مسجد صاف کی اور اُدھر ملاقات ہوگئی	295
597	"یاغیاث المستغیثین اغثنا" کے مشاہدات	295
598	پولیس حراست میں کزن تھانے سے رہا ہوگیا	295
599	"گھر میں داخل ہونے کا مسنون عمل" کے مشاہدات	297
600	نبی پاک ﷺ کی سنت سے گھریلو ناچاقی ختم	297
601	"تسبیح جیب میں رکھنے" کے مشاہدات	297
602	تسبیح اور مسواک سے ایمان کی کمزوری دور	297
603	حادثے میں ایک فوت، دوسرا تسبیح کی برکت سے بچ گیا	298

Oureshi

604	**’’سورہ لہب‘‘ کے مشاہدات**	298
605	صرف دن میں 3 بار پڑھنے سے گیسٹرک پرابلم ختم	298
606	دشمن کے شر سے محفوظ	299
607	استعفیٰ مانگنے پر خود استعفیٰ دینا پڑ گیا	299
608	**’’یا قادر یا نافع‘‘ کے مشاہدات**	300
609	اللہ تعالیٰ نے خوبصورت اور سستی سواری دلا دی	300
610	**’’واخرجت الارض اثقالھا‘‘ کے مشاہدات**	300
611	پیچیدہ کیس ہونے کے باوجود گھر میں ہی نارمل ڈیلیوری	300
612	**’’سورہ آل عمران کی پہلی 3 آیات‘‘ کے مشاہدات**	301
613	11 بہن بھائیوں کے رشتوں کی بندشیں ختم	301
614	رکاوٹیں ختم ہو کر رشتے بننا شروع ہو گئے	301
615	گھر بیٹھی تین استانیوں کے 21 دن میں رشتے طے	302
616	**’’اعمال‘‘ کے مشاہدات**	302
617	ہسپتال نما گھر کو بیماریوں سے چھٹکارا	302
618	**’’تیسرے کلمے‘‘ کے مشاہدات**	303
619	تیسرے کلمے سے السر کا خاتمہ	303
620	**’’دم والا پانی‘‘ کے مشاہدات**	303
621	خراب معدہ فوراً ٹھیک ہو گیا	303
621	خراب کان ٹھیک ہو گئے	304
622	**’’نماز عشاء میں وتر‘‘ کے مشاہدات**	304
623	وتر کی برکت سے دانت درد کا علاج	304
624	دانت کا شدید درد ختم ہو گیا	305

Oureshi

625	”رب انی لما انزلت علیہ من خیر فقیر“ کے مشاہدات	305
626	وظیفہ کی برکت سے بیٹی کا اچھی جگہ نکاح ہوگیا	305
627	”خوشبو لگانے“ کے مشاہدات	305
628	روحانی عطر سے جادوئی اثرات ختم	305
629	”دلیل المتحرین“ کے مشاہدات	306
630	باسانی منزل پر پہنچنے کیلئے خاص عمل	306
631	”المصور الودود“ کے مشاہدات	306
632	ذکر سے واقعی سالن بہت مزیدار بنتا ہے	306
633	”سورۃ والضحیٰ“ کے مشاہدات	307
634	عرصہ دراز بعد وظیفے سے نوکری مل گئی	307
635	آنکھ میں ایلفی گرنے سے شفاء	307
636	گھریلو حالات میں بہتری آنا شروع	308
637	”یالطیف“ کے مشاہدات	308
638	پرتاثیر لفظ سے بیروزگاروں کو نوکریاں ملنے لگیں	308
639	”میت کی تسبیحات“ کے مشاہدات	309
640	معاملات احسن طریقے سے نمٹ جاتے ہیں	309
641	”کہیعص“ کے مشاہدات	309
642	مہنگی چیز سستی قیمت پر مل گئی	309
643	”اسم محمد نام رکھنے“ کے مشاہدات	310
644	بیٹا لینے کیلئے اسم محمد کا چناؤ	310
645	”مسلمان بھائی کیلئے قربانی دینے“ کے مشاہدات	311
646	کسی مومن کیلئے دی گئی قربانی کے ثمرات	311

Qureshi

647	’’آیت الکرسی‘‘ کے مشاہدات	312
648	بیٹا چھت سے گرنے سے بچ گیا	312
619	کتے نے کپڑے یکدم چھوڑ دیئے	312
620	کیڑوں مکوڑوں میں بھی سکون کی نیند	313
621	گاڑی کھائی میں گرنے سے جان بچ گئی	313
622	اعمال کی برکت سے خراب گاڑی ٹھیک	313
623	اللہ تعالیٰ نے فرشتہ بچوں کی حفاظت پر مامور کر دیا	314
624	ڈاکوؤں نے ہمارا باغ چھوڑ دیا	315
625	سنسان راستے میں شیر کے حملے سے حفاظت	315
626	جناتی وشیطانی چیزوں نے راستہ چھوڑ دیا	316
627	ڈاکوؤں کو ایک کی جگہ 6 افراد نظر آنے لگے	316
628	فجر کی سنتوں کے بعد آیت الکرسی کے فوائد	317
629	ہیلمٹ کا شیشہ ٹوٹ لیکن مجھے ذرا چوٹ نہ آئی	317
630	پرسکون نیند کیلئے آزمودہ عمل	317
631	عینک سے نجات کیلئے مسنون عمل	318
632	’’روحانی بیڈٹی‘‘ کے مشاہدات	318
633	معدے کی جلن اور دل کے درد کا علاج	318
634	سارا دن ہشاش بشاش رہیئے	319
635	3,4 گھنٹے میں نیند پوری	319
636	جناتی چیزوں نے تنگ کرنا چھوڑ دیا	319
637	جنات اب تنگ نہیں کرتے	320
638	تہجد اور فجر کے وقت غیبی قوت کا اٹھانا	320
639	گانے سننے کی عادت سے چھٹکارا	321

Oureshi

640	گانوں کی گنگناہٹ سے نجات	321
641	ڈراؤنے خوابوں سے چھٹکارا	321
642	کئی خرافات سے بچنا نصیب	322
643	انبیاء اکرام علیہم السلام کے روضے پر حاضری	324
644	بیڈنی کے عمل سے گہری نیند آنے لگی	324
645	بیڈنی کے عمل سے روحانی فوائد	325
646	کشیدہ علاقوں میں سکیورٹی افسر کی حفاظت	325
647	ایسے لگتا ہے جیسے زندگی ابھی شروع ہوئی ہے	326
648	اللہ پاک نے حج کروادیا	326
649	سارا دن باوضو...... تہجد کیلئے غیبی طاقت کا اٹھانا	326
650	بلی کا پنجہ لگا اور والدہ کی پسلی کا درد غائب	327
651	”درود خضری“ کے مشاہدات	327
652	روزانہ تہجد پڑھنے کی سعادت	327
653	”درود تنجینا“ کے مشاہدات	328
654	بیماری اور جسم درد سے فوری افاقہ	328
655	جتنے سوچے اتنے ہی...... پیسے لئے	328
656	”یاعلیم“ کے مشاہدات	328
657	2 سال میں سینئرز کے برابر پہنچ گیا	328
658	”اعمال ہدیہ کرنے“ کے مشاہدات	329
659	بے نمازی نانا ابو کے دل کی دنیا بدل گئی	329
660	خواب میں مرشد نے کی رہنمائی	330
661	”فیض مرشد“ کے مشاہدات	330
662	مرشد سے ملے 5 پانچ ہزار روپے	330

663	”تسبیح پڑھنے“ کے مشاہدات	331
664	میں تو پاسپورٹ مدینے والے ﷺ سے لوں گا	331
665	”لقد جاءکم رسول من انفسکم……“ کے مشاہدات	331
666	خواب اور خطبات عبقری سے زندگی کی راہنمائی	331
667	”حفاظت والے اعمال“ کے مشاہدات	333
668	اس دعا کے بغیر گزارا نہیں	333
669	گاڑی کا انجن ٹوٹنے سے بچ گیا	333
670	اللہ تعالیٰ نے پوری گاڑی کو بچالیا	334
671	”حروف مقطعات“ کے مشاہدات	334
672	انکوائری سے بچت اور افسر کیساتھ تعلقات بہتر ہو گئے	334
673	”یا فتاح“ کے مشاہدات	335
674	دنیاوی فوائد اور روحانی برکات کا ملنا	335
675	”ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ“ کے مشاہدات	335
676	اللہ نے 2 ماہ میں پورے سال کا رزق دے دیا	335
677	گھٹن سے نجات	336
678	ملٹری آف ڈیفنس میں بطور آفیسر تعیناتی	336
679	”اللہ نور السموات والارض“ کے مشاہدات	337
680	اذان اور نماز کی سعادت نصیب	337
681	”واللہ اشد باسا واشد تنکیلا“ کے مشاہدات	337
682	میاں بیوی کے روزانہ کے جھگڑے سے چھٹکارا	337
683	”سورۃ اخلاص“ کے مشاہدات	338
684	دو کزنوں کی آپس میں صلح کروادی	338

Qureshi

686	سورۃ اخلاص سے کاروبار میں برکت	339
687	"حلیم کریم عفواً کریم" کے مشاہدات	339
688	جنات نے تہجد اور فجر کیلئے اٹھانا شروع کر دیا	339
689	"بے حادی کل خیران اللہ......" کے مشاہدات	340
690	علامہ لاہوتی کے وظیفہ سے قسمت جاگ گئی	340
691	"ایاک نعبدوایاک نستعین......" کے مشاہدات	340
692	زمین کا مسئلہ 9 دن میں حل	340
693	صبح بیدار ہونے پر موتی مسجد حاضری کیلئے رہنمائی	340
694	نبی پاک ﷺ کی زیارت مبارک	341
695	حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہم کا چادر عطا فرمانا	341
696	مسنون عمل سے مشکلات کا حل	342
697	"تسبیح خانہ لنگر" کے مشاہدات	342
698	منہ کی تکلیف ختم ہوگئی	342
699	لنگر سے جسم درد سے نجات	342
700	لنگر کھانے سے پتھریاں ختم ہوگئیں	343
701	اللہ کے نام پر لنگر کے بے شمار مسائل کا حل	343
702	میاں بیوی کے درمیان مراسم خوشگوار ہوگئے	344
703	دودھ فروش کے گھریلو مسائل ختم	344
704	دوست کے معاشی حالات ٹھیک ہوگئے	344
705	لنگر کی برکت سے مسلسل درس میں حاضری	345
706	پیٹ خراب ہونے سے شفاء	345
707	لنگر کھانے کی برکت سے نمازی بن گیا	345
708	روٹیوں کے ٹکڑوں سے مریضوں کو نفع	346

Qureshi

709	’’قرآن کو خوشبو لگانے‘‘ کے مشاہدات	346
710	روزانہ تلاوت قرآن پاک کی برکت	346
711	’’سورۃ یٰسین کی آیت‘‘ کے مشاہدات	346
712	سفر کے دوران چالان سے حفاظت	346
713	’’سبحان اللہ وبحمدہ سبحان العظیم استغفر اللہ‘‘ کے مشاہدات	347
714	اللہ تعالیٰ نے ذہنی سکون عطا فرما دیا	347
715	’’سورہ مزمل‘‘ کے مشاہدات	347
716	میرے نصیب جاگ اٹھے	347
717	پتہ بھی نہ چلا اور گردے کی پتھری غائب	348
718	سفر کے دوران نماز کی ادائیگی	349
719	نماز کیلئے ڈرائیور کو گاڑی روکنا ہی پڑی	350
720	’’روحانی غسل‘‘ کے مشاہدات	350
721	بچی کا بخار فوری طور پر اتر گیا	350
722	’’یا حفیظ‘‘ کے مشاہدات	350
723	’’یا حفیظ‘‘ کی بدولت ہچکی سے شفاء	350
724	’’سورۃ فاتحہ‘‘ کے مشاہدات	351
725	ایک ہی دن میں انگوٹھا بالکل ٹھیک	351
726	’’عبقری رسالہ سے فیض‘‘ کے مشاہدات	351
727	پاک آرمی سے ریٹائرڈ ملازم کو برکتیں ملنے لگیں	351
728	اللہ نے 7 دن میں کام حل کر دیا	351
729	لوگوں کے دلوں میں جذبہ محبت خداوندی	352

730	”درس سننے“ کے مشاہدات	352
731	باغی نفس کو قابو کرنا	352
732	”رب واغفرلی والدی المومنین......“ کے مشاہدات	353
733	مسنون عمل سے عمرے کی سعادت ملی	353
734	”یابصیر“ کے مشاہدات	353
735	آنکھوں کا دھندلا پن ختم	353
736	”یامصور“ کے مشاہدات	353
737	2سال سے اٹکا ہوا کام مکمل	353
738	”اسم محمد ﷺ“ کے مشاہدات	354
739	اسم محمدؐ کے نام کی نسبت سے اولاد نرینہ	354
740	”یاسلام یاسلام“ کے مشاہدات	354
741	بیمار بھانجی کی طبیعت اسی وقت ٹھیک ہوگئی	354
742	”بیت الخلاء کی مسنون دعا“ کے مشاہدات	354
743	گھر میں سکون کا راج	354
745	گھر سے چھوٹی موٹی بیماریوں کا خاتمہ	355
746	روزانہ کے جھگڑے اور میاں بیوی کی تکرار ختم	355
747	”یاخالق یامصور یاجمیل“ کے مشاہدات	356
748	جلا ہوا زخم بہت جلد ٹھیک ہوگیا	356
749	اللہ تعالیٰ نے اولاد سے نواز دیا	356
750	”ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ“ کے مشاہدات	357
751	ایکسیڈنٹ میں خراش تک نہ آئی	357

Qureshi

752	”یاقہار“ کے مشاہدات	357
753	اہلیہ کا بخار اور لڑائی جھگڑے ختم	357
754	شیطانی اور جناتی چیزوں کا وظیفہ پڑھنے سے روکنا	358
755	”آنسوؤں سے شفاء“ کے مشاہدات	359
756	آنسوؤں سے دانے ختم ہو گئے	359
757	”سورۃ العمران کی آیات“ کے مشاہدات	359
758	مسنون عمل سے چور پکڑا گیا	359
759	”بسم اللہ الرحمن الرحیم حسبنا اللہ......“ کے مشاہدات	360
760	نیچے جاتا کاروبار بلندیوں کی طرف	360
761	”حزب البحر“ کے مشاہدات	361
762	اِدھر عمل کیا اُدھر لڑکا جیل سے رہا ہو گیا	361
763	”برکت والی تھیلی“ کے مشاہدات	362
764	آج تک پیسے ختم نہیں ہوئے	362
765	”سورۃ فیل“ کے مشاہدات	362
766	اللہ تعالیٰ نے دو بیٹوں سے نوازا	362
767	”درس سننے“ کے مشاہدات	363
768	گھر سے پیسے ملنے لگے	363
769	”ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ“ کے مشاہدات	364
770	کمپیوٹر دوبارہ خراب نہیں ہوا	364
771	”اللھم باسمك“ کے مشاہدات	366
772	نماز فجر کی سعادت نصیب	366

حال دل

اللہ جل شانہٗ نے اس بندے کو بہت پسند کیا ہے جو اللہ جل شانہ کی محبت میں مخلوق سے محبت کرے، پھر اللہ کی محبت میں مخلوق کو نفع کا منصب اٹھائے، مخلوق سے اس بندے کو فائدہ ہوا اللہ اس بندے کو بہت پسند فرماتا ہے۔ میری، آپ کی ذات مخلوق کیلئے فائدے مند ہو! یہ کیسے ہوگی؟ میری اور آپ کی ذات مخلوق کیلئے ایسے فائدہ مند ہوگی کہ ان کی اگر کوئی پریشانی ہے، کوئی مشکل ہے، کوئی دکھ ہے، کوئی الجھن ہے، ان کو ایسی راہوں پر لگا دیں گے، ان کے مسائل حل ہوں، ان کی مشکلیں دور ہوں، ان کی پریشانیاں دور ہوں، ان کو ایسی، منزل دے دیں، ان کو ایسا راستہ دے دیں، سب سے بہترین راستہ اعمال کا راستہ ہے، اللہ سے مانگنے کا راستہ ہے اور اللہ سے منوانے کا راستہ ہے یہ راستہ اگر اللہ مجھے اور آپ کو دے دے تو اس راستے سے انسان کو جو ملتا ہے وہ کسی اور راستے سے نہیں ملتا، برکتوں کے دروازے آفیتوں کے دروازے عرشی وظائف سے کھلتے ہیں، پوری دنیا میں ان عرشی وظائف کی آواز لگی، مخلوق نے ان عرشی وظائف سے کیا پایا، آپ نے بھی کیا اور پایا۔ پھر مخلوق خدا نے ڈھیروں خطوط اور ہر جمعرات کو تسبیح خانہ لاہور میں درس روحانیت و امن کے بعد ہونے والے مجالس مجذوبی میں اس کے فوائد بتائے۔ جب

Qureshi

یہ فوائد اکٹھے کیے گئے تو ''عرشی وظائف کے آزمودہ زمینی نتائج'' کے نام سے ایک کتاب معرض وجود میں آ گئی۔ قارئین! اگر آپ بھی اس کتاب سے کچھ فیض پائیں تو ہمیں بذریعہ خط، فیس بک یا امیل کے ذریعے ضرور بتائیں۔ اللہ ہم سب کو مخلوق خدا کیلئے خیریں، آسانیاں پھیلانے والا بنائے، مخلوق خدا کیلئے برکتوں کا نظام پھیلانے والا بنائے' اعمال کے نفع خود بھی اور دوسروں کو بھی بتایا کریں۔ اس سے اعمال سے پلنے کا یقین بنے گا، اعمال سے کام بننے کا یقین بنے گا اور اعمال سے دنیا آخرت کے غموں سے بچنے کا یقین بنے گا۔ اللہ مجھے اور آپ کو یہ یقین عطا فرمائے۔ آمین!

خواستگار اخلاص و عمل

بندہ حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ

”بسم اللہ الرحمن الرحیم“ کے مشاہدات

گھر میں رزق کی چہل پہل اور نمازی بنا دیا

السلام علیکم! ایک بار ہمارے اینٹوں کے بھٹہ پر حضرت جی دامت برکاتہم تشریف لے گئے اور وہاں سب کو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کا ایک عمل بتایا تو ہمارے ایک ٹریکٹر کے ڈرائیور ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں نے ہر وقت بسم اللہ الرحمن الرحیم کا ذکر شروع کیا ہے تب سے میرے گھر میں برکتیں ہی برکتیں آنا شروع ہو گئی ہیں اور بہت سے مسائل حل ہو رہے ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ میں نمازی بن گیا ہوں۔ اس ڈرائیور کا چھوٹا بھائی بھی کہنے لگا کہ میں نے بھی جب سے ہر وقت کثرت سے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنی شروع کی ہے میرے بہت سے رکے ہوئے کام بننا شروع ہو گئے ہیں اور رزق میں بھی برکت ہو گئی ہے اور پہلے میں نماز نہیں پڑھتا تھا اب الحمدللہ! نمازی بن گیا ہوں۔ سارا دن بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنے کی وجہ سے اللہ نے بہت کرم کیا ہے۔ (نیامت)

صرف ایک بچے کو سکول میں داخل ہونے کی اجازت

السلام علیکم! میں کچھ دن پہلے اپنے بیٹے کو سکول چھوڑنے گیا تو ہم لیٹ ہو گئے اور سکول کا گیٹ بند ہو گیا تھا لیٹ ہونے والے بچے باہر لائن بنا کر کھڑے تھے۔ میں نے بیٹے کو کہا کہ تم بسم اللہ پڑھتے ہوئے جاؤ ان شاء اللہ تمہیں اندر جانے دیں گے۔ الحمدللہ! ایسے ہی ہوا باقی بچے باہر کھڑے رہے اور میرے بیٹے کو پرنسپل نے کہا کہ تم اندر چلے جاؤ۔ دوپہر کو جب بچہ گھر آیا تو میں نے پوچھا کہ کیا ہوا تھا۔ کہنے لگا کہ سر نے مجھے کہا تھا کہ صرف تم اندر چلے جاؤ باقی بچے وہیں رہیں۔ میں نے کہا دیکھا بیٹا کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کو ”بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ“ بہت پسند ہے۔ تمہارا نام عبدالرحمٰن ہے اور حضرت جی دامت برکاتہم

Qureshi

نے فرمایا تھا کہ یہ نام بھی اللہ پاک کو بہت پسند ہے ''بسم اللہ'' کے اندر یہ نام آتا ہے اور ایک بار فرمایا تھا کہ یہ اسم اعظم ہے۔ **(ابوعبدالرحمن)**

چیونٹیاں مٹھائی کے قریب تک نہ آئیں

السلام علیکم! میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے ''بسم اللہ'' کے لاک کے بارے سنا تھا۔ اس بار رمضان المبارک میں قرآن شریف کے ختم کے موقع پر مسجد میں مٹھائی آئی تو وہاں چیونٹیاں بہت تھیں میرے ذہن میں ''بسم اللہ'' والا عمل آیا اور میں نے سانس روک کر 7 مرتبہ ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ'' پڑھ کر مٹھائی پر پھونک ماردی۔ مٹھائی کے چاروں طرف حتیٰ کہ مٹھائی والے برتن پر بھی چیونٹیاں تھیں جو اس لاک کی برکت سے اس کے اوپر کوئی چیونٹی نہیں آئی اور الحمدللہ! مٹھائی بچ گئی۔ **(محمد عظیم)**

اڑھائی لاکھ سے 97 لاکھ کا انتظام

السلام علیکم! میں نے ایک بلڈنگ تعمیر کروانی تھی لیکن میرے پاس اس وقت صرف دو اڑھائی لاکھ روپے تھے۔ مجھے حضرت جی دامت برکاتہم نے ''بسم اللہ'' کا ایک عمل عنایت فرمایا تھا کہ روزانہ آٹھ سو مرتبہ ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ'' پڑھنی ہے۔ میں نے یہ عمل شروع کر دیا اور اس کی برکت سے پتہ نہیں کیسے اللہ پاک کا غیبی نظام چلا اور میرے پاس 95,97 لاکھ روپے آگئے اور میں نے بلڈنگ مکمل کروالی۔ میرا یہ عمل عبقری رسالہ میں بھی شائع ہوا تھا۔ **(ح۔ق، لاہور)**

راتوں کو نیند نہ آنے کا مسئلہ حل

السلام علیکم! مجھے راتوں کو نیند نہ آنے کا مسئلہ تھا اور اگر آ بھی جاتی تو کچھ دیر بعد اٹھ کر بیٹھ جاتا تھا۔ الحمدللہ! جب سے ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ'' کا ذکر کر کے سونے کی ترتیب بنائی ہے اس سے فوراً نیند آجاتی ہے اور وقت سے پہلے کبھی بیدار نہیں ہوا۔ اس کے اور بھی بہت سے فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ اس سے تہجد بھی نصیب ہو جاتی ہے۔ **(افتخار علی)**

Qureshi

سب کام غیب کے خزانوں سے مکمل

السلام علیکم ! میں دو سال سے حضرت جی دامت برکاتہم کا مرید ہوں۔ آپ دامت برکاتہم نے مجھے ”تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، تین بار الحمد شریف اور پھر تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، قل شریف تین بار، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین بار، اور درود شریف تین پڑھنے کا وظیفہ عنایت فرمایا تھا۔ اس کی برکت سے میری کیفیات تبدیل ہوگئی ہیں۔ جب سے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا ہے اللہ پاک نے مجھ پر اپنی رحمتوں کی دروازے کھول دیئے ہیں اور میرے تمام کام غیب کے خزانوں سے پورے ہو رہے ہیں۔ **(محمد شفیق)**

خراب کمپیوٹر چل پڑا

السلام علیکم ! میرا نام نوید ہے۔ کل میں ڈیوٹی پر گاڑی لوڈ کر کے سامان کی کمپیوٹرائزڈ رسید بنانے لگا تو کمپیوٹر خراب ہوگیا۔ میں نے اس کا 15,20 منٹ تک انتظار کیا لیکن وہ نہ چلا میں نے اسے کئی بار (Restart) بھی کیا لیکن وہ ٹھیک نہیں ہوا۔ میں نے اس پر ”بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ “ والا عمل پڑھا تو کمپیوٹر چل گیا اور میں نے اس میں سے رسید نکال کر گاڑی بھیج دی۔ اللہ پاک نے وظیفے کی برکت سے میرا وقت ضائع ہونے اور مجھے پریشانی سے بچالیا۔

غلطی کرنے پر جی ایم کی ڈانٹ سے بچت

جب مجھ سے کام کے دوران کوئی غلطی ہوتی تھی تو ہمارے جی ایم صاحب مجھے بلا کر بہت غصے کے ساتھ ڈانٹ ڈپٹ کرتے تھے۔ ایک بار مجھ سے غلطی ہوئی تو انہوں نے مجھے اوپر اپنے پاس بلایا۔ میں نے جی ایم صاحب کا تصور کر کے سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سات بار ”بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ “ پڑھ لی اور جب اوپر گیا تو انہوں نے میرے ساتھ بہت پیار و محبت کے ساتھ بات کی کہ بیٹا یہ غلطی ہوئی ہے؟ میں نے کہا جی ہوئی ہے۔ تو انہوں نے مجھے کہا کہ کوئی بات نہیں آپ آئندہ سے احتیاط کرنا۔ (نوید، لاہور)

Qureshi

بسم اللہ الرحمن الرحیم کی برکات

السلام علیکم! میرا نام انیس گل ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ حضرت صاحب نے ایک مرتبہ درس میں ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' کی برکت اور اللہ پاک کے 3000 ناموں کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے 3 ہزار نام ہیں جبکہ ہماری نظر میں اللہ تعالیٰ کے صرف 99 نام ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے 3 ہزار اسماء حسنیٰ ہیں ایک ہزار اسماء حسنیٰ اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں کو سکھائے جن کی برکت سے فرشتے بیک وقت کئی کام کر جاتے ہیں۔ ایک ہزار اسماء حسنیٰ اللہ پاک نے اپنے انبیاء کرام علیہم السلام (جو روایات میں گزرے ہیں) کو سکھائے ہیں۔ 300 نام تورات، 300 نام انجیل اور 300 نام زبور میں ارشاد فرمائے ہیں۔ یہ ہو گئے 2900 نام اور 99 اسماء حسنیٰ وہ ہیں جو حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو دیئے گئے ہیں۔ یہ 2999 نام ہیں اور ایک نام ''اللہ'' سبحان اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے پسند فرمایا ہے۔ یہ کل اللہ پاک کے 3 ہزار نام مبارک ہیں اور اللہ پاک نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے امت کو دیئے ہیں تاکہ امت ان پاک ناموں سے محروم نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے 3000 ہزار ناموں کی تاثیر صرف تین ناموں ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' میں رکھ دی ہے۔ جب بھی ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' پڑھیں تو یہ تصور کر لیں کہ آپ ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' کے ساتھ اللہ پاک کے 3000 ناموں کی تاثیر اور برکتیں لے رہے ہیں۔ اس یقین کے ساتھ ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' پڑھیں تو بس پھر خود ہی اندازہ لگاتے ہوئے اس کے کرشمات دیکھیں۔ اللہ پاک کا حکم ہے کہ ہر کام سے پہلے ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' پڑھیں جس میں اللہ تعالیٰ کے تین ہزار اسماء حسنیٰ کی برکتیں شامل ہیں۔ میرا بھی یہ بار ہا کا مشاہدہ ہے۔ آپ حضرات بھی کر کے دیکھ لیں ان شاء اللہ فائدہ ہی ہو گا۔ جزاک اللہ! (**انیس گل**، لاہور)

Qureshi

بسم اللہ کی برکت سے جنریٹر آن ہوگیا

السلام علیکم! میرے باس نے بتایا کہ ایک دفعہ ہمارے کالج کا جنریٹر خراب ہوگیا، ہمارے کالج کے پرنسپل جو مکینک بھی تھے وہ کافی زور آزما رہے تھے، کبھی انجن آئل چینج کرتے تو کبھی کوئی تار اتار کر دوسری جگہ لگاتے لیکن جنریٹر سٹارٹ نہیں ہو رہا تھا۔ میں ان کے پاس کھڑا تھا میں نے کہا کہ آپ نے تو زور لگا لیا اب میں آپ کو سٹارٹ کر کے دکھاتا ہوں اس کے ساتھ ہی میں نے پورے یقین کے ساتھ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھ کر بٹن آن کیا تو انجن سٹارٹ ہوگیا۔ وہ سب حیران ہوگئے کہ ہم گھنٹے سے کھپ رہے ہیں لیکن ہم سے سٹارٹ نہیں ہوا، تم نے کیا کیا؟ میں نے کہا کہ میں نے تو صرف "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھی ہے جو کہ ہر چیز کی چابی ہے۔ **(محمد عثمان، لاہور)**

چارپائی پر لیٹی بیمار ہمسائی اٹھ کر بیٹھ گئی

السلام علیکم! ہماری ایک ہمسائی خاتون اچانک بیمار ہوگئی جس کیلئے مجھے بلایا گیا کہ انہیں دیکھیں کہ کیا ہوا ہے؟ میں نے دیکھا تو وہ بہت تڑپ رہی تھیں انکی حالت بہت خراب تھی انہوں نے فوری طور پر ڈاکٹر کو بلایا اس نے چیک کیا تو ان کا بلڈ پریشر اوپر والا 280 اور نیچے والا 180 تھا، جب شوگر چیک کی گئی تو اس وقت 700 تھی اور ڈاکٹر ماننے کیلئے تیار نہیں تھا کہ اتنی شوگر ہوسکتی ہے۔ حضرت صاحب نے ایک عمل بتایا تھا کہ "بسم اللہ" کے تین حرف 21,21 مرتبہ لکھیں ب 21 دفعہ، س 21 دفعہ، م 21 دفعہ اور اس کے اوپر اللہ لکھیں۔ میں نے یہ عمل لکھ کر اس کے منہ میں جیسے ہی رکھا اس خاتون کو فوراً سکون آگیا حالانکہ ڈاکٹر نے دیکھنے کے بعد کہا تھا کہ یہ ختم ہوگئی ہیں اور چلا گیا تھا۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے وہ خاتون آدھے گھنٹے بعد خود اٹھ کر بیٹھ گئیں اور سب کام کاج کرنے شروع کر دیئے۔ **(طاہر عالم)**

Qureshi

تاروں کو چھونے سے کرنٹ نہیں لگا

السلام علیکم! میں اکثر گھر میں اعمال کرتا رہتا ہوں جس کے مجھے بہت زیادہ فوائد اور مشاہدات حاصل ہوتے ہیں۔ ایک بار ہمارے گھر کی پانی والی موٹر خراب ہوگئی اس کو ہاتھ لگاتے تو پھر چلتی تھی۔ میری ہمشیرہ کو پتہ تھا کہ جب اس کو ہاتھ لگائیں تب موٹر چلتی ہے اور اس میں کرنٹ نہیں ہوتا۔ میں اکثر اسے ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' والے وظیفے کے بارے میں بتاتا رہتا تھا اس نے یقین کے ساتھ ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' پڑھ کر ننگی تاروں کو ہاتھ کے ساتھ آپس میں جوڑا تو اسے کچھ بھی نہیں ہوا اور موٹر چلنے لگ پڑی اور اس کے بعد اب تک موٹر ٹھیک چل رہی ہے۔ **(تنویر احمد)**

دو کی بجائے تین بچوں کے سوٹ بن گئے

السلام علیکم! ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' کے فضائل بیان کئے تھے۔ میں نے گھر والوں کو بھی وہ فضائل بتائے۔ کسی خاتون نے ہمیں ہدیہ کے طور پر کپڑا دیا تھا اس میں دو بچوں کے سوٹ بن رہے تھے۔ تیسری بیٹی کہنے لگی کہ میں بھی اسی میں سے سوٹ بنواؤں گی۔ ہم نے کہا کہ آپ کو اور لے دیں گے لیکن وہ اصرار کرتی رہی اور بضد تھی کہ میں اسی میں سے بنواؤں گی۔ میں نے کہا ٹھیک ہے پھر آپ 100 مرتبہ ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' پڑھو۔ آپ یقین کریں کہ ہم نے کئی بار وہ کپڑا ناپا تھا اور وہ تینوں بچوں کیلئے ناکافی تھا لیکن جونہی اس نے 100 مرتبہ بسم اللہ پڑھی تو تینوں کے کپڑے بآسانی بن گئے اور میری بیٹی یہ دیکھ کر بہت خوش ہوئی اور ہو تب سے جو بھی کام کرنے لگتی ہے پہلے ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' پڑھ لیتی ہے۔ **(محمد اشفاق)**

بسم اللہ الرحمن الرحیم سے پرانا مسئلہ حل

السلام علیکم! میرا نام افضال حسین اور میں کافی عرصہ سے تسبیح خانہ میں مسلسل درس

Oureshi

میں شرکت کررہا ہوں اور میں حضرت جی دامت برکاتہم کی طرف سے بیان کئے جانے والے وظائف کرتا رہتا ہوں جس سے الحمدللہ! مجھے بہت زیادہ نفع ملتا ہے۔ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کا وظیفہ دیتے ہوئے اس کے فضائل اور مشاہدات بیان کئے۔ جس کا میں بھی آپ کو اپنا ذاتی مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں اکثر راتوں کو اٹھ کر بیٹھ جاتا تھا اور مجھے بیشتر اوقات نیند نہ آنے کا مسئلہ رہتا تھا۔ الحمدللہ! جب سے ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ '' ٹھہر ٹھہر کر (آہستہ آہستہ) پڑھ کر سونے کا اہتمام کیا ہے اس کی برکت سے میرا بہت پرانا مسئلہ حل ہوگیا ہے اور مجھے اب بہت سکون کی نیند میسر آ گئی ہے۔ (افضال حسین)

بسم اللہ کی برکت سے نماز میں خشوع وخضوع

ایک صاحب نے بتایا کہ ڈیڑھ پونے دو سال پہلے کی بات ہے کہ میں جب نماز پڑھتا تھا تو نماز کے الفاظ بڑی مشکل سے ادا ہوتے تھے یہاں تک کہ مجھے چار رکعات پڑھتے پڑھتے آدھا گھنٹہ لگ جاتا تھا۔ میں نے حضرت صاحب دامت برکاتہم سے عرض کیا کہ ایسا صرف نماز میں ہی کیوں ہوتا ہے؟ فرمایا کہ آپ ہر نماز سے پہلے سانس روک کر 3 بار ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ '' پڑھ لیا کریں تو ان شاء اللہ پھر دیکھیں کیا ہوتا ہے۔ بس جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا ہے الحمدللہ! میری ساری تکلیف ختم ہوگئی ہے اور نماز کے الفاظ روانگی سے ادا ہونے لگے ہیں اس کے ساتھ ساتھ نماز میں توجہ اور دھیان بھی بہت بڑھ گیا ہے۔

والدہ کے مہروں کی تکلیف ختم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام محمد بلال ہے ہمارے ایک دوست کی والدہ کی طبیعت چند دن پہلے خراب ہوگئی انہوں نے کہا کہ میری والدہ کی کمر کے مہرے ہل گئے ہیں جنہیں آغا خان ہسپتال لے کر گئے لیکن انہوں نے جواب دے دیا کہ انہیں گھر لے جائیں۔

Qureshi

اور کہنے لگے ہم نے اپنی والدہ پر پانی کی طرح پیسہ بہایا ہے لیکن کوئی افاقہ نہیں ہوا الٹا ڈاکٹروں نے جواب دے کر گھر بھیج دیا ہے۔ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے کہروڑ پکا کے درس میں 800 مرتبہ ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' اور آٹھ مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھنے کا وظیفہ ارشاد فرمایا تھا۔ جو میں نے انہیں پڑھنے کیلئے بتایا کہ آپ اپنی والدہ کی نیت سے تمام گھر والے یہ وظیفہ یقین اور توجہ سے پڑھیں ان شاء اللہ آپ کی والدہ کو صحت ملے گی۔ انہوں نے پڑھنا شروع کیا تو ان کی والدہ کی طبیعت قدرے بہتر ہوگئی ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ یہ عمل جاری رکھیں انشاء اللہ ان کی تکلیف مکمل ختم ہو جائے گی۔ جب کچھ عرصہ بعد دوبارہ ان سے ملاقات ہوئی تو وہ بتانے لگے کہ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے ہماری والدہ کو اللہ پاک نے صحت دے دی اور ان کی تکلیف ختم ہوگئی ہے۔ **(محمد بلال)**

پوری کلاس میں سے اکیلا ہی جرمانہ سے بچ گیا

السلام علیکم! میں نے ماہنامہ عبقری میں ایک عمل پڑھا تھا کہ 786 مرتبہ ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' کسی بھی مقصد کی نیت سے مسلسل سات دن پڑھی جائے تو وہ مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ میں نے M.O.A کالج میں اپنے ایک کلاس فیلو کو یہ عمل بتایا تو اس نے یہ عمل کرنا شروع کر دیا۔ کالج میں زیادہ چھٹیاں کرنے کی وجہ سے بہت سارے سٹوڈنٹس کو جرمانہ ہوا جن میں خود میں بھی شامل تھا۔ چھٹیاں تو اس لڑکے کی بھی بہت زیادہ تھیں لیکن اس نے جرمانے سے بچنے کی نیت سے یہ عمل کیا تو اس عمل کی برکت سے وہ بچ گیا۔ ہماری کلاس میں صرف 3 لڑکے جرمانے سے بچ پائے تھے جن میں سے وہ ایک تھا۔ **(محمد عمر، لاہور)**

قرض سے خلاصی اور کاروبار میں ترقی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں نوشہرہ فیروز سے آیا ہوں۔ میرے ایک دوست پر کچھ ایسے حالات آئے کہ اس پر لاکھوں روپے قرض چڑھ گیا اور یہاں تک کہ اس

Oureshi

کے پاس موبائل تک نہ رہا۔ جب اس نے میرے پاس آکر اپنی پریشانی بیان کی تو میں نے اسے عبقری رسالہ اور 17 وظائف والا کتابچہ دیا۔ اس نے اس میں سے ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' والا وظیفہ پڑھنا شروع کیا تو کچھ دنوں بعد اس نے مجھے بتایا کہ مجھ پر جو 5,6 لاکھ روپے قرضہ تھا وہ اتر گیا ہے اور اب الحمدللہ! کاروبار بھی شروع ہو گیا ہے۔ (عبیداللہ)

عرصہ سے اٹکا ہوا مقدمہ جیت گئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام محمد بلال ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے عید کے تیسرے روز درس میں بتایا تھا کہ کوئی آدمی جتنا بھی پریشان ہو اور وہ یہ کہے کہ بس اب میں نے خودکشی کرنی ہے تو وہ خودکشی نہ کرے وہ بس یہ عمل کرے کہ اول و آخر 8 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 800 مرتبہ ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا کَرِیۡمُ '' پڑھے۔ ہمارے ایک ساتھی کا بہت عرصے سے عدالت میں مقدمہ چل رہا تھا جس کا فیصلہ نہیں ہو رہا تھا اس وجہ سے وہ بہت پریشان تھے، اسی غم میں ان کی اہلیہ کا انتقال ہو گیا۔ ایک دن وہ مجھے کہنے لگے کہ میرا کام نہیں ہو رہا جس پر میں نے انہیں یہ عمل بتا دیا۔ انہوں نے پڑھنا شروع کیا تو اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے صرف 14 دن کے اندر ہی ان کے حق میں مقدمے کا فیصلہ ہو گیا۔

(محمد بلال، لاہور)

داڑھ کا درد فوری ختم

السلام علیکم! ایک بار میری اہلیہ کی داڑھ میں درد ہو رہا تھا وہ ڈاکٹر کے پاس جانا چاہ رہی تھی لیکن میں نے اسے 17 وظائف دیئے جس میں سے اس نے ''بسم اللہ'' والا وظیفہ پڑھا تو اس کا درد فوراً ٹھیک ہو گیا۔ اس نے ٹھنڈا پانی پی کر چیک کیا کہ واقعی وظیفے کا اثر ہے یا ویسے ہی ٹھیک ہوا ہے لیکن اللہ کا شکر ہے درد ٹھیک ہو گیا تھا۔ (الف۔ر)

Oureshi

کلاس کے دوران ہچکی فوراً رک گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد معظم علی ہے میں اپنے مشاہد کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میں کلاس میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک مجھے ہچکی لگ گئی۔ جس کیلئے میں نے 3 مرتبہ تعوذ ”اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ“ پڑھا تو الحمدللہ! اس کے بعد ایک بار بھی ہچکی نہیں آئی اور بالکل ختم ہوگئی۔ (محمد معظم علی)

اسم ”اللہ“ کے مشاہدات

اسم اللہ سے نور، روحانیت، نماز فجر کا حصول

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ایک بار درس میں ارشاد فرمایا تھا کہ جب بھی آپ سونے لگیں تو اپنے دل کا ڈھکن کھول کر اس میں اسم ”اللہ“ اپنے دل کے اندر لے جائیں اور ڈھکن بند کر کے سو جائیں۔ اللہ کا اسم ساری رات آپ کے دل میں رہے گا اس سے روحانیت ملتی رہے گی۔ میری فجر کی نماز اکثر قضاء ہو جاتی تھی لیکن اس عمل کی برکت سے اتنی روحانیت ملی ہے کہ فجر کی اذان ہونے سے قبل اللہ پاک مجھے نیند سے بیدار کر دیتا ہے۔ چاہے میں جتنا مرضی تھکا ہوا یا مدہوشی کی حالت میں ہی کیوں نہ ہوں اس عمل کی برکت سے فجر کی نماز باجماعت ادا کر رہا ہوں۔ اللہ پاک سب کو اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! (عرفان علی)

اسم ”اللہ“ نے مرشد کے قدموں میں بٹھادیا

السلام علیکم! میں جامشورو کا رہائشی ہوں۔ مَیں صبح کی نماز اور تسبیح وغیرہ سے فارغ ہو کر حالات حاضرہ کا جائزہ لینے کیلئے انٹرنیٹ کھولتا ہوں اس پر ایکسپریس نیوز کھول کر جو بھی اخبار اور جریدے ہوتے ہیں وہ سامنے آجاتے ہیں۔ میں نے پہلے ایک اخبار پڑھا اور اس کے بعد ”ماہنامہ عبقری“ سامنے آگیا۔ یہ پڑھنے بیٹھا تو پرانے شمارے بھی تھے اور کچھ بیانات بھی تھے ایک بیان دل کو بہت پیارا لگا جس میں بتایا گیا تھا

Oureshi

کہ "اللہ" اسم ذات کو غور سے دیکھیں اور یہ تصور کریں کہ کاغذ پر لکھا ہوا اسم "اللہ" میرے دل پر آرہا ہے۔ ایسا کرنے سے آپ کا دل منور ہو جائے گا۔ یہ بات دل کو بہت پیاری لگی۔ اس کے بعد طلب پیدا ہوئی کہ لاہور جا کر حضرت جی دامت برکاتہم سے بیعت ہو جاؤں۔ پہلے بہت زیادہ کوشش کی تھی کہ کسی سے بیعت کروں لیکن دل کسی کی طرف راغب نہیں ہوتا تھا۔ میری عمر تقریباً 58 سال ہوگئی ہے حالانکہ بڑے بڑے اللہ کے ولی ہیں دنیا تو خالی نہیں اللہ کے پیارے بندوں سے لیکن میرا دل قطعی طور پر کسی سے مطمئن نہیں تھا۔ بس آپ دامت برکاتہم کی باتیں بہت زیادہ دل کو لگیں اور الحمدللہ! اس وقت آپ کے قدموں میں بیٹھا ہوں۔ **(محمد صادق)**

"کلمہ طیبہ" کے مشاہدات

اللہ کے پاس امانت رکھوائیں اور خاتمہ بالخیر پائیں

السلام علیکم! ہر درس میں حضرت صاحب اعمال، اللہ سبحان تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تعلق کی موتیوں کی بارش کرتے ہیں جنہیں چننے والا کوئی ہوتا ہے، ان موتیوں کے بیچ میں ایک ایسا سچا موتی ہر درس میں ہوتا ہے جو بس حیران ہی کر دیتا ہے۔ آدمی کو ایسا ہی ایک سچا موتی حضرت صاحب نے درس کے دوران فرمایا تھا کہ اول و آخر درود شریف، کلمہ طیبہ "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" ساتھ کلمہ شہادت بھی پڑھ لیں اور اللہ سبحان وتعالیٰ سے عرض کریں کہ یااللہ! آپ سچوں کے سچے آپ سے بڑا کوئی سچا نہیں اور کلمہ پڑھ کر آپ کے پاس امانت رکھوا رہا ہوں میری موت کے وقت جب مجھ پر نزاع کا عالم ہو تب میری امانت مجھے لوٹا دینا اور میری زبان پر کلمہ جاری فرما دینا۔ اگر اللہ سبحان وتعالیٰ کے خزانوں میں سے کلمہ نصیب ہو گیا تو انشاء اللہ آپ کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ کیونکہ اس سے بڑا امین کوئی نہیں ہے۔ آپ کلمہ طیبہ پڑھ کر اللہ کے پاس امانت رکھوائیں اور اسے دوستوں کو بتائیں اس کو پھیلائیں تاکہ

Qureshi

اللہ تعالیٰ سب کا خاتمہ بالخیر کر کے جنت میں لے جانے والا بنا دے۔ (م۔ الف)

اماں کے وظیفے سے بہترین نیند

میری اماں رحمتہ اللہ علیہا فرماتی تھیں کہ اگر کسی کو نیند نہ آتی ہو تو وہ پہلے کلمے کی تسبیح کا اہتمام کرے اس سے ان شاء اللہ بہت اچھی نیند آتی ہے۔ میں نے یہ عمل جس کسی کو بھی بتایا ہے، الحمد للہ! اس افاقہ ہوا ہے۔ (حکیم صاحب)

کلمہ طیبہ سے ہر قسم کے درد کا علاج

السلام علیکم! کچھ لوگ ہمارے پاس دم کروانے کیلئے آتے ہیں تو میں انگلی کے ساتھ ان کی پیشانی پر کلمہ طیبہ لکھ دیتا ہوں جس سے الحمد للہ! انہیں ہر قسم کے مرض سے شفاء ملتی ہے۔ ان میں اگر کسی کو سر درد، پیٹ درد، جوڑوں کا درد یا پورے جسم میں کسی بھی قسم کا درد ہو تو میں سات مرتبہ کلمہ شریف مکمل پڑھ کر جھاڑتا ہوں تو اللہ پاک سب کو شفاء عطا فرما دیتا ہے۔ یہ اتنا بڑا عمل ہے کہ میں آپ کو کیا بتاؤں؟ اللہ پاک سب کو عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین!

کلمہ طیبہ سے آندھی رک گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد عمر فاروق ہے حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ایک درس میں آندھی کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا کہ تیز آندھی آتی ہو تو اس کی طرف انگلی سے کلمہ لکھ دیں تو آندھی وہی رک جائے گی۔ ہم کچھ افراد قربانی کے جانور لینے کیلئے منڈی گئے تو راستے میں بہت تیز آندھی آ گئی میں نے وہیں راستے میں کھڑے ہو کر انگلی کے ساتھ ہوا میں کلمہ طیبہ لکھ دیا تو یقین جانیے کہ آندھی اُسی وقت رک گئی اور ہمارے گھر پہنچنے تک دوبارہ نہیں آئی۔ (محمد عمر فاروق)

لیبیا میں قید شخص کی ایک ہفتے میں رہائی

السلام علیکم! میں منڈی بہاؤالدین سے آیا ہوں۔ ہمارے محلے میں ایک واقعہ ہوا ہمارے ہمسائیوں کی ایک عورت ہمارے گھر آتی تھی اور عبقری رسالہ لے جاتی تھی۔

ایک دن جب لیبیا میں حالات خراب ہوئے تو ان کا شوہر بھی جیل میں بند ہو گیا جس کیلئے وہ بہت سر توڑ کوششیں کر رہے تھے لیکن اس کی رہائی نہیں ہو رہی تھی۔ اس خاتون کی تمام رشتہ دار خواتین نے عبقری رسالہ سے کلمہ شریف کا وظیفہ جس کے 7 یا 13 نصاب کسی بھی پریشانی کے حل کیلئے پورے کرنے ہیں کچھ ہی دنوں میں نصاب پورے کیے تو اللہ پاک نے غیب کے خزانوں سے انتظام کرتے ہوئے ان کے شوہر کو رہائی دلائی اور وہ صرف ایک ہفتے میں گھر واپس آ گئے۔

(آصف اقبال، منڈی بہاؤالدین)

اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر کے گناہوں سے بچنا

السلام علیکم! حضرت جی نے 2010ء کے درس میں ایک عمل ارشاد فرمایا تھا کہ رات سونے سے پہلا کلمہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے پاس امانت رکھوا دیں کہ یا اللہ! یہ کلمہ میرا آپ کے پاس امانت ہے جب میرا موت کا وقت قریب آئے تو اپنی شان کریمی کے مطابق مجھے عطا فرما دینا تاکہ میرا خاتمہ ایمان بالخیر پر ہو۔ یہ عمل میں کرتا رہا کہ اچانک ایک دن میرے ذہن میں خیال آیا کہ کیوں نہ اس عمل کو گناہوں اور شیطانی وسوسوں سے حفاظت کیلئے کیا جائے۔ میرا بہت بار کا آزمودہ عمل ہے کہ میں پہلا کلمہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کرتا تھا کہ یا اللہ! مجھے اپنے حفظ و ایمان میں رکھ اور میری گناہوں سے حفاظت فرما۔ یقین جانیئے جب بھی بندہ یہ عمل کرتا ہے اور کسی چھوٹے بڑے گناہ کے قریب ہوتا ہے تو ایک دم جھٹکا لگتا ہے اور بندہ ایک سائیڈ پر ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس عمل کی برکت سے بہت بڑے بڑے گناہوں سے بچایا ہے۔ اللہ پاک حضرت حکیم صاحب اور تسبیح کے نظام کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ آمین! **(اجمل عبدالستار)**

کلمے کے نصاب سے بیروزگاری کا خاتمہ

السلام علیکم! میرا نام اشفاق احمد میمن اور کراچی سے آیا ہوں۔ یہاں تسبیح خانہ میں پندرہ دن پہلے ذکر کیلئے آیا تھا۔ میرے اپنے کچھ ذاتی مشاہدات ہیں جو میں بیان کرنا

چاہتا ہوں۔ پہلا یہ کہ میری اہلیہ نے عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی صاحب کا کلمے والا وظیفہ ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ'' کا 70 ہزار مرتبہ کا نصاب پڑھا تھا جس کے ہم دونوں میاں بیوی نے 8 نصاب پورے کئے ہیں۔ الحمدللہ! اس کی برکت یہ ہوئی کہ پہلے میری پاس نوکری نہیں تھی تقریباً 2 سال سے بیروزگار تھا، بہت کوششوں کے باوجود کہیں ملازمت نہیں مل رہی تھی۔ ان 8 نصاب کرنے کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بہت ہی اچھی نوکری دے دی ہے۔ اس وظیفے کے اور بھی بہت سے فوائد حاصل ہو رہے ہیں لیکن وقت کی کمی کے باعث بیان نہیں کر سکتا۔ اللہ پاک ہم سب کو اعمال کی برکت سے لینے کا یقین عطا فرمائے۔ آمین! **(اشفاق احمد میمن، کراچی)**

بخار میں تپتا بچہ سکون سے سو گیا

السلام علیکم! پچھلے ہفتے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ جس بچے کو بخار ہو اس کی پیشانی پر کلمہ لکھنے سے اس کا بخار اتر جاتا ہے۔ اس کا میں ایک مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میں سرگودھا اپنے گھر پہنچا تو اس وقت رات کے 3 بج رہے تھے اور میرا بیٹا بخار میں تپ رہا تھا میری اہلیہ نے کہا کہ اس کیلئے دوائی وغیرہ لا دیں۔ میں نے کہا کہ اس وقت تو دوائی نہیں مل سکتی ہاں البتہ آج درس میں حکیم صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا ہے کہ بچے کی پیشانی پر کلمہ لکھنے سے بخار ختم ہو جائے گا تو میں بچے کے ماتھے پر کلمہ لکھ دیتا ہوں ان شاء اللہ اس کا بخار اتر جائے گا۔ میری اہلیہ کہنے لگی نہیں! میں خود لکھوں گی اور اس نے انگلی کے ساتھ بچے کے ماتھے پر پہلا کلمہ لکھا اور بچہ سکون سے سو گیا اور جب صبح کو اٹھا تو بالکل نارمل تھا اور اطمینان سے سکول چلا گیا۔ **(زاہد، سرگودھا)**

آنکھ کے پھوڑے سے فوری شفاء

السلام علیکم! میرا نام سہیل احمد صوفی ہے اور میں چونگی امرسدھو کا رہائشی ہوں۔ ایک بار عبقری رسالہ میں آنکھ کے پھوڑے کیلئے دم کا طریقہ شائع ہوا تھا کہ 5 مرتبہ

Oureshi

اول و آخر درود شریف اور 7 مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر دم کیا جائے تو شفاء ہوتی ہے۔ میں نے یہ عمل دو لوگوں پر کیا جنہیں اللہ تعالیٰ نے شفاء دیدی ہے۔

(سہیل احمد صوفی، لاہور)

کلمے کی برکت سے میاں بیوی میں صلح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام بلال احمد اور میں شیخوپورہ سے آیا ہوں۔ میں نے عبقری رسالہ میں ’’70 ہزار مرتبہ **لا الہ الا اللہ** اور 70 ہزار مرتبہ **محمد رسول اللہ**‘‘ کا وظیفہ پڑھا تھا۔ یہ وظیفہ میں نے اپنے دوست کیلئے کیا تھا جس کا اپنی اہلیہ کے ساتھ جھگڑا ہو گیا تھا اور بات طلاق تک پہنچ گئی تھی۔ وہ اس وجہ سے بہت پریشان تھا اور اکثر میرے پاس آکر روتا رہتا تھا۔ ان دونوں میاں بیوی کی صلح کروانے کی نیت سے میں نے اس وظیفے کے ایک ہفتے میں اڑھائی نصاب پڑھے ہی تھے کہ اس کا مجھے فون آیا کہ یار! پتہ نہیں کہاں سے اللہ پاک نے مدد فرمائی ہے اور ہم دونوں میاں بیوی کی لڑائی محبت میں بدل گئی ہے اور میری بیوی خود بخود گھر واپس آگئی ہے اور اس نے مجھ سے معافی بھی مانگی ہے اور ہم بہت پرسکون ہو گئے ہیں۔ **(بلال احمد، شیخوپورہ)**

’’درود شریف‘‘ کے مشاہدات

درود شریف کی برکت سے غرباء کی امداد

السلام علیکم! میں تقریباً 2 ہفتے پہلے حضرت دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور عرض کی تھی کہ میرے والد مرحوم صاحبِ حیثیت آدمی تھے اور لوگوں کی دل کھول کر مدد کیا کرتے تھے لیکن ان کی وفات کے بعد میری حالت اتنی خراب ہو چکی ہے کہ میں لوگوں کی مدد نہیں کرسکتا۔ آپ دامت برکاتہم نے مجھے مختلف وظائف پڑھنے کیلئے عطا کئے۔ ایک بار درس میں آپ دامت برکاتہم نے ایک

Qureshi

ٹیکسی والے کا تذکرہ کیا تھا جسے آپ دامت برکاتہم نے ایک درود شریف بتایا تھا۔ ''یَاوَدُوْدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اِنَّکَ رَحِیْمُ الْوَدُوْدُ'' میں نے یہ بھی درود شریف کثرت سے پڑھنا شروع کر دیا اور الحمدللہ! آج اس دور کی برکت سے میری حالت اتنی بہتر ہوگئی ہے کہ میں بھی اپنے والد صاحب کی طرح لوگوں کی مدد کر سکتا ہوں اور ان کے مشن کو آگے بڑھا رہا ہوں۔ **(آصف رضا)**

درود شریف کی برکت سے سارا دن خوب آمدنی

السلام علیکم! میرا نام محمد ساجد ہے اور میں ایک دکاندار ہوں۔ میں ہر روز صبح دکان کھولنے سے پہلے 11 بار درود شریف، 11 بار سورۃ فاتحہ اور پھر 3 بار درود شریف پڑھ لیتا ہوں جس کے پڑھنے کی برکت سے سارا دن خوب آمدنی ہوتی ہے۔ **(محمد ساجد)**

روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! مجھے روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار ہوا۔ اِدھر میں آپ سے بیعت بھی ہو چکا ہوں۔ اس سے پہلے ایک اللہ والے نے مجھے درود ابراہیمی پڑھنے کیلئے بتایا تھا جس کے پڑھنے سے میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جالی مبارک ہے جہاں پر میری نظر ٹھہر جاتی ہے اور مجھے غیب سے اشارہ ہوتا ہے کہ آپ اندر آؤ تو پھر قبر مبارک کی بھی زیارت ہوتی ہے۔ یہ سب درود شریف پڑھنے کی برکت سے ہے اس کے اور بھی بہت کمالات سے مجھے نصیب ہوئے ہیں۔

پٹرول کے بغیر 3 کلومیٹر دور پمپ تک پہنچ گیا

السلام علیکم! میرا معمول ہے کہ میں موٹر سائیکل چلاتے ہوئے مسلسل درود ابراہیمی پڑھتا رہتا ہوں۔ کچھ دن پہلے میں رات دس بجے اپنے کام سے واپس گھر جا رہا تھا کہ مجھے محسوس ہوا کہ پٹرول ختم ہونے والا ہے اور موٹر سائیکل مسنگ کرنے لگی۔ میں پریشان ہوگیا اسی دوران اچانک میرے دل میں ایک آواز آئی کہ ''محمد صلی اللہ علیہ

Oureshi

وآلہ وسلم'' کبھی ڈوبنے نہیں دیتے۔ بس اس کے بعد میں موٹر سائیکل چلاتا رہا اور آسانی سے 2,3 کلومیٹر دور پٹرول پمپ پر پہنچ گیا۔ (فرحان)

انسپکٹر کی کیفیات اور عمرے کی ادائیگی

السلام علیکم! میرا نام محمد رضوان ہے۔ مجھے ایک سب انسپکٹر بتانے لگے کہ مجھے حضرت جی دامت برکاتہم نے درود شریف کا عمل دیا تھا میں بہت کثرت سے درود شریف پڑھتا تھا حتیٰ کہ میری زبان اگر ذکر کر کے تھک جاتی تو میں میرا دل چاہتا تھا کہ مزید پڑھوں۔ پھر ایک وقت ایسا بھی آیا کہ میری زبان اگر خاموش ہوجاتی تو میرا دل درود شریف پڑھنے لگ گیا۔ مجھے سچے خواب آنا شروع ہو گئے جو واقعہ اگلے دن ہونا ہوتا تھا مجھے وقت سے پہلے ہی اس کی خبر ہوجاتی۔ میں اپنی مرضی سے اپنی پوسٹنگ کروالیا کرتا تھا اور کوشش یہ کرتا کہ مخلوق خدا کو انصاف مہیا کروں اور ایسی صورتحال میں میرے کولیگ مجھ سے حسد کرنے لگے اور میری شکایات بڑے افسروں سے کرنے لگے لیکن میں ہر جگہ اللہ کی رحمت، درود شریف کی برکت اور حضرت دامت برکاتہم کی دعاؤں کے طفیل کامیاب ہوجاتا۔

ایک دن میں نے درود شریف کی بدولت اپنی پوسٹنگ حاجی کیمپ میں کروالی، میں وہاں کھڑا درود شریف پڑھ رہا تھا کہ اچانک دل میں خیال آیا کہ یا اللہ! میں اتنا گنہگار ہوں کہ تیرا گھر نہیں دیکھ سکتا؟ یقین جانئے کہ مجھے نہیں پتہ کہ کیسے میرے اسباب بنے اور میں 3 ماہ بعد اللہ کے گھر میں موجود تھا۔ الحمدللہ! میرے رزق میں بھی خوب برکت ہوگئی ہے اور میرے گھر میں بھی سکون ہوگیا ہے لیکن بعض اوقات انسان کو ان چیزوں کی قدر نہیں ہوتی اور سب کچھ چھن جانے کے بعد محسوس ہوتا ہے کہ میں کہاں تھا؟ یہ کیا ہوگیا؟ مجھے اکثر حکیم صاحب دامت برکاتہم فرمایا کرتے تھے کہ رابطے میں رہا کرو رابطہ جس طریقے سے ایک تار کے ساتھ بلب جڑا رہتا ہے تو اس میں روشنی رہتی ہے۔ رابطے والی تار کے کٹنے کے بعد اندھیرے انسان کی طرف

Qureshi

متوجہ ہوتے ہیں اور انسان بہت دور جا گرتا ہے اور اس بلب کی کوئی اہمیت نہیں رہتی۔ میں وہ بدقسمت ہوں کہ کچھ عرصہ کے بعد میرا رابطہ حکیم صاحب دامت برکاتہم سے منقطع ہونا شروع ہو گیا اور آخر وہ رابطہ کٹ گیا۔ اب میں درود شریف پڑھنے کی کوشش کرتا ہوں تو نہیں پڑھا جاتا اور نہ ہی پہلے جیسی برکات رہ گئی ہیں۔ آج میں 4 سال کے بعد آیا ہوں اور وہ بھی حکیم صاحب دامت برکاتہم کی بدولت کہ وہ مجھے بھولے نہیں۔ میں انہیں بھول گیا تھا، میں ہی بھٹک گیا تھا اگر یہ بھی مجھے بھلا دیتے تو آج میں ادھر نہ ہوتا۔ بہرحال میری آپ سب سے یہ درخواست ہے کہ حکیم صاحب دامت برکاتہم جو بھی عمل بتائیں اور جو بھی حکم دیں اسے من وعن کیا جائے اور حکیم صاحب دامت برکاتہم سے رابطے میں رہا جائے۔ یہی ہمارے لئے دنیا و آخرت میں کامیابی کا ذریعہ ہے۔ **(محمد رضوان)**

شریر لوگوں کے شر سے نجات

ایک صاحب کہتے ہیں کہ میں جو بتانے لگا ہوں اس کا تعلق مرشد کی توجہ کے ساتھ ہے۔ میری ہمشیرہ نے مجھے فون کر کے کہا کہ آپ ایک اللہ والے کے پاس جاتے ہیں مجھے یہ پوچھ کر بتائیں کہ میری بچی کی منگنی ہوئی تھی اور وہ 2 رشتہ داروں نے تڑوا دی۔ منگنی کو تقریبا 7 سال کا عرصہ گزر چکا تھا اب دوسری بار منگنی ہوئی ہے وہ بھی تڑوانا چاہتے ہیں مجھے اس مسئلے کیلئے کوئی وظیفہ بتائیں کہ میں وہ وظیفہ پڑھوں اور میری بچی کا مسئلہ حل ہو جائے۔ میں نے کہا کہ جمعرات کو کوشش کروں گا کہ حضرت دامت برکاتہم سے ملاقات ہو جائے۔ پھر جب میں رات کو سویا تو مجھے خواب آیا کہ میں اس ہمشیرہ کے گھر کھڑا ہوں اور آسمان پر دو جہاز اڑ رہے ہیں ایک آرمی کا اور دوسرا ڈرون طیارہ ہے۔ میں بہت پریشانی کے عالم میں یہ سوچتا ہوں کہ بہت مشکل وقت ہے اور ان کی بمباری سے سخت تباہی ہوگی۔ پھر جب میں باہر نکلتا ہوں تو دیکھا کہ ہمارے گاؤں تحصیل کھاریاں گجرات کے جنگلات کے آگے ایک گھر میں اسی طرح کی ایک مجالس مجذوبی

Oureshi

منعقد ہے اور لوگ اپنے اپنے وظائف بتا رہے ہیں میں جب گھر کے اندر گیا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے پوچھا کہ پریشان کیوں ہو؟ میں نے بتایا کہ ایسے لگ رہا ہے کہ بہت تباہی ہوگی۔ حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا کہ بھئی اعمال سے بچیں گے۔ آپ ایسا کریں کہ 100 مرتبہ درود شریف ”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ“ پڑھیں۔ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی تو میں نے جلدی سے اپنے گھر والوں کو کہا کہ یہ درود پاک لکھ لیں کہیں مجھے بھول نہ جائے۔ پھر یہ درود شریف میں نے، میرے گھر والوں اور میری ہمشیرہ جن کی بچی کا مسئلہ تھا انہوں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ اللہ پاک نے اس درود شریف کی برکت سے ہمیں ان لوگوں کے شر سے ایسے بچایا کہ جو نقصان کرنے والے تھے ان کا کوئی عزیز ہسپتال میں داخل ہوگیا وہ بہت مشکل حالات میں آگئے اور دوسری طرف بچی کی شادی کے دن مقرر ہو گئے اور اس اتوار کو اس کی شادی بالکل خیر و عافیت کے ساتھ ہوگئی۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ واقعی اللہ پاک نے اعمال کے ذریعے ہی بچایا ورنہ بچنے کے حالات نظر نہیں آرہے تھے۔

درود شریف کی برکت سے قرض واپس مل گیا

السلام علیکم! میں نے 2 بندوں سے قرضہ وصول کرنا تھا۔ ایک کے پاس میرے 18 ہزار روپے جبکہ دوسرے کی طرف 50 ہزار تھے لیکن دونوں ہی ٹال مٹول سے کام لے رہے تھے۔ میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے عرض کیا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا کہ روزانہ 100,100 مرتبہ درود شریف پڑھ کر ان لوگوں کو ہدیہ کرو۔ میں نے یہ عمل شروع کر دیا۔ کچھ دنوں بعد 18 ہزار والے کا اللہ پاک نے سبب بنایا اور وہ آکر مجھے ساری رقم لوٹا گیا۔ جس سے 50 ہزار لینے تھے وہ بھی خود ہی آیا اور 10 ہزار دے کر کہنے لگا کہ میں باقی رقم 5,5 ہزار کر کے آپ کو ادا کرتا رہوں گا اور اب وہ بغیر کسی لڑائی جھگڑے کے خود ہی آتا ہے اور 5 ہزار دے کر باعزت طریقے سے چلا جاتا ہے۔ (محمد فیصل)

Qureshi

ذکر کرنے میں آسانی

السلام علیکم! تقریباً 2 ہفتے پہلے حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ ایک بندے سے ذکر نہیں ہو رہا تھا اس نے درود شریف پڑھ کر اپنی زبان کو ہدیہ کیا تو اس سے ذکر کرنا آسان ہو گیا۔ میرے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا کہ تھوڑا سا ذکر کر کے میں رک جاتا تھا۔ میں نے بھی 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی زبان کو ہدیہ کر دیا اس سے اللہ پاک کا کرم ہوا اور میرا ذکر کرنا آسان ہو گیا۔ (عارف)

درود پاک کا ذکر اور بیماریوں سے شفاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میں ابوظہبی میں ملازمت کرتا ہوں۔ پچھلے سال میں یہاں رمضان میں چھٹیوں پر آیا تھا جس دوران مجھے شوگر کا اٹیک ہو گیا جس کے باعث میں روزے بھی نہیں رکھ سکا۔ بس یہاں درس میں آ کر حضرت جی دامت برکاتہم کے بیان سنتا رہا۔ ایک درس میں آپ نے ایک دعا کے بارے ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا تھا کہ یہ دعا بیماریوں سے شفاء کیلئے بہت ہی لاجواب چیز ہے ''اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَ اَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ'' یہ درود پاک پڑھ کر میں نے خاص طور پر دعا کہ یا اللہ! مجھے روزے رکھنے کی توفیق عطا فرما۔ پھر میں نے روزے رکھنا شروع کر دیئے اور الحمدللہ! سب کچھ کھایا پیا، اور اس دعا کی برکت سے الحمدللہ! میری شوگر مکمل کنٹرول ہے۔ (محمد ناصر)

درود شریف سے نیند کا مسئلہ حل ہو گیا

ایک صاحب اپنا مسئلہ بیان کرنے لگے کہ میری اکثر رات کو 2,3 بجے کے درمیان آنکھ کھل جاتی تھی اور بعد میں نیند آنے کا نام نہیں لیتی تھی۔ جب سے درود پاک کے فضائل سنے ہیں الحمدللہ! میرا نیند کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ اب جب بھی آنکھ کھلتی ہے تو

ureshi

درود شریف پڑھنا شروع کر دیتا ہوں اس سے فوراً اور پرسکون نیند آتی ہے۔

لوگوں کو نیند نہ آنے کے مسئلے کا ازالہ

کسی کو نیند آتی ہو تو وہ دو زانو بیٹھ کر درود شریف پڑھے تو اسے الحمدللہ! بہت ہی اچھی نیند آئے گی۔ میں نے یہ عمل بہت لوگوں کو بتایا ہے جنہوں نے بعد میں آ کر اس کے فوائد بتائے ہیں۔

پڑھائی میں کمزور بیٹی کو سکالرشپ ملی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام عبدالرحمن ہے۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ایک بار تیز حافظے کیلئے درود شریف اور چار سورتوں والا عمل بتایا تھا جو میں نے اپنے تین بچوں کیلئے باری باری کیا۔ پہلے میری بیٹی پڑھائی میں بہت کمزور تھی اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے اس کی قرآن پاک کی تلاوت اتنی اچھی کر دی ہے کہ جیسے ایک قاری تلاوت کرتا ہو، اس نے 12 سپارے کچھ ہی دنوں میں تفسیر کے ساتھ پڑھ لئے ہیں اور اس کو پڑھائی کے سلسلہ میں سکالرشپ بھی ملی ہے۔

چار گنا زیادہ تنخواہ پر ایگزیکٹو بنا دیا

میرے بیٹے نے ACCA کیا ہوا تھا لیکن اس کو ئی اچھی نوکری نہیں مل رہی تھی ایک ملی بھی تو بہت ہی ناقص جگہ پر ملی۔ میں نے اس کیلئے بھی یہی عمل کیا تو اللہ پاک نے اسکی برکت سے اسے بہت ہی اچھی اور چار گناہ زیادہ تنخواہ پر نوکری دے دی ہے۔ اسے کچھ ہی دنوں میں افسر سے ایگزیکٹو بنا دیا گیا اور اسے دفتر کی گاڑی گھر سے پک اینڈ ڈراپ کرتی ہے اور اس کو آفس میں بہت عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

سخت مزاج بیٹا گھر والوں کا تابعدار بن گیا

میرا تیسرا بیٹا بہت سخت مزاج، سخت دل تھا اور ماں باپ کے کہنے میں نہیں آتا تھا۔ ہم دونوں میاں بیوی نے اس بیٹے کیلئے بھی درود شریف اور چار سورتوں عمل کیا تو

Qureshi

اللہ پاک نے اس پر بھی بہت کرم کیا ہے اور اب وہ بہت ہی سلجھا ہوا، نرم مزاج اور سب گھر والوں کا تابعدار بن گیا ہے۔ **(عبدالرحمٰن، لاہور)**

درود شریف سے بیٹی کی شادی کیلئے غیبی مدد

السلام علیکم! میری بیٹی کی شادی تھی جس کیلئے پیسوں کی ضرورت تھی مجھے نہیں پتہ یہ سب انتظامات کیسے ہوئے۔ بس میں اللہ پر بھروسہ کئے صبح و شام چلتے پھرتے درود پاک پڑھتا رہا جس کی برکت سے اللہ پاک اپنے غیب کے خزانوں سے میرے تمام کام بنادیئے اور میری ضرورت کے مطابق مجھے پیسے ملتے رہے۔ مجھے جب بھی کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے تو میں کثرت کے ساتھ درود پاک پڑھ کر اللہ پاک سے مانگنا شروع کر دیتا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک اپنے غیب کے خزانوں سے میری وہ ضرورت پوری کر دیتا ہے اور میری بیٹی کی شادی کے انتظامات غیب کے خزانوں سے پورے ہو گئے اور اللہ پاک نے اسے خیر و عافیت سے اپنے گھر میں بھیج دیا ہے۔

(منیر احمد)

ہچکی کا فوری علاج

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ مجھے اکثر کھانا کھاتے ہوئے ہچکی لگ جاتی تھی پھر مجھے ماہنامہ عبقری میں اس کیلئے ایک عمل چھپا ہوا ملا کہ جسے کھانے کے دوران ہچکی لگ جائے وہ سانس روک کر 7 بار درود شریف پڑھ لے ان شاء اللہ اس سے اس کی ہچکی دور ہو جائے گی۔ الحمدللہ! اس عمل کے کرنے سے میری ہچکی رک جاتی ہے۔ **(محمد حیدر، لاہور)**

گیدڑوں نے رات کو شور مچانا بند کر دیا

السلام علیکم! ایک بار میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب کے پاس بیٹھا ہوا تھا انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد میں گیدڑ بہت ہوتے ہیں جو رات کو بہت زیادہ بولتے ہیں لیکن جب ہم درود پاک پڑھتے ہیں تو وہ خاموش ہو جاتے ہیں۔ اس کا میں نے

بھی کئی بار مشاہدہ کیا ہے۔ ایک مرتبہ میں ایبٹ آباد میس میں اوپر بیٹھا ہوا تھا ان دنوں میری رات کو لیٹ نائٹ ڈیوٹی تھی اس وقت گیدڑ بہت زیادہ بولنا شروع ہو گئے یہاں تک کہ ہمارا بات کرنا مشکل ہو گیا۔ میں نے اپنی بیٹیوں کو کہا کہ دیکھنا میں ان کو کیسے چپ کرواتا ہوں۔ انہوں نے کہا آپ انہیں کیسے چپ کرائیں گے؟ میں نے کہا بس تم ابھی دیکھنا کیسے چپ ہوتے ہیں۔ میں نے درود پاک پڑھنا شروع کر دیا اور ان کی طرف پھونک ماری اور ایک دم ایسا ہو گیا کہ جیسے جنگل میں انہیں موت آ گئی ہو اور وہ فوراً چپ ہو گئے۔ میرے گھر والوں نے پوچھا کہ آپ نے کیا پڑھا ہے؟ میں نے انہیں بتایا کہ درود شریف پڑھا ہے۔ (رفیق)

ہر قسم کے جسمانی درد سے فوری شفاء

السلام علیکم! میں واسا میں ٹیوب ویل آپریٹر ہوں اور روزانہ صبح 4 بجے ڈیوٹی پر جاتا ہوں۔ وہاں ایک بندہ روزانہ صبح کے وقت آتا اور آم کے درختوں سے بُور اتار کر اپنے ہاتھوں پر ملتا رہتا تھا۔ 3/2 دن وہ آتا رہا اور میں اس کا یہ عمل دیکھتا رہا۔ پھر ایک دن وہ خود ہی کہنے لگا کہ آپ سوچتے ہوں گے کہ میں کیا عمل کرتا ہوں؟ اس نے بتایا کہ اگر یہ بُور اس طرح ہاتھوں پر ملیں تو اس کا اثر 5 سال تک رہتا ہے اور کسی کو بھی اگر بھڑ یا سانپ کاٹ لے تو اس جگہ ہاتھ رکھ کر درود شریف پڑھنے سے اس کا درد ختم ہو جائے گا یا پھر جسم کے کسی بھی حصے مثلاً سر وغیرہ میں بھی درد ہو تو یہ عمل کرنے سے درد ختم ہو جاتا ہے۔ یہ پچھلے سال کی بات ہے تو میں نے بھی ایسے ہی کر لیا۔ اب کسی کو بھی درد ہو تو میں ہاتھ رکھ کر درود شریف پڑھتا ہوں الحمدللہ! اس کا درد ختم ہو جاتا ہے۔ اس آم کے بُور کی تاثیر تو سمجھ میں نہیں آئی بہر حال ہر قسم کا درد واقعی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ (خالد حسین)

درود شریف کی برکت سے عمرے کی سعادت

السلام علیکم! میری عمر تقریباً 78 سال ہے میں لندن میں رہتا ہوں۔ میں نے عبقری میں درود پاک کے فضائل پڑھے تھے۔ پہلے میں تہجد کے بعد 500 بار درود

Qureshi

شریف پڑھتا تھا جواب اعمال کی برکت سے 5000 تک پڑھ لیتا ہوں۔ جس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے عمرہ کی سعادت دی ہے اور میں نے طواف، سعی اور صفا مروہ اپنے قدموں پر چل کیا۔ الحمدللہ! ایسی سہولتیں ملی ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔ پہلے کوئی عزیز وغیرہ آکر واک کرواتے تھے لیکن اب ایسا کچھ نہیں ہے میں خودبخود چل پھر کر اپنے کام کر رہا ہوں۔ (امجد، لندن)

درود شریف کی برکت سے حادثے میں حفاظت

السلام علیکم! ایک بار میں محفل میلاد میں شرکت کے بعد موٹر سائیکل پر درود پاک کا ذکر کرتے ہوئے ملتان روڈ سے گھر واپس جا رہا تھا کہ اس وقت میری موٹر سائیکل کی ہیڈ لائٹ خراب تھی جس کی وجہ سے مجھے سامنے سے آتا ہوا ٹرالہ نظر نہ آیا اور تقریباً کچھ ہی فٹ کے فاصلے پر جب ٹرالے والے نے ہارن دیا تو میں ایک دم ڈر گیا اور موٹر سائیکل کا ہینڈل میرے ہاتھوں سے نکل گیا لیکن میرے منہ پر درود شریف جاری تھا جس کی وجہ سے پتہ نہیں اللہ پاک نے میری کیسے مدد فرمائی اور ایک فٹ کے فاصلے سے ٹرالے کیساتھ ٹکر ہونے سے بچ گئی اور میں ایک دم سے سائیڈ پر ہو گیا اللہ پاک نے درود شریف کے ورد کی برکت سے مجھے حادثے سے بچا لیا۔ (محمد فہیم)

عمل سے ناممکن مسائل حل

السلام علیکم! میں ایک فارماسوئیکل کمپنی میں کام کرتا ہوں۔ میرا ایک بہت بڑا مسئلہ تھا کہ مجھے میڈیسن کا آرڈر اول تو ملتا ہی نہیں تھا اور اگر ملتا بھی تو بہت کم۔ روزانہ مجھے اپنے منیجر کی باتیں سنتا پڑتی تھیں۔ پھر مجھے کہیں سے ایک عمل ملا وہ میں روزانہ کرتا ہوں اور اس سے میرے ناممکن مسائل بھی حل ہو گئے ہیں۔ میرے وہ کام بنے ہیں کہ میرے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا اور یوں محسوس ہوتا ہے جیسے غیب سے مدد آرہی ہو۔ اگر سب حضرات یہ عمل کرنا شروع کردیں تو مجھے امید ہے کہ ان شاء اللہ ان سب

کو بہت فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے ”روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف، ایک تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم، نو تسبیح صرف بسم اللہ پھر ایک تسبیح مکمل بسم اللہ الرحمن الرحیم اور آخر میں پھر ایک تسبیح درود شریف یعنی یہ کل تیرہ تسبیحات ہوگئیں۔ جب سے میں نے یہ عمل کیا ہے اس کی برکت سے مجھے میڈیسن کا ہر طرف سے خوب آرڈر ملتا ہے۔ (فراست سلیم)

درود پاک سے ناممکن الرجی کا علاج

السلام علیکم! میرا نام منظور الٰہی پراچہ ہے اور میں منڈی بہاؤالدین سے آیا ہوں۔ میرے ایک دوست کو الرجی کی بیماری تھی جس کا علاج پورے پاکستان میں نہیں ہو پارہا تھا۔ انہوں نے بہت ویکسینیشن بھی کروائی لیکن وہ مسلسل تکلیف میں تھے۔ ایک دن عبقری رسالے میں مَیں نے درود شریف ”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ“ والا عمل پڑھا تھا وہ میں نے انہیں دے دیا۔ جب انہوں پڑھنا شروع کیا تو اللہ کا فضل و کرم ہوا اور ان کی الرجی ٹھیک ہوگئی جس کی رپورٹ بھی ماشاء اللہ بالکل ٹھیک آئی ہے۔ (منظور الٰہی پراچہ، منڈی بہاؤالدین)

”سورۃ رحمٰن“ کے مشاہدات

شفاء بھی اور 35 لاکھ کے خرچ سے نجات بھی

السلام علیکم! پچھلے دنوں میرے آفس میں ایک بندہ آکر بتانے لگا کہ میرے بھائی کے پیٹ میں پانی تھا اور کافی علاج معالجہ کروانے پر بھی آرام نہیں آرہا تھا۔ ہم نے انڈیا سے اس کا علاج کروانے کیلئے 30/35 لاکھ روپے جمع کروادیئے لیکن وہاں جانے سے پہلے ہی کسی نے ہمیں بتایا کہ روزانہ بھائی کے پیٹ پر انگلی پھیرتے ہوئے 101 بار سورۃ رحمٰن پڑھو۔ ہم نے یہ عمل کچھ دن کیا تو اللہ پاک نے بھائی کو شفاء دے دی اور ہم انڈیا جا کر پیسے لگانے سے بچ گئے۔ (محمد عرفان)

Oureshi

سگنل توڑنے پر ٹریفک وارڈن نے نظر انداز کر دیا

السلام علیکم! ہم پچھلے درس میں سورۃ رحمٰن کو ہر وقت گھر یا گاڑی میں لگا کر سننے کے فضائل سن کر گئے تھے۔ میرے کزن نے اس کا مشاہدہ مجھے فون پر بتایا کہ وہ گاڑی میں اپنی دکان کی طرف جا رہے تھے اور ساتھ انہوں نے سورۃ رحمٰن لگائی ہوئی تھی کہ ایک ٹریفک سگنل انہوں نے غلطی سے کراس کر لیا ان کے ساتھ 2/3 مزید گاڑیوں نے بھی کراس کیا آگے ٹریفک وارڈن کھڑے تھے انہوں نے باقی تینوں کو اشارے سے روک لیا لیکن میرے کزن کی گاڑی کو نظر انداز کر دیا۔ اللہ پاک نے سورۃ رحمٰن کی برکت سے انہیں وہاں سے گزار دیا۔ **(راشد خلیل)**

والد صاحب کو ملی گردوں کے مرض سے شفاء

السلام علیکم! میرے والد صاحب کو رات کے وقت اچانک گردے میں درد ہونا شروع ہو گیا میں نے صبح فجر کے وقت سورۃ یٰسین، سورۃ رحمٰن پڑھی اور اذان و سورۃ مومنون والا عمل کر کے پھر ان پر دم کر دیا اور دعا کی یا اللہ! تو سچا، تیرا حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچا، تیرا کلام سچا، بس میرے پڑھنے میں ضروری کوئی کمی کوتاہی ہے اس کمی کو دور فرما اور میرے والد صاحب کو صحت و تندرستی عطا فرما۔ جب والد صاحب اٹھے تو کہنے لگے اب مجھے کوئی درد نہیں ہے میں بالکل ٹھیک ہوں۔ ابو کہنے لگے کہ کیا ڈاکٹروں نے دوائی تبدیل کر دی ہے؟ میں نے کہا نہیں دوائی تو وہی ہے میں نے اپنے حضرت دامت برکاتہم کا عنایت کیا ہوا عمل کیا ہے جسکی برکت سے اللہ پاک نے آپ کو شفاء عطا فرمائی ہے۔ **(محمد فہیم)**

قرآنی سپرے سے فصل تباہی سے بچ گئی

السلام علیکم! میلسی میں ہمارے ایک دوست نے کپاس کی فصل کاشت کی ہوئی ہے میری ان سے بات ہوئی تو وہ کہنے لگے میری فصل میں بہت زیادہ سنڈیاں پڑ گئی ہیں حتیٰ کہ میں نے ماہرین سے چیک کروایا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہاں تو ایک ایک پتے پر

Oureshi

دس دس کیڑے ہیں۔ لہٰذا اب تمہاری فصل کسی بھی دوائی کے سپرے سے نہیں بچ سکتی اور وہ بتانے لگا کہ میں نے تو قرض لے کر لاکھوں روپے کا خرچ کیا ہوا ہے میرا تو بہت بڑا نقصان ہو جائے گا۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ مت گھبرائیں اور تمام دوائیوں کی سپرے کرنا چھوڑ دیں۔ ہم دونوں مل کر ایک قرآنی عمل کر کے اس کی سپرے کریں گے ان شاء اللہ آپ کی فصل بچ جائے گی۔ میں ان کے پاس گیا اور ان کی فصل پر جا کر ہم دونوں نے ملکر 41 بار سورۃ رحمٰن اور 41 بار سورۃ تغابن پڑھ کر پانی پر دم کر دیا اور اور اس کا سپرے فصل پر کروا دیا۔ کئی دن مسلسل اسی دم والے پانی کا سپرے کرتے رہے اور اب الحمدللہ! تمام کیڑے سنڈیاں ختم ہو گئی ہیں اور علاقے بھر میں ان کی فصل سب سے شاندار ہوئی ہے اور اب وہ جب بھی سپرے کرتے ہیں تو دوائیوں کی بجائے قرآنی سپرے کرتے ہیں۔ **(محمد کلیم اللہ، میلسی)**

ڈاکٹروں کے ٹھکرائے مریض کو شفاء

السلام علیکم! میرا تعلق ٹیکسٹائل کمپنی سے ہے۔ ہمارے دفتر میں ایک صاحب کام کرتے ہیں کچھ عرصہ پہلے ان کا اتنا شدید ایکسیڈنٹ ہوا کہ ان کے جسم کی بہت سی ہڈیاں ٹوٹ ہو گئیں۔ بہت عرصہ ان کا علاج چلتا رہا آخر کار ڈاکٹروں نے انہیں جواب دے دیا اور کہا کہ انہیں گھر لے جائیں اور اب بس ان کیلئے دعا کریں۔ وہ بتا رہے تھے کہ ان کے گھر والوں نے ان کے کانوں میں مسلسل سورۃ رحمٰن کی تلاوت سنائی اور یہ سورۃ رحمٰن ہی کا کرشمہ ہے کہ اب وہ بالکل صحت یاب ہیں اور اپنی سیٹ پر بیٹھے کام کر رہے ہیں حالانکہ ڈاکٹروں نے انہیں بالکل لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ **(عبدالودود)**

گھر سے بدبو آنا بند اور مچھلی زندہ ہو گئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میں پہلے بھی کئی بار اذان کے فوائد پر اپنے مشاہدات بتا چکا ہوں۔ اب ایک اور مشاہدہ یہ ہوا ہے کہ کچھ دن پہلے درس میں حضرت دامت برکاتہم نے صبح

Oureshi

کے وقت سارا دن گھر میں سورۃ رحمٰن اور ساری رات سورۃ بقرہ چلانے کا فرمایا تھا وہ عمل میں نے اپنے گھر میں شروع کر دیا اور اپنے موبائل فون میں وہ سورتیں چلاتا رہا۔ اس دوران کبھی تو ہمارے گھر سے بدبو آنا شروع جاتی کبھی کوئی چیز خراب ہو جاتی۔ ایک دن ہماری مچھلی بالکل الٹی ہوگئی ہمیں ایسے لگا جیسے مر چکی ہے۔ ہم نے اس پر فوراً 7 بار اذان پڑھ کر دم کیا تو الحمدللہ! کچھ دیر بعد وہ ٹھیک ہوگئی۔ اب میرا موبائل خراب ہوگیا ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ اس پر بھی اذان پڑھنے سے یہ ٹھیک ہو جائے گا۔ ان شاءاللہ! (اعجاز)

گھر میں سکون اور راحت کا سماں

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ دن کے وقت گھر میں سورۃ رحمٰن اور رات کو سورۃ بقرہ چلایا کریں۔ میرے 2 چھوٹے بچے ہیں جو اکثر رات کے وقت کبھی ایک اور کبھی دوسرا رونا شروع کر دیتا تھا۔ الغرض ساری رات بے چینی کی نیند میں ہی گزرتی۔ پھر میں نے سورۃ بقرہ رات کو لگانے کا اہتمام شروع کیا اور 3,2 دن ٹیپ پر سورۃ بقرہ لگائی تو اس سے بہت پرسکون نیند ملی۔

ہفتے کی رات کو ایسے ذہن میں بات آئی کہ آج نہ لگا کر دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے؟ اس رات یقین جانیں میری اور میری اہلیہ کی اتنی کربناک گزری کہ ہم ساری رات چین سے سو نہ سکے۔ صبح فجر کی نماز بھی رہ گئی اور 10 بجے تک ہم ہلنے کے قابل بھی نہ تھے۔ اس رات کے بعد دوبارہ رات کے وقت سورۃ بقرۃ اور دن کو سورۃ رحمٰن لگانا شروع کر دی۔ اس کی بدولت گھر میں اتنا سکون ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ (حسن ہاشمی، لاہور)

دکان اور گھر میں برکت ہی برکت

السلام علیکم! میں روزانہ سورۃ رحمٰن کی تلاوت کرتا ہوں اس کی برکت سے میری حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات ہوگئی ہے۔ ہوا یوں کہ پچھلے ہفتے میں دکان سے کھانا کھانے گھر گیا لیکن گھر میں ابھی کچھ پکا نہیں ہوا تھا۔ میں نے سوچا کہ چلو باہر

Oureshi

سے ہی کھالیتا ہوں جس کیلئے میں ایک دکان پر گیا وہاں سے نان پکوڑے کھائے اور جب پیسے دے رہا تھا تو اچانک آواز آئی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں نے دیکھا تو سامنے حضرت جی دامت برکاتہم کھڑے تھے۔ میں اتنا حیران ہوا کہ مجھے یقین ہی نہیں آرہا تھا کہ کبھی ایسے بھی حضرت دامت برکاتہم سے ملاقات ہو جائے گی۔ میں انہی سوچوں میں گم تھا کہ حضرت دامت برکاتہم مجھے لیکر دکان کے اندر چلے گئے اور فرمایا بیٹھو۔ پھر ہم نے اکٹھے کھانا کھایا حالانکہ میں ایک بار کھانا کھا چکا تھا لیکن حضرت دامت برکاتہم کے ساتھ میں نے پھر کھایا۔

میں اکثر سوچا کرتا تھا کہ کبھی حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کروں انہیں اپنے گھر بلا کر ان سے دعا کرواؤں۔ تو کھانا کھا کر میں حضرت دامت برکاتہم کو ساتھ ہی اپنے گھر لے گیا اس کے بعد میں نے عرض کی میری دکان بھی نزدیک ہے۔ حضرت دامت برکاتہم وہاں بھی تشریف لے گئے۔ الحمدللہ! حضرت جی نے گھر میں بھی دعا فرمائی اور دکان پر بھی۔ جس دن سے حضرت دامت برکاتہم نے دعا فرمائی ہے مجھے رزق میں بہت برکت مل رہی ہے اور اب کبھی کمی نہیں ہوئی اور عجیب قسم کا سکون ملتا ہے۔ **(محمد عثمان، لاہور)**

مشکلات اور پریشانیاں حل ہوگئیں

السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں سورۃ رحمٰن سننے کے فضائل اور فوائد بیان فرمائے تھے کہ اسے سننے سے بہت برکت حاصل ہوتی ہے۔ صبح جب میں دکان پر جانے لگتا تو راستے میں مسلسل سورۃ رحمٰن سنتا رہتا تھا اس کی برکت سے کافی پریشانیاں حل ہونا شروع ہوگئیں۔ پھر درمیان میں سننا چھوڑ دی اور مشکلات آنا شروع ہوگئیں لیکن اب دوبارہ سننے کی روٹین بنالی ہے اور اللہ کا شکر ہے کہ میرے سارے مسئلے ختم ہونے اور برکت آنا شروع ہوگئی ہے۔

(محمد عثمان)

Qureshi

دو دن بعد سکون کی نیند

السلام علیکم! 2 دن پہلے کی بات ہے کہ مجھے رات کو نیند نہیں آ رہی تھی اور رات کے 3 بج گئے، میں نے بہت کوشش کی کہ کسی طریقے سے نیند آ جائے لیکن نیند نہیں آ رہی تھی۔ میرے موبائل میں سورۃ رحمٰن ترجمے کے ساتھ محفوظ ہے وہ میں نے لگا کر ہلکی آواز میں سننا شروع کی تو میری آنکھوں میں آنسو آنا شروع ہو گئے اور ساتھ ہی مجھے ایسی نیند آئی کہ صبح تک کوئی پتہ نہ چلا کہ میں کہاں پر سویا ہوا ہوں اور نماز کے وقت میں اٹھ گیا۔ سورۃ الرحمن کی برکت سے بہت سکون کی نیند میسر ہوئی ہے۔ **(افتخار احمد)**

مونس جنات تنگ کرنا چھوڑ دیا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس 2007ء میں آیا تھا۔ میرے ساتھ جنات کا مسئلہ تھا جس کیلئے حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ''یا قابض، سورۃ رحمٰن اور یا حفیظ'' کا وظیفہ دیا کہ یہ مسلسل پڑھتے رہو اور تسبیح خانے درس میں شرکت کرنے کا فرمایا۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا اور ابھی میں دو ہفتے ہی یہاں تسبیح خانہ آیا تھا کہ جنات نے میرے ساتھ چھیڑخانی شروع کر دی اور وہ جنات مونس قسم کے تھے یہ بات حضرت صاحب دامت برکاتہم بھی جانتے ہیں کہ مونس جنات کتنے خطرناک ہوتے ہیں۔ اس کے بعد میں یہاں تو نہ آ سکا لیکن وظیفہ جاری رکھا جس کے پڑھنے سے آہستہ آہستہ انہوں نے مجھے چھیڑنا ختم کر دیا اور اب بہت دنوں سے میرے ساتھ وہ مسئلہ نہیں ہو رہا ہے اور مجھے بہت سکون ہے۔

(احمد علی)

بخار سے نجات کیلئے پرتاثیر عمل

ایک صاحب کہنے لگے کہ میرے ایک ملنے والے دوست نے مجھے ایک مجرب عمل بتایا کہ اگر کسی بندے کا بخار ختم نہ ہو رہا ہو تو 2 نفل حاجت کے پڑھ کر اس مریض کے دائیں کان میں ایک بار سورۃ رحمٰن اور بائیں کان میں سورۃ تغابن

Qureshi

پڑھیں۔ یہ عمل کرنے سے بخار فوراً جان چھوڑ دے گا۔ اس دوست نے یہ عمل خود کیا تھا اور کہہ رہا تھا کہ دوائیوں سے میرا بخار ختم نہیں ہو رہا تھا لیکن اس عمل کی بدولت میں صحت یاب ہو گیا۔

سورۃ رحمٰن اور سورۃ بقرہ سے فریج ٹھیک ہو گئی

السلام علیکم! میرا سورۃ رحمٰن اور سورۃ بقرہ کا مشاہدہ ہے جو میں بیان کر رہا ہوں کہ میری فریج میں شروع دن سے ہی نقص تھا ایک بار وہ خراب ہو گئی اور زور زور سے ہلنے اور شور کرنے لگ گئی تو میں نے آپ کا بتایا ہوا سورۃ رحمٰن اور سورۃ بقرہ والا عمل کیا جس کمرے میں فریج پڑی ہوئی تھی میں نے وہاں پر ٹیپ پر سورۃ رحمٰن اور اس کے بعد سورۃ بقرہ لگا دی الحمدللہ وہ کچھ ہی منٹوں میں ٹھیک ہو گئی۔ اس عمل کی برکت سے بغیر کسی مکینک کو دکھائے اور پیسے خرچ کیے ابھی تک بالکل ٹھیک چل رہی ہے۔

(عبدالرحیم، کاموکی)

چھ ہزار کی بجائے لیپ ٹاپ فری میں ٹھیک ہو گیا

السلام علیکم! میرا نام اسد مشتاق ہے اور میں لاہور کا رہنے والا ہوں۔ ایک بار میرے بھتیجے لیپ ٹاپ پر گیم کھیل رہے تھے اس دوران وہ ایک دوسرے سے لیپ ٹاپ چھین رہے تھے کہ اچانک لیپ ٹاپ نیچے گر گیا اور اس کی ہارڈ ڈرائیو خراب ہو گئی۔ میں اسے لے کر مکینک کے پاس گیا تو اس نے اسے ٹھیک کرنے کے 6 ہزار روپے مانگے۔ میں اتنے زیادہ پیسے سن کر لیپ ٹاپ واپس گھر لے آیا اور اس کے سامنے سارا دن سورۃ رحمٰن لگائی رکھی جب رات کو میں نے اس میں ونڈو انسٹال کی تو وہ چل پڑا اور کچھ ہی دیر بعد دوبارہ خراب ہو گیا۔ میں نے پھر اس کے سامنے سورۃ رحمٰن لگا دی اور وہ پھر ٹھیک ہو گیا اور اب تک دوبارہ خراب نہیں ہوا۔ الحمدللہ! اللہ پاک نے اپنے نام کی برکت اور سورۃ رحمٰن کی بدولت اسے ٹھیک کر دیا۔

(اسد مشتاق، لاہور)

Qureshi

یارحمٰن سے یورک ایسڈ سے نجات

السلام علیکم! میرا نام محمد عمران ہے۔ حضرت صاحب نے درس میں ایک عمل بتایا تھا کہ 11 مرتبہ کھانے کے درمیان ''یَارَحمٰنُ'' پڑھ لیا کریں تو کھانا نور بن جائے گا اور صحت بھی بنے گی۔ مجھے یورک ایسڈ کا کافی مسئلہ تھا اور تکلیف بھی ہوتی تھی لیکن جب سے یہ عمل کر رہا ہوں الحمدللہ! بد پرہیزی کے ساتھ سب کچھ کھاتا ہوں لیکن اس وظیفے کی برکت سے ایک بار بھی مجھے کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ دوسرا یہ کہ اگر میری عبادت کے دوران کوئی کوتاہی ہو جائے تو اس عمل کے کرنے کی برکت سے مجھے عبادت کے اندر دل میں نور آتا محسوس ہوتا ہے جس سے مجھے روحانی سکون ملتا ہے اور پھر کبھی مجھ سے عبادت میں بے عملی یا بد عملی نہیں ہوتی اور اگر کبھی ہو بھی جائے تو ایک عجیب سی کیفیت محسوس ہوتی ہے۔ یہ سب صرف 11 بار'' یا رحمٰن '' پڑھنے کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو وظائف کو کامل یقین کے ساتھ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! **(محمد عمران)**

''سورہ بقرہ'' کے مشاہدات

7 سال بعد دوبارہ اولاد نرینہ

السلام علیکم! میں گجرات سے آیا ہوں۔ 31 مارچ کو گجرات میں حضرت صاحب دامت برکاتہم کے درس سے ایک دن پہلے میرے پاس راولپنڈی سے ایک بزرگ خاتون آئیں اور بتانے لگیں کہ میرے پاس میری ہمسائی آکر کہنے لگی خالہ جی! میرے 2 بچے ہیں اور اس کے بعد سات سال سے میرے ہاں اولاد نہیں ہو رہی آپ میرے لئے دعا کر دیں۔ میں نے اسے کہا کہ تم سورۃ بقرہ والا عمل کرو کہ ہر اسلامی مہینے کے پہلے 7 دن روزانہ ایک مرتبہ مکمل سورہ بقرہ پڑھو اور پھر اللہ سے دعا مانگو اس نے یہ عمل 3 ماہ کیا اور اس وقت الحمدللہ! وہ خاتون حاملہ ہے۔ **(محمد الطاف، گجرات)**

Oureshi

دو بیٹیوں کے بعد اللہ نے بیٹا عطا کر دیا

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ اسلام آباد میں میرے ایک دوست کے ہاں 2 بیٹیاں ہیں جن کو بیٹے کی شدید خواہش تھی انہوں نے مجھ سے اس بات کا اظہار کیا تو میں نے انہیں سورۃ بقرہ والا عمل بتایا کہ اسلامی مہینے کے پہلے 7 دن روزانہ مکمل سورۃ بقرہ ان کی اہلیہ پڑھے اور پورے 9 ماہ یہی عمل جاری رکھیں۔ انہوں نے یہ عمل باقاعدگی سے کیا اور الحمدللہ! کچھ عرصہ بعد ان کا فون آیا کہ اللہ پاک نے ہمیں بیٹا عطا کر دیا ہے جس پر ہم دونوں میاں بیوی اور ہمارے گھر والے بہت خوش ہیں۔ **(محمد فیصل)**

3 سال بعد اللہ نے بیٹا عطا فرمایا

السلام علیکم! میری شادی کو 2 اڑھائی سال ہو گئے تھے لیکن ہمارے ہاں اولاد نہیں ہو رہی تھی میری اہلیہ کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے ہر اسلامی مہینے کے پہلے سات دن روزانہ مکمل سورۃ البقرہ پڑھنے کا فرمایا۔ اس دوران میں باقاعدگی سے ہر شب جمعہ درس میں آ کر اللہ پاک سے مانگتا رہا اور الحمدللہ 3 سال بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں بیٹا عطا فرمایا ہے۔ **(عقیل الرحمن)**

اللہ تعالیٰ نے بیٹے کی خواہش پوری کر دی

السلام علیکم! میرا نام محمد اویس ہے اور میں ڈیفنس لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتا رہا ہوں کہ میں نے بیٹے کی پیدائش کیلئے سورہ بقرہ کا عمل کرنا شروع کیا تو اللہ پاک نے اس کی برکت سے مجھے بیٹا عطاء فرما دیا۔ جس سے ہم دونوں میاں بیوی کی دیرینہ خواہش پوری ہو گئی۔ **(محمد اویس، لاہور)**

سورۃ بقرہ گھر میں فائدہ ہی فائدہ

السلام علیکم! حضرت صاحب آپ دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ مسلسل ''سورۃ بقرہ'' کی تلاوت گھر میں چلانی چاہیے جو ہم اپنے لیپ ٹاپ پر لگا دیتے تھے اور وہ

Qureshi

ساری رات مسلسل چلتی رہتی تھی۔ ایک مرتبہ لیپ ٹاپ پر وائرس کا اٹیک بھی ہوا اور اس کی کچھ چیزیں خراب ہوگئیں لیکن میں بھی اپنی ضد میں تھا میں نے اس کی چیزیں بدل کر لیپ ٹاپ دوبارہ ٹھیک کرلیا اور اب بھی سارا دن ساری رات مسلسل تلاوت چلتی رہتی ہے اس کا بھی گھر میں بہت فائدہ ہوا ہے۔

سورۃ بقرہ سے بیٹے کی دیرینہ خواہش پوری

ایک صاحب بتانے لگے کہ میں نے عبقری رسالہ میں سورۃ البقرہ کے ذریعے بیٹا لینے کا عمل پڑھا تھا۔ الحمدللہ! میری پہلے بھی 2 بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ پہلے ہر بار میری اہلیہ آخری ایام میں بہت زیادہ بیمار ہوجاتی تھی اور اسے بہت زیادہ دوائی کھانی پڑتی تھی لیکن اس بار میں نے اس کے حمل کے دوسرے ماہ سے ہی یہ عمل کرنا شروع کردیا۔ یعنی نئے چاند کے پہلے 7 دنوں میں روزانہ ایک بار مکمل سورۃ بقرہ پڑھتا رہا۔ اس کی برکت سے دوائی بالکل تھوڑی لینی پڑی اور گھر میں ہی نارمل ڈلیوری کیس ہوگیا اور پہلے بچے بیمار ہوتے رہتے لیکن یہ بیٹا الحمدللہ! تندرست رہتا ہے۔

عمل کی برکت سے بداثرات زائل ہوگئے

السلام علیکم! کافی عرصے سے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے ساتھ میرا روحانی تعلق ہے۔ میں نے عبقری رسالہ میں ایک دفعہ سورۃ بقرہ کا ایک عمل پڑھا تھا اور پھر میں نے روزانہ مغرب کے بعد وہ عمل شروع کردیا۔ اکتالیس دن تک مسلسل سورۃ بقرہ پڑھنا ہوتی ہے۔ اس عمل کی برکت سے مجھے روحانی طور پر بھی بہت فائدہ ہوا اور خاص طور پر بداثرات بھی اس کی برکت سے زائل ہوگئے۔ **(عاطف بھٹی)**

گھر میں ہی بغیر تکلیف کے بیٹے کی پیدائش

السلام علیکم! میرا نام جاوید اختر ہے اور میں شکر گڑھ سے آیا ہوں۔ میں نے ماہنامہ عبقری میں نرینہ اولاد کے حصول کیلئے سورۃ بقرہ کا ایک عمل پڑھا تھا کہ حمل شروع ہوتے ہی یا دوران حمل ہر چاند کی پہلی 7 تاریخوں میں روزانہ ایک بار مکمل سورۃ بقرہ

Oureshi

پڑھنی ہے، الحمدللہ! پہلے ہماری ایک بیٹی ہے۔ میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ تم سورۃ بقرہ پڑھا کرو لیکن وہ کہنے لگی مجھ سے تو نہیں پڑھی جائے گی، آپ خود ہی پڑھیں۔ میں نے پڑھنا شروع کر دی تو چند دنوں بعد میری بیوی کہنے لگی کہ علامات تو اس بار بھی بیٹی ہونے کی ہیں۔ میں نے کہا ان شاء اللہ بیٹا ہی ہوگا اور اسی وقت ایک کاغذ پر نام لکھا ''محمد احمد'' اور یہ نام قرآن پاک میں رکھ دیا کہ جب بیٹا ہوگا ان شاء اللہ اس کا نام یہی ہوگا۔ اللہ پاک کے فضل و کرم اور محض اس کی عنایات سے بیٹا ہی ہوا اور پہلے تو ہسپتال میں جا کر کیس کروانا پڑتا تھا لیکن اس بار گھر میں ہی بغیر تکلیف کے بیٹا پیدا ہوا اور یہ بھی بہت خوبصورت اور صحت مند۔ ماشاء اللہ! **(جاوید اختر، شکر گڑھ)**

سورۃ بقرہ سے ہر کسی کو بیٹا ہی ملا

السلام علیکم! میرے پاس بہت سے ایسے لوگ آئے جن کی بیٹیاں تھیں اور بیٹا نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے انہیں سورۃ بقرہ کا عمل بتایا تو اللہ پاک نے انہیں اس کی برکت سے بیٹا ہی عطا فرمایا۔ اس کے بہت سے مشاہدات میرے پاس ہیں جو وقت کم ہونے کی وجہ سے سارے بیان نہیں کر سکتا۔ **(خدا بخش، گوجرہ)**

گرتا ہوا بچہ جالیوں کیساتھ لٹک کر بچ گیا

السلام علیکم! مجھے حضرت جی دامت برکاتہم نے حکم فرمایا تھا کہ گھر میں مسلسل سورۃ بقرہ (دن کے وقت) اور سورۃ رحمن (رات کے وقت) تلاوت لگاؤ۔ میرے گھر میں 24 گھنٹے دونوں سورتوں کی تلاوت ہلکی آواز میں چلتی رہتی تھی۔ میرا دوسرے نمبر والا بیٹا جس کا نام محمد حذیفہ ہے ایک دن اوپر چھت پر جا رہا تھا لیکن نہ جانے کیسے اچانک اسکا پاؤں پھسلا اور وہ گرنے کی بجائے سیڑھیوں کے ساتھ لگی ہوئی جالی میں اٹک گیا اور وہ وہیں پر لٹک گیا۔ ہم نے بھاگ کر اسے وہاں سے بحفاظت اٹھالیا اور اللہ کی رحمت سے اتنے حیران کن طور پر گرنے کے باوجود بھی اسے کوئی چوٹ نہ لگی۔

(محمد توقیر چوہدری)

Qureshi

سورۃ بقرہ سے جڑواں بیٹوں کی ولادت

السلام علیکم! میرا نام امتیاز احمد ہے اور میں میلسی سے آیا ہوں۔ پچھلے دنوں میرے پاس میاں بیوی آئے اور انہوں نے آکر کہا آپ عبقری پڑھتے ہیں؟ ہم نے کہا اکثر پڑھتے ہیں؟ انہوں نے بتایا پچھلے سال ہماری شادی ہوئی تو ہم نے سورۃ بقرہ والا عمل کیا تھا جس کی برکت سے اللہ نے ہمیں 2 جڑواں بچے دیئے ہیں۔ جب میں نے ان بچوں کو دیکھا تو وہ بہت ہی خوبصورت اور صحت مند تھے۔ انہوں نے ہمیں مزید کہا کہ ہم نے یہ عمل جس کو بھی بتایا اللہ پاک نے انہیں بیٹوں سے ہی نوازا ہے۔ **(امتیاز احمد، میلسی)**

اللہ تعالیٰ نے بیٹا عطا کر دیا

السلام علیکم! میری دو بیٹیاں ہیں اور دل میں بیٹے کی خواہش تھی جس کیلئے میں حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت جی نے سورۃ بقرہ کا ایک عمل عطا فرمایا کہ حمل کے دوران ہر قمری مہینے کے پہلے سات دن روزانہ مکمل سورۃ بقرہ حاملہ خاتون خود پڑھے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے بیٹا بھی عطا فرما دیا ہے۔ **(ابوبکر)**

نیند نہ آنیوالوں کیلئے مجرب عمل

السلام علیکم! میرا ایک مشاہدہ ہے کہ اگر کسی کو بھی نیند نہ آنے کا مسئلہ ہو تو وہ سورۃ بقرہ کی آیت 284 ”لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ...“ آخر سورۃ تک پڑھے گا تو انشاء اللہ اسے بہت اچھی نیند آئے گی۔ یہ میرا بہت ہی بار کا آزمودہ تجربہ ہے۔ **(احمد رضا)**

”سورہ مائدہ کی آیت 114“ کے مشاہدات

رزق کا ایسا انتظام کہ بندہ خود حیران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں آپ کو سورۃ مائدہ کی آیت کے مشاہدے کے

Oureshi

بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ رمضان المبارک میں حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ جو بندہ اول و آخر 3 بار درود شریف 11 بار سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 ”اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوۡنُ لَنَا عِیۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنۡکَ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ“ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارے گا اللہ پاک اس کے رزق حلال کا وسیع انتظام فرمائیں گے۔ میں اور میرے بچے سارا رمضان یہ عمل کرتے رہے اور اب پورا سال ہوگیا ہے اللہ پاک ایسے ایسے دستر خوان عطا فرماتا ہے کہ حیرت ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ جب بھی کوئی مسئلہ پیش آئے تو میرا کام یہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارنا ہوتا ہے اور اللہ پاک خود ہی وہ معاملہ حل فرما دیتا ہے اور اس عمل کی برکت سے اللہ پاک مجھ پر اور میرے تمام گھر والوں پر بہت کرم نوازی کر رہا ہے۔ (الف۔ ب)

جو بھی اللہ پاک سے مانگا......وہ ملا

السلام علیکم! میرا نام خرم شمسی ہے اور بیش بہا ایسے معاملات جو اعمال سے حل ہو رہے ہیں ہماری زندگی کے روزمرہ مشاہدات میں آرہے ہیں۔ الحمدللہ! میں سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا مشاہدہ بتاتا ہوں۔ مجھے جب بھی کسی قسم کی حاجت ہوتی ہے تو میں سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک مار کر وہ چیز اللہ تعالیٰ سے مانگنا شروع کر دیتا ہوں جو فوراً مل جاتی ہے تو اگر ملنے میں دیر ہو تو میں کہتا ہوں کہ میرے پڑھنے میں کمی تھی۔ پھر دوبارہ یہی عمل کر کے دعا کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے وہ چیز عنایت فرما دیتے ہیں۔ میں نے یہ عمل جس کسی کو بھی بتایا ہے اللہ پاک نے اس ضرور عنایت فرمایا ہے۔ (خرم شمسی، لاہور)

کرائے کے مکان سے اپنے گھر میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! الحمدللہ! ویسے تو عبقری اور حضرت صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے

Qureshi

سارے ملنے والے عمل ہی باعث رحمت اور باعث برکت ہیں کوئی بھی عمل ایسا نہیں جس کی وجہ سے برکت اور فائدہ نہ ملا ہو۔ ایک عمل جو حضرت جی نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا بتایا تھا الحمدللہ! اس کی برکت یہ ہے کہ ہم پہلے کرائے کے گھر میں رہتے تھے لیکن اس عمل کرنے کی برکت سے الحمدللہ! اب اپنے گھر میں ہیں۔ ہمیں جب بھی کسی حاجت کی ضرورت ہوتی ہے ہم یہ عمل کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہیں تو اللہ پاک اپنے غیب کے خزانوں سے ہماری ضرورت پوری کر دیتا ہے۔ (ع۔ الف)

چھوٹی سی آیت سے بے شمار خواہشات کی تکمیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرے پاس سورہ مائدہ کی آیت نمبر 114 ''اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ'' کے بہت سارے مشاہدات ہیں۔ آج ہی ایک تجربہ ہوا ہے کہ میں اور میرا چھوٹا بھائی ابھی راستے میں ہی تھے کہ چھوٹے بھائی نے بریانی کھانے کی فرمائش کی تو میں نے ہامی بھر لی۔ پھر میں نے اول و آخر درود شریف کے ساتھ یہی آیت 11 مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مار دی اور دعا کی کہ یا اللہ! ہم جن کے ہاں جا رہے ہیں وہیں سے اس کا بندوبست کروا دے۔ الحمدللہ! جہاں ہم گئے ادھر کوئی ختم وغیرہ تھا انہوں نے ہم سے پوچھا کہ آپ بریانی کھائیں گے؟ میں نے کہا جی بسم اللہ اور ہم نے جی بھر کے بریانی کھائی۔ اس کے علاوہ 12/10 دن پہلے دیسی مرغا کھانے کو بہت جی چاہ رہا تھا میں نے سوچا کہ ہزار گیارہ سو کا خرچہ ہو جائے گا۔ پھر میں نے یہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماری اور عرض کی کہ یا اللہ! تو کہیں سے مفت ہی دیسی مرغ کھلا دے۔ اگلے دن اتفاقاً میرے استاد جی قاری صاحب کا فون آیا کہ بھئی آپ کی دعوت کرنی ہے دیسی مرغ کے ساتھ آپ کس دن آئیں گے؟ میں نے کہا سوموار والے دن۔ پھر میں اس

Oureshi

دن تو نہ جا سکا ان کا فون آیا کہ دیسی مرغ تو نہیں مل سکا آپ صبح ضرور آنا آپکے لئے دیسی بٹیرے تیار کیے ہوئے ہیں۔ اگلے دن جب میں گیا تو اللہ پاک نے دیسی بٹیرے بھی کھلا دیے اور دیسی مرغا بھی۔ تو یہ آیت پچھلے رمضان سے میں نے پڑھنی شروع کی ہوئی ہے اسکی برکت سے اللہ پاک نے ایسے ایسے دستر خوان عطا کیے ہیں کہ میں نے تو سوچا بھی نہیں تھا کہ اتنی کرم نوازی ہو جائے گی۔ ہم ان اعمال کو ہلکا سمجھتے ہیں لیکن یقین جانیں کہ میں نے جس بندے کو بھی یہ آیت بتائی اس پر اللہ پاک کی بہت کرم نوازی ہوئی۔ (محمد عمر)

ثواب کمانے کا مجرب عمل

السلام علیکم! میرا نام شیخ شفیق ہے اور میرے پاس اعمال کے کچھ مشاہدات ہیں۔ میں اکثر درس میں سنتا تھا کہ حضرت دامت برکاتہم نیٹ پر درس آن لائن کرنے والوں کو بہت دعائیں دیتے ہیں میرے دل میں بھی یہ خیال آیا کہ یا اللہ! یہ سارا ثواب اور دعائیں تو نیٹ پر خدمت کرنے والے ساتھ لے جا رہے ہیں اور ان کا صدقہ جاریہ عام ہو رہا ہے میں کس طرح ایسے صدقہ جاریہ میں حصہ ملاؤں۔ تو اب اس کا حل یہ نکلا ہے کہ جہاں بھی 10/5 بندے بیٹھے ہوں میں سورہ کوثر، سورہ مائدہ کی آیت، وضو کے بعد 3 گھونٹ پانی اور مسواک والے عمل کے فضائل اور فوائد بتانا شروع کر دیتا ہوں تا کہ ان میں اگر کسی کو بھی نفع ہو جائے تو اس کی وجہ سے میرے اوپر بھی رحمتیں ہو جائیں۔ میں نے ایک بندے کو وضو کے تین گھونٹ والا عمل بتایا جسے پیٹ کا مسئلہ رہتا تھا اور کھانا بھی ٹھیک سے نہیں کھا سکتا تھا۔ کچھ دنوں دوبارہ جب ملاقات ہوئی تو بتانے لگا کہ بھائی جان واقعی آپ نے بہت ہی لاجواب عمل بتایا ہے میں نے اپنے پیٹ کے مسئلے کی نیت سے تین گھونٹ پانی والا عمل کیا تو اس کی برکت سے اللہ پاک نے میرے پیٹ کا مسئلہ حل کر دیا ہے اور میں اب کوئی بھی چیز کھا پی لیتا ہوں جس کی وجہ سے مجھے کوئی پریشانی نہیں ہوتی اور میں بالکل ٹھیک رہتا ہوں۔ (شیخ شفیق)

Qureshi

ہر ماہ مارکیٹنگ کا ٹارگٹ پورا ہوجاتا ہے

السلام علیکم! میرا نام محمد کاشف ہے اور میں لاہور کا رہنے والا ہوں۔ میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں اپنی کمپنی کے مارکیٹنگ ڈپارٹمنٹ میں کام کرتا ہوں۔ ہمارے شعبے میں سیل کم ہونے کی وجہ سے اکثر بوجھ پڑتا رہتا ہے۔ ایک دفعہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے مع اول وآخر 3 مرتبہ درود شریف سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 گیارہ مرتبہ پڑھنے کا فرمایا تھا۔ الحمدللہ! یہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مار کر اللہ تعالیٰ سے جو بھی مانگیں ملتا ہے۔ اسی آیت کی برکت سے میرا ہر ماہ سیل کا ٹارگٹ بھی پورا ہوجاتا ہے اور کمپنی منیجرز کا بوجھ مجھے برداشت نہیں کرنا پڑتا۔ **(محمد کاشف، لاہور)**

رزق میں برکت اور سکون میسر

السلام علیکم! میرا نام محمد اکرم ہے اور میں گوجرانوالہ سے ہر جمعرات کو یہاں تسبیح خانے میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کا درس سننے کے لئے آتا ہوں اور یہاں درس سے ملنے والے وظائف اپنے گھر والوں اور رشتہ داروں کو بتاتا رہتا ہوں جن سے ان کے کام بن رہے ہیں۔ درس سے حاصل ہونے والے اعمال کے میرے پاس بہت سے مشاہدات وتجربات ہیں۔ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 ''اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ'' پڑھنے کیلئے بتائی تھی۔ اس کے اہتمام سے اللہ پاک نے میرے رزق میں برکت عطا فرمائی اور بہت سکون بھی ملا ہے۔ **(محمد اکرم، گوجرانوالہ)**

ایک ہفتے میں گاڑی کی رقم کا بندوبست

السلام علیکم! چند درس پہلے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 والا عمل بتایا تھا جو میں نے گھر جا کر اسی دن سے شروع کر دیا۔ میری

Qureshi

دلی خواہش تھی کہ میں اپنی گاڑی خریدوں لیکن اس کے لئے میرے پاس پیسے کا انتظام نہیں ہو رہا تھا اور اگر پیسے ہوتے بھی تو کم ہوتے۔ پھر ایک دن میں نے یہ عمل کر کے اللہ پاک سے دعا کی کہ یا اللہ! مجھے اپنے غیب کے خزانوں سے میری اوقات کے مطابق گاڑی عطا فرما۔ ابھی میں نے چند دن ہی یہ عمل پڑھا تھا کہ میرا ایک کزن میرے گھر آیا اور کہنے لگا کہ مجھے دفتر کی طرف سے نئی گاڑی مل گئی ہے میں اپنی پہلی گاڑی بیچنا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا کہ میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ اس نے کہا تم گاڑی لینا چاہتے ہو تو اللہ پاک پیسوں کا بندوبست بھی کر دے گا۔ میں نے گاڑی لے لی اور سورۃ مائدہ والے عمل کی برکت سے اللہ پاک نے ایک ہی ہفتے میں پیسوں کا بندوبست کر دیا جو میں نے اپنے کزن کو ادا کر دیے۔ **(علی اکبر، لاہور)**

کرنل صاحب نے 25 لاکھ روپے کا آرڈر دیدیا

السلام علیکم! میں یہاں تسبیح خانہ میں ہر درس میں شرکت کیلئے آتا ہوں۔ اگر کوئی درس رہ جائے تو موبائل میں ڈاؤن لوڈ کر کے سن لیتا ہوں۔ درس میں ملنے والے وظائف کی برکت سے الحمدللہ! ہمارے بہت سے کام بن رہے ہیں۔ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں سورہ مائدہ کی آیت نمبر 114 ''اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ'' کا عمل بتایا جو میں نے اپنے رکے ہوئے کام کیلئے پڑھی تو میرا مسئلہ اگلے ہی دن ہو گیا۔ ایک کرنل صاحب نے پچھلے ڈیڑھ سال سے میرے 2 لاکھ روپے کی ادائیگی کا آرڈر رکا ہوا تھا اور دینے کا نام نہیں لے رہے تھے۔ جس دن میں نے یہ عمل کیا اس سے اگلے ہی دن انہوں نے مجھے خود بلا کر دو لاکھ روپے بھی ادا کر دیے اور مزید 25 لاکھ روپے کا آرڈر بھی دے دیا۔ **(ن۔ الف)**

نہ فروخت ہونیوالا فروٹ صبح سویرے بک گیا

السلام علیکم! میں پارٹ ٹائم فروٹ بیچنے کا کام کرتا ہوں اور 2 سال سے درس میں

Qureshi

حاضر ہو رہا ہوں کل رات ایسے ہوا کہ میرا فروٹ نہیں بک رہا تھا میں نے سوچا کہ چاہے سارا فروٹ نہ بکے میں نے درس پر ضرور جانا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں نے سورۃ مائدہ کی آیت ''اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَ اٰیَۃً مِّنْکَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ'' پڑھنی شروع کر دی اور مسلسل پڑھتا رہا۔ رت کے وقت میرا فروٹ نہ بکا میں نے سامان سمیٹا اور بند کر کے گھر آ گیا۔ صبح جب تہجد کیلئے میری آنکھ کھلی تو اچانک اللہ پاک نے میرے دل میں بات ڈالی کہ اپنے دفتر کے فلاں فلاں افسر کو جا کر فروٹ دے دو۔ یقین جانیں جن 3 بندوں کا نام میرے دل میں آیا تھا ان کے علاوہ ایک اور بندہ بھی کہہ رہا تھا کہ یار تم میرے لئے فروٹ کیوں نہیں لاتے۔ اللہ پاک نے صبح صبح میرا سارا فروٹ بکوا دیا۔ (خدا بخش، سٹینوگرافر)

12% کے بجائے 45% تنخواہ بڑھی

السلام علیکم! میرا نام محمد نعیم ہے اور سورۃ المائدہ کی آیت 114 اور اس کے فوائد جو حضرت جی دامت برکاتہم نے بتائے تھے میں اس کا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں۔ میں ایک انجینئرنگ کمپنی میں انجینئر ہوں میرا بہت عرصے سے تنخواہ کا مسئلہ چل رہا تھا جس کیلئے میں نے آیت کا ورد کرنا شروع کر دیا۔ اس کی برکت سے چند ہی ہفتوں میں مجھے کمپنی میں پنشن اور گریجوئی کی سہولت جو ریٹائرمنٹ پر ملتی ہے وہ پنشن میری تنخواہ کے ساتھ ہی بڑھا دی گئی حالانکہ کمپنی میں 12% تنخواہ بڑھائی جاتی ہے لیکن اللہ پاک نے اس آیت کی برکت سے 45% فیصد تک میری تنخواہ بڑھا دی۔ اس آیت اور تسبیح خانہ کی مجھے اور بھی بہت سے برکات نصیب ہوئی ہیں۔ (محمد نعیم)

کبوتروں نے درخواست اللہ کو پہنچا دی

السلام علیکم! میرا نام فاروق رضوی ہے اور پیشے کے لحاظ سے انجینئر ہوں۔ تمبر 2012ء کی بات ہے کہ میری والدہ بہت بیمار تھیں ان کو چیک کروانے کیلئے حکیم

Oureshi

صاحب کے پاس لے کر آیا تو آپ دامت برکاتہم نے فرمایا کہ آپ نے دوائی نہیں کھائی تھوڑی سی کھا کر چھوڑ دی ہے۔ بہر حال حالات ہی کچھ اتنے خراب تھے کہ دوائی خریدنے اور یہاں تک کہ ٹوکن لینے کے بھی پیسے نہیں تھے۔ حکیم صاحب نے یہ بھی فرمایا تھا کہ درس میں آیا کریں۔ درس میں آنے سے جو کچھ مجھے ملا وہ بتانا چاہتا ہوں کہ خانے والی کاپی کا عمل، سورہ مائدہ والی آیت ’’اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَ اٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ‘‘ کے اعمال کئے۔ سب سے پہلے خانے والی کاپی لے کر جو میرے ذہن میں آیا میں نے لکھنا شروع کر دیا اور اس کو آٹے میں رول کر کے وہ میں نے ریس کورس جھیل میں پھینک بہا دیے۔ اس وقت وہاں کبوتر پانی پی رہے تھے میں نے دیکھا کہ وہ کبوتر میری درخواست کو اللہ کے پاس لے گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے زیرو سے ہیرو بنا دیا

ان اعمال کی برکت سے مجھے ایک کمپنی میں اچھی تنخواہ پر نوکری مل گئی اور وہاں سے مجھے ایڈوانس چیک بھی مل گیا۔ میں نے وہاں کچھ عرصہ کام کیا اس دوران مجھے ایک امریکن کمپنی سے آفر آئی لیکن میں نے سوچا کہ بس اب یہی بہت ہے اور اعمال جاری رکھتے ہوئے اپنا کام کرتا رہا اور میں نے کسی اور کمپنی میں جانے یا سفارش کا ذکر تک نہیں کیا تھا ایک دن میرے باس نے خود ہی میری سی وی اس امریکن کمپنی میں جمع کروا دی اور مجھے کہا کہ فلاں دن تمہارا انٹرویو ہے۔ جب میں انٹرویو کیلئے جانے لگا تو سوچا کہ میں نے داڑھی رکھی ہوئی ہے اور وہ امریکن کمپنی کہیں مجھے ریجیکٹ ہی نہ کر دے۔ پھر میں نے سوچا کہ نہیں اللہ کا نام لے کر یہ سب اعمال کر رہا ہوں اور اللہ ہی سے تمام فیصلے کروانے ہیں اور انٹرویو کیلئے چلا گیا۔ انٹرویو میں مجھے پاس کرتے ہوئے انہوں نے میری تنخواہ 45000 ہزار روپے لگا دی۔ میں یہ دیکھ کر بہت خوش تھا کہ کہاں ٹوکن اور دوائی لینے کیلئے پیسے نہیں تھے اور آج اللہ تعالیٰ نے

Qureshi

ان اعمال کی برکت سے کہاں پہنچا دیا ہے۔ یہ سب حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی خصوصی توجہ اور اعمال کی برکت ہے۔

اِدھر سوچا اور فری میں لیپ ٹاپ مل گیا

میرے پاس اس دور میں لیپ ٹاپ تھا جب شاید کسی کے پاس نہیں ہوتا تھا جو مجھ سے چھن گیا۔ اب جب مجھے محسوس ہوا کہ سب کے پاس لیپ ٹاپ ہے اور میرے پاس نہیں ہے تو میں نے اپنے پہلے لیپ ٹاپ کا تصور کر کے اعمال جاری رکھے اور شکر ادا کرنا شروع کر دیا کہ یا اللہ! جب میرے پاس لیپ ٹاپ تھا میں نے تب ناشکری کی اب میں اس لیپ ٹاپ کا شکر ادا کر رہا ہوں۔ یہ عمل کرتے ہوئے چند ہی دن ہوئے تھے کہ مجھے کمپنی کی طرف سے نیا لیپ ٹاپ مل گیا۔ اب اللہ پاک کا بہت کرم ہے کہ ان اعمال کی برکت سے مجھے اتنی بڑی کمپنی میں ملازمت ملی اور کچھ ہی ماہ میں مجھے کمپنی کی طرف سے نئی ہنڈا سٹی گاڑی بھی ملنے والی ہے۔ (فاروق رضوی)

بچوں کی پسند کا بڑا گھر مل گیا

السلام علیکم! میرا نام حفیظ الرحمن ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ مجھے تسبیح خانہ آتے ہوئے ایک سال ہوگیا ہے۔ حضرت حکیم صاحب نے رمضان المبارک میں ایک عمل سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 ''اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَ اٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ'' کا بتایا تھا۔ ہم سب گھر والوں نے یہ عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ اسی دوران میرے بچوں کو ایک بہت بڑا گھر پسند آ گیا لیکن اس کیلئے میرے پاس پیسے کم تھے اور وہ مل بھی نہیں رہا تھا۔ لیکن کچھ ہی دنوں میں ان گھر والوں نے بلا کر ہمیں انہی پیسوں میں وہ گھر دے دیا ہے اور اب ہم سب اس گھر میں رہائش پذیر ہیں۔ اس عمل کی برکت سے مجھے نماز، اعمال میں برکت اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکھنے کی توفیق بھی ملی ہے۔ (حفیظ الرحمٰن، لاہور)

شدید گرمی کے روزوں میں آسانی اور برکتیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میں گوجرانوالہ سے آیا ہوں۔ رمضان سے پہلے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے اعمال بتائے تھے جن میں ایک عمل یہ بھی تھا ”رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ“ یہ رمضان میں پڑھنا تھا اس کے ساتھ سورۃ مائدہ کی آیت روزے کی نیت سے پڑھنی ہے اس سے پیاس وغیرہ محسوس نہیں ہوگی۔ الحمدللہ! یہ عمل میں نے اور میرے سب گھر والوں نے بھی کیا اور بہت سے لوگوں کو بھی بتایا جس کی برکت سے الحمدللہ! سارا رمضان بہت اچھا گزر رہا ہے۔ اس عمل کی وجہ سے اللہ پاک نے اور بھی بہت سے بے بہا برکتیں دی ہیں۔ رمضان المبارک میں جب بھی میں یہ عمل کرتا تو ساتھ دعا کرتا کہ یا اللہ! مجھے کوئی ایسی نوکری دے جس کی وجہ سے میرا تسبیح خانہ سے رابطہ بھی نہ ٹوٹے اور میں تمام کام بآسانی سرانجام دے سکوں۔ ایک دن میری خالہ کا فون آیا کہ بہت اچھا اور آسان کام ملا ہے بس تم سکول ٹیچروں کو صبح 7 بجے چھوڑ کر آنا اور پھر دوپہر میں سکول سے لے کر آنا ہے اور تنخواہ بھی اچھی ہے۔ میں نے کہا کہ ٹھیک ہے اس کے ساتھ میں شام کو دکان پر کام بھی کرلوں گا۔ اللہ پاک نے ان آیات کی برکت سے بہت آسانیاں اور برکتیں عطا فرمائی ہیں۔ **(گوجرانوالہ)**

بچوں سمیت تمام گھر والوں کے روزے اچھے گزرے

السلام علیکم! میرا نام محمد مظہر رفیق ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے شعبان کے مہینے میں سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا عمل بتایا تھا اور فرمایا تھا رب العزت سے اپنے اور اپنی نسلوں سمیت پوری امت کیلئے مانگیں کہ یا اللہ! گرمی اور حبس کے روزے ہیں ان کے صدقے ہمیں دنیا و آخرت کی بھلائی عطا فرما اس سے آپ کے روزے شاندار گزریں گے۔ الحمدللہ! میں نے سورۃ مائدہ کا عمل کرتے ہوئے محسوس کیا ہے کہ بچوں سمیت میرے تمام گھر والوں نے اتنی شدید گرمی کے روزے رکھیں جو بغیر کسی پریشانی

Oureshi

کے بہت اچھے گزرے ہیں۔ **(محمد مظہر رفیق)**

عمل کی برکت سے بڑا گھر مل گیا

السلام علیکم! میرا ڈیڑھ مرلے کا ایک مکان تھا جس میں رہنا اب مشکل ہو گیا تھا۔ اتنے وسائل بھی نہیں تھے کہ کہیں بڑی جگہ لیکر وہاں مکان بنا سکوں۔ پھر اسی رمضان میں مجھے اللہ پاک کے غیبی خزانے سے لینے کا عمل مل گیا۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا جو عمل ارشاد فرمایا تھا میں روزانہ افطاری کے وقت اول و آخر 11 بار درود شریف کے ساتھ 11 بار ہی وہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارتا رہا اور اللہ پاک سے برکت و عافیت والا بڑا گھر مانگتا رہا۔ میرے اس مکان کو تقریباً دو سو فیملیز آ کر دیکھ چکی تھیں لیکن جو بھی دیکھ کر جاتا پھر واپس مڑ کر نہیں آتا تھا لیکن اس آیت کی برکت سے اللہ پاک نے 17 رمضان کو میرا وہ مکان فروخت کروا دیا۔ میں نے بہت اچھی لوکیشن پر 4 مرلے کا پلاٹ لے لیا اور اللہ نے ان پیسوں میں اتنی برکت ڈالی کہ اب وہاں ڈبل سٹوری گھر تیار کروا کر اطمینان کے ساتھ رہ رہا ہوں۔ ''**الحمدللہ حمداً کثیرا**'' **(محمد آصف، لاہور)**

تمام گھر والوں کا رمضان بہت اچھا گزرا

السلام علیکم! میں پورے رمضان المبارک میں سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا عمل کرتا رہا اس کی برکت سے اللہ نے رمضان کے سحر اور افطار کے اوقات بہت اچھے گزارے ہیں۔ میں عمل پڑھتا رہا یہاں تک کہ میرے بچے جن کی عمریں 6,8,10 سال ہے نے بھی سارے روزے رکھے ہیں۔ **(محمد انعام)**

اللہ کے راستے پر چلنے میں سہولت

السلام علیکم! میرا نام عقیل ہے میں نے اللہ کی راہ پر نکلنا تھا میری دکان کا سب سے پرانا لڑکا چھوڑ کر چلا گیا جس کے جانے کی وجہ سے میرا جانا منسوخ ہو گیا۔ حضرت جی نے درس میں سورۃ معائدہ کی آیت 114 کا ذکر کیا تھا کہ اللہ سے اس کے ذریعے

Oureshi

روحانی دسترخوان بھی مانگو اور جسمانی دسترخوان بھی مانگو۔ میں نے یہ عمل کیا تو اللہ پاک نے 3 دن کے اندر اندر ایسے اسباب پیدا کیے کہ میں اللہ کی راہ میں 40 دن کا وقت لگا کر بآسانی واپس آگیا ہوں اور میرے کاروبار میں بہت برکت وسعت پیدا ہوگئی ہے۔ **(محمد عقیل)**

شدید بخار میں شفاء پا کر درس میں پہنچ گیا

السلام علیکم! 2 دن پہلے میری طبیعت بہت خراب ہوگئی تھی۔ نزلہ، زکام اور بخار کی سی کیفیت تھی رات کو میں نے دوائی کھائی اور کافی ٹوٹکے آزمائے لیکن افاقہ نہیں ہورہا تھا۔ آج صبح جب اٹھا تو طبیعت پہلے سے زیادہ خراب تھی گھر والے اٹھا رہے تھے لیکن میں غنودگی اور نیم بے ہوشی کی حالت میں پڑا تھا۔ اچانک خیال آیا کہ آج تو جمعرات کے درس میں جانا ہے جبکہ طبیعت بھی خراب ہے اور بارش بھی ہورہی ہے۔ میں نے پچھلے درس میں سورہ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا عمل سنا تھا جو 11 بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماردی اور اللہ پاک سے عرض کی کہ مجھے کسی گناہ اور کمی، کوتاہی کی نحوست سے بچا اور اپنے نام کی برکت سے مجھے شفاء عطا فرمادے۔

اس کے ساتھ ہی میرے دل میں خیال آیا کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ دوائی سنت سمجھ کر کھانی چاہیے۔ میں نے صبح کی دوائی سنت کی نیت سے کھائی اور بعد میں ” اللہ شافی. اللہ کافی اللہ معافی “ پڑھ لیا پھر لیٹ گیا اور موبائل پر درس سننے لگا، ڈیڑھ دو گھنٹے لیٹے لیٹے درس سنا۔ اچانک میری نظر سامنے پڑے ہوئے دم والے تیل پر پڑی جس پر سورۃ کافرون کا دم کیا ہوا تھا۔ میں نے وہ تیل اپنی بھنوؤں، ناک، نتھنوں اور کانوں میں لگالیا۔ الحمدللہ! ان سب اعمال کی برکت سے میں شفاء یاب ہوکر یہاں بیٹھا ہوں۔ **(فیضان احمد، لاہور)**

اعمال سے چیزیں رائیگاں نہیں جاتیں

السلام علیکم! میں ایک سیل مین ہوں۔ اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ میں اپنی چیزیں

ureshi

کہیں رکھ کر بھول جاتا ہوں کبھی سٹینڈ پر رکھ کر بھول گیا یا کبھی کسی دکان پر پڑی رہتی ہیں لیکن الحمدللہ! میری چیزیں کبھی رائیگاں نہیں جاتیں۔ یا تو دکاندار خود یاد کروا دیتا ہے یا پھر اگر سٹینڈ پر پڑی ہوں تو چاہے میں 3/2 گلیوں کا چکر لگا کر واپس آجاؤں تو بھی چیزیں وہیں کی وہیں پڑی رہتی ہیں کیونکہ میں گھر سے نکلتے وقت ایک بار سورۃ فاتحہ، ایک بار چہار قل، 11 مرتبہ ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' اور 11 بار سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 ''اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ'' پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مار دیتا ہوں۔ اللہ پاک ان اعمال کی برکت سے میرا نقصان نہیں ہونے دیتا۔ میں خود بھی مشکلات سے بچا رہتا ہوں اور میری گاڑی بھی حادثات سے بچی رہتی ہے۔ (عمران، لاہور)

کھانے کی خواہش فوراً پوری ہوئی

السلام علیکم! ایک بار میں کالج سے نکلا تو مجھے بہت زیادہ بھوک لگی ہوئی تھی۔ میں نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 ''اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ'' پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماری اور اللہ سے دعا کی یا اللہ! آج ایسی چیز کھلا جو میں نے پہلے نہ کھائی ہو۔ اس وقت میرے ساتھ موٹر سائیکل پر میرا دوست بھی بیٹھا ہوا تھا وہ بولا آ یار! تجھے چکن پیسٹری کھلاتا ہوں۔ میں جب اس کے ساتھ بیٹھ کر کھا رہا تو دل ہی دل میں اللہ کا شکر ادا کر رہا تھا کہ یا اللہ! تیرا شکر ہے کہ تو نے اس گنہگار کی دعا اتنی جلدی قبول کر لی۔

ایک بار میں اور میرا بھائی جمعہ کی نماز پڑھ کر واپس گھر آئے تو ہم گھر میں اکیلے تھے کیونکہ ہماری ساری فیملی باہر گئی ہوئی تھی۔ ہم دونوں کو اس وقت بہت بھوک لگی ہوئی تھی دونوں ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے تھے۔ میں نے اسے کہا چلو

سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 ''اَللّٰھُمَّ رَبَّنَاۤ اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوۡنُ لَنَا عِیۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَ اٰیَۃً مِّنۡکَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ '' پڑھ کر دل ہی دل میں دعا کرتے ہیں۔ ہمارے پڑھنے کے کچھ ہی دیر بعد ساتھ والے ماموں کے گھر سے، بہت شاندار قسم کی بریانی آئی اور ہم نے پیٹ بھر کر کھالی۔ (مدثر، لاہور)

اللہ نے تیز بارش میں سفر آسان بنا دیا

السلام علیکم! میرا نام عدنان ہے اور میں قصور سے آیا ہوں۔ 6 فروری کو نوچندی جمعرات کے درس سے فارغ ہونے کے بعد مجھے قصور جانا تھا اس وقت بارش بہت تیز ہو رہی تھی اور کوئی بس بھی نہیں مل رہی تھی میں تقریباً آدھے گھنٹے تک بس کے انتظار میں کھڑا رہا۔ کھڑے کھڑے مجھے ایک دم آپ دامت برکاتہم کا بتایا ہوا سورہ مائدہ کی آیت 114 کا عمل ''اَللّٰھُمَّ رَبَّنَاۤ اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوۡنُ لَنَا عِیۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَ اٰیَۃً مِّنۡکَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ '' یاد آیا کہ اگر آپ اس عمل کو 11 مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کی ہر حاجت پوری کرے گا۔ میں نے ابھی پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماری ہی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے بہت اچھی اور صاف ستھری بس بھیج دی جس سے میرا سفر آسان ہو گیا۔ جزاک اللہ! (عدنان، قصور)

کرایہ کیلئے پیسوں کا غیب کے خزانوں سے انتظام

السلام علیکم! میرا نام ناصر خان ہے اور میں مالاکنڈ سے آیا ہوں۔ میرے پاس یہاں تسبیح خانہ میں آنے کیلئے کرایہ نہیں تھا۔ میں نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 والا عمل پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماری تو اللہ پاک نے اپنے غیب کے خزانوں سے مدد فرمائی اور کسی دوست نے خود بخود آکر مجھے کچھ پیسے دے دیئے۔ میں ان پیسوں سے یہاں تسبیح خانہ میں حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس پہنچ گیا ہوں۔ (ناصر خان، مالاکنڈ)

Qureshi

روحانی غذا ملنے لگی

السلام علیکم! میں ہر نماز میں سورۃ مائدہ کی آیت 114 ''اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ'' پڑھتا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک مجھے روحانی غذا عطا فرمارہے ہیں۔ جب سے میں نے یہ آیت نماز میں پڑھنا شروع کی ہے مجھے روحانی طور پر بہت سکون مل رہا ہے۔ (محبوب عالم)

''یا حی یا قیوم ایاک نعبدو......'' کے مشاہدات

چور نے خود آکر موٹر سائیکل واپس کردی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں الحمدللہ! حضرت جی دامت برکاتہم کا مرید ہوں اور حضرت صاحب دامت برکاتہم نے مجھے جو وظیفہ عنایت فرمایا ہے اس کی برکت سے میری زندگی کے دن رات سنور گئے ہیں۔ ایک دن جب میں دکان بند کر کے رات ساڑھے آٹھ بجے گھر آیا تو میں نے موٹر سائیکل باہر ہی کھڑی کردی اور کھانا کھانے کے بعد جب موٹر سائیکل اندر کرنے کیلئے باہر گیا تو میری موٹر سائیکل وہاں سے غائب تھی میں نے ادھر ادھر بہت ڈھونڈی لیکن کہیں سے نہ ملی۔ پھر پولیس کو فون کیا تو وہ آکر روایتی تفتیش کر کے چلے گئے۔ اس دوران میں حضرت مرشدی دامت برکاتہم کا دیا ہوا وظیفہ ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ'' مسلسل پڑھتا رہا۔ اور گھر آکر سو گیا اور جب رات کو میری آنکھ کھلی تو میری زبان پر یہی وظیفہ جاری تھا۔ جب میں دوبارہ سو گیا تو کچھ ہی دیر بعد میری والدہ جب سحری کے وقت تقریباً 3 بجے اٹھیں تو انہوں نے مجھے اٹھا کر کہا کہ تمہاری موٹر سائیکل باہر کھڑی ہے اُسے اندر کرلو۔ جب میں نے باہر جا کر دیکھا تو واقعی میری موٹر سائیکل کھڑی تھی جسے میں نے چیک کیا تو بس اس کا لاک ٹوٹا ہوا تھا باقی بالکل ٹھیک تھی۔ میں نے اللہ پاک کا

Oureshi

لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ جس نے حضرت جی دامت برکاتہم کی خصوصی دعاؤں اور وظیفے کی برکت سے میری موٹر سائیکل واپس لوٹا دی۔ (شکیل صاحب۔ لاہور)

رات کو پرسکون نیند اور حکیم صاحب سے ملاقات

السلام علیکم! کچھ حضرات کا کہنا ہے کہ ہمیں رات کو نیند نہیں آتی تھی اور بستر پر کروٹیں بدلتے رہتے تھے لیکن جب سے ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ'' کا ورد نیند کی نیت سے پڑھنا شروع کیا ہے الحمدللہ! اس کی برکت سے بہت اچھی اور پرسکون نیند آجاتی ہے اور صبح نماز سے قبل آنکھ کھل جاتی ہے۔ دوسرے صاحب کہہ رہے ہیں یہ ذکر کرنے سے مجھے نیند بہت اچھی آتی ہے اور ساتھ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے خواب میں ملاقات بھی ہوجاتی ہے۔ (مجالس مجذوبی میں شریک حضرات)

تمام دشمن ہلاک ہونا شروع ہوگئے

السلام علیکم! ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم مری تشریف لے جارہے تھے تو میں ان کے پیچھے کھنچتا چلا گیا۔ وہاں درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ'' کا وظیفہ عنایت فرمایا تھا۔ میں نے یہ پڑھنا شروع کردیا۔ اس روز لوگ Happy New Year منارہے تھے اور میں مسلسل وظیفہ پڑھتا جارہا تھا اس عمل کی برکت سے مجھے ایسے محسوس ہوا کہ جیسے تمام دشمن ہلاک ہوتے جارہے ہیں اور میں پرسکون اور مطمئن ہوگیا ہوں۔ میرے اندر کی روحانیت بھی ٹھیک ہوتی جارہی ہے اور ان شاء اللہ مزید بڑھتی رہے گی۔ (واجد)

صحت یاب ہوکر خود درس میں پہنچ گیا

السلام علیکم! میں کچھ عرصہ قبل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے اسسٹنٹ سے عبقری دفتر میں چیک اپ کروانے کیلئے آیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ آپ ''یَاحَیُّ

Qureshi

یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ '' پڑھا کریں۔ مجھے پتہ نہیں تھا کتنی تعداد پڑھنی ہے بس میں نے 313 مرتبہ صبح وشام پڑھا۔ اس کے پڑھنے کی برکت تھی کہ آج میں اکیلا چل کر درس پر آیا ہوں اور نیت کی تھی کہ حضرت سے ملاقات ہو میرے پاس دوائی کے پیسے نہیں تھے حضرت صاحب دامت برکاتہم سے عصر کے وقت مصافحہ بھی ہوا دوائی بھی مفت ملی اور اب زیارت بھی ہوگئی یہ سب میری ماں کی دعا اور اس وظیفے کی برکت ہے۔ (فہد علی)

معاشی تنگدستی ختم ہوگئی

السلام علیکم! ہمارے گھر میں بہت ہی زیادہ معاشی تنگی اور بیروزگاری کا راج تھا یہاں تک کہ ہر وقت رزق کی بھی بہت تنگی رہتی تھی۔ اپنے مسائل کیلئے حل کیلئے میں حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس تشریف لایا تو آپ دامت برکاتہم نے مجھے ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ'' کا وظیفہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے کیلئے عنایت فرمایا۔ ابھی میرا وظیفہ سوا لاکھ نہیں ہوا تھا کہ اللہ پاک نے ہم پر اپنی کرم نوازی کردی اور میرے بیٹے کو موبی لنک کمپنی نے ریگولر نوکری دے دی ہے جس سے ہماری معاشی تنگی دور ہوگئی ہے اور اب ہمارے گھر میں رزق کی کبھی تنگی نہیں ہوئی۔ (نذیر احمد)

''یاباعث یانور'' کے مشاہدات

بھولے ہوئے اعمال یاد آگئے

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ رات سونے سے پہلے سانس روک کر اور اپنا دایاں ہاتھ دل پر رکھ کر اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 بار ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھنے والے کو موت کے وقت ان شاء اللہ کلمہ نصیب ہوگا۔ میں کئی دن یہ عمل کرتا رہا پھر مجھے عجیب قسم کے وساوس آنا شروع ہوگئے اور آخر

Oureshi

شیطان نے مجھے یہ عمل بھلادیا۔ میری عادت ہے کہ جو بھی اعمال تسبیح خانے میں سنتا ہوں وہ آگے بھی دوستوں اور ساتھیوں کو بتاتا رہتا ہوں۔ ایک دن مجھے ایک نمازی ساتھی پوچھنے لگے کہ آپ نے جو الفاظ مجھے بتائے تھے ان میں سے ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' تو مجھے یاد ہے دوسرا اسم کیا تھا؟ جونہی انہوں نے مجھ سے سوال کیا خود مجھے بھی یاد آگیا کہ میرا یہ عمل کئی دنوں سے چھوٹا ہوا ہے۔ ان کے پوچھنے سے مجھے یہ فائدہ ہوا کہ میری پھر سے روٹین بن گئی ہے۔ اعمال کے آگے پھیلانے کا ایک نفع یہ بھی ہوتا ہے کہ انسان کو خود اس کی توفیق ملتی رہتی ہے۔ **(محمد انیس گل)**

عمل کی برکت سے فجر کی سعادت ملنے لگی

السلام علیکم! میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میری شروع دن سے دلی خواہش تھی کہ میں فجر کی نماز باجماعت ادا کروں لیکن نیند کا غلبہ طاری ہونے کی وجہ سے مجھے یہ سعادت حاصل نہیں ہورہی تھی۔ ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے سونے سے پہلے گیارہ بار ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھنے کے فضائل کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا کہ اگر رات کو سونے سے گیارہ یہ مرتبہ یہ پڑھ لیا جائے تو ان شاء اللہ صبح فجر کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے۔ حضرت جی الحمدللہ! جب سے میں نے رات کو سونے سے پہلے دل پر ہاتھ رکھ کر اول وآخر درود شریف کے ساتھ گیارہ مرتبہ ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھنا شروع کیا ہے مجھے فجر کی نماز باجماعت پڑھنا نصیب ہوگئی ہے۔ **(م۔ب)**

فجر کے ساتھ تہجد کی سعادت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام فیاض ہے اور عرصہ دراز سے تسبیح خانہ حضرت حکیم طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ کا درس سننے کیلئے آرہا ہوں اور اس درس سے حاصل ہونے والے مسنون اور اعمال اور دعائیں اپنے رشتہ داروں، دوست احباب اور

Qureshi

ہمسائیوں وغیرہ میں تقسیم کرتا رہتا ہوں جس کی برکت سے ان سب لوگوں کے مسائل حل اور پریشانیاں دور ہو رہی ہیں اور اب وہ لوگ بھی ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں حضرت صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا درس سننے کیلئے حاضر ہو رہے ہیں۔ ایک درس میں حضرت صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ جو شخص دل پر دائیاں ہاتھ رکھ کر 11 مرتبہ ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھے گا اس کو ان شاء اللہ فجر کی نماز نصیب ہونا شروع ہو جائے گی۔ اکثر پہلے میں فجر کی نماز کیلئے اٹھنے کی بہت کوشش کرتا تھا لیکن نیند کے غلبے کی وجہ سے اٹھ نہیں پاتا تھا۔ پھر میں نے یہی عمل رات کو اہتمام کے ساتھ پڑھنا شروع کیا تو الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے مجھے فجر کی نماز کیساتھ ساتھ تہجد بھی نصیب ہو جاتی ہے۔ **(فیاض)**

نماز فجر کی سعادت اور پرسکون نیند

السلام علیکم! میں اپنے کچھ مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ کچھ ہفتے قبل میں اپنے دوستوں کے ساتھ تھا جس دوران رات کو دیر ہو گئی جب میں سونے لگا تو تقریباً 3 بج چکے تھے اور مجھے گمان ہوا کہ میری فجر کی نماز رہ جائیگی۔ پھر ذہن میں خیال آیا کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' والا عمل بتایا تھا کہ اول و آخر 3 بار درود شریف اور 11 مرتبہ ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھ کر سو جائیں تو صبح فجر کے وقت آپ کی آنکھ کھل جائے گی۔ میں یہ عمل کر کے سویا تو تقریباً اذان کے وقت میری خود بخود آنکھ کھل گئی اور میں ایسا محسوس کر رہا تھا کہ جیسے میں ساری رات پرسکون نیند سویا ہوں۔ الحمدللہ! جب سے میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا ہے تب سے میری فجر کی نماز کبھی قضاء نہیں ہوئی۔ **(زاہد اسلام)**

فجر کی نماز حاصل کرنے کیلئے

السلام علیکم! میرا ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' کا مشاہدہ ہے کہ پہلے پہلے مجھے صبح فجر کی نماز کیلئے اٹھنے میں بہت پریشانی ہوتی تھی جس کیلئے میری اہلیہ مجھے اٹھاتی رہتی تھی لیکن میری آنکھ نہیں کھلتی تھی اور روزانہ نماز رہ جاتی تھی۔ پھر جب سے رات کو سونے سے

Qureshi

پہلے اول و آخر درود شریف کے ساتھ گیارہ بار ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھنا شروع کیا ہے تب سے میں جس وقت پر اٹھنا چاہوں الحمدللہ! آسانی سے آنکھ کھل جاتی ہے اور اس وظیفے کو جب سے پڑھنا شروع کیا ہے تب سے میری فجر کی نماز کبھی قضاء نہیں ہوئی۔ **(محمد آصف)**

نماز سے پہلے خود بخود آنکھ کھل جاتی ہے

السلام علیکم! میرا نام قیصر شفیق ہے۔ جب سے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے رات سونے سے پہلے دل پر ہاتھ رکھ کر 11 بار ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھنے کا عمل درس میں ارشاد فرمایا ہے تب سے میں نے پڑھنا شروع کیا ہوا ہے اس کی برکت سے صبح کے وقت بیدار ہونا بہت زیادہ سہل ہوگیا ہے جبکہ زندگی میں پہلے کبھی بھی اتنی آسانی سے صبح کے وقت نہیں اٹھپاتا تھا۔ پہلے تو 7/6 بجے اٹھنا بہت بڑی مصیبت لگتا تھا لیکن اب الحمدللہ! ساڑھے چار، پونے پانچ بجے کے الارم سے پانچ منٹ پہلے ہی خود بخود آنکھ کھل جاتی ہے اور پتہ بھی نہیں چلتا کہ میں سویا ہوا تھا۔ **(قیصر شفیق، شیخوپورہ)**

یاباعث یانور سے اچھی نیند آتی ہے

السلام علیکم! یہاں آنے سے پہلے میرے ساتھ بہت سے مسائل تھے جن میں ایک بڑا مسئلہ نیند نہ آنے کا بھی تھا لیکن جب سے ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' کے عمل کے بارے میں سنا ہے اس کو اپنا معمول بنایا ہوا ہے کہ رات کو سونے سے پہلے اول و آخر درود شریف اور 11 مرتبہ ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' دل پر دایاں ہاتھ رکھ کر پڑھنے سے بہت اچھی نیند آتی ہے۔ الحمدللہ! اسکی برکت سے میرا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے اور میں صبح فجر کی نماز کے وقت اٹھ جاتا ہوں۔ **(وہاب منیر)**

فجر کیلئے اڑھائی سالہ بیٹے کا اٹھانے کا انداز

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے رات سونے سے پہلے دل کے اوپر

Qureshi

دایاں ہاتھ رکھ کر اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھنے کا عمل ارشاد فرمایا تھا اور فرمایا کہ اگر سانس روک کر پڑھا جائے تو مزید بہتر ہوگا۔ میں نے بھی روزانہ یہ عمل سوتے وقت کرنا شروع کر دیا میرے ساتھ میرا بیٹا جس کی عمر اڑھائی سال ہے سوتا ہے میں اس کے دل پر بھی ہاتھ رکھ کر یہی عمل کرتا ہوں۔ میری فجر کی نماز اکثر قضاء ہو جاتی تھی اس عمل کا سب سے بڑا فائدہ مجھے یہ ہوا کہ رات کو چاہے جتنی مرضی لیٹ سوؤں یا جتنی بھی تھکاوٹ ہو صبح فجر کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے اور باجماعت نماز ادا کرنے کی توفیق مل جاتی ہے۔

آج کل میری نائٹ ڈیوٹی لگی ہے کچھ دن پہلے میں رات کو آفس سے تقریباً 3 بجے گھر پہنچا اور آ کر فجر کا الارم لگا کر سو گیا۔ فجر کے وقت الارم بجا لیکن میں نے الارم بند کر دیا اور پھر لیٹ گیا۔ پہلی بار ایسا ہوا کہ قریب تھا کہ میری فجر کی نماز قضاء ہو جاتی اچانک ایک زوردار تھپڑ میرے بیٹے نے میرے منہ پر مارا میں ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھا کہ یہ میرے ساتھ کیا ہوا ہے؟ میں نے جب اس کو دیکھا تو وہ گہری نیند سویا ہوا تھا لیکن اس کے ہاتھ کا انداز کچھ اس طرح سے تھا جیسے بندہ کہہ رہا ہو کہ اٹھتا ہے یا دوں ایک اور؟ لہٰذا میں اٹھ کر بیٹھ گیا اور جب مکمل بیٹھ گیا تو اسکے ہاتھ کی پوزیشن بھی نارمل ہو گئی۔ میں نے اپنی اہلیہ کو بتایا تو وہ بھی حیران ہوئی کہ یہ کیا ماجرا ہوا ہے؟

(حسن ہاشمی، لاہور)

عمل کی برکت سے دل نورانی ہو گیا

السلام علیکم! ایک بار درس میں سنا تھا کہ رات کو سوتے وقت دل پر دایاں ہاتھ رکھ کر اول و آخر درود شریف کے ساتھ سانس روک کر 11 مرتبہ ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' پڑھنے سے دل نورانی بن جاتا ہے۔ جب سے یہ عمل شروع کیا ہے تب سے بہت سکون مل رہا ہے اور کوشش کرتا ہوں کہ روزانہ تہجد کے نوافل پڑھ کر سویا جائے۔ اس کے علاوہ صبح و شام کی 3 تسبیحات بھی مکمل کرنے کی توفیق ملتی رہتی ہے۔ (محمد ثاقب، لاہور)

Oureshi

یاباعث یانور سے نماز فجر کی باجماعت ادائیگی

السلام علیکم! بعض اوقات میری فجر کی نماز قضاء ہوجاتی تھی۔ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' اول و آخر درود شریف کے ساتھ دل پر ہاتھ رکھ کر 11 مرتبہ پڑھنے کا ارشاد فرمایا تھا۔ الحمدللہ! جب سے میں نے یہ عمل رات سونے سے پہلے دایاں ہاتھ دل پر رکھ کر پڑھنا معمول بنایا ہے الحمدللہ! اس کی برکت سے مجھے روزانہ فجر کی نماز باجماعت مل جاتی ہے۔ اِدھر اذان شروع ہوتی ہے اور میری آنکھ کھل جاتی ہیں۔ **(ابرار احمد)**

دل سے روحانی روشنی کا نکلنا

السلام علیکم! میں نے رات سونے سے پہلے دل پر ہاتھ رکھ کر اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 بار ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' کا عمل کرتا ہوں الحمدللہ! اس کے مجھے کئی فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ جب میں یہ عمل کرتا ہوں تو کمرے میں بالکل اندھیرا ہوتا ہے اس وقت مجھے میرے دل سے نورانی روشنی نکلتی ہوئی محسوس ہوتی ہے دل میں سے اللہ اللہ کی آواز آتی ہیں، اس دوران جس کسی کام کی بھی نیت کرتا ہوں تو وہ باآسانی ہوجاتا ہے اور مجھے فجر کی نماز کیلئے اٹھنے میں کوئی دقت نہیں ہوتی میری آنکھ خود بخود اذان ہوتے ہی کھل جاتی ہے۔ **(الف۔ ر)**

نماز فجر کی باجماعت پابندی

السلام علیکم! میرا نام عبدالرحمٰن ہے اور لٹن روڈ مزنگ کا رہائشی ہوں۔ میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ پہلے میری اکثر نماز فجر قضاء ہوجاتی تھی لیکن اب قضاء نہیں ہوتی کیونکہ میں سونے سے پہلے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' دل پر ہاتھ رکھ کر ایک ہی سانس میں پڑھ لیتا ہوں۔ رات کو اگر 3 بجے بھی نیند آئے تو بھی فجر کی نماز قضاء نہیں ہوتی اور اللہ پاک کی توفیق سے مجھے فجر باجماعت مل جاتی ہے۔ **(عبدالرحمٰن، لٹن روڈ)**

Qureshi

”یا فتاح“ کے مشاہدات

غیب کے خزانوں سے انتظامات

السلام علیکم! میرا نام (الف) ہے۔ میں آپ کو اپنے مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ مجھے حضرت مرشدی دامت برکاتہم نے ”یَا فَتَّاحُ“ کا ذکر کثرت سے پڑھنے کا حکم فرمایا ہوا ہے۔ ایک دن میں یہی ذکر کرتے ہوئے یونیورسٹی سے موٹر سائیکل پر آ رہا تھا کہ راستے میں مجھے ایک شخص ملا جو کہنے لگا کہ آپ مجھے تھوڑا آگے تک چھوڑ دیں۔ میں نے اسے بٹھا لیا اس نے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ کو ایک چیز بتانا چاہتا ہوں جو آپ کو بہت نفع دے گی۔ میں نے کہا کہ مہربانی کر کے ضرور بتائیں! وہ کہنے لگے کہ آپ سورۃ فتح کی آیت نمبر 27 ”لَقَدْ صَدَقَ اللّٰہُ ... فَتْحًا قَرِیْبًا“ روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھا کریں چاہے آپ کے پاس وسائل نہ بھی ہوں پھر بھی آپ چند ہی دنوں بعد ان شاء اللہ مدینہ منورہ میں ہوں گے۔ میں نے اس شخص کو ان کے سٹاپ پر چھوڑ دیا اور اس کے بعد وہ نہ جانے کہاں غائب ہو گیا۔ میں نے ہر نماز کے بعد یہ آیت پڑھنا شروع کر دی جس کی برکت سے الحمدللہ اللہ پاک نے اپنے غیب کے خزانوں سے سبب بنایا کہ مجھے ایک کمپنی نے میری من چاہی نوکری کی آفر کی اور مجھے مدینہ منورہ میں نوکری کے ساتھ رہائش کھانا اور سب سہولیات دینے کیلئے مجھ سے ایگریمنٹ کرنے کو کہا۔ لیکن میرے پاس پیسے نہیں تھے جن کا مجھے پتہ نہیں چلا کہ کہاں سے اور کیسے پیسے آئے اور سارے انتظامات مکمل ہو گئے اور میں مدینہ منورہ میں اس وقت اپنی نوکری بخوبی اور احسن طریقے سے سرانجام دے رہا ہوں۔ (الف۔ لاہور)

سکول ٹیچر کو افسر نوکری سے فارغ نہ کر سکا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام عبدالمتین ہے اور میں ساہیوال سے آیا ہوں۔ میں ایک سکول ٹیچر

Qureshi

ہوں۔ آج کل حکومت کی طرف سے جدید تعلیم کے حوالے سے سکولوں میں ایجوکیشن بورڈ کے افسران چیکنگ کر رہے ہیں کہ ٹیچر حضرات بچوں کو جدید طریقے سے تعلیم دے رہے ہیں اور یہ اس قابل ہیں بھی کہ نہیں اگر نہیں ہیں تو ان کو فارغ کر دیا جاتا ہے۔ میرے ساتھ بھی ایسی ہی مصیبت آن پڑی کہ ایک افسر سکول میں وزٹ کیلئے آیا تو اس نے مجھے دیکھ کر بلایا کہ آپ اِدھر آؤ میں نے اسے دیکھ کر ''یَافَتَّاحُ'' پڑھنا شروع کر دیا۔ اس نے پھر مجھے بلایا میں نے اسے کہا کہ میں بچوں کو سبجیکٹ پورا پڑھا کر آتا ہوں۔ اس نے کہا نہیں آپ ابھی فوراً اِدھر آؤ۔ جب میں اس کے پاس گیا تو وہ کہنے لگے کہ آپ نے کیا پڑھا؟ میں نے کہا کچھ بھی نہیں۔ کہنے لگا نہیں آپ نے ابھی ''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ'' پڑھا ہے۔ میں نے کہا میں تو یہ آپ کے منہ سے پہلی بار سن رہا ہوں۔ وہ مجھ سے بحث و تکرار پر اتر آیا اس کے پاس اس دوران ایک فارم تھا جس میں 0,1,2,3 لکھا ہوا تھا وہ مجھے زیرو کرنا چاہ رہا تھا لیکن اس کا ہاتھ بار بار نمبر ایک پر چلا جاتا تھا۔ وہ پھر کہنے لگا کہ یار آپ نے کیا پڑھا ہے جاؤ میری جان چھوڑو۔ وہ وہاں سے ہیڈ ماسٹر کے کمرے میں چلا گیا اور جا کر مجھے فارغ کرنے کیلئے فارم پر کچھ لکھنے لگا تو اس کے ہاتھ پھسل گئے اور ان کے کاغذات میں کمی بیشی ہوگئی۔ میں جب ہیڈ ماسٹر کے کمرے میں گیا تو مجھے پھر دیکھ کر کہنے لگا کہ یار جاؤ آپ، مجھ سے کام نہیں ہو رہا آپ کے بارے میں کچھ نہیں ہے۔ سب ٹیچر مجھ سے پوچھنے لگے کہ آپ نے کیا کیا ہے؟ میں نے سب کو کہا آپ بھی ''یَافَتَّاحُ'' کا ورد کیا کریں اللہ پاک آپ کو بھی ہر پریشانی سے محفوظ فرمائے گا۔ (عبدالمتین، ساہیوال)

''یاباسط یافتاح یاکریم'' کے مشاہدات

بوقت ضرورت کمیٹی نکل آئی

السلام علیکم! میرا نام فرحان ہے اور میں قصور سے آیا ہوں۔ ایک بار درس میں

حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ’’یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ‘‘ کا وظیفہ بتاتے ہوئے فرمایا تھا کہ ایک مائی کی کمیٹی نہیں نکل رہی تھی اس نے یہ وظیفہ کیا تو اسکی کمیٹی فوراً نکل آئی۔ مجھے پیسوں کی سخت ضرورت تھی میں نے یہ وظیفہ اپنی کمیٹی نکلنے کی نیت سے 2 بار پڑھا تو الحمدللہ! اس کی برکت سے دونوں بار میری بھی کمیٹی فوراً نکل آئی ہے۔ لوگ پریشان تھے کہ دونوں بار یہ کیسے ہوگیا کہ پہلی دونوں کمیٹیوں میں اس کا نام نکل آیا ہے۔ (فرحان، قصور)

بڑے آپریشن کے بجائے نارمل ڈلیوری ہوگئی

ایک صاحب نے بتایا کہ پچھلے ماہ کے عبقری میگزین میں اللہ پاک کے 3 نام ’’یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ‘‘ کا وظیفہ شائع ہوا تھا۔ میں نے یہ وظیفہ اپنے دوست کو پڑھنے کیلئے بتایا کیونکہ اس کی ہمشیرہ کا ڈلیوری کا مسئلہ تھا ڈاکٹروں نے اسے بڑا آپریشن تجویز کیا تھا وہ بہت کمزور تھی اس لئے میرا دوست بہت زیادہ پریشان تھا۔ میں نے اسے یہ تینوں اسمائے حسنیٰ پڑھنے کا بتایا کہ آپ سب گھر والے یہ وظیفہ کثرت سے پڑھیں ان شاء اللہ پاک کرم کرے گا۔ ان سب گھر والوں نے 3 دن مسلسل یہ پڑھا تو اللہ پاک کے کرم سے اس کی ہمشیرہ کی نارمل ڈلیوری ہوئی اور وہ آپریشن سے بچ گئی۔ (ت۔ ب، لاہور)

ایک تسبیح سے بغیر پیسے دیئے سامان مل گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! ہماری چونگی امر سدھو میں دکان ہے اس کیلئے جس شخص سے سامان لیتے ہیں وہ کہنے لگا کہ آپ کی دکان پر تو سامان نہیں ہے آپ سامان کیوں نہیں منگوا رہے۔ ہم نے کہا ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں جب ہوں گے تب منگوالیں گے۔ اس دوران کچھ گاہک وغیرہ آرہے تھے انہیں کچھ سامان وغیرہ دیکر فارغ کرنے کے بعد میں نے ایک تسبیح ’’یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ‘‘ کی پڑھی تو ایک بندہ آکر کہنے لگا کہ

Dureshi

میرے پاس 20 کلو کا یہ توڑا پڑا ہوا ہے آپ لے لیں۔ ہم نے مارکیٹ ریٹ سے کم پیسوں پر اس سے مال لے لیا۔ پھر وہ کہنے لگا کہ میری نوکری لگ گئی ہے میرے پاس اس کے علاوہ اور بھی بہت اچھی کوالٹی کا مال پڑا ہوا ہے آپ چاہیں لے سکتے ہیں۔ میں نے اسے کہا کہ ابھی ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں؟ اس نے کہا کہ آپ سامان لے لیں اور جب چاہیں پیسے دے دینا۔ میں اس کے ساتھ گیا اور مارکیٹ ریٹ سے 30 روپے کم پر رکشہ بھر کر سامان لے آیا۔ یہ سب اس ایک تسبیح پڑھنے کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ **(چونگی امر سدھو، لاہور)**

وظیفہ پڑھنے سے شادی ہوگئی

السلام علیکم! میرے ایک دوست کی بہت عرصے سے شادی نہیں ہو رہی تھی میں نے اس کو ''یَاحَفِیْظُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ'' پڑھنے کیلئے بتایا تو اس نے ابھی تین دن ہی پڑھا تھا کہ اس کا بہت اچھی جگہ پر رشتہ طے ہوگیا اور اس کے 15 دن بعد شادی بھی ہوگئی ہے۔ یہی وظیفہ اس نے اپنے اور دوستوں کو بتایا جن کی ایک ماہ کے اندر اندر شادیاں ہوگئی ہیں۔ الحمدللہ! میں نے یہ وظیفہ جس کو بھی جس مقصد کیلئے بتایا ہے اسے فائدہ ہی ہوا ہے اور اس کی پریشانی، مشکلات فوراً حل ہوجاتے ہیں۔ **(علی رضا)**

''یاباسط یافتاح یارزاق'' کے مشاہدات

سب کی ٹرانسفر ہوگئی لیکن میری نہ ہوئی

السلام علیکم! مجھے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ایک وظیفہ ''یَابَاسِطُ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ'' ملا ہوا ہے جو میں کثرت سے پڑھتا رہتا ہوں اللہ کا شکر ہے کہ اس کی بدولت کسی قسم کی پریشانی نہیں ہے۔ پچھلے دنوں میرے ادارے میں ایک پوسٹ آئی تھی لیکن اس ادارے کے سربراہ نے میری بجائے مجھ سے جونیئر کو سلیکٹ کرلیا۔ مجھے یہ بات بہت بری محسوس ہوئی۔ میں نے اپنے حلقے کے ایم این اے

Qureshi

سے بات کر کے اس سربراہ کی بہت کھنچائی کروائی، جس سے اسے اخباروں اور میڈیا میں بھی خوار ہونا پڑا۔ بعد میں اس نے مختلف لوگوں کو بلا کر کہا کہ یہ سب کچھ طارق کا کیا دھرا ہے۔ لہٰذا اس نے کسی کو کسی جگہ ٹرانسفر کر دیا اور کسی کو کہیں۔ میں اپنا وظیفہ مسلسل پڑھتا رہا جس کی برکت سے اس نے میری کہیں بھی ٹرانسفر نہیں کی اور نہ ہی آج تک مجھے کچھ کہا ہے۔ **(طارق محمود)**

اللہ پاک نے ڈوبی ہوئی رقم بازیاب کروادی

السلام علیکم! میری بہن پر بہت بھاری قرض تھا۔ اکتوبر کے عبقری میں ایک وظیفہ ''یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ'' آیا تھا۔ میری بہن اور اس کے گھر کے سب افراد نے مل کر روزانہ فجر کے بعد ایک ایک تسبیح یہ وظیفہ پڑھا۔ یقین جانئے صرف ایک ہفتے کے اندر اندر اللہ پاک نے وہاں سے رقم کا انتظام فرما دیا جہاں سے وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ ان کے مطابق تو ان کی رقم ڈوب چکی تھی لیکن اللہ پاک نے اس وظیفے کی برکت سے ان کی رقم بازیاب کروادی اور ان کا قرض اتر گیا۔ **(محمد یوسف، لاہور)**

وظیفے کی برکت سے کمیٹی نکل آئی

السلام علیکم! ہمارے ایک دوست کی پچھلی ہفتے شادی تھی لیکن وہ بہت زیادہ پریشان تھا کیونکہ اس کو پیسوں کی بہت سخت ضرورت تھی۔ اس نے ایک کمیٹی ڈالی ہوئی جو ابھی شروع ہی ہوئی تھی۔ میں نے یہاں درس میں ''یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ'' کا وظیفہ سنا تھا۔ میں نے اسے یہ وظیفہ بتا کر کہا کہ کثرت سے پڑھو ان شاء اللہ پہلی کمیٹی تمہاری ہی نکلے گی۔ اس نے پڑھنا شروع کیا اور 2 دن مسلسل اس ذکر پر محنت کرتے رہا۔ کہنے لگا کہ میں رات کو بھی پڑھتا رہا اور سویا نہیں میرے گھر والے کہتے تھے کہ تم رات کو آنکھیں بند کئے مدہوشی میں بھی یہی ذکر کر رہے تھے۔ خیر جب وہ کمیٹی نکلوانے کیلئے گیا تو پرچی نکالنے پر انہی کا نام نکلا جس پر وہ بہت خوش ہوئے اور ان کی پریشانی دور ہوگئی اور الحمدللہ! اب ان کی شادی ہوگئی ہے۔ **(محمد کلیم اللہ، میلسی)**

Qureshi

دل کے مرض سے شفاء اور سٹڈ سے بچت

السلام علیکم! میرا نام مطلوب احمد ہے میلسی میں میرا ایک دوست تھا اس کو دل کا مسئلہ تھا اس نے کسی ڈاکٹر سے چیک کروایا تو اس نے بتایا کہ اس کا آپریشن ہوگا اور سٹڈ ڈالنے پڑیں گے۔ پھر اس کی میلسی میں حضرت صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات ہوئی تو حضرت جی دامت برکاتہم نے اسے ’’یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ‘‘ کا وظیفہ پڑھنے کیلئے ارشاد فرمایا۔ اس نے مسلسل وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا اور ایک ہفتے بعد ڈاکٹر کو چیک کروایا تو اس نے کہا کہ آپ کو آپریشن اور سٹڈ کی کوئی ضرورت نہیں آپ کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ **(مطلوب احمد، میلسی)**

چھوٹے سے آپریشن سے بہو بچ گئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میں ریٹائرڈ پروفیسر ہوں میری بہو کو چند دن پہلے چھاتی پر ایک گلٹی نکل آئی۔ ہم نے لاہور کی ایک بہت بڑی لیڈی ڈاکٹر سے اس کا چیک اپ کروایا تو وہ کہنے لگی کہ مجھے تو یہ کینسر کی گلٹی معلوم ہوتی ہے بہر حال آپ ٹیسٹ کروالیں جو بھی ہوگا سامنے آجائے گا۔ ہمیں بہت فکر لاحق ہوئی۔ میری بہو اور بیٹا حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے پاس آئے تو حضرت جی نے ’’یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ‘‘ اور سورۃ زلزال کی آیت ’’وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا.........‘‘ کثرت سے پاگلوں کی طرح پڑھنے کیلئے فرمایا۔ ہم سب گھر والوں نے پڑھنا شروع کر دیا اور ساتھ ہمارے چند رشتہ دار بھی کثرت سے یہ وظیفہ پڑھتے رہے۔ الحمدللہ! اللہ پاک نے بہت فضل کیا ہے صرف ایک چھوٹا سا آپریشن کروانا پڑا ہے اس سے میری بہو ٹھیک ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! (پروفیسر سجاد، لاہور)

Qureshi

”آخری چھ سورتوں“ کے مشاہدات

کبھی نیند نہ آنے کی شکایت نہیں ہوئی

السلام علیکم! میرا نام محمد علی ہے اور میں مرید کے کا رہائشی ہوں اور ہر جمعرات یہاں تسبیح خانہ میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کا درس سننے کیلئے آتا ہوں۔ اس میں ملنے والے وظائف سے فیض پا رہا ہوں اور لوگوں میں بانٹ رہا ہوں۔ میرا کئی بار کا آزمودہ عمل ہے کہ جب بھی مجھے نیند نہیں آتی ہو تو میں اول و آخر درود شریف کے ساتھ آخری 3 سورتیں 3,3 بار پڑھتا ہوں تو الحمدللہ! اس کی فضیلت سے مجھے نیند آجاتی ہے۔ میں یہ عمل اپنے تمام گھر والوں کو بھی کرواتا ہوں انہیں بھی کبھی نیند نہ آنے کی شکایت نہیں ہوئی۔ **(محمد علی، مرید کے)**

موٹر سائیکل کی چابی سے گھر کا تالا کھل گیا

السلام علیکم! میں ڈیرہ اسماعیل خان سے آیا ہوں۔ ایک بار میں نے گھر کی چابی کزن کو دے دی اور وہ چلا گیا۔ میں رات کو تقریباً 2 بجے گھر واپس آیا لیکن اسے تالا لگا ہوا تھا اور چابی کزن کے پاس تھی۔ میں بہت پریشان ہوا اور سخت گرمی تھی میری جیب میں موٹر سائیکل کی چابی تھی۔ میں نے اللہ کا نام لیکر آیت الکرسی اور آخری 6 سورتیں پڑھیں اور موٹر سائیکل والی چابی گھر کے تالے کو لگائی تو اس کی نوک برائے نام لگی ہی تھی کہ الحمدللہ! تالا کھل گیا۔ **(عبدالحمید خان)**

سفر میں اچھی اور سستی سواری مل جاتی ہے

السلام علیکم! میرا نام عابد ہے اور مانسہرہ سے آیا ہوں۔ میرا ایک مشاہدہ ہے کہ مجھے اکثر کام کے سلسلے میں اپنے شہر سے باہر دور دراز کے علاقوں کا سفر کرنا اور اکثر لاہور تسبیح خانہ درس میں شرکت کیلئے بھی آتا ہوں جس کیلئے مجھے سواری کی کبھی پریشانی نہیں کیونکہ میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو آخری 5 سورتیں اور چھٹی بسم اللہ پڑھ لیتا

Qureshi

ہوں۔ جس کی برکت سے مجھے سفر میں آسانی ہوتی ہے اور ہر جگہ پر اچھی اور سستی سواری مل جاتی ہے۔ **(محمد عابد، مانسہرہ)**

مسنون عمل کی برکت سے سفر میں حفاظت

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے جمعرات کے ایک درس میں پانچ سورتیں ''سورۃ کافرون، سورۃ نصر، سورۃ فلق، سورۃ اخلاص، سورۃ الناس'' اور چھٹی بسم اللہ والا عمل سفر پر جانے سے پہلے پڑھنے کا بتایا تھا۔ میری اہلیہ نے ایک بار کوئٹہ جانا تھا وہ جس ٹرین میں تھی اس کو دھماکہ سے اڑا دیا گیا اور اس کی کچھ بوگیاں حادثے کا شکار ہوگئیں اس میں بہت سے لوگ زخمی ہوئے لیکن اللہ پاک کے کرم اور ان سورتوں کی برکت سے ان کی بوگی بالکل محفوظ رہی اور میری اہلیہ کو خراش تک نہ آئی اور وہ صحیح سلامت گھر پہنچ گئی۔ **(گلزار حسین)**

آخری 5 سورتوں سے مسائل کا یقینی حل

السلام علیکم! میں بیرون ملک سے ینگ ڈاکٹرز فیڈریشن پر ریسرچ کرنے کیلئے آیا ہوں مجھے اس کے متعلق کچھ ڈیٹا چاہیے تھا جو اخباروں کے دفتر بار بار چکر لگانے پر بھی نہیں مل رہا تھا۔ میں نے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سے بھی رابطہ کیا لیکن کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ مجھے واپس جانے کیلئے بہت دیر ہو رہی تھی تو پچھلے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے آخری 5 سورتیں اور 6.بسم اللہ والا عمل بتایا تھا۔ آج میں نے گھر سے نکلنے سے پہلے یہ عمل اول و آخر 7 بار درود شریف کے ساتھ کیا اور والدہ سے بھی دعا کیلئے کہہ کر نکل پڑا تو آج صرف ایک ہی آفس سے مجھے میرا سارا ڈیٹا حاصل ہوگیا۔ میں اس عمل کی برکت سے بہت حیران ہوا ہوں کہ اللہ پاک نے کیسے میرا اتنا سنجیدہ مسئلہ صرف ایک بار میں ہی حل کر دیا ہے۔ **(ڈاکٹر احسن)**

مسواک نہ کرنے سے گناہوں کی طرف رغبت

السلام علیکم! میرا نام عبدالوہاب ہے، میں انجینئرنگ یونیورسٹی کا طالب علم ہوں اور

Qureshi

اسلام آباد سے تسبیح خانہ میں ہر نوچندی کا درس سننے کیلئے آتا ہوں اور باقی جمعرات کے درس نیٹ پر آن لائن سنتا ہوں۔ میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ جب سفر شروع کریں تو 5 سورتیں سورۃ کافرون، سورۃ نصر، سورہ اخلاص، فلق اور ناس اور آخر میں پھر ایک بار پوری تسمیہ پڑھنے سے سفر انتہائی آسان ہوجاتا ہے اور راستہ چاہے جتنا لمبا ہو آسانی سے طے ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ میں نے مسواک کے بہت فائدے نوٹ کئے ہیں اگر یہ سنت مجھ سے چھوٹ جائے تو گناہ ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور نماز کی پابندی میں بھی خلل واقع ہوجاتا ہے۔ **(عبدالوہاب، اسلام آباد)**

آخری 5 سورتیں اور اعمال کا ہدیہ کرنے کے فوائد

السلام علیکم! میرا نام حافظ وقاص ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے پچھلے درس میں آخری 5 سورتیں اور 6 بسم اللہ والا عمل ارشاد فرمایا تھا جس کا میں مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ میری ہمشیرہ پنجاب یونیورسٹی سپورٹس میں ہیں میں نے انہیں یہ عمل بتایا اور کہا کہ آپ یہ پڑھا کرو تو ان شاء اللہ آپ کے اتھلیٹکس کے راستے سکڑ جایا کریں گے اور آپ ہر گیم میں جیتو گی۔ انہوں نے یہ عمل باقاعدگی سے شروع کیا ہوا ہے جس کی برکت سے وہ 2013ء تک پوری یونیورسٹی میں پہلے نمبر پر آئی ہیں۔ **(حافظ وقاص)**

8 سورتوں کے دم والے پانی سے شفاء

السلام علیکم! میرا نام عبدالستار ہے میں چکوال سے تسبیح خانہ میں آتا ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے آٹھ سورتوں کی اجازت عنایت فرمائی ہوئی ہے ''سورۃ الم نشرح، سورۃ الفیل، سورۃ کافرون، سورۃ نصر، سورۃ لہب، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ ناس'' میں نے ان سورتوں کا دم کیا ہوا پانی اپنے پاس چکوال میں رکھا ہوا ہے۔ اکثر خواتین آکر کہتی ہیں کہ ان کے بچے بہت زیادہ روتے ہیں یا پھر کسی بھی تکلیف میں مبتلا کوئی شخص آئے تو اسے وہ دم والا پانی دے دیتا ہوں الحمدللہ! یہ پانی پینے سے اللہ پاک ان سب کو شفاء عطا فرما دیتا ہے۔ **(عبدالستار، چکوال)**

Oureshi

روڈ پر ایکسیڈنٹ کے دوران حفاظت

السلام علیکم! ابھی چند دن پہلے بہاولپور میں میری دادی جان کا انتقال ہوگیا جن کی نماز جنازہ [illegible] بجے تھی میں 6 بجے احمد پور شرقیہ سے گھر سے موٹر سائیکل پر چل پڑا اور نکلنے سے پہلے میں نے اہتمام کیساتھ آخری 6 سورتیں، سفر کی دعا اور گھر سے نکلنے کی مسنون دعا پڑھ لی۔ تقریباً 6.50 پر میں بہاولپور میں داخل ہوا تو نہ جانے کدھر سے اچانک 2 کتے بھاگتے ہوئے آئے اور میری موٹر سائیکل کے سامنے آگئے ایک کتا موٹر سائیکل کے پہیے کے نیچے آگیا اور دوسرا موٹر سائیکل کے درمیان انجن والی جگہ میں پھنس گیا جس سے میری قلابازی لگی اور میں فٹ پاتھ پر جا کر زور سے لگا۔ ابھی میں گر رہا تھا کہ چشم زدن میں مجھے خیال آیا کہ میرا بازو یا ٹانگ یقینی طور پر آج ٹوٹ جائے گی لیکن پتہ نہیں کون سی طاقت تھی جس نے مجھے فٹ پاتھ کے اوپر پھینکا اور میں اچھا بھلا تھا۔ اچانک لوگوں کا ہجوم اکٹھا ہوگیا ایک صاحب کہنے لگے کہ میاں! جا کر کوئی صدقہ، خیرات وغیرہ کرنا اللہ نے تمہیں بچالیا ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ میں گھر سے یہ اعمال کر کے نکلا تھا جس کی برکت سے اللہ پاک نے میری حفاظت فرمائی ہے۔ **(محمد بلال)**

نمازوں میں خشوع وخضوع

السلام علیکم! ایک بار درس میں حضرت صاحب دامت برکاتہم نے نے 6 سورتوں کا عمل اور اس کے فضائل ومشاہدات بتائے تھے۔ الحمدللہ! میں نماز پہلے بھی پڑھتا تھا لیکن اس میں وہ حضوری اور وہ توجہ نہیں تھی جو نماز میں ہونی چاہیے۔ آپ دامت برکاتہم کے کہنے پر الحمدللہ! 6 سورتوں والا عمل کرنا شروع کیا ہوا جس کی برکت سے نماز میں حضوری اور توجہ نصیب ہونا شروع ہوگئی ہے جو پہلے نہیں تھی۔ تمام بھائیوں سے گزارش ہے کہ 6 سورتوں والا عمل جاری رکھیں اور علامہ لاہوتی صاحب کیلئے خصوصی دعا کریں۔ **(محمد الیاس)**

Qureshi

جو کچھ مانگو اللہ پاک دیتا ہے

السلام علیکم! میرا نام محمد واجد اور میرا ملتان سے تعلق ہے۔ میرا اپنا چھوٹا سا کام ہے جو پچھلے 3 سال سے بہت کم تھا جسکے باعث میری جیب میں پیسے نہیں ہوتے تھے۔ جب سے میرا عبقری، تسبیح خانہ سے تعلق بنا ہے اور آپ دامت برکاتہم نے مجھے آخری 5 سورتیں اور 6 بسم اللہ والا عمل بتایا تھا کہ اسے پڑھوں اللہ پاک غیبی مدد فرمائے گا۔ تقریباً 1 سال سے میں ہر نماز کے بعد باقاعدگی سے پڑھتا ہوں حتیٰ کہ جب میں کام پر جاتا ہوں یا کسی اور کام سے کہیں جاتا ہوں تو اللہ پاک کے کرم سے یہ وظیفہ مسلسل پڑھتا رہتا ہوں جس کی برکت سے الحمدللہ! پچھلے 3 سال میں وہ کچھ نہیں ملا جو کچھ ہی عرصہ میں ملا ہے۔ اس وظیفے کی برکت سے جو بھی مانگا اللہ نے دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اور بھی بہت سے چھوٹے چھوٹے عمل ہیں لیکن اس عمل کی برکت سے اللہ نے سب کچھ دیا ہے۔ **(محمد واجد، ملتان)**

بیٹے نے ضد چھوڑ دی

السلام علیکم! میرا نام نعیم اختر ہے میں مسلسل تسبیح خانہ میں درس سننے کے لئے آرہا ہوں جس سے بہت سکون اور فوائد مل رہے ہیں۔ میرا آج کا ایک مشاہدہ ہے کہ جب میں درس پر آنے لگا تو میرا چھوٹا بیٹا بہت ضد کر رہا تھا جو ابھی 3 سال کا ہے کہ پاپا میں نے آپ کو نہیں جانے دینا۔ میں نے ”اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ“ 11 بار پڑھ کر آخری 6 سورتیں ایک بار پڑھیں اور اس پر دم کر دیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ خود ہی کہنے لگا کہ پاپا آپ چلے جائیں۔ **(نعیم اختر، لاہور)**

تمام پیپروں میں پاس ہوگیا

السلام علیکم! میرا نام جنید منور ہے اور میں بی اے کا سٹوڈنٹ ہوں۔ میں اپنے مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرے امتحان نزدیک تھے اور مجھے میتھ بالکل نہیں آتا تھا۔ جس دن میں نے اپنی رول نمبر سلپ لینے جانا تھا اسی دن سے

Oureshi

میں نے آخری 6 سورتیں ہر نماز میں پڑھنا شروع کر دیں اور جب پیپر دینے کیلئے جاتا تب بھی یہی آخری 6 سورتیں پڑھتے ہوئے جاتا جس کی برکت سے اللہ پاک نے میری پیپروں میں غیبی مدد فرمائی اور میرا پچھلے ہفتے رزلٹ آیا ہے جس میں سارے پیپروں میں پاس ہو گیا ہوں حالانکہ مجھے میتھ بالکل نہیں آتا تھا۔ **(جنید منور)**

زیر ناف بیماریوں اور گناہوں سے نجات

السلام علیکم! میرا نام خالد محمود ہے۔ 2010ء کے بیان میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک درس میں ارشاد فرمایا تھا کہ زیر ناف بیماریوں کے علاج کیلئے سنتوں اور نوافل میں ہر رکعت میں آخری 6 سورتیں پڑھنی چاہئیں۔ میری ٹانگ میں ہر وقت کھچاؤ رہتا تھا اور کمر میں بھی درد رہتا تھا جس کیلئے میں نے اپنی ہر نفلی اور مسنون نمازوں میں آخری 6 سورتیں پڑھنا شروع کر دیں جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے ان دونوں امراض سے نجات دے دی۔ **(خالد محمود)**

6 سورتیں اور بیماری سے نجات

السلام علیکم! ہمارے ایک دوست ہیں جن کو میں ہر ماہ رسالے دیتا ہوں ان کے پاؤں سن ہونے کا مسئلہ تھا۔ دکان سے گھر تک بھی واپس نہیں جا سکتے تھے جونہی پیدل چلتے تو ان کا پاؤں سن ہو جاتا اس لئے وہ موٹر سائیکل پر جاتے تھے۔ ایک بار انہوں نے عبقری رسالہ میں آخری 6 سورتوں کا عمل پڑھا اور اپنی تمام مسنون اور نفلی نمازوں میں آخری 6 سورتیں پڑھنا شروع کر دیں۔ اس بار رمضان میں وہ کہتے ہیں کہ میں نے ساری تراویح کھڑے ہو کر پڑھی ہیں اور اب وہ گھر بھی پیدل چل کر جاتے ہیں اور ان کا پاؤں بالکل ٹھیک ہو گیا ہے۔ ابھی تک وہ اس عمل کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

(اسرار احمد)

روزانہ تہجد پڑھنے کی سعادت ملی

السلام علیکم! مجھے کافی عرصے سے شوق تھا کہ میں تہجد کی نماز پڑھوں اس وقت اٹھ

reshi

بھی جاتا تھا لیکن ایسا کوئی چانس نہیں بنتا تھا کہ میں تہجد پڑھ سکوں حالانکہ اذان سے تقریباً گھنٹہ پہلے اٹھ جاتا تھا۔ پھر میں نے اس نیت سے صبح کی سنتوں میں آخری 6 سورتیں پڑھیں اور ابھی پہلے دن ہی یہ عمل کیا تھا کہ دوسری صبح مجھے تہجد کی ایسی توفیق ملی کہ آج تک تہجد قضا نہیں ہوئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب اس عمل کی برکت ہے اور جو کچھ بھی ملا ہے وہ عبقری اور تسبیح خانہ کے ذریعے ہی ملا ہے۔ **(غلام محمد)**

بیماری میں مبتلاء شخص کو اللہ نے آسان موت دیدی

السلام علیکم! چند دن پہلے کی بات ہے کہ میرا ایک ہمسایہ بہت بیمار تھا اور بالکل بستر سے جا لگتا تھا اس کے بیٹے بیٹیاں بھی اس سے بہت برا سلوک کرتے تھے اس کی ایک بیٹی ڈس ایبل (معذور) تھی اور صرف وہی اپنے باپ کی خدمت کرتی تھی۔ میں نے اپنی بیگم سے کہا کہ حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا ہے کہ 2 رکعت صلوۃ الحاجت کے پڑھنے چاہئیں اور ان میں آخری سورتیں پڑھنی ہے۔ میں نے تہجد کے وقت اپنی بیگم کو بھی جگایا اور خود بھی 2 نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں آخری 6 سورتوں میں سے پہلی تین سورتیں پڑھیں اور دوسری رکعت میں آخری 3 سورتیں۔ پھر ہم نے دعا کی کہ یااللہ! اس بندے کیلئے خیر کا فیصلہ فرما۔ اسی دن 4 بجے کے قریب فون آیا کہ وہ بندہ فوت ہوگیا ہے۔ یہ ان نوافل کی برکت ہے کہ اللہ پاک نے اسے بیماری سے نجات دے کر اس کی موت کو آسان فرما دیا۔ **(خدا بخش)**

عرصے سے بیروزگار شخص کو نوکری مل گئی

السلام علیکم! میں انکم ٹیکس میں سیلز انسپکٹر ہوں میرے ایک دوست جس نے B.com کیا ہوا تھا وہ مجھے کہتے رہتے تھے کہ مجھے کہیں نوکری لگوا دو۔ میں آگے لوگوں سے کہہ دیتا کہ بھئی اس کی نوکری کا کوئی بندوبست کردو۔ میرے پاس وکیل اور کنسلٹنٹ وغیرہ آتے رہتے تھے لیکن ان کو کہنے کے باوجود اس کی نوکری کا کچھ نہ بنا۔ وقت گزرتے گزرتے ایک سال بیت گیا لیکن وہ بے چارہ بیروزگار ہی رہا۔ ایک دن

Oureshi

میرے ذہن میں خیال آیا تو میں نے اسے فون کر کے کہا کہ آ جاؤ ہم ایک جگہ جا کر بات کرتے ہیں ان شاء اللہ تمہاری نوکری ضرور لگ جائے گی۔ وہ بہت تیار اور مکمل پروٹوکول کے ساتھ میرے پاس آیا اور میں اسے تسبیح خانے جمعرات کے درس میں لے آیا۔ وہ پوچھنے لگا کہ یہ کون سی جگہ ہے؟ میں نے کہا کہ بے فکر رہو ان شاء اللہ تمہارا کام بن جائے گا۔ اس درس میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے آخری 6 سورتوں کے کمالات بیان فرمائے تو اس دوست نے واپس جاتے ہی 2 نفل حاجت کے پڑھنے شروع کر دیئے اور ہر رکعت میں آخری 6 سورتیں سورۃ فاتحہ کے ساتھ ملا کر پڑھیں۔ یقین جانئے کہ صرف 2/3 درس میں ہی وہ میرے ساتھ آیا اور یہ عمل مسلسل کرتا رہا تو اللہ پاک نے اسے نوکری دیدی اور اب وہ برسر روزگار ہے اور یہ عمل بہت سے لوگوں کو بتا رہا ہے جنہیں اس عمل سے بہت فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ (نعیم اختر، لاہور)

سخت بیمار شخص کی منٹوں میں حالت سنبھل گئی

السلام علیکم! میں ابھی پچھلے دنوں چائنہ کے سفر پر تھا اس دوران میرے ایک انڈیا کے دوست ہیں جن کا بھائی بھی وہیں چائنہ میں تھا۔ میرے دوست نے مجھے نئی دہلی سے فون کیا کہ میرا بھائی فلاں شہر میں ہے وہ وہاں پر بہت بیمار ہے اس کیلئے کچھ کریں۔ میں اس کی خیریت دریافت کرنے کیلئے گیا تو اسے قے اور موشن بار بار آ رہے تھے اور کہہ رہے تھا کہ بہت طاقتور دوائیاں استعمال کر کے دیکھ لی ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہو رہا اور اب تو حالت یہ ہوگئی کہ کمزوری کی وجہ سے مجھ سے کھڑا بھی نہیں ہوا جا رہا میں کیا کروں؟ وہ بہت گھبرایا ہوا لگ رہا تھا۔ میں نے اسے کہا کہ آپ آخری 5 سورتیں اور 6 بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھو اور اس کے ساتھ اذان اور افحسبتم والا عمل اس کو بتا دیا۔ افحسبتم والی آیات تو اسے یاد نہیں تھیں لہٰذا میں نے کہا کہ آپ صرف اذان پڑھ کر ہی اپنے کا ا۔ کا تصور کر کے پھونک مارتے جاؤ۔ میں انہیں یہ بتا کر واپس آ گیا اور شام کو فون کر کے خیریت معلوم کی تو وہ بتانے

Qureshi

لگے کہ الحمدللہ! آپ نے جو عمل بتایا تھا وہ واقعی بہت ہی پرتاثیر ہے میں نے اس کو پڑھنا شروع کیا تو اس کے پڑھنے کے کچھ ہی منٹوں میں مجھے فرق پڑنا شروع ہوگیا تھا اور اب الحمدللہ! میں بالکل ٹھیک ہوں اور مجھے کوئی تکلیف بھی نہیں ہے۔ میں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کر رہا ہوں اس نے اپنے پاک کلام کی برکت سے میری تکلیف دور فرمادی ہے۔ (حافظ محمد عمران، لاہور)

میلوں کے سفر میں باآسانی ضروریات پوری

السلام علیکم! آخری پانچ سورتیں اور 6 بسم اللہ والا عمل بہت باکمال ہے پہلے اس طرح ہوتا تھا کہ کہیں بھی سفر پر جاتے تو سامان یا تو بہت زیادہ ساتھ رکھ لیتے یا پھر اتنا کم ہوجاتا کہ اس سے ضرورت بھی پوری نہیں ہوسکتی تھی مگر جب سے یہ عمل شروع کیا ہے الحمدللہ! انتہائی مختصر سامان ہوتا ہے اور اسی میں اللہ پاک برکت ڈال دیتے ہیں اور بہت بہترین طریقے سے عافیت کے ساتھ سفر گزر جاتا ہے۔ (حسن ہاشمی، لاہور)

گھٹنوں کے شدید درد سے افاقہ

السلام علیکم! میرا نام عبدالرحمن ہے میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ مجھے گھٹنوں میں بہت زیادہ تکلیف تھی اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے حتیٰ کہ درس میں بیٹھتے وقت بھی بہت زیادہ درد ہوتا تھا۔ میں نے ایک بار درس میں 6 سورتوں والا عمل سنا تھا جو میں نے اپنی تکلیف کی نیت کر کے ہر نماز کی سنتوں میں آخری 6 سورتیں پڑھنا شروع کردیں۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے دوسرے ہفتے میں ہی مجھے افاقہ ہوگیا ہے۔ اب میں آرام سے اٹھ بیٹھ جاتا ہوں اور دوبارہ کبھی درد محسوس نہیں ہوا۔ (عبدالرحمٰن)

بیٹا اب باخوشی اور بغیر روئے سکول جانے لگا

السلام علیکم! میں اپنے چھوٹے بیٹے کو جب بھی سکول چھوڑنے جاتا تو وہ بہت زور زور سے رونا شروع کردیتا تھا اور اسے زبردستی کلاس روم تک چھوڑ کر آنا پڑتا تھا۔ اکثر تو اس کی ٹیچر اسے گھسیٹ کر لے جاتی تھی۔ اس کی وجہ سے میں بہت پریشان رہتا تھا۔

Oureshi

میں نے اس کی نیت سے 6 سورتوں والا عمل کرنا شروع کیا کہ 5 سورتیں اور آخری 6 بسم اللہ پڑھ کر اس پر دم کر دیتا ہوں۔ الحمد للہ! اس کی برکت سے وہ خود بخود اٹھ کر سکول جانے کیلئے تیار ہو جاتا ہے اور بخوشی سکول سے واپس آ جاتا ہے۔ **(مجیب اللہ)**

بغیر ٹرائی کے لائسنس ایک ہفتے میں ملا

السلام علیکم! میں نے اپنا ڈرائیونگ لائسنس بنوانا تھا جس کیلئے بہت پریشانی ہو رہی تھی۔ جب میں لائسنس کے دفتر جاتا تو وہاں پر اتنی لمبی لائنیں دیکھ کر واپس آ جاتا اور اگر باری آ بھی جاتی تو ٹرائی میں فیل ہو جاتا ہے اور واپس بھیج دیا جاتا۔ میں نے اس کیلئے 6 سورتوں والا عمل (ہر نماز کی رکعت میں 6 سورتیں پڑھنی ہیں) کرنا شروع کر دیا۔ تین چار دن یہ عمل کرنے کے بعد جب میں لائسنس بنوانے کیلئے گیا تو بآسانی کچھ ہی دیر بعد میری باری آ گئی اور بغیر ٹرائی کے میری فائل جمع ہو گئی۔ میں نے کاؤنٹر سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ آپ کا لائسنس ایک ہفتے میں مل جائے گا۔

(محمد علی)

سکیورٹی حصار سے بحفاظت گھر پہنچ گیا

السلام علیکم! میرے بہنوئی نے پتوکی میں مجھے اپلائیڈ فار (APL4) ہنڈا 125 موٹر سائیکل دی اور کہا کہ یہ لے کر لاہور آ جانا اور اس کے کوئی کاغذات بھی نہیں تھے۔ جس دن میں نے لاہور آنا تھا اس دن 9 محرم اور سکیورٹی وجوہات کی بناء پر لاہور کو چاروں طرف سے سیل کیا ہوا تھا اور کسی کو داخل نہیں ہونے دے رہے تھے راستے میں بھی جگہ جگہ پر ناکے لگے ہوئے تھے۔ مجھے گھر والوں نے بہت روکا کہ سختی بہت ہے تم ایک دن صبر کر لو ایسے ہی راستے میں تنگ ہو گے۔ میں نے کہا نہیں مجھے اعمال پر یقین ہے میں اعمال کر کے نکلوں گا مجھے کوئی بھی نہیں روکے گا۔ بس پھر میں نے 6 سورتوں والا عمل آخری 5 سورتیں اور 6 بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر گھر سے نکل آیا اور راستے میں ناکوں پر کسی نے نہیں

Qureshi

روکا اور یہاں تک کہ ٹھوکر نیاز بیگ پر بہت بڑا اسکیورٹی حصار تھا جس سے بآسانی گزر کر بخیر و عافیت گھر پہنچ گیا اور مجھے راستے میں کوئی دقت نہیں ہوئی۔

(محمد طارق)

’’نوافل‘‘ کے مشاہدات

2 رکعت نماز نفل کی برکت سے شفاء ملی

ایک صاحب نے بتایا کہ میرے ایک بزنس کے ساتھی نے مجھے اپنی کارگزاری سنائی کہ آدھی رات کے وقت ان کی اہلیہ نے انہیں کہا کہ بچے کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اسے بخار ہو رہا ہے۔ وہ اٹھے اور کہنے لگے اچھا میں ذرا 2 رکعت نفل صلوٰۃ الحاجت پڑھتا ہوں۔ کہنے لگے کہ میں نے 2 نفل پڑھ کر مزید 2 نفل پڑھنے شروع کر دیئے تو بچے کے رونے کی آواز آنا شروع ہو گئی اور کہتے ہیں کہ سلام پھیرنے تک بچے نے شور مچانا شروع کر دیا۔ ان کی اہلیہ نے کہا کہ آپ نفل پڑھنا چھوڑیں بچے کی طبیعت بگڑ رہی ہے اور اس کا ٹمپریچر ہائی ہو رہا ہے۔ کہنے لگے کہ میں نے دعا کیلئے ہاتھ اٹھا دیے اور درود پاک پڑھ کر ان الفاظ کے ساتھ اللہ کو پکارا کہ یا اللہ! یہ میرا بچہ ہے میرا اس کے ساتھ تعلق صرف 2 اڑھائی سال سے ہے اور مجھ سے اس کی تکلیف برداشت نہیں ہو رہی میر اور تیرا واسطہ تو پچھلے 40 برس سے جڑا ہوا ہے تو میرے دل کی کیفیت کو جانتا ہے تو تو 70 ماؤں سے زیادہ محبت کرنے والا ہے۔ یا اللہ! تو کریم ہے تو میری تکلیف کیسے برداشت کر سکتا ہے اپنا فضل و کرم کر دے اور میرے بچے کی طبیعت بحال کر دے۔ وہ کہتے ہیں کہ میرے ان الفاظ کا کہنا تھا کہ میرا بچہ ٹھیک ہو گیا اور اللہ کے فضل سے ڈاکٹر کے پاس جانا ہی نہ پڑا۔ **(توقیر حیدر)**

نوافل کی برکت سے مریض کو شفاء

السلام علیکم! میرا نام منصور احمد ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ عید کی رات

Oureshi

میری والدہ کی طبیعت خراب ہوگئی جو دو دن میں زیادہ خراب ہونا شروع ہوگئی اور طبیعت اتنی خراب تھی کہ والدہ نے بچوں کو نصیحتیں اور وصیتیں کرنا شروع کر دیں۔ میں نے چھوٹے بھائی سے کہا کہ ڈاکٹر کے پاس لے کر جاتے ہیں کیونکہ ہم بہت زیادہ پریشان ہوگئے تھے۔ میں اور میری خالہ کا بیٹا موتی مسجد چلے گئے وہاں پر ''اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ '' والے نوافل ادا کیے۔ پھر عصر کا وقت ہوگیا میں نے نماز پڑھنے کے بعد اپنے کزن کو کہا کہ فون کر کے پتہ کرو امی کی طبیعت اب کیسی ہے؟ اس نے کہا کہ بالکل ٹھیک ہے لیکن دوسرے دن طبیعت بہت زیادہ خراب ہوگئی اور والدہ کو ڈاکٹر کے پاس لے گئے میں نے پھر نوافل پڑھنا شروع کر دیئے اور دعا کرتا رہا۔ جب میں نے ہسپتال جا کر والدہ کی خیریت دریافت کی تو انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹر نے ڈرپ لگا دی اور بلڈ پریشر بہت زیادہ تھا اور بازو بھی سن ہوگیا تھا جیسے ابھی فالج ہونے لگا ہے لیکن پھر اچانک پتہ نہیں کیا ہوا کہ ایک دم سے سب ٹھیک ہوگیا۔ جب والدہ بتا رہی تھیں کہ میں ایک دم سے ٹھیک ہوگئی میں اس وقت نوافل ادا کر رہا تھا۔ یہ سب تسبیح خانے کی نسبت اور اعمال کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔

نفل پڑھنے کا طریقہ: دو رکعت نماز نفل کی نیت کریں اور سورة فاتحہ پڑھتے ہوئے جب اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو (اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ) اِس کو بار بار دہراتے رہیں اور تب تک دہرائیں جب تک آپ کی کیفیت نہیں ٹوٹتی اور جب کیفیت ٹوٹنے لگے تو سورة فاتحہ پوری کر کے کوئی سورة ملا لیں۔ دوسری رکعت بھی اسی طرح پڑھنی ہے۔ (منصور احمد، لاہور)

گناہ کرنے پر بے چینی دور ہوگئی

السلام علیکم! میرا نام محمد نعیم ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ آج کے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے جو 2 نفل بتائے ہیں وہ میں نے پچھلے دنوں کیے تھے کیونکہ ان دنوں مجھ سے نظر کا ایک گناہ سرزد ہوگیا تھا اس سے مجھے بہت بے چینی ہوئی

Qureshi

کہ اب کیا کروں۔ پھر میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں 2 نفل صلوٰۃ التوبہ کے پڑھے تو میرا دل مطمئن ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف کر دیا ہے اور میرا بدنظری کا گناہ معاف ہوگیا ہے۔ **(محمد نعیم، لاہور)**

تمام کام آسانی سے حل ہونا شروع

السلام علیکم! میں اور میری اہلیہ موتی مسجد کے عمل کے نوافل پڑھتے تھے کئی بار وہاں جانا ہوا تو الحمدللہ! ہمارے گھر سے موتی مسجد کے اعمال ''اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ'' تیل میں لگا ہوا تعویذ ملا ہے۔ اس کی برکت سے ہمارے تمام کام بہت آسانی سے حل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔

نفل پڑھنے کا طریقہ: دو رکعت نماز نفل کی نیت کریں اور سورۃ فاتحہ پڑھتے ہوئے جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو (اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ) اِس کو بار بار دہراتے رہیں اور تب تک دہرائیں جب تک آپ کی کیفیت نہیں ٹوٹتی اور جب کیفیت ٹوٹنے لگے تو سورۃ فاتحہ پوری کر کے کوئی سورۃ ملالیں۔ دوسری رکعت بھی اسی طرح پڑھنی ہے۔ **(اعجاز احمد)**

سنت اور شریعت کی زندگی گزارنے کا مجرب وظیفہ

السلام علیکم! ایک صاحب بتانے لگے کہ جب سے روزانہ 2 نفل پڑھ کر 100 بار ''فضائل حج'' کتاب والی دعا پڑھنا شروع کی ہے تب سے اس دعا کی برکت ملنا شروع ہوئی ہے اور اس دعا سے جہاں دعائیں اور حاجات قبول ہوتی ہیں وہاں ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ انسان خود بخود سنت والی زندگی کی طرف مائل ہوجاتا ہے اور بہت سے رواج اور مزاج والی زندگی سے نکل کر انسان کا دل چاہتا ہے کہ انسان ایسی زندگی گزارے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے مطابق ہو اور ایسی زندگی سے خود بخود محبت پیدا ہوتی ہے اور دین پر چلنا آسان ہوجاتا ہے۔ دعا یہ ہے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ

Oureshi

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْٓ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ اَنْ تُقْضٰى حَاجَتِيْ ''۔ (محمد اشرف)

غیب کے خزانوں سے پیسوں کا انتظام

السلام علیکم! میرا نام خدا بخش ہے اور میں گوجرہ کا رہائشی ہوں۔ میں اپنے ایک عمل کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار ہمارے گھر پیسوں کی سخت ضرورت پڑ گئی اور ہر طرف سے کوشش کرنے کے باوجود پیسے نہیں مل رہے تھے۔ میں نے اس کیلئے صبح فجر کی نماز کے بعد اشراق کے نفل ادا کئے اور 2 رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ! جب بھی دعا کی تو نے دیا ہے اب بھی تو دے گا۔ اس عمل کی برکت سے الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے شام تک پیسوں کا انتظام کر دیا۔

(خدا بخش، گوجرہ)

پہلے انکار پھر خود ہی فون پر پیغام

السلام علیکم! میرا نام شہباز ہے اور میں ٹیلیفون ڈیپارٹمنٹ میں کام کرتا ہوں۔ پچھلے دنوں مجھے بینک میں کام پڑ گیا وہ جمعہ کا دن تھا سارا اسٹاف اٹھ کر جا رہا تھا میں پریشانی کے عالم میں وو چر لیکر گھر آ گیا جمعہ پڑھنے کے بعد 2 رکعت صلوٰۃ الحاجت اور توبہ کی نیت سے پڑھ کر دعا کی کہ یا اللہ! میرا کام آج ہی ہو جائے۔ رات کو جب میں عشاء کی نماز پڑھنے جا رہا تھا تو فون آیا کہ آپ شہباز صاحب بات کر رہے ہیں؟ میرے ہاں کہنے پر انہوں نے بتایا کہ آپ کے پاس جو وو چر ہیں وہ لے آئیں ہم ابھی آپ کا مسئلہ حل کر دیتے ہیں حالانکہ وہ وقت بینک ورکنگ کا نہیں تھا بہر حال میں گیا تو اللہ پاک نے 2 نفل کی برکت سے رات پونے 9 بجے میرا مسئلہ حل کروا دیا اور اسی افسر نے کام کیا جو صبح انکار کر رہا تھا۔ **(شہباز)**

دو رکعت نماز نفل کی بدولت فتح ملی

السلام علیکم! کل میں لاہور سے گوجرانوالہ جا رہا تھا تو راستے میں موڑ ایمن آباد کے

Qureshi

قریب موٹروے پولیس کی چیک پوسٹ آتی ہے انہوں نے مجھے روک گاڑی کے کاغذات وغیرہ چیک کئے اور کہنے لگے کہ آپ کے کاغذات نامکمل ہیں ہم آپ کی گاڑی بند کریں گے۔ میں نے ان کی بہت منت سماجت کی کہ میں کراچی سے آرہا ہوں میری والدہ لاہور جناح ہسپتال میں داخل میں ان کیلئے یہاں گوجرانوالہ کسی رشتہ دار کے گھر سامان وغیرہ لینے جارہا ہوں آپ کی مہربانی مجھے جانے دیں لیکن وہ بضد تھے کہ نہیں ہم آپ کی گاڑی کے ساتھ آپ کو بھی بند کریں گے۔ میں نے تنگ آکر کہا کہ ٹھیک ہے آپ گاڑی بند کردیں مجھ میں ہمت ہوگی تو میں چھڑوالوں گا۔ اتنا کہہ کر میں نے گاڑی سے مصلیٰ نکالا اور سائیڈ پر 2 نفل پڑھ کر اللہ سے دعا مانگنا شروع کردی کہ یااللہ! تو جانتا ہے میں کس مصیبت میں ہوں مجھے اس مصیبت سے نجات دلادے۔ میں دعا کرکے فارغ ہوا تو ان میں سے ایک افسر آکر کہنے لگا کہ ڈاکٹر صاحب! آپ جیت گئے اور ہم ہار گئے ہیں، آپ اپنی گاڑی لے کر جاسکتے ہیں۔

(ڈ۔الف)

دو رکعت نماز نفل سے گمشدہ جوتا مل گیا

السلام علیکم! میرا نام بلال احمد ہے۔ کل میں اور میرا بھائی شاپنگ کرنے کیلئے گئے تو کافی چیزیں خرید لیں جس کے بعد ہمارے پاس پیسے ختم ہوگئے۔ عصر کے ٹائم میں نماز پڑھنے کیلئے مسجد میں گیا اور وہاں وضو کرنے کیلئے جوتا رکھ دیا اور جب وضو خانے سے باہر آیا تو جوتا غائب تھا۔ اکثر اوقات میرے بہت سے جوتے مسجد سے غائب ہوجاتے تھے جس کیلئے میرے گھر والے بھی مجھے ڈانٹ ڈپٹ کرتے تھے اور کہتے تھے یہ صرف تمہارے ساتھ ہی کیوں ہوتا ہے کہ جب بھی جاتے ہو جوتا گم کر آتے ہو؟ میں نے بھائی سے کہا کہ اب تو ہمارے پاس پیسے بھی نہیں ہیں جو نیا جوتا خرید کر پہن کے گھر چلے جائیں۔ بہرحال ہم نماز پڑھنے کیلئے اندر چلے گئے ابھی جماعت میں کچھ ٹائم تھا۔ میرے ذہن میں فوراً صحابہ کرام رضی اللہ عنہم والا عمل آیا

Oureshi

اور میں نے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ یا اللہ! تو مجھے گھر والوں کی ڈانٹ سے بچا کیونکہ وہ مجھے بہت جھڑکیں گے۔ ہم نماز پڑھ کر باہر نکلے ہی تھے کہ جہاں میں نے جوتا رکھا تھا وہ وہی پر پڑا ہوا تھا حالانکہ اس سے پہلے ہم دونوں بھائی مسجد میں ہر جگہ جوتا تلاش کر چکے تھے جو ہمیں نہیں ملا تھا۔

(بلال احمد، لاہور)

شدید خارش سے خلاصی

السلام علیکم! میرا نام خالد محمود میں اپنا چھوٹا سا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں۔ مجھے بہت زیادہ خارش ہوتی تھی جس کی وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان رہتا تھا کیونکہ میں نے اس کیلئے ہر دوائی اور حربہ استعمال کر لیا تھا لیکن کوئی افاقہ نہیں ہو رہا تھا پھر ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا کہ 2 نفل پڑھ کر ان کا ثواب حضرت نوح علیہ السلام کو ہدیہ کر دیا جائے تو جس طرح کی بھی خارش ہو اس سے نجات مل جائے گی۔ میں نے یہ عمل کیا تو اللہ کا شکر ہے کہ مجھے آج تک پھر کبھی خارش نہیں ہوئی۔ جزاک اللہ! **(خالد محمود)**

والدین کی مغفرت اور عافیت کا مسنون عمل

السلام علیکم! میرا نام عابد علی ہے اور گوجرانوالہ سے آیا ہوں۔ میں تقریباً 9 سال سے اپنے والدین کیلئے جمعہ والے دن مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل کی ادا کرتا ہوں ان دو رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی، ایک مرتبہ قل ھو اللہ، 5 مرتبہ سورۃ فلق اور 5 مرتبہ سورۃ الناس پڑھتا ہوں۔ پھر دوسری رکعت میں بھی یہی عمل پڑھتا ہوں اور سلام پھیرنے کے بعد 15 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتا ہوں۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ کا بہت کرم، احسان اور شکر ہے کہ جب میں اس عمل کو کرنے کے بعد اپنے والدین کیلئے خیر و عافیت کی دعا کرتا ہوں تو مجھے خود ہی اپنے مشاہدات میں یہ محسوس ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو صحت یابی، ذہنی سکون اور جسمانی طور پر افاقہ دیا ہے۔ **(عابد علی، گوجرانوالہ)**

Qureshi

ہر کام خوش اسلوبی سے ہو جاتا ہے

السلام علیکم! میرا نام محمد قاسم ہے اور میں کامونکی کا رہنے والا ہوں۔ میں میرا معمول ہے کہ میں تسبیح خانہ میں حضرت جی دامت برکاتہم کے بیان کئے ہوئے اعمال، وظائف کو خود بھی پڑھتا اور دوسروں لوگوں میں تقسیم بھی کرتا ہوں جس سے اللہ پاک نے مجھ گناہگار پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دیئے ہیں اور جب سے میں نے دو رکعت نماز صلوۃ الحاجت پڑھنا شروع کئے ہیں میرے مسائل مسائل نہیں رہے اور میرا ہر کام خوش اسلوبی سے مکمل ہو جاتا ہے۔ ساتھ ساتھ میں درود پاک اور گلاب کی خوشبو والا عمل بھی کرتا ہوں جس کی برکت سے الحمدللہ! مجھے روحانی فیض حاصل ہونا شروع ہو گیا اور میری عبادات میں بھی خشوع وخضوع پیدا ہو گیا ہے۔ (محمد قاسم، کامونکی)

"سورۃ کوثر" کے مشاہدات

مالی حالات بدتر سے بہتر ہو گئے

السلام علیکم! جب میں لاہور میں تعلیم حاصل کرنے آیا تھا تو مالی طور پر بہت پریشان تھا لیکن پھر میں نے درس میں آکر سنا کہ صبح کے وقت ایک "تسبیح یا اللہ تیرا شکر ہے" اور شام کو ایک تسبیح "یا اللہ تیرا احسان ہے" پڑھنی چاہیے۔ میں نے یہ تسبیحات صبح و شام پڑھنا شروع کر دیں اور اس کے ساتھ ساتھ سورۃ کوثر 129 بار پڑھنے والا عمل بھی کرتا رہا۔ تیسرے دن سے ہی اللہ پاک نے غیب سے رزق عطا فرمانا شروع کر دیا اور میں نے اللہ پاک کی مدد کے کرشمے دیکھے اس دن سے آج تک اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اللہ پاک کی غیبی مدد سے مجھے ہزار دو ہزار ملتے رہتے ہیں اور میرا گزارا ہو رہا ہے اس رب کریم کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے۔ (نور محمد، رحیم یار خان)

بیٹے نے گالیاں دینا اور تنگ کرنا چھوڑ دیا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں آپ کے درجات بہت

Oureshi

بہت بلند فرمائے اور کیا کہوں دل سے۔ بہت زیادہ دعائیں آپ کیلئے نکلتی ہیں۔ میں ایک بہت ہی گناہگار بندہ ہوں نماز تو پہلے بھی پڑھتا تھا لیکن عبقری اور آپ کے درس کی برکت سے اب میرے ذکر اور نماز میں پابندی توجہ اور دھیان بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے دل کو بہت سکون ملتا ہے اور یہ سب آپ اور عبقری کے فیض کی وجہ سے ہے۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے عبقری رسالہ میں سورۃ کوثر والا عمل پڑھا تھا جس کو میں نے اپنے بیٹے کیلئے کیا۔ میرا بیٹا بہت ہی ضدی، نافرمان اور ہر وقت گالیاں وغیرہ دیتا رہتا تھا۔ جب وہ رات کو سوتا تو میں اس کے سرہانے کھڑے ہو کر اول و آخر درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر اس کو پھونک ماردیتی اور اگر کسی دن ایسا نہ کرسکتا تو اس کا تصور کر کے ہی اسے پھونک دیتا۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے میرا بیٹا کچھ ہی دنوں میں فرمانبردار ہو گیا اور اس نے گالیاں دینا اور تنگ کرنا چھوڑ دیا ہے۔

(ع۔ص، کراچی)

وظیفے کی برکت سے انٹرویو میں کامیابی

السلام علیکم! میرا نام سلمان احمد ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ اللہ تعالیٰ حضرت جی دامت برکاتہم کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کو کو اپنے جملہ مسائل بشمول ملازمت کی تبدیلی کیلئے خط لکھا تھا جس کے جواب میں آپ دامت برکاتہم نے مجھے بکثرت سورۃ کوثر پڑھنے کیلئے ارشاد فرمایا تھا جو الحمدللہ! میں نے اللہ کے فضل و کرم اور آپ کی خصوصی شفقت و دعاؤں کی بدولت اسی دن پڑھنا شروع کردی تھی۔ پہلے پہل تو مجھے پڑھنے میں کچھ دشواری پیش آئی لیکن جب آپ دامت برکاتہم کا ارشاد آنکھوں کے سامنے آتا کہ اسی میں آپ کی بھلائی ہے تو میں کثرت کے ساتھ پڑھنا شروع کردیتا۔ الحمدللہ! اس وظیفے کو پڑھتے ہوئے مجھے اب کچھ ہی ہفتے ہوئے تھے کہ اللہ پاک نے میرا کام بنادیا اور میرا پچھلے ہفتے کنگ ایڈورمیڈیکل کالج میں انٹرویو تھا جس میں اللہ پاک نے کامیابی دلادی ہے۔ (سلمان احمد، لاہور)

Qureshi

بیروزگار خالو کو بہترین نوکری مل گئی

السلام علیکم! میں نے تین ماہ پہلے آپ کو اپنی خالہ اور خالو کے بارے میں ایک خط لکھ کر ان کے مسائل کے بارے میں آگاہ کیا تھا کہ میرے خالو کے ساتھ روزگار کا مسئلہ ہے وہ ہر نوکری کچھ ہی دنوں میں چھوڑ دیتے ہیں اور کوئی بھی کام ٹھیک سے نہیں کرتے اگر ان سے کچھ پوچھا جائے تو وہ لڑائی جھگڑے پر اتر آتے ہیں جس کی وجہ سے میری خالہ بہت پریشان رہتی ہیں۔ آپ نے مجھے اس خط کے جواب میں خالہ اور خالو کو پڑھنے کیلئے کثرت کے ساتھ ''سورۃ کوثر'' پڑھنے کا ارشاد فرمایا تھا۔ میرے خالو نے تو توجہ نہ کی لیکن خالہ نے اسی دن سے توجہ اور کامل یقین کے ساتھ پڑھنا شروع کر دی تھی جس کی برکت سے الحمدللہ! میرے خالو کو بہت ہی اچھی نوکری مل گئی ہے اور اب ان کا خالہ سے بھی کوئی جھگڑا وغیرہ نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کو آپ جزائے خیر عطا فرمائے کہ آپ نے میری خالہ کا مسئلہ حل کروا دیا۔ (ح، الف)

بند کاروبار چل پڑا اور قرض ادا کر دیا

السلام علیکم! میرا نام راجہ صغیر احمد ہے اور میں راولپنڈی سے آیا ہوں۔ میں نے آپ دامت برکاتہم کو اپنے مسئلے کے حل کیلئے بتایا تھا کہ میرا ہوٹل کا کاروبار ہے جو نہ چلنے کی وجہ سے میں بہت زیادہ قرض کا شکار ہو گیا ہوں جسے ادا کرنے کیلئے میرے پاس کوئی وسیلہ نہیں ہے۔ آپ دامت برکاتہم نے مجھے قرض سے نجات، کاروبار میں ترقی اور رزق میں برکت کیلئے ''سورۃ کوثر'' کا وظیفہ پڑھنے کیلئے عنایت فرمایا تھا۔ جو میں سورۃ کوثر بعد نماز عشاء 101 بار اور سارا دن کھلی تعداد میں پڑھتا رہتا ہوں جس کے پڑھنے سے اللہ پاک نے میرا مسئلہ حل کر دیا ہے اور میں نے اپنا قرض ادا کر دیا ہے اور میرا کاروبار بھی چل پڑا ہے۔ اللہ پاک نے اپنے غیب کے خزانوں سے میرے رزق میں بہت برکتیں پیدا فرما دی ہیں۔ میں ہمیشہ آپ کیلئے دعا گو ہوں کہ اللہ پاک آپ کا سایہ اسی طرح ہمارے سروں پر تا قیامت سلامت رکھے۔ آمین! (راجہ صغیر احمد، راولپنڈی)

Qureshi

معاشی تنگی دور ہو کر مالدار بن گیا

السلام علیکم! میں آپ کے بتائے ہوئے اعمال پابندی سے کر رہا ہوں۔ الحمدللہ! رب العزت کا شکر ہے کہ طبیعت میں جو بے چینی، گھبراہٹ پریشانی تھی اور جو پہلے گھر میں جنات آ رہے تھے وہ آنا بند ہو گئے ہیں جس کے بعد سے سارے مسئلے حل ہو گئے ہیں اور گھر میں سکون اور راحت کا ماحول پیدا ہو گیا ہے۔ اعمال سے سب سے زیادہ نفع مجھے ''سورۃ کوثر'' پڑھنے سے ہوا جس کے پڑھنے سے اللہ پاک نے معاشی تنگی دور فرما دی اور مجھے کچھ ہی عرصہ میں مالدار بنا دیا ہے ورنہ میں روزانہ ٹینشن میں رہتا تھا جس سے معاملات میں خرابی آ رہی تھی لیکن اب ایسا کچھ نہیں ہے ہر طرف رزق کی لہر بہر ہے۔ میں نے اس وظیفے کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیا ہے جس سے مجھے ہر کام میں کامیابی نصیب ہو رہی ہے۔ آپ سے دعاؤں کی درخواست ہے کہ اللہ پاک مجھے اسی طرح اعمال کے ساتھ جڑے رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! **(زبیر ظفر)**

''سورہ الم نشرح'' کے مشاہدات

لوگوں کی مشکلات میں آسانیاں

السلام علیکم! میرا نام محمد ریاض ہے اور میں خیبر پختونخوا سے تسبیح خانہ میں درس کیلئے آتا ہوں اور حضرت جی دامت برکاتہم کے بتائے ہوئے اعمال کی برکت سے بہت زیادہ نفع پا رہا ہوں۔ میرے پاس کچھ مشاہدات ہیں کہ جس میں ایک سورۃ الم نشرح ہے کہ اس سورۃ کے کیا ہی کہنے ہیں؟ آج کل ہر جگہ ٹریفک پھنسی ہوتی ہے لیکن جونہی اسے پڑھنا شروع کرتا ہوں اللہ پاک خود بخود راستے کھول دیتا ہے اور میں بآسانی اپنی منزل پر پہنچ جاتا ہوں۔ اللہ پاک حضرت صاحب دامت برکاتہم کو جزائے خیر دے کہ وہ وظائف کے ذریعے لوگوں کی مشکلات میں آسانیاں پیدا کر رہے ہیں۔

(محمد ریاض)

Qureshi

شدید رش میں طواف کے دوران راستہ ملتا رہا

السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کے کرم سے حضرت جی دامت برکاتہم خیروعافیت سے ہوں گے کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کا سایہ سدا آباد رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے گزشتہ سال حج کی ادائیگی کی سعادت بخشی ہے جس کے دوران سورۃ الم نشرح کے مشاہدات پیش آئے جن کے بارے میں آپ دامت برکاتہم العالیہ کو بتانا چاہتا ہوں۔ ہوا یوں کہ میں جب بھی خانہ کعبہ کا طواف کرنے کیلئے جاتا تھا تو میرے ساتھ حج میں موجود کچھ رشتہ دار کہتے تھے کہ ابھی بہت زیادہ رش ہے تھوڑا سا انتظار کر لیتے ہیں اور وہیں ایک سائیڈ پر بیٹھ کر رش ختم ہونے کا انتظار کرتے تھے۔ اسی دوران میرے ذہن میں آپ دامت برکاتہم کا بتایا ہوا ''سورۃ الم نشرح'' کا عمل رش ختم کی نیت سے یاد آیا اور میں نے کثرت سے سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کر دی اور طواف کیلئے چلا گیا۔ جیسے جیسے طواف کرنا شروع کیا رش ختم ہونا شروع ہو گیا اور میں بآسانی طواف کر کے واپس اسی جگہ پر آ کر بیٹھ گیا جہاں میرے ساتھ حج پر موجود کچھ رشتہ دار بیٹھے ہوئے تھے۔ جب انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کہاں سے آئے ہیں؟ میں نے بتایا کہ میں طواف مکمل کر کے آیا ہوں۔ وہ حیران ہو کر کہنے لگے کہ اتنے رش میں اتنی جلدی آپ نے طواف کیسے پورا کر لیا؟ میں نے انہیں بتایا کہ میں سورۃ الم نشرح پڑھتے ہوئے خانہ کعبہ کے قریب پہنچا تو رش ختم ہونا شروع ہو گیا اور اسی کی برکت سے میں نے اپنا طواف مکمل کیا ہے۔ آپ بھی ایسا کریں انشاء اللہ آپ کو بھی فائدہ ہو گا۔ **(اعجاز، پشاور)**

بدترین جام ٹریفک کھولنے کیلئے آزمودہ عمل

السلام علیکم! آج کل لاہور میں سڑکوں پر ٹریفک زیادہ ہونے کی وجہ سے رش زیادہ ہوتا ہے صبح جب میں گھر سے نکلتا ہوں تو راستے میں ٹریفک جام ہونے پر ''سورۃ الم نشرح'' پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس سے فوراً راستے کھل جاتے

Qureshi

ہیں۔ آج جب درس میں آرہا تھا تو اِدھر بھی جگہ جگہ ٹریفک بلاک ہو رہی تھی لیکن سورۃ الم نشرح میں اللہ پاک نے ایسی طاقت رکھی ہے کہ اسے پڑھتے ہی سارا رش ختم اور ٹریفک رواں دواں ہو جاتی ہے۔ **(غلام عباس، لاہور)**

خراب ہینڈ فری ضرورت کے وقت چلتی رہی

السلام علیکم! پچھلے ہفتے مجھے حضرت دامت برکاتہم کی معیت کی سعادت حاصل ہوئی تو حضرت دامت برکاتہم کی ترتیب ہے کہ ہر ہفتے کی شام کو 7 بجے سے 9 بجے تک بیرون ملک حضرات سے فون پر بات کرتے ہیں جس وقت حضرت دامت برکاتہم فون سن رہے تھے تو بار بار مجھ سے فرما رہے تھے کہ یہ ہینڈ فری صحیح کام نہیں کر رہی میں اونچی آواز میں بول بول کر تھک گیا ہوں لیکن آواز پاس نہیں ہو رہی اس کا کچھ کریں۔ اس وقت حضرت دامت برکاتہم گاڑی میں تشریف فرما تھے۔ جب نیچے اترے تو میں بھی پیچھے پیچھے چل پڑا اور ''سورۃ الم نشرح'' پڑھنی شروع کر دی۔ تقریباً 2 گھنٹے حضرت دامت برکاتہم بات کرتے رہے اور میں مسلسل سورۃ الم نشرح پڑھتا رہا الحمدللہ! ان 2 گھنٹوں کے دوران حضرت دامت برکاتہم نے صرف ایک مرتبہ فرمایا کہ اس کا کچھ کریں۔ الحمدللہ! سورۃ الم نشرح کی برکت سے دوبارہ مسئلہ نہیں ہوا۔ **(نصرت شاہ، ملتان)**

آپریشن سے قبل دل کے تمام والو کھل گئے

السلام علیکم! منڈی بہاؤالدین میں ڈی سی او آفس میں علی اصغر صاحب سپرنٹنڈنٹ ہیں ان کے دل کے 2 وال بند تھے لاہور میں پنجاب کارڈیالوجی میں ان کیلئے ڈاکٹروں کا بورڈ بیٹھا اور ان کے بائی پاس کا فیصلہ ہو گیا جس دن ان کا آپریشن تھا اس دن لاہور آنے سے پہلے انہوں نے اپنے ایک دوست سے پوچھا کہ کوئی وظیفہ بتا دیں۔ وہ دوست خود بھی کثرت سے ''سورۃ الم نشرح'' پڑھتے ہیں انہوں نے انہیں بھی سورۃ الم نشرح پڑھنے کیلئے بتا دی۔ علی اصغر صاحب نے کہا کہ میرے لئے دعا بھی

Qureshi

کیجیے گا تو ان کے دوست نے جتنی بھی سورۃ الم نشرح پڑھی ہوئی تھی وہ ساری کی ساری انہیں روحانی ہدیہ کردی۔ پھر علی اصغر صاحب سورۃ الم نشرح پڑھتے ہوئے لاہور آ گئے۔ آپریشن کرنے سے پہلے جب ان کے ٹیسٹ کیے گئے تو ڈاکٹرز کہنے لگے کہ آپ کے دل کے تو تمام وال کھل چکے ہیں لہٰذا آپ کو آپریشن کروانے کی ضرورت نہیں رہی۔ اس طرح وہ سورۃ الم نشرح کی برکت سے بغیر آپریشن کے ہی گھر لوٹ گئے۔ ان کے دوست منظور صاحب کہہ رہے تھے کہ جب کوئی آپ کو دعا کرنے کیلئے کہے تو دعا کے ساتھ ساتھ اگر اسے کچھ پڑھ کر ہدیہ کر دیا جائے تو تاثیر بڑھ جاتی ہے۔

(محمد آصف اقبال، منڈی بہاؤالدین)

تین کلومیٹر ٹریفک جام راستہ دو منٹ میں طے

السلام علیکم! عید کے دوسرے روز میں اپنی فیملی کے ساتھ بہاولنگر سے تقریباً 3 کلومیٹر دور فیملی پارک کی طرف جا رہا تھا راستے میں ٹریفک بلاک تھی میں نے اور میری اہلیہ نے سورۃ الم نشرح پڑھنی شروع کردی یقین جانئے صرف 2 منٹ میں ہم ڈیڑھ کلومیٹر کراس کر کے آگے پہنچ گئے۔ ہمارے سارے راستے کھل گئے میں چونکہ میڈیکل ریپ ہوں لہٰذا میری عادت ہے کہ یہاں درس میں جو جو روحانی ٹپس ملتی ہیں وہ کاغذ پر لکھ لیتا ہوں اور اسی طرح روحانی غسل کا طریقہ ''سورۃ الم نشرح'' کا عمل، سورۃ کوثر کا عمل بھی کچھ کاغذ پر علیحدہ علیحدہ لکھ کر جہاں بھی ڈاکٹرز کے پاس جاتا ہوں وہاں اپنی میڈیسن کیساتھ ساتھ انہیں یہ اعمال بھی سمجھاتا ہوں اور اعمال سے پلنے، بڑھنے اور بچنے کا یقین دلاتا ہوں۔ اللہ پاک قبول فرمائے۔ **(رضوان مجید)**

گردے سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد الیاس ہے میں اپنا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ میرے گردے کا مسئلہ تھا۔ تقریباً دو تین ہفتے پہلے گردے کا شدید درد ہوا تو میں نے اس کا الٹرا ساؤنڈ کروایا تو ڈاکٹروں نے کہا کہ آپ کے گردے میں پتھری ہے، جس کے

Oureshi

باعث آپ کو درد ہو رہا ہے۔ تب میں نے ''سورۃ الم نشرح'' پیٹ پر ہاتھ رکھ کر پڑھنا شروع کر دی تو ڈاکٹروں نے کہا کہ دوائی لیتے رہیں 3,2 ماہ تک یہ پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی لیکن میں نے دوائی نہیں لی سورہ الم نشرح کا پڑھنا مسلسل جاری رکھا اور 3 دن بعد جب میں واش روم میں گیا تو میں نے دیکھا کہ میری پتھری نکل گئی ہے اور مجھے تکلیف بھی نہیں ہوئی۔ اس کے اگلے دن میں نے جا کر الٹرا ساؤنڈ کروایا تو پتھری نہیں تھی اور نہ ہی گردے میں درد تھا۔ اللہ پاک نے سورۃ الم نشرح کی برکت سے صرف 3 دن میں پتھری نکال دی۔ **(محمد الیاس)**

Demage موبائل ٹھیک ہوگیا

السلام علیکم! تین چار دن پہلے میرا موبائل خراب ہو گیا میں چیک کروانے کیلئے بازار گیا تو دکاندار نے دیکھ کر کہا کہ آپ کا موبائل ڈمیج ہو گیا ہے یہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ میں ویسے ہی اٹھا کر لے آیا۔ میں نے گھر آ کر موبائل رکھ دیا اور ''سورۃ الم نشرح'' 41 مرتبہ پڑھ کر موبائل پر پھونک ماری اس کے بعد موبائل کو چلایا تو الحمدللہ! موبائل On ہو گیا اور ابھی تک بالکل صحیح چل رہا ہے۔ **(عادل صابر)**

سورۃ الم نشرح کی برکت سے مقاصد میں کامیابی

السلام علیکم! میں نے اپنے معمولات میں بہتری کیلئے ''سورۃ الم نشرح'' کو آزمایا جس کے مجھے بہت سے فوائد ملے ہیں۔ ان میں ایک یہ بھی ہے کہ جب میرا درس میں آنے کو دل نہیں کرتا تو اس کیلئے میں سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس کی برکت سے الحمدللہ کبھی ناغہ نہیں ہوا۔ دوسرا یہ کہ جب میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے عبقری دفتر سے Appointment لینی ہو تو سورۃ الم نشرح کا اہتمام کرتا ہوں جس کی برکت سے الحمدللہ! مجھے بآسانی ٹائم مل جاتا ہے۔ **(محمد اعجاز)**

لوٹ مار کے دوران گھر والوں کی حفاظت

السلام علیکم! میرا نام محمد الیاس ہے آج سے تین چار ماہ پہلے میری فیملی کے ساتھ

Qureshi

کچھ لوگ عمرہ کر کے بہاولنگر واپس جا رہے تھے جب وہ بہاولنگر کے قریب ستلج برج کے قریب پہنچے تو وہاں کچھ کسان لوگ احتجاج کر رہے تھے جس کی وجہ سے ٹریفک بند تھی۔ جب میں نے اپنے گھر والوں کو فون کیا تو انہوں نے بتایا کہ ہم صبح 12 بجے سے یہاں پر ہی کھڑے ہیں اور ٹریفک بند ہے جس کے کھلنے کا کوئی نام و نشان نظر نہیں آ رہا۔ جب میں نے فون کیا تو اس وقت رات کے 8 بج رہے تھے احتجاج کے دوران کئی گاڑیاں لائنوں میں لگی ہوئی تھیں اور کچھ لوگ لوٹ مار بھی کر رہے تھے۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ ’’سورہ الم نشرح‘‘ اور سورۃ القریش پڑھیں اور میں نے بھی پڑھنا شروع کر دی۔ ٹھیک 30 منٹ بعد ان کا فون آیا کہ الحمدللہ! اعمال کی برکت سے راستہ کھل گیا تھا اور ہم بخیر و عافیت گھر پہنچ گئے ہیں۔ **(محمد الیاس)**

حضرت صاحب سے بار بار ملنے کا عمل

السلام علیکم! جس دن سے میں نے تسبیح خانہ، دار التوبہ، درود محل اور روحانی منزل کی نیت سے صلوۃ الحاجت کے نفل پڑھنے شروع کیے ہیں تب سے دوسرے تیسرے دن خواب میں حضرت جی دامت برکاتہم کی زیارت ہو جاتی ہے اور ان سے ملاقات ہوتی رہتی ہے۔ دوسرا یہ کہ جہاں کہیں بھی رش ہو میں موٹر سائیکل پر سوار ہوں یا کسی گاڑی میں سفر کر رہا ہوتا ہوں تو اگر ٹریفک جام ہو جائے تو میں وہیں بیٹھے بیٹھے سورۃ ’’الم نشرح‘‘ پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس سے فوراً رش ختم ہو جاتا ہے اور مجھے راستہ مل جاتا ہے۔ آج بھی جب میں ویگن میں بیٹھا تسبیح خانہ آ رہا تھا تو مسلسل سورۃ ’’الم نشرح‘‘ پڑھنے کی برکت سے گاڑی کہیں نہیں رکی اور میں وقت پر درس میں پہنچ گیا۔

(زاہد ارشد، سرگودھا)

شدید جام ٹریفک چند سیکنڈ میں کھل گئی

السلام علیکم! میرا آزمودہ عمل ہے کہ جہاں بھی رش ہونے کی وجہ سے ٹریفک پھنسی ہوتی ہے ’’سورۃ الم نشرح‘‘ پڑھنے سے کھل جاتی ہے۔ تقریباً ایک سال سے میں اس کا

Oureshi

بارہا تجربہ کر چکا ہوں۔ ایک دن جب میں جین مندر چوک میں گاڑی میں بیٹھا ہوا تھا ٹریفک پھنسی ہوئی تھی میں نے سورۃ الم نشرح پڑھی لیکن ٹریفک نہ کھلی۔ میں نے سوچا کہ آج کیا ہوگیا ہے؟ پھر دل میں خیال آیا کہ اللہ کے کلام میں کوئی کمی نہیں ہے میرے پڑھنے میں کمی ہے۔ پھر میں نے نہایت عاجزی کے ساتھ سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کی اور جونہی عاجزی کے ساتھ بھکاری بن کر پڑھی چند سیکنڈ میں ہی ٹریفک کھل گئی۔ وہاں میں نے یہ اندازہ لگایا کہ اللہ کے کلام کو جتنا عاجزی سے پڑھا جائے اتنا ہی اس سے فائدہ ہوتا ہے اور پھر اتنی ہی برکت ملتی ہے۔ **(عباس محمود)**

خراب UPS بغیر پیسوں کے ٹھیک

السلام علیکم! چند دن پہلے کی بات ہے کہ میرے بچے جس مسجد میں پڑھتے ہیں میں وہاں مغرب کے وقت گیا تو مسجد میں تبلیغی جماعت آئی ہوئی تھی لیکن مسجد کا UPS خراب پڑا ہوا تھا۔ قاری صاحب نے مجھ سے فرمایا کہ اس کا کچھ کریں جماعت آئی ہوئی ہے اور اس کی وجہ سے کافی پریشانی ہو رہی ہے۔ میں نے پوچھا قاری صاحب! آپ نے کوئی عمل وغیرہ کیا؟ فرمانے لگے کہ میں نے سب کچھ کرلیا ہے لیکن UPS ٹھیک نہیں ہو رہا۔ میں نے وہاں کھڑے کھڑے ''سورۃ الم نشرح'' غالباً 3 مرتبہ پڑھ کر UPS پر پھونک ماردی اور پھر اس کا سوئچ اتار کر اس کو ٹھیک کیا اور جیسے ہی دوبارہ لگایا تو وہ فوراً آن ہوگیا۔ ماشاء اللہ اب تک وہ بالکل ٹھیک چل رہا ہے۔ **(طارق عاشق)**

شدید رش میں ٹکٹ مل گیا

السلام علیکم! میرا نام محمد اسلم ہے میں جڑانوالہ سے آیا ہوں۔ مجھے اعمال کے بہت زیادہ مشاہدات حاصل ہو رہے ہیں لیکن میں آپ کو آج کا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ جب میں شاہدرہ سے میٹرو بس پر بیٹھنے کیلئے ٹکٹ لینے کیلئے کاؤنٹر پر گیا تو وہاں بہت لمبی لائن لگی ہوئی تھی میں نے اس نیت سے ''سورہ الم نشرح'' 7 مرتبہ پڑھی تو اللہ پاک نے چند لمحات میں ہی مجھے ٹکٹ دے دی اور میں بس میں سوار ہوگیا۔ میں جب

Qureshi

بھی رش میں پھنس جاتا ہوں تو اللہ پاک کی طرف سے یہ عمل کرتا ہوں اور میرا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ **(محمد اسلم، جڑانوالہ)**

گھنٹے کا سفر صرف 15 منٹ میں طے

السلام علیکم! میں سورہ الم نشرح کے وظیفہ کا ایک مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں۔ میں جو ہڑ ٹاؤن سے یہاں درس میں آنا چاہتا تھا لیکن مغرب کی اذان وہی پر ہوگئی میں نے نماز پڑھی اور راستے میں ''سورۃ الم نشرح'' پڑھنا شروع کر دی جس کی برکت سے گھنٹے کا سفر صرف 15 منٹ میں طے ہوگیا اور میں درس شروع ہونے کے کچھ منٹ بعد ہی یہاں پر پہنچ گیا۔ **(محمد احمد)**

کام جلدی مکمل ہوجاتا ہے

السلام علیکم! میرا نام عبدالغفور ہے اور میں خانیوال سے آیا ہوں۔ میرا معمول ہے کہ میں ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں درس سننے کیلئے آتا ہوں اور اس میں حضرت جی دامت برکاتہم کے بیان کئے ہوئے وظائف یقین اور باقاعدگی کے ساتھ کرتا رہتا ہوں جس سے مجھے بہت زیادہ فوائد ملتے ہیں۔ میرا اپنا ایک مشاہدہ ہے کہ میں نے جب بھی کوئی کام کرنا ہو یا سفر میں کہیں آنا جانا ہو یا جلدی ہو تو سورۃ ''الم نشرح'' پڑھ لیتا ہوں جس کی برکت سے وہ کام جلدی مکمل ہوجاتا ہے۔ **(عبدالغفور، خانیوال)**

گردے کے شدید درد سے نجات

السلام علیکم! میرا نام اشرف ہے میں گوجرانوالہ سے ہر جمعرات کو تسبیح خانے میں حضرت جی دامت برکاتہم کا درس سننے کیلئے آتا ہوں۔ میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میرے گردے میں شدید درد ہوا جس کیلئے میں نے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کی بتائی ہوئی سورۃ ''الم نشرح'' 7 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا تو تھوڑی دیر میں اللہ کے فضل سے مجھے آرام مل گیا ہے اور اس کے بعد سے اب تک دوبارہ درد نہیں ہوا۔ **(محمد اشرف، گوجرانوالہ)**

Qureshi

خراب لیپ ٹاپ ایک ہفتے بعد صحیح ہو گیا

السلام علیکم! میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میرا لیپ ٹاپ خراب ہو گیا جس کو میں صحیح کروانے کیلئے مکینک کے پاس لے کر گیا تو اس نے اسے ٹھیک کرنے کیلئے میری توقع سے زیادہ پیسے مانگے جس پر میں نے اس سے معذرت کی اور اپنا لیپ ٹاپ لیکر گھر واپس آ گیا۔ تقریباً ایک ہفتے تک میرا لیپ ٹاپ اسی طرح بند رہا۔ پھر جب میں تسبیح خانہ درس میں آیا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے اس درس میں سورۃ ‘‘الم نشرح’’ کے مشاہدات اور واقعات کے بارے میں بیان کیا تو میں نے بھی گھر جا کر اپنا لیپ ٹاپ نکالا اور اس پر اول و آخر تین بار درود شریف کے ساتھ 11 بار سورۃ ‘‘الم نشرح’’ پڑھ کر پھونک ماری اور کچھ ہی دیر بعد جب لیپ ٹاپ آن کیا تو وہ چل گیا۔ میں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوا کہ اللہ پاک نے بغیر پیسوں کے ہی سورۃ الم نشرح کے دم کی برکت سے میرا لیپ ٹاپ صحیح کر دیا۔

(عثمان رشید)

درس میں توجہ اور دھیان کا مجرب عمل

السلام علیکم! میرا نام توقیر حیدر ہے۔ ایک بار حضرت صاحب نے درس میں ارشاد فرمایا تھا کہ میرے دادا مرشد رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ میرے سامنے درس میں بیٹھو تو اس وقت ایک عمل کر لیا کرو اس عمل کی تاثیر یہ ہوتی ہے کہ وہ زندگی میں یاد رہتا ہے، آپ شیطانی قوتوں سے بچے رہتے ہیں اور آپ توجہ اور دھیان سے بیٹھتے ہیں۔ عمل یہ ہے کہ ‘‘اول و آخر تین مرتبہ درود شریف، 7 مرتبہ رب زدنی علما، 3 مرتبہ ‘‘سورۃ الم نشرح’’ اور اس کے بعد 3 مرتبہ استغفر اللہ پڑھ کر درود شریف پڑھ لیں۔ اسکی برکت یہ ہوتی ہے کہ درس میں تمام احباب پڑھ کر بیٹھ جائیں اس سے انہیں درس سننے کا مزا بھی زیادہ آئے گا اور روحانیت بھی زیادہ ملے گی جب سے میں نے یہ عمل اپنا معمول بنایا ہوا ہے الحمد للہ! مجھے بہت زیادہ روحانیت حاصل ہو رہی ہے۔ **(توقیر حیدر، لاہور)**

Qureshi

ناممکن کام فوراً ممکن ہوگیا

السلام علیکم! میرا ایک مشاہدہ ہے کہ میں نے موبائل کمپنی کی نئی سم نکلوانی تھی لیکن میرے نام پہلے ہی 5 سمیں موجود تھیں۔ قانون کے مطابق ایک شخص کے نام پر 5 سموں سے زیادہ سم نام نہیں کی جاسکتی۔ میں نے اپنے بھائی سے پتہ کیا تو اس کے نام بھی پہلے سے 5 سمیں موجود تھیں۔ سم نکلوانا میرے لئے بہت ضروری ہوگیا تھا اس کیلئے جب میں نے فرنچائز پر جاکر فارم فل کر کے وہاں کمپیوٹر پر موجود بندے سے سم اپنے نام کروانے کیلئے کہا تو اس نے چیک کر کے بتایا کہ لگتا ہے کہ آپ کے نام پہلے 5 سمیں مکمل ہوچکی ہیں۔ میں نے اسے کہا کہ آپ ٹھیک سے دیکھیں تو سہی اور خود میں نے 3 دفعہ ''سورہ الم نشرح'' پڑھ کر اس پر پھونک ماردی اور ساتھ ہی 3 بار سورۃ کوثر پڑھ کر اس کو ہدیہ کردی۔ اس نے 2,3 منٹ بعد بتایا کہ آپ یہ سم اپنے بھائی کے نام ٹرانسفر کرواسکتے ہیں ان کے شناختی کارڈ پر پانچویں سم کیلئے جگہ موجود ہے۔ میں نے اسے فوراً کہا کہ آپ کردیں۔ اس نے فوراً ہی سم میرے بھائی کے نام پر ٹرانسفر کردی حالانکہ ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا کہ آپ اپنی سم کسی کے نام پر ٹرانسفر کرواسکیں۔ اس بندے نے بھی یہی کہا تھا کہ ایسا پہلی بار ہوا ہے۔ میں نے اسے کہا کہ میں نے یہ اعمال کئے تھے یہ سب ان کی برکت سے ہوا ہے۔

رش کے باوجود وقت پر دفتر حاضری

میں جب بھی دفتر جاتا ہوں تو راستے میں ٹریفک کا رش ہوتا ہے جس کیلئے میں سورۃ ''الم نشرح'' پڑھنی شروع کردیتا ہوں۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے مجھے فوراً بآسانی راستہ مل جاتا ہے اور میں ٹائم پر دفتر پہنچ جاتا ہوں۔ **(محمد حماد، لاہور)**

شدید رش میں بآسانی دودھ مل جاتا ہے

السلام علیکم! میرا نام محمد فیاض ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میرا سورۃ الم نشرح کا ایک مشاہدہ ہے کہ جب صبح دودھ لینے کیلئے جاتا ہوں تو دکان پر بہت زیادہ رش ہوتا

Qureshi

ہے۔ میں دل ہی دل میں سورۃ ''الم نشرح'' پڑھنا شروع کر دیتا ہوں، اونچی آواز میں اس لئے نہیں پڑھتا کہ کہیں قریب کھڑے لوگ یہ نہ سمجھیں کہ ہم پر دم یا جادو وغیرہ کر رہا ہے۔ بس اس کے پڑھنے کی دیر ہوتی ہے کہ اللہ پاک ایسا کرم کرتا ہے کہ پتہ نہیں گا ہک کدھر چلے جاتے ہیں اور میں چند منٹوں میں دودھ لے کر گھر آ جاتا ہوں۔

(محمد فیاض، لاہور)

بغیر سفارش لائسنس بن کر گھر آ گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام حافظ نبیل ہے اور لاہور سے میرا تعلق ہے۔ میں اپنا مشاہدہ بتا رہا ہوں کہ میں لائسنس بنوانے کیلئے گیا تو وہاں بہت رش تھا اور اتنی لمبی لائنیں لگی ہوئی تھیں کہ میری باری آنے کا کوئی چانس نظر نہیں آ رہا تھا۔ میں نے سورۃ ''الم نشرح'' پڑھنی شروع کر دی اور خوب دھیان سے پڑھتا رہا حالانکہ لائنوں کو دیکھ کر مجھے فائدہ نظر نہیں آ رہا تھا۔ میرے ساتھ لائن میں وزیر اعلیٰ کی طرف سے ایک پروفیسر اور کچھ افراد بھی تھے۔ 5.6 لائنوں میں لگنے کے بعد میری باری آ گئی اور اگلے ہی دن میرا لائسنس بن کر گھر آ گیا۔ جب میں نے اپنے ساتھیوں سے پوچھا کہ تمہارا لائسنس آ گیا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ نہیں ابھی تک تو نہیں ملا ہم نے دفتر رابطہ کیا ہے وہ کہہ رہے ہیں کہ تقریباً ایک ہفتہ لگے گا۔ میں نے سوچا کہ مجھے وہاں پر سورۃ الم نشرح کا فائدہ تو کم نظر آ رہا تھا لیکن اس کا فائدہ اب ہوا ہے جو میرا لائسنس ایک ہی دن میں بن کر گھر آ گیا ہے۔ **(محمد نبیل، لاہور)**

بدترین جام ٹریفک میں راستہ ملا

السلام علیکم! میرا نام مقصود احمد ہے۔ میں پیپر دینے کیلئے جا رہا تھا اس دوران راستے میں بدترین ٹریفک جام تھی اور میں یہ دیکھ کر پریشان ہو گیا کہ میں پیپر نہیں دے سکوں گا۔ امتحانی سنٹر پہنچنے کیلئے 15 منٹ کا راستہ تھا اور پیپر شروع ہونے میں

Qureshi

بھی تقریباً 20 منٹ ہی باقی تھے اور میں کہنے لگے کہ یہاں تو مجھے گھنٹوں لگ جائیں گے آج میں پیپر نہیں دے سکتا۔ اچانک میرے ذہن میں ''سورۃ الم نشرح'' کا خیال آیا اور میں نے ٹریفک کھلنے کی نیت سے پڑھنا شروع کر دی۔ یقین جانئے ابھی میں نے پڑھنا شروع ہی کی تھی میری سائیڈ سے راستہ کھلنا شروع ہوگیا اور ایک دم بہت سی ٹریفک رواں ہوگئی اور میں 1 منٹ 16 سیکنڈ پہلے پیپر میں پہنچ گیا۔

(مقصود احمد، لاہور)

اللہ پاک نے زبان کی گرہ کھول دی

السلام علیکم! میرا نام محمد عادل ہے۔ ابھی تھوڑی ہی دیر پہلے میری ہمت نہیں ہو رہی تھی کہ حضرت صاحب دامت برکاتہم کے سامنے بات کروں تو میں نے 3 بار سورۃ ''الم نشرح'' پڑھی تو اسکی برکت سے اللہ پاک نے میری زبان کی گرہ کھول دی۔ میں اپنے کچھ مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا تھا لیکن وقت کی کمی کے باعث میں ایک مشاہدہ بیان کر رہا ہوں کہ میں جب بھی گھر سے کام پر جانے کیلئے نکلتا ہوں راستے میں ٹریفک ہونے کی وجہ سے اکثر لیٹ ہو جاتا تھا لیکن جب سے ٹریفک کھلنے کی نیت سورۃ الم نشرح پڑھنی شروع کی ہے الحمدللہ! اس کے بعد سے میں آج تک کبھی لیٹ نہیں ہوا اور وقت سے کچھ دیر پہلے ہی کام پر پہنچ جاتا ہوں۔ یہ میرا بہت ہی آزمودہ عمل ہے۔ **(محمد عادل، لاہور)**

سب ویسے ہی پھنسے رہتے ہیں میں نکل جاتا ہوں

السلام علیکم! میرا نام محمد یوسف ہے۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جب کبھی بھی میں ٹریفک میں پھنستا ہوں تو 3 مرتبہ سورۃ ''الم نشرح'' پڑھ کر پھونک دیتا ہوں اللہ پاک اپنے فضل سے خود بخود راستہ بنا دیتے ہیں اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ صرف میں آگے نکل جاتا ہوں اور باقی سب لوگ ٹریفک میں ویسے ہی پھنسے رہتے ہیں لیکن مجھے راستہ مل جاتا ہے۔ **(محمد یوسف، لاہور)**

Dureshi

شدید رش صرف 2 منٹ میں ختم

السلام علیکم! میں اپنا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ آج میں جڑانوالہ سے جب بتی چوک پہنچا تو وہاں پر بہت لمبی لائینیں لگی ہوئی تھیں اور ٹریفک کا رش بھی بہت زیادہ تھا۔ میں نے اول و آخر 3 بار درود شریف کے ساتھ سورۃ ''الم نشرح'' پڑھنی شروع کردی اور اس کے پڑھنے سے صرف 2,3 منٹ میں سارا رش ختم ہوگیا اور ایک سکیورٹی اہلکار مجھے کہنا لگا کہ آپ یہاں سے ٹکٹ لے لیں۔ جب ٹکٹ لیکر بس میں سوار ہوا تو وہاں بھی بہت رش تھا وہاں پر ایک لڑکے نے کہا کہ آپ میری سیٹ پر بیٹھ جائیں میں کھڑا ہوجاتا ہوں۔ اس طرح میں اتنے شدید رش میں بآسانی اور وقت پر یہاں تسبیح خانہ میں آگیا۔ میں درس میں جو بھی سنتا ہوں اس عمل کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ اللہ پاک اس کے صدقے مجھے بہت نواز رہے ہیں۔

(محمد اسلم، رینالہ منڈی جڑانوالہ)

سورۃ الم نشرح نے بآسانی گھر تک پہنچادیا

السلام علیکم! پچھلی بار جب میں درس میں آیا تھا تو واپسی پر سواری نہیں مل رہی تھی۔ میں نے اس کی نیت سے سورۃ ''الم نشرح'' تین مرتبہ پڑھی تو کچھ ہی دیر میں ایک لڑکا موٹر سائیکل پر آیا اور آکر پوچھنے لگا کہ آپ نے کہاں جانا ہے؟ میں نے کہاں فلاں جگہ پر تو اس نے مجھے بٹھا کر مجھے میری منزل تک پہنچادیا حالانکہ اس کا روٹ وہ نہیں تھا جس طرف میں نے جانا تھا لیکن اس کے باوجود اس نے مجھے میری منزل تک پہنچادیا۔ یہ سب سورۃ الم نشرح کی برکت ہے کہ مجھے بآسانی اور فوراً سواری مل گئی۔

سفر میں مناسب اور بہترین سواری

جب بھی میں نے کہیں پر سفر جانا ہو اور اگر سواری نہ ملے تو میں اول و آخر درود شریف کے ساتھ 3 مرتبہ سورۃ ''الم نشرح'' پڑھ لیتا ہوں۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے بہت اچھی اور مناسب سواری مل جاتی ہے۔ (خدا بخش، گوجرہ)

Oureshi

شناختی کارڈ بنوانے میں آسانی

السلام علیکم! میرا نام احسان ہے۔ میں نے اپنی اہلیہ کا شناختی کارڈ بنوانا تھا جس کیلئے میں صبح 8 بجے نادرا کے دفتر پہنچا تو وہاں پہلے ہی 200 کے قریب لوگوں کی لائن لگی ہوئی تھی۔ جب میں نمبر لینے کیلئے گیا تو مجھے 158 واں نمبر ملا اور اس لائن میں بھی بہت رش تھا۔ میں نے سورۃ ''الم نشرح'' پڑھنا شروع کردی اور اللہ سے دعا کرنا شروع کردی کہ یا اللہ! اب کوئی مدد کر اور ہم 2 بجے سے پہلے ہی گھر پہنچ جائیں کیونکہ بچوں کو بھی چھٹی ہونی ہے اور میرے ساتھ ایک چھوٹا بچہ بھی ہے۔ میں سورۃ الم نشرح پڑھ رہا تھا جس کی برکت یہ ہوئی کہ ایک لڑکے نے 124 واں نمبر مجھے دے دیا کہ آپ یہ لے لیں اور اپنا نمبر مجھے دے دیں۔ میں یہ دیکھ کر حیران ہوا کہ اللہ پاک نے اتنی جلدی سن لی ہے اور ہم تقریباً 12 بجے کے قریب فارغ ہو کر گھر واپس آ گئے۔

(احسان، لاہور)

خدمت اور کام میں آسانی

السلام علیکم! ہم کچھ ساتھی تسبیح خانہ میں ڈرل مشین کیساتھ بجلی کا کچھ کام کر رہے تھے کہ سوراخ کرتے ہوئے بہت زور لگانا پڑ رہا تھا میں نے ساتھیوں سے کہا کہ سوراخ کرتے ہوئے سورۃ ''الم نشرح'' پڑھو ان شاء اللہ کام آسان ہو جائے گا۔ ہم سب نے کام کرتے ہوئے سورۃ الم نشرح پڑھنی شروع کی تو الحمد للہ! سوراخ بغیر زور لگائے بآسانی ہو گئے۔ حالانکہ پہلے ساتھی بہت زور آزمائی کر رہے تھے جس کے باوجود سوراخ بہت مشکل سے ہو رہے تھے۔ **(محمد فاروق)**

خراب آئی پیڈ ٹھیک ہو گیا

السلام علیکم! میرا نام ندیم سہیل ہے۔ میں تیسری بار یہاں تسبیح خانہ میں آیا ہوں۔ میں حضرت جی دامت برکاتہم کا بیان بہت عرصہ سے موبائل پر ڈاؤن لوڈ کر کے سن رہا تھا۔ ایک بار حضرت جی نے اپنے درس میں سورۃ ''الم نشرح'' کی تسبیح صبح و شام پڑھنے

Qureshi

کا بتایا تھا۔ جس کا میں مشاہدہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ ایک بار میرا آئی پیڈ خراب ہوگیا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوا۔ میں اسے لے کر حفیظ سنٹر گیا اور ساتھ ساتھ اس پر سورۃ الم نشرح پڑھ کر پھونک مارتا رہا۔ دکاندار اسے دیکھ کر پہلے تو کہنے لگا کہ اس کی فلاں چیز خراب ہے اور اتنے پیسے لگیں گے۔ میں نے سورۃ الم نشرح پڑھتے ہوئے اس سے کہا کہ یہ تو ٹھیک چل رہا تھا یہاں آکر کیسے خراب ہوگیا آپ دوبارہ چیک کریں۔ جب اس نے دوبارہ چیک کیا تو کہنے لگا کہ اس کا چارجر خراب ہے آپ کا موبائل تو بالکل ٹھیک ہے، آپ چارجر بدل لیں۔ میں نے وہاں سے چارجر لیا اور اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے باہر آگیا کہ اللہ تعالیٰ نے میرا 16000 ہزار روپے کا آئی پیڈ خراب ہونے سے بچالیا۔ **(ندیم سہیل، لاہور)**

سفر کے دوران بند راستے کھل گئے

السلام علیکم! میرا نام عمیر صابر ہے اور میں قصور سے آیا ہوں۔ میں نے عبقری رسالہ میں سورۃ الم نشرح کے بارے میں پڑھا تھا کہ اگر آپ کے راستے میں سفر وغیرہ کے دوران کوئی رکاوٹ ہو تو آپ سورۃ ''الم نشرح'' پڑھیں ان شاء اللہ آپ کے راستے صاف اور کھل جائیں گے۔ ایک بار میں نے لاہور شادی کے سلسلہ میں آنا تھا اور ٹائم بھی کم تھا۔ جب میں لاہور کے قریب پہنچا تو یہاں ٹریفک بہت بلاک تھی میں یہ دیکھ کر کہنے لگا کہ اب تو میں نہیں پہنچ پاؤں گا۔ پھر میرے ذہن میں سورۃ الم نشرح کا وظیفہ آیا اور میں نے ابھی راستے کھلنے کی نیت سے صرف تین چار بار پڑھی تھی کہ راستے کھلنا شروع ہوگئے اور میں وقت پر شادی والے گھر پہنچ گیا۔

(عمر صابر، قصور)

UPS کی خراب بیٹری دم کرنے سے ٹھیک

السلام علیکم! میرا نام طاہر ہے۔ میں ایک مشاہدہ بتا رہا ہوں کہ میرے گھر میں UPS لگا ہوا تھا جس کی بیٹری خراب ہوگئی میں نے اسے لے جا کر الیکٹریشن کو چیک

Qureshi

کروایا تو اس نے کہا کہ یہ بیٹری ڈیڈ ہو چکی ہے۔ مصروفیات کی وجہ سے وہ ڈیڈ بیٹری 3 ماہ تک ایک سائیڈ پر پڑی رہی۔ اس کے بعد جب گرمی زیادہ ہوئی تو اس کو تبدیل کرنے کیلئے میں نے اس بیٹری کو باہر نکالا تو میرے ذہن میں فوراً سورۃ ''الم نشرح'' کا عمل آیا۔ میں نے اپنی اہلیہ کو کہا کہ بیٹری 11 ہزار روپے کی آتی ہے کیا تم میرے 11 ہزار روپے بچانا چاہتی ہو؟ اس نے کہا وہ کیسے؟ میں نے کہا سارا دن سورۃ الم نشرح پڑھ کر بیٹری پر پھونکتی رہو۔ اس نے ایسا ہی کیا اور سارا دن پڑھ کر بیٹری پر پھونکتی رہی۔ اگلے دن ہم نے بیٹری کو UPS کے ساتھ لگایا تو بیٹری ٹھیک چلنا شروع ہو گئی اور اب تقریباً پونے تین گھنٹے تک چلتی رہتی ہے حالانکہ پہلے صرف 40 منٹ ہی بمشکل چلتی تھی۔ اللہ پاک نے سورۃ الم نشرح کی برکت سے خراب بیٹری ٹھیک کر دی۔ **(طاہر، لاہور)**

سکیورٹی اہلکار بند دروازے کھول دیتے ہیں

السلام علیکم! میں اکثر موتی مسجد جاتا رہتا ہوں لیکن کچھ عرصہ سے سڑک کی تعمیر کے باعث میں اندرونی راستوں سے جاتا ہوں جبکہ مسجد کے دروازے اندرونی راستوں کی طرف سے بند ہوتے ہیں میں سورۃ ''الم نشرح'' پڑھتا ہوا جاتا ہوں تو وہاں پر موجود ایک بندہ مجھے دیکھ کر دروازہ کھول دیتا ہے۔ اکثر اوقات وہاں پر بیرون ملک سے وفد دورے کیلئے آتے ہیں جن کی سکیورٹی کی وجوہات پر تمام دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں لیکن میں ہر اتوار کو سورۃ الم نشرح پڑھ کر چلا جاتا ہوں اور وہاں پہنچ کر بھی مسلسل سورۃ الم نشرح پڑھتا رہتا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک میرے تمام راستے کھول دیتے ہیں۔ الحمدللہ! **(محمد اعظم)**

گھر میں پردے کا خلل دور ہو گیا

السلام علیکم! جس مکان میں ہم رہتے تھے اس کے ساتھ ہی ہماری خالہ کا گھر تھا جن کے کچھ بچے ہمارے گھر میں رہنے کیلئے آ گئے، انہوں نے نیا مکان لینا تھا اور ان کے گھر میں جگہ نہیں تھی۔ ان کے آنے سے ہمارے گھر میں رش کا سماں تھا اور ہمارے

Qureshi

پردے میں خلل پڑ رہا تھا۔ میں نے سورۃ ''الم نشرح'' روزانہ 1000 کی تعداد میں پڑھنا شروع کر دی۔ جس کے پڑھنے کے دو دن بعد ہی اللہ پاک نے ان کے مکان کا سبب بنا دیا اور وہ خود بخود ہمارے گھر سے چلے گئے۔ (م۔ ی)

ہر قسم کے رش اور سفر میں آسانی

السلام علیکم! سورۃ الم نشرح کو میں نے ہر رش والی جگہ پر پڑھا۔ اگر کسی دکان پر دودھ لینے کیلئے جاؤں تو وہاں رش میں سورۃ ''الم نشرح'' پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس کی برکت سے میری باری جلدی آجاتی ہے۔ اگر کہیں سفر کے دوران رش میں ہوں تو سورۃ الم نشرح پڑھنے کی برکت سے میرے لئے راستہ کھل جاتا ہے اور مجھے سفر میں کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ (ارشد حسین)

حافظے میں برکت اور پرسکون نیند

السلام علیکم! میرا کام مائیک (سپیکر) پر لوگوں کو آگاہ کرنا ہے، میں ہر وقت سپیکر پر تقریباً سارا دن بولتا رہتا ہوں۔ اتنا بولنے سے میرا حافظہ کمزور ہونا شروع ہو گیا تھا اور رات کو جب میں جا کر سوتا تو میرے دماغ میں عجیب و غریب اور سارے دن کی آوازیں گونجتی رہتی تھیں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک بار درس میں فرمایا تھا کہ سورۃ ''الم نشرح'' 21 یا 40 مرتبہ پڑھ کر زیتون یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے سر میں لگائیں اس سے آپ کے حافظہ میں برکت ہوگی۔ میں نے یہ عمل کر کے صرف ایک دن ہی سر پر تیل لگایا تھا کہ جس اس دن میں اتنا بولا اتنا بولا کہ آپ سوچ نہیں سکتے۔ بعد میں جب رات کو گھر جا کر سویا تو مجھے بہت پرسکون نیند آئی اور میرا حافظہ بھی بہتر ہو گیا ہے۔ سورۃ الم نشرح کے اس عمل سے اللہ پاک نے مجھے بہت برکت دی ہے۔ (احسان احمد)

بچی صحت مند اور یادداشت واپس آگئی

السلام علیکم! میرا نام توقیر حیدر ہے۔ ڈیڑھ ماہ پہلے میری بھتیجی کا موٹر سائیکل کے

Qureshi

ساتھ ایکسیڈنٹ ہوگیا جس سے اس کے سر میں شدید چوٹ لگی جسے پتوکی سے لاہور جنرل ہسپتال میں لایا گیا جہاں پر ڈاکٹروں نے اس کا سی ٹی سکین کرنے کے بعد کہا کہ اس کے دماغ میں چوٹ لگی ہے۔ بہرحال اس کے کان اور ناک سے خون نکل آیا ہے جس کی وجہ سے چوٹ زیادہ گہری نہیں ہے۔ ڈاکٹروں نے ٹیسٹ وغیرہ کرنے کے بعد کچھ ادویات دی اور گھر بھیج دیا۔ جب بچی گاؤں واپس گئی تو اس کی یادداشت آہستہ آہستہ جانا شروع ہوگئی اور اسے بہن بھائیوں کا بھی کچھ پتہ نہیں تھا کہ وہ کتنے بہن بھائی ہیں، میں کہاں پڑھتی ہوں، کیا کھاتی پیتی ہوں۔ اس کے تمام گھر والے اس کی حالت دیکھ کر بہت پریشان تھے۔ میں نے انہیں کہا کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا ہے کہ سورۃ ''الم نشرح'' 41 مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کرکے بچی کے سر پر مالش کریں اور قطرہ قطرہ اس کے کانوں میں ڈالیں ان شاء اللہ بچی ٹھیک ہوجائے گی۔ انہوں نے یہ عمل پانچ یا سات مرتبہ کیا تو اللہ کی رحمت سے وہ کچھ ہی دنوں میں ٹھیک ہوگئی اور اس کی یادداشت واپس آگئی، اسے پرانی باتیں بھی یاد آگئی ہیں اور الحمدللہ! اب وہ کالج جانا شروع ہوگئی۔ جزاک اللہ! **(توقیر حیدر، لاہور)**

راستے خودبخود کھلنا شروع ہوجاتے ہیں

السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا کہ اگر کہیں بھی سفر کے دوران راستے میں رش ہو تو ''سورۃ الم نشرح'' پڑھ کر رش والی جگہ پر پھونک ماری جائے تو راستے خودبخود کھل جاتے ہیں۔ الحمدللہ! میں نے اس عمل کو بہت بار کیا ہے کہ جب میں کہیں سفر پر جاتا ہوں تو اکثر رش ہوتا ہے اور کئی گھنٹے لائنوں میں کھڑا ہونا پڑتا تھا۔ میں سورۃ الم نشرح پڑھ کر رش والی جگہ پر پھونک دیتا ہوں جس سے راستے فوراً ہی کھلنا شروع ہوجاتے ہیں اور میں آسانی سے اپنے راستے پر چلا جاتا ہوں۔ **(محمد نوید)**

پڑھائی میں کمزور بچوں کی پہلی پوزیشن

السلام علیکم! ہمارے بچے پڑھائی میں بہت ہی زیادہ کمزور تھے جس کی وجہ سے

Dureshi

ہم دونوں میاں بیوی بہت زیادہ پریشان رہتے تھے جس کیلئے ہم نے آپ دامت برکاتہم سے ملاقات کی تو آپ دامت برکاتہم نے ہمیں سورۃ الم نشرح کثرت کے ساتھ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو پلانے اور سارا دن کثرت کے ساتھ پڑھنے کیلئے فرمایا تھا جو ہم دونوں میاں تب سے پڑھ رہے ہیں۔ الحمدللہ! اس کے پڑھنے سے ہمارے بچے پڑھائی میں اچھے ہو گئے ہیں اور سب نے کلاس میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے بس بڑی بیٹی کو پوزیشن نہیں ملی لیکن وہ بہت ہی اچھے نمبروں میں پاس ہو گئی ہے۔ ہم تمام عمر آپ کیلئے دعا گو رہیں گے کہ آپ نے ہمارے بچوں کیلئے خصوصی شفقت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی نسلوں کی حفاظت اور ان کو ہمیشہ آباد رکھے۔ آمین!

(ص۔ الف)

”الملک القدوس السلام“ کے مشاہدات

گھٹنے کے درد کا کامیاب علاج

السلام علیکم! میرا نام طارق جاوید ہے۔ میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرے گھٹنے میں بہت زیادہ درد ہوتا تھا جس کی وجہ سے کبھی کبھی چلنا مشکل ہو جاتا تھا۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں ارشاد فرمایا تھا کہ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ 1 2 مرتبہ ”اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ“ پڑھا کریں۔ میں نے یہ عمل شروع کیا تو اس کی برکت سے چند ہی دنوں کے بعد الحمدللہ! گھٹنے کے درد سے ایسی شفاء ہوئی کہ اب تقریباً ایک سال ہو گیا کہ درد دوبارہ نہیں ہوا۔ **(طارق جاوید، لاہور)**

پیٹ کے پیچیدہ مسائل کا حل

السلام علیکم! میرا نام راحیل ہے۔ تقریباً 3 ماہ سے مجھے پیٹ کی بیماری یعنی لوز موشن اور کبھی قبض ہو جانا معمول بنی ہوئی تھی۔ میں نے اس کیلئے بہت سی ادویات لیں مگر کوئی

Qureshi

افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔ میرا چھوٹا بھائی ادھر تسبیح خانہ میں آتا ہے اس نے مجھے کہا بھائی جی آپ یہ وظیفہ ''اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ'' پڑھیں ان شاء اللہ آپ کے پیٹ کا مسئلہ ہو جائے گا۔ میں نے اللہ کے یہ تین نام پڑھنا شروع کیے اور ابھی چند دن ہی پڑھے تھے کہ اللہ پاک نے کرم کر دیا اور میرا پیٹ بالکل ٹھیک ہو گیا جو اب تک بالکل ٹھیک ہے۔ (راحیل، لاہور)

ازدواجی زندگی میں خوشحالی آگئی

السلام علیکم! میں آپ کو ''اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ'' کے وظیفہ کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ اس کی برکت سے میری ازدواجی زندگی میں بہت بڑی تبدیلی آئی ہے جو میں آپ کو کھل کر بیان نہیں کر سکتا۔ بس اتنا بتانا چاہتا ہوں میں نے اس کو جب سے پڑھنا شروع کیا ہے الحمدللہ! اس کی برکت سے ہم میاں بیوی کی ازدواجی زندگی میں خوشحالی آگئی ہے اور دونوں ایک دوسرے سے مطمئن ہیں۔ اس سے پہلے میری یہ زندگی بہت ہی نشیب و فراز کا شکار رہی ہے۔

حضرت جی نے فرمایا: کہ یہ وظیفہ زیر ناف بیماریوں سے نجات اور اللہ اسے شیطانی شر سے حفاظت فرماتا ہے اور پاکیزگی عطا فرماتا ہے۔ اس وظیفے کی برکت سے ازدواجی زندگی میں خوشیاں نصیب ہوتی ہیں۔

عبادات میں استغراق نصیب ہوگیا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں ہونے والا حضرت جی دامت برکاتہم کا درس سننے نیٹ پر براہ راست سنتا ہوں جس کی برکت سے مجھے بہت ہی فائدہ حاصل ہو رہا ہے درس میں ملنے والے وظائف اور دعا سے میری پریشانیاں اور مسائل ختم ہو گئے ہیں۔ ایک درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ہر نماز کے بعد یا صبح و شام ایک ایک تسبیح پڑھنے کیلئے 3 اسم ارشاد فرمائے تھے ''اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ'' جب سے میں نے یہ تسبیح پڑھنی شروع کی ہے الحمدللہ! مجھے

Qureshi

بہت زیادہ روحانیت ملنا شروع ہوگئی ہے، باغی نفس قابو میں آگیا ہے اور عبادات میں استغراق نصیب ہوگیا ہے۔ (الف۔ ح، اسلام آباد)

خواتین کے پوشیدہ امراض کیلئے مجرب وظیفہ

السلام علیکم! آج کل اکثر خواتین کو لیکوریا کی بیماری بہت زیادہ ہورہی ہے۔ میری گھر والی کو بھی یہی مسئلہ تھا حتیٰ کہ بیماری کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ وہ اگر نماز کیلئے وضو کرتی تو اس وضو سے مکمل نماز بھی نہ پڑھی جاتی۔ میں نے حضرت دامت برکاتہم کی ایک کتاب میں یہ وظیفہ پڑھا ''اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ'' جو بھی خاتون یہ کثرت سے پڑھے گی اس کا مرض ختم ہوجائے گا۔ میری اہلیہ نے بھی سارا دن یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیا اس کے ساتھ ساتھ سنت سمجھ کر دوائی بھی استعمال کی جو عبقری دفتر سے ''پوشیدہ امراض کا کورس'' کے نام سے ملتی ہے۔ الحمدللہ! اب اس کی بیماری بالکل ختم ہوگئی ہے۔ اس وظیفے کی برکت سے اور بھی بہت فائدہ ہوا ہے۔ (ن۔م)

زیرناف بیماریوں میں فائدہ

السلام علیکم! میرا نام مقصود ہے۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ''اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ'' کا ایک عمل بتایا تھا کہ اس عمل کو اپنی زیرناف بیماریوں کیلئے پڑھا کریں ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ میں نے یہ عمل اپنی ہمشیرہ کو بتایا تو انہوں نے چند بعد مجھے فون پر کر کے بتایا کہ بھائی جان اس عمل کی برکت سے ہمیں بہت زیادہ فائدہ ہورہا ہے۔ اللہ پاک آپ اور حکیم صاحب دامت برکاتہم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! (مقصود)

یوٹرس میں رسولیاں ختم

السلام علیکم! آپ دامت برکاتہم نے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ بار ''اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ'' پڑھنے کیلئے ارشاد فرمایا تھا وہ میں نے اپنی بہن کو بتایا تو اس نے اپنی ایک دوست کو یہ پڑھنے کیلئے بتایا کیونکہ اسے یوٹرس میں رسولیاں تھیں یہ

Qureshi

پڑھنے سے اسے بہت جلد فائدہ ہوا اور جس ڈاکٹر سے اس نے پہلے اس کا الٹرا ساؤنڈ کروایا تھا اسے دوبارہ چیک اپ کروایا تو اس نے کہا کہ آپ کو تو کوئی مسئلہ نہیں ہے آپ تو بالکل ٹھیک ہیں اور پوچھنے لگا کہ آپ نے کون سے دوائی استعمال کی ہے؟ اس نے بتایا کہ مجھے میری ایک دوست نے زیر ناف بیماریوں سے شفاء کیلئے ناف پر شہادت والی انگلی رکھ کر ہر فرض نماز کے بعد گیارہ بار سانس روک کر ''اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ'' پڑھنے کیلئے بتایا تھا یہ سب اس کے پڑھنے کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ اس وظیفے کو میں نے اور بھی بہت سے لوگوں کو بتایا ہے جنہیں چند ہی دنوں میں فائدے حاصل ہوئے ہیں۔ **(زمان، ساہیوال)**

شوگر ختم اور گردے ٹھیک ہو گئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام محمد بلال ہے میں احمد پور شرقیہ سے آیا ہوں۔ ابھی چند دن پہلے میری والدہ کی طبیعت بہت زیادہ خراب تھی اور ہم انہیں ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے اور ڈاکٹر نے میڈیکل رپورٹ کروائی تو بتانے لگے کہ ان کے گردے میں پتھری ہے اور آپ کی والدہ کو بلڈ شوگر ہے اور ایک گردہ پتھری کی وجہ سے خراب ہے اور دوسرے گردے کو شوگر کھا رہی ہے۔ جب والدہ گھر آئیں تو وہ کافی پریشان تھیں میں نے کہا امی جی پریشان نہ ہوں اور سب گھر والوں کو کہا کہ آپ امی کو جو بھی دوائی دیں اس پر ''اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ'' پڑھ کر دم کیا کریں۔ گھر والوں نے ایسا ہی کیا اور انہیں جب بھی دوائی دیتے دم کر دیتے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے اتنا کرم کیا ہے کہ ان کی شوگر بالکل ختم ہوگئی اور گردوں کا جب چیک اپ کروایا تو ڈاکٹر کہتے ہیں ان کے گردے بھی بالکل ٹھیک ہو چکے ہیں۔ **(محمد بلال، احمد پور شرقیہ)**

آپریشن کے بغیر پتھری نکل گئی

السلام علیکم! میرا نام محبوب خان ہے اور میں ضلع سوات کا رہائشی ہوں اور کام کے

Qureshi

سلسلے میں یہاں لاہور میں رہائش پذیر ہوں۔ عرصہ دراز سے میرے پیٹ میں شدید درد تھا جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا اور کبھی کم ہو جاتا اور درد بڑھ جاتا تھا اور دوائی کھانے کے باوجود کوئی افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے یہاں لاہور میں ڈاکٹر کو چیک کروایا تو اس نے کہا کہ اپنڈکس کا درد ہے اگر 24 گھنٹے کے اندر ٹھیک ہو گیا تو ٹھیک ہے ورنہ آپریشن کرنا پڑے گا اور کچھ دوائی بھی دیدی۔ میں ساری رات درد کی وجہ سے سو نہیں سکا۔ پھر مجھے درس میں ملنے والے اعمال کے بارے میں خیال آیا تو میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کا بتایا ہوا ''اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ'' کا وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا اور ساری مسلسل پڑھتا رہا اور جب صبح فجر کی نماز کیلئے اٹھا تو اللہ پاک نے کھجور کی گٹھلی کے برابر پتھری پیشاب کے ذریعے خود بخود ہی نکال اور میری آپریشن سے جان چھوٹ گئی اور اس کے بعد اس اب تک دوبارہ کبھی کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ (محبوب خان، سوات)

''یاھادی یاسلام'' کے مشاہدات

چند منٹ بعد ہائی بلڈ پریشر نارمل

السلام علیکم! میں حضرت جی دامت برکاتہم کے حکم کے مطابق آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ پرسوں رات کو میرا بلڈ پریشر ہائی ہو گیا جس کی وجہ سے میں اکیلا ہی رات 2 بجے ہسپتال گیا تو ہسپتال والوں نے کہا کہ آپ کو انجکشن لگوانا پڑے گا اور مجھے ایک انجکشن لکھ کر دے دیا۔ میں نے پوچھا انجکشن کی بجائے کوئی گولی دے دیں؟ کہنے لگے نہیں انجکشن ضروری ہے۔ بہرحال میں نے انجکشن نہیں لگوایا اسی دوران میرے دل میں خیال آیا کہ میں دوسرے لوگوں کو ایک عمل بتاتا ہوں کہ ''یَاھَادِیُ یَاسَلَامُ'' انگلی سے ہتھیلی پر لکھ کر سینے پر مل لیا کریں۔ یہ عمل میں خود کیوں نہیں کر رہا؟ گولیاں اور انجکشن کیوں ڈھونڈ رہا ہوں۔ میں نے اسی وقت یہ عمل کر کے دوبارہ بلڈ پریشر چیک کرایا تو بالکل نارمل تھا۔ (قمر محمود، بہاولپور)

Qureshi

''یاھادی یارحیم'' کے مشاہدات

ڈراؤنے خوابوں نے پیچھا چھوڑ دیا

السلام علیکم! میرا نام محمد عمر ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں تسبیح خانہ میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کے درس سے ملنے والے وظائف لوگوں میں تقسیم کرتا رہتا ہوں جس کی برکت سے لوگوں کے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ میرے چھوٹے بھائی کو ڈراؤنے خواب بہت زیادہ آتے تھے میں نے اسے کہا کہ ''یَاھَادِیُ یَارَحِیْمُ '' پڑھتے پڑھتے سوجایا کرو۔ الحمدللہ! اب اسے ڈراؤنے خواب نہیں آتے اور وہ بہت سکون کی نیند سوتا ہے۔ (محمد عمر)

اعمال کا ہدیہ کرنے سے قرض کی وصولی

السلام علیکم! میں حضرت جی دامت برکاتہم کے درس سے جو بھی اعمال سنتا ہوں وہ آگے لوگوں کو پڑھنے کیلئے بتاتا رہتا ہوں جس کے مجھے بہت سے مشاہدات مل رہے ہیں۔ ہمارے محلے میں ایک بابا جی نے کسی سے 6 لاکھ روپے کا قرض واپس لینا تھا لیکن وہ شخص واپس دینے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ میں نے ان بابا جی سے کہا کہ آپ کثرت سے ''یَاھَادِیُ یَارَحِیْمُ '' پڑھ کر اس بندے کی روح کو ہدیہ کریں ان شاء اللہ وہ خود آکر آپ کے پیسے واپس دے گا۔ آج صبح ان بابا جی نے مسجد میں مجھے بتایا کہ میں نے تقریباً ایک ہزار بار ''یَاھَادِیُ یَارَحِیْمُ '' پڑھ کر اس شخص کی روح کو ہدیہ کیا تو وہ الحمدللہ خود آکر ایک لاکھ روپے دے گیا ہے اور باقی ابھی اس کے پاس پیسے نہیں تھے وہ بھی تھوڑے تھوڑے کر کے دینے کا وعدہ کر گیا ہے۔ (محمد عمر، لاہور)

غلطی سے دیئے پیسوں کی واپسی

السلام علیکم! میں نے اپنے دوست کو بتایا ہوا تھا کہ ''یَاھَادِیُ یَارَحِیْمُ '' کثرت سے پڑھا کرو۔ اس نے پڑھنا شروع کر دیا۔ ایک دن وہ والد صاحب کی

Oureshi

پرچون کی دکان پر بیٹھا تھا کہ ایک گاہک آیا اس نے اسے کچھ سامان وغیرہ دیا لیکن غلطی سے گاہک سے پیسے لینے کی بجائے اپنے ہاتھوں میں پکڑے ہوئے پیسے گاہک کو تھما دیے۔ گاہک چلا گیا، تھوڑی دیر بعد اسے یاد آیا تو وہ بہت پریشان ہوا اسے یہ بھی ڈر تھا کہ اس کے والد صاحب آ کر اسے ڈانٹیں گے۔ اس نے "یَاهَادِیُ یَارَحِیْمُ" توجہ اور یقین کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا اور تقریباً ایک گھنٹہ مسلسل پڑھتا رہا کچھ ہی دیر بعد وہ گاہک واپس آیا اور آ کر اس کے پیسے بھی دے گیا اور جو سامان کے پیسے بنتے تھے وہ بھی دے گیا۔ **(محمد عمر)**

باس کی نفرت محبت میں بدل گئی

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے درس میں "یَاهَادِیُ یَارَحِیْمُ" کا عمل بتایا تھا اور فرمایا تھا کہ اگر کسی کا باس، افسر یا ہیجڑوں کو ان کا گرو تنگ کرتا ہو تو اس کیلئے یہ پڑھیں اس سے وہ مہربان ہو جائے گا۔ اس جمعہ میرے ایک کولیگ نے مجھے بتایا کہ میرا باس مجھے بہت تنگ کر رہا ہے اور میرے خلاف مختلف قسم کی سازشیں کر رہا ہے۔ میں نے یہ عمل اپنے پاس لکھا ہوا تھا جو میں نے اسے بتا دیا اور اس نے پڑھنا شروع کر دیا۔ قدرتی طور پر آج یہاں آنے سے پہلے میری اس سے ملاقات ہوئی تو میں نے پوچھا سناؤ وہ عمل کر رہے ہو؟ کہنے لگا کہ یار وہ تو بہت کمال کا عمل ہے ابھی میں باس کے پاس سے آ رہا ہوں وہ مجھ سے بڑا خوش ہے اور میرے کام پر بہت راضی ہے۔ اللہ کرے کہ آئندہ بھی ایسا ہی رہے۔ میں نے کہا آپ اس عمل کو جاری رکھیں تو اس کی نفرت ہمیشہ کیلئے محبت میں تبدیل ہو جائے گی۔ **(محمد انیس)**

یَاهَادِیُ یَارَحِیْمُ کی برکت سے نمازی بن گیا

السلام علیکم! میں جب بھی نماز پڑھنے کیلئے جاتا ہوں تو راستے میں ایک نائی کی دکان ہے جو میرا دوست ہے میں اسے بہت عرصے سے کہہ رہا تھا کہ میرے ساتھ نماز پڑھنے چلو لیکن وہ ٹال مٹول کر دیتا تھا۔ میں نے درس میں "یَاهَادِیُ یَارَحِیْمُ" کا

Qureshi

وظیفہ سنا تھا جو میں نے اپنے اس دوست سے کہا کہ یار تو کچھ اور نہ کر بس یہ اللہ کے دو صفاتی نام یہ ہی پڑھ لیا کرو۔ کچھ دنوں بعد میں مسجد میں گیا تو وہ پہلی صف میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا۔ اب تقریباً 4 دن ہو گئے روزانہ پہلی صف میں کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے۔ یہ ''یَاھَادِیُ یَا رَحِیۡمُ'' کے نام برکت ہے۔ اللہ پاک سب کو نماز پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! **(حبیب اللہ)**

لڑکی نے بھائی کی جان چھوڑ دی

السلام علیکم! میرا نام محمد عثمان اور شرقپور سے میرا تعلق ہے۔ تقریباً 2 اڑھائی سال پہلے میرا بھائی فیس بک پر چیٹنگ کیا کرتا تھا جس کے دوران فلپائن کی لڑکی کے ساتھ اس کی دوستی ہو گئی اور معاملہ بڑھتے بڑھتے ان کی آپس میں محبت تک پہنچ گیا۔ میری بھابھی کو یہ بات بہت ناگوار گزرتی تھی کیونکہ میرا بھائی اس کا ذکر ہر کسی سے کیا کرتا تھا۔ میں نے اپنی بھابھی کو اس مسئلے کی نیت کر کے ''یَاھَادِیُ یَا رَحِیۡمُ'' ہر وقت پڑھنے کا کہا۔ انہوں نے یہ پڑھنا شروع کر دیا، پہلے تو معاملہ اور بھی زیادہ بڑھ گیا اور بھائی گھر میں جھگڑنے بھی لگ گیا اور اس لڑکی کے خلاف کوئی بات بھی نہیں سنتا تھا لیکن ایک ماہ کے اندر اندر اللہ پاک نے ایسا کوئی معاملہ بنایا کہ اس لڑکی نے خود ہی بھائی کو چھوڑ دیا اور ابھی تک ان کی دوبارہ بات چیت نہیں ہوئی۔ **(محمد عثمان، شرقپور)**

''حٰم لاینصرون'' کے مشاہدات

وظیفہ پڑھتے ہی گانا بند ہو گیا

السلام علیکم! مجھے حضرت جی دامت برکاتہم کی طرف سے ایک خاص وظیفہ ملا ہوا ہے ''حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' میرے ایک دوست ہیں ایک دن میں بیٹھا وظیفہ پڑھ رہا تھا کہ اس دوران ان کے موبائل فون کی گانے والی بیل بجنا شروع ہو گئی جس کی وجہ سے میرے اعمال کرنے میں خلل پیدا ہو رہا تھا۔ میں نے ان کا موبائل ہاتھ میں لیکر وظیفہ

Oureshi

پڑھا تو فوراً ان کے موبائل کی بیل بند ہوگئی۔ دوسری مرتبہ پھر وہ گانا چل چلا تو میں نے پھر موبائل ہاتھ میں پکڑ کر اپنا وظیفہ پڑھا تو ان کا موبائل ہینگ ہوگیا وہ حیران ہوگئے کہ اسے کیا ہوگیا ہے۔ اب جب کبھی بھی مجھے کوئی دقت وغیرہ پیش آتی ہے تو میں یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیتا ہوں جس کے پڑھتے ہی مجھے اس مشکل یا پریشانی سے نجات مل جاتی ہے اور میں اللہ پاک کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے اس کلام کی برکت سے اس مصیبت سے چھٹکارا دلا دیا ہے۔ (ع۔ب)

نقصان سے حفاظت

السلام علیکم! میرا نام بلال ہے اور میں ملتان سے آیا ہوں۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے مجھے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ اور بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' کی تسبیح پڑھنے کیلئے بتائی تھی۔ میں نے اسی دن پڑھنا شروع کردی جس کے پڑھنے سے میرے ساتھ دو تین مشاہدات ہوئے اور مختلف مسائل کے دوران اس کے پڑھنے سے میری کافی مدد ہوئی۔ ایک چھوٹا سا واقعہ یہ بھی ہوا کہ میرے پورے گھر کی چابیاں میری جیب میں تھیں جو میں اپنی گاڑی کی چھت پر رکھ کر بھول گیا اور ڈیوس روڈ سے اسٹیشن تک چلتا گیا اور چابیاں گاڑی کی چھت پر ہی پڑی رہیں راستے میں ایک موٹر سائیکل سوار نے مجھے روک کر کہا کہ جناب! آپ کی گاڑی پر چابیاں پڑی ہوئی ہیں جو گرنے والی ہیں۔ میں نے گاڑی ایک سائیڈ پر روک کر دیکھا تو وہ گھر کی چابیاں تھیں اگر وہ کہیں گر جاتی تو مجھے بہت زیادہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وظیفہ کی برکت ہے کہ اتنے لمبے سفر میں بھی چابیاں اپنی جگہ محفوظ رہی اور میں پریشانی سے بچ گیا۔ **(محمد بلال، ملتان)**

حم لاینصرون سے ملی شفاء

السلام علیکم! میرا نام عثمان ہے اور میں پہلی مرتبہ حکیم صاحب کی زیارت کیلئے حاضر ہوا ہوں۔ 2 ماہ قبل میں نے عبقری دفتر سے ایک دوائی استعمال کرنے کے بعد رابطہ

Qureshi

کر کے بتایا کہ میرے ساتھ یہ مسئلہ ہے جس پر حضرت صاحب کے اسسٹنٹ صاحب نے کہا کہ آپ کے گھر سے صدقہ نہیں نکل رہا بغیر انٹروڈکشن انہوں نے یہ کہا۔ میں نے کہا میں میڈیکل پوائنٹ آف ویو سے پوچھ رہا ہوں۔ انہوں نے کہا آپ ہر جمعرات صدقہ نکالیں۔ اس سے پہلے میری یہ کیفیت تھی کہ میں کسی کے ساتھ دشمنی کی وجہ سے ایک سال تک رات کو نہیں سویا تھا۔ جب میں نے صدقے والا عمل اور ''ختم لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' کا عمل کیا تو اللہ پاک نے صرف 16 دن میں ہی مجھے سکون و راحت نصیب کر دیا اور جو میری دشمنی چل رہی تھی اسکے بھی ختم ہونے کے آثار نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔ اس وظیفے کی اور بھی بہت سی برکات حاصل ہو رہی ہیں۔ **(عثمان)**

گھر بیٹھی ہمشیرہ کو شوہر واپس لے گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

السلام علیکم! ہماری دکان پر ایک آدمی آیا اور اس نے کہا کہ ایک (ڈبوں والی میتھ کی) کاپی دے دیں، میں نے اس پر وظیفہ لکھنا ہے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا مسئلہ ہے کیا لکھنا ہے؟ تو اس نے کہا کہ میری ہمشیرہ کا مسئلہ ہے وہ گھر بیٹھی ہوئی ہے اس کے شوہر اس کو لینے نہیں آ رہے۔ میں نے اس کو ''ختم لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' والا وظیفہ پڑھنے کیلئے بتا دیا میں نے کہا کہ جو آپ نے لکھوایا ہے اس کو بھی پڑھیں اور ''ختم لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' کو سارے گھر والے کثرت سے پڑھیں۔ کہنے لگا ٹھیک ہے اور چلا گیا۔ کچھ دنوں کے بعد دوبارہ میری دکان پر آیا اور بتانا لگا کہ آپ کا شکریہ اس عمل کی برکت سے میرے بہنوئی کا فون آیا تھا اور کہنے لگے کہ میں پیسے بھجوا رہا ہوں اور کچھ ہی دنوں بعد خود آ کر میری ہمشیرہ کو لے گئے ہیں۔ **(ف۔ الف)**

دیرینہ الرجی ختم ہو گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد کامران ہے اور میری چینو راما شاپنگ سنٹر میں گارمنٹس کی دکان ہے۔ میرے جسم پر عرصہ دراز سے الرجی تھی جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی

Oureshi

اس کے لئے میں ایک حکیم صاحب سے علاج کروا رہا تھا جن سے کوئی افاقہ نہ ہوا تھا تو انہوں نے خود مجھے حضرت حکیم صاحب کا ایڈریس دیا کہ آپ ان کے پاس چلے جائیں ان شاءاللہ آپ کو وہاں سے شفاء ملے گی۔ میں جب عبقری دفتر آیا تو مجھے حضرت حکیم صاحب سے ٹائم لینے کی ترتیب کا بتایا گیا کہ آپ دامت برکاتہم سے ملنے کیلئے پہلے فون پر ٹائم لینا پڑتا ہے۔ کافی کوشش کے بعد مجھے ٹائم ملا تو حضرت حکیم صاحب نے پڑھنے کیلئے ''حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' کا وظیفہ پڑھنے کیلئے اور ساتھ دم والا صابن استعمال کرنے کیلئے دیا جو میں نے کچھ ہی کیا تو ماشاءاللہ بہت فرق ہے، داغ بھی ختم ہوتے جا رہے ہیں اور جو الرجی تھی وہ بھی ختم ہوگئی ہے۔ **(محمد کامران)**

حم لاینصرون سے بازو جڑ گیا

السلام علیکم! میں پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر ہوں میرا 2 سال کا ایک بیٹا ہے جو جمعہ والے دن کہیں گر گیا اور اس کے بازو پر چوٹ آ گئی۔ میں نے چیک کیا تو معمولی سی چوٹ محسوس ہوتی تھی لہٰذا میں نے اس کے بازو پر پٹی باندھ کر بروفن کا سیرپ پلا دیا۔ شام کو جب میں گھر آیا تو اس کا بازو درد کی وجہ سے ہل ہی نہیں رہا تھا جیسے تیسے رات گزاری صبح اٹھ کر میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے بات کی۔ اس کے بعد بچے کا ایکسرے کروا کر ایک آرتھوپیڈک سپیشلسٹ کو دکھایا تو وہ کہنے لگا کہ اس کی کہنی میں سے ایک پلیٹ اپنی جگہ سے ہل گئی ہے اس کا آپریشن کرنا پڑے گا۔ اس وقت تو میں اسے گھر لے آیا کیونکہ وہ بتا رہے تھے کہ آج کی لسٹ مکمل ہو چکی ہے آپ بدھ والے دن آ کر نام لکھوالیں اور جمعرات کو آپریشن کر دیا جائے گا۔ میں بہت پریشان تھا اس دوران میں حضرت جی دامت برکاتہم کا بتایا ہوا ذکر ''حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' کثرت سے پڑھتا رہا اور میرا معمول ہے کہ الحمدللہ! میں روزانہ بہت زیادہ صدقہ و خیرات کرتا ہوں اور ان دنوں بھی صدقہ دیتا رہا۔

اگلے دن شام کے وقت حضرت جی دامت برکاتہم سے بات ہوئی تو حضرت جی

Qureshi

دامت برکاتہم نے بیٹے کے متعلق پوچھا اور دعا فرمائی۔ رات کو ساڑھے نو بجے جب میں گھر گیا تو بچہ آرام سے لیٹا ہوا تھا لیکن نہ جانے کیسے میں نے اچانک کہا اٹھو بیٹے اپنی جیکٹ پہنو۔ یقین جانئے جس کا پہلے بازو بل بھی نہیں رہا تھا اس نے آرام سے اپنی جیکٹ پہن لی اور مجھ سے پہلے کی طرح کھیلنے لگ گیا۔ اس کے بعد سے ابھی تک وہ مکمل طور پر ٹھیک ہے حالانکہ وہ آرتھو پیڈک سپیشلسٹ کی بات سن کر میں انتہائی پریشان ہوگیا تھا لیکن اللہ کا کرم ہوا کہ اعمال کی برکت اور حضرت دامت کی دعا کی برکت سے سے میرا بیٹا آپریشن سے بچ گیا۔ (ڈاکٹر محمد طارق)

ٹاؤن کمیٹی والوں نے خود معافی مانگی

السلام علیکم! ہمارے کراچی میں ایک صاحب دکاندار ہیں جن کی ایک دیوار بنی ہوئی تھی وہاں ٹاؤن کمیٹی والے آئے اور کہنے لگے کہ اسے توڑ دو پھر خود ہی وہ دیوار گرا کر چلے گئے۔ وہ پریشانی کے عالم میں میرے پاس آکر کہنے لگے کہ یار کسی سے سفارش کرواؤ کہ یہ دیوار دوبارہ بن جائے۔ میں نے کہا چھوڑو سب سفارشوں کو اور آپ ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' پڑھو ان شاء اللہ ان کا باپ بھی آکر دیوار تعمیر کر کے دے گا۔ اسی دن 2 گھنٹے بعد وہ ہنستا ہوا میرے پاس آیا۔ میں نے کہا کیا بنا؟ وہ کہنے لگا کہ ٹاؤن کمیٹی والے خود آئے تھے اور کہہ رہے تھے کہ آپ یہ دیوار دوبارہ بنا لو آپ کی مہربانی اس معاملے کو یہیں پر ختم کر دو۔ (فرقان، کراچی)

بھائی کی کمر درد چند سیکنڈ میں ختم

السلام علیکم! میرا نام محمد سمریز ہے اور لاہور کا رہائشی ہوں۔ میرے بھائی کو پچھلے دنوں جسم میں اتنا درد ہوا جو ہسپتال لے جاتے ہوئے راستے میں اور بڑھ گیا جیسے نزع کی حالت ہوجاتی ہے۔ میرے ذہن میں فوراً ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' والے عمل کا وظیفہ آیا میں نے پوری توجہ اور دھیان کے ساتھ بھائی کی نیت کر کے پڑھا تو اس کو چند ہی سیکنڈ میں آرام آگیا اور وہ اسی وقت ہی اٹھ کر رکشے میں بیٹھ کر ہنسنا کھیلنا شروع

Qureshi

ہو گیا۔ اس وظیفہ کے اور بھی بہت سے کمالات اور مشاہدات مجھے حاصل ہوئے ہیں۔

(محمد سمریز، لاہور)

سی این جی بچت پیکج

السلام علیکم! میں نے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا ایک ذاتی تجربہ کیا ہے کہ جب میں سفر کرتا ہوں تو میری گاڑی میں ڈیڑھ سلنڈر سی این جی لگتی تھی۔ ایک دن سی این جی کی چھٹی تھی میں نے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا ورد کیا کیونکہ اس وقت میری گاڑی میں سی این جی اور پٹرول بہت کم تھا جس کی وجہ سے مجھے ڈر تھا کہ سی این جی راستے میں ہی ختم نہ ہو جائے اور راستے میں کوئی پٹرول پمپ بھی نہیں تھا جس سے پٹرول ڈلوا لیتا۔ پھر میں نے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا ورد کرنا شروع کر دیا اور ساتھ سی این جی والی ٹینکی پر دم کر دیا جس کی برکت سے الحمدللہ! میں نے ایک ہی سی این جی کی ٹینکی پر سفر پورا کر لیا اور بغیر کسی پریشانی کے اپنی منزل تک پہنچ گیا۔ الحمدللہ! اس وظیفے کی برکت سے اب پورے سفر میں ہمارا صرف ایک ہی سلنڈر استعمال ہوتا ہے۔ **(توقیر بھٹی)**

بھابی اور نند کے گھریلو حالات ٹھیک ہو گئے

السلام علیکم! میرا نام شہباز ہے میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہو کہ میری چھوٹی ہمشیرہ کے گھریلو حالات بہت برے چل رہے تھے میں نے اسے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' والا وظیفہ دیا اور اس کے فوائد بتانا شروع کر دیئے ابھی میں فوائد بتا ہی رہا تھا کہ اسکی نند پاس کھڑی تھی کہنے لگی شہباز بھائی میرے شوہر بھی 2,3 ماہ سے فارغ ہیں روزانہ کام پر جاتے ہیں لیکن کوئی بچت نہیں ہوتی۔ میں نے کہا اللہ کا نام ہے آپ بھی پڑھا کریں اللہ آپ کو بھی اپنے نام کی برکت سے دے گا۔ اس نے کچھ عرصہ بعد ہی بتایا کہ میرے شوہر کو وہاں پر جاب مل گئی جہاں سے اسے جواب ہوا تھا اب ہم خوشحال ہیں۔ میری ہمشیرہ کے گھریلو حالات بہت بہتر ہو گئے ہیں اور اب ان کے شوہر بھی کام پر جاتے ہیں۔ **(محمد شہباز)**

Qureshi

بندہ خود بخود گھر آ کر پیسے دے گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! پچھلے دنوں ہم منچن آباد درس میں گئے وہاں پر حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' وظیفہ کے مشاہدات اور کمالات کے بارے میں ارشاد فرمایا۔ جب سے میں نے یہ سنا ہے اس کے بعد ہمارا کوئی بھی مسئلہ ہو میں اپنی بچی سے کہتا ہوں کہ ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' والا وظیفہ کرو تو اس کی برکت سے ہمارا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ ہمارے ایک دوست کی تعلیمی درسگاہ ہے وہ کہنے لگے کہ میں نے کسی سے 15 ہزار روپے لینے ہیں لیکن وہ دے نہیں رہا۔ میں نے کہا ہمارے حضرت صاحب دامت برکاتہم بتاتے ہیں کہ کوئی بھی مسئلہ ہو تو ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' والا وظیفہ پڑھیں اور آپ کی تو تعلیمی درسگاہ ہے آپ بچوں سے یہ وظیفہ پڑھوائیں ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ انہوں نے بچوں سے پڑھوانا شروع کیا تو جس بندے سے انہوں نے پیسے لینے تھے وہ خود بخود شام کو آ کر پیسے دے گیا۔

(مطلوب احمد، میلسی)

دفعہ 302 کے مقدمہ سے چھٹے دن رہائی

السلام علیکم! چند ماہ پہلے میرا بیٹا اور اس کے کچھ دوست کسی ناجائز کیس میں پھنس گئے تھے جو بے گناہ تھے لیکن ان پر دفعہ 302 لگ گئی ہم بہت زیادہ پریشان تھے اور ہم اس مسئلے کیلئے حضرت صاحب دامت برکاتہم کے پاس آئے تو حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ہمیں فرمایا کہ ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ. لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ'' سوا لاکھ مرتبہ گھر کے تمام افراد پڑھیں۔ ہم نے بھرپور طریقے سے پڑھا حتیٰ کہ رات 2 بجے تک ہم جیل کے باہر بیٹھ کر پڑھتے رہتے تھے اور بچے مسلسل جیل کے اندر پڑھتے تھے۔ اللہ کے فضل اور اس وظیفے کی برکت سے مخالف پارٹی سے صلح ہو گئی اور چھٹے دن بچے باہر آ گئے اور

Oureshi

الحمدللہ! وہ بچے اس وقت حضرت صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ ایسا معجزہ ہے کہ جسے بھی بتاتے ہیں وہ مانتے ہی نہیں لیکن اللہ کے فضل سے یہ واقعہ اسی سال ہمارے ساتھ پیش آیا تھا۔ (الف۔ ب)

اقامہ ری نیو (Renew) ہوگیا

السلام علیکم! میرا نام مطلوب احمد ہے۔ میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں ایک عمل ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا بتایا تھا۔ میرے ایک دوست نے اپنے بیٹے کو مکہ مکرمہ میں اپنے پاس بلایا جس کا نیا اقامہ بنتا تھا ان کا بہت سال سے اقامہ ری نیو (Renew) ہونا تھا۔ انہوں نے ایک بندے سے رابطہ کر کے اسے اقامہ کے کاغذات وغیرہ دیئے تو اس بندے نے ان کو خراب کرنے کیلئے ان کو کچھ دنوں کے بعد کہا کہ آپ کے کاغذات گم ہو گئے ہیں۔ وہ ایک دو دن تک بہت پریشان رہے۔ میں نے ان کو ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' والا عمل بتایا۔ ابھی انہوں نے 5 دن ہی یہ عمل پڑھا تھا کہ اس بندے نے آ کر خود معافی مانگی اور انہیں کاغذات واپس کر دیئے اور ان کے ایک ہفتے میں اقامے بن گئے۔

(مطلوب احمد، مکہ مکرمہ سعودی عرب)

''حم لاینصرون'' ایٹم بم کی حیثیت رکھتا ہے

السلام علیکم! میرا نام محمد عامر ہے اور میں ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں درس سننے کیلئے آتا ہوں جس سے مجھے بہت زیادہ نفع مل رہا ہے۔ ایک بار میں نے درس میں ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' وظیفہ کے کمالات سنے تھے اور اس کی حضرت جی دامت برکاتہم نے اجازت بھی دی تھی۔ الحمدللہ! میں نے جس مقصد کیلئے بھی یہ وظیفہ کیا ہے اسے ایٹم بم کی طرح مجرب پایا ہے۔ (محمد عامر)

بھائی کے دوست نے گھڑی واپس کر دی

السلام علیکم! میرا نام محمد عمر ہے۔ میرے چھوٹے بھائی کے ایک دوست نے اس

Qureshi

سے گھڑی لی ہوئی تھی لیکن بعد میں واپس نہیں کر رہا تھا۔ میں نے بھائی کو ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' پڑھنے کیلئے بتایا کہ تم اپنی گھڑی کی واپسی کی نیت سے یہ وظیفہ پڑھو ان شاء اللہ تمہاری گھڑی واپس مل جائے گی۔ الحمدللہ! اس کے پڑھنے کی برکت سے اس کے دوست نے خود ہی اس کی گھڑی واپس کر دی۔ **(محمد عمر، لاہور)**

دعا لفظ بہ لفظ قبول ہو جاتی ہے

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا وظیفہ دیا ہوا ہے جو اب تک میں کئی لاکھ مرتبہ پڑھ چکا ہوں۔ الحمدللہ! جب کبھی بھی کوئی پریشان کن معاملات پیش آتے ہیں تو دعا کرتا ہوں اور الحمدللہ! کبھی کبھی تو 3 دن میں ہی وہ دعا لفظ بہ لفظ قبول ہو جاتی ہے اور کبھی 10/11 دن کے اندر اندر وہ مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ **(نعمت، کراچی)**

چند ہفتوں میں پھلبہری کا نام ونشان تک نہ رہا

السلام علیکم! میں نوشہرہ فیروزاں سے آیا ہوں۔ میرے ایک استاد قاری امیر علی رند صاحب نے مکہ مدینہ میں ایک شخص کے ہاتھوں پر پھلبہری دیکھتے ہوئے اسے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا وظیفہ پڑھنے کیلئے بتایا کہ تم اس کی نیت سے یہ عمل مسلسل کچھ عرصہ کرو گے تو ان شاء اللہ تمہاری پھلبہری جڑ سے ختم ہو جائے گی۔ تقریباً تین ماہ بعد میرے استاد جی اس شخص کو ملے تو انہوں نے اسکے ہاتھ چیک کئے تو اس کے ہاتھوں سے پھلبہری کا نام ونشان تک نہیں تھا۔ استاد جی نے اس سے عمل کے بارے میں پوچھا تو وہ بتانے لگا کہ یہ بہت ہی مجرب عمل ہے اس سے میرے اور بھی جسمانی مسائل حل ہو گئے ہیں۔ **(نوشہرہ فیروزاں)**

3 دن میں مرضی کی ٹرانسفر ہو گئی

السلام علیکم! میرے پاس دفتر میں بہت سے دوست وغیرہ آتے رہتے ہیں میں انہیں اعمال کی تلقین کرتا رہتا ہوں ان میں سے کچھ تو اعمال کرنے کے بعد بتاتے بھی

Qureshi

ہیں کہ ان کو فائدہ ہوا ہے۔ ایک بار میرا ایک انسپکٹر دوست آیا کہ فلاں ڈی آئی جی میرا ٹرانسفر نہیں کر رہا حالانکہ میں نے وزیر اعلیٰ ہاؤس سے فون بھی کروایا ہے پھر بھی وہ مان نہیں رہا۔ اس کیلئے مجھے کوئی وظیفہ دو جو میں بآسانی پڑھ سکوں۔ میں نے اسے کہا کہ یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے تم بس یقین کے ساتھ تین دن ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' والا وظیفہ پڑھو اور رب کعبہ کی قسم ڈی آئی جی تو کیا وزیر اعظم بھی تمہارا ٹرانسفر نہیں روک سکتا۔ وہ مجھ سے وظیفہ لے کر چلا گیا اور چوتھے دن فون کر کے کہنے لگا بھائی جی مبارک ہو میرا کام ہو گیا ہے ڈی آئی جی صاحب نے میرا ٹرانسفر کر دیا ہے۔ ساتھ پوچھنے لگا کہ میں اس وظیفے کو اور بھی مقاصد کیلئے استعمال کر سکتا ہوں؟ میں نے کہا ہاں! ضرور کر سکتے مگر وہ کام جائز اور حق پر ہو تو پھر کرنا ورنہ نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ (نوشہرہ فیروزاں)

ڈاکٹر خود حیران کہ مریضہ قومے سے باہر کیسی آگئی

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میری خالہ شدید بیمار تھیں وہ ہسپتال میں وینٹی لیٹر پر تھیں اور ان کے روزانہ کی بنیاد پر ڈائیلاسز ہو رہے تھے۔ ان کی حالت بہت ہی زیادہ خراب تھی۔ میں نے ان کے بیٹوں کو کہا کہ آپ ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا وظیفہ پڑھیں ان شاء اللہ خالہ جلدی ٹھیک ہو جائیں گی۔ ان کے بیٹوں کا رجحان ادویات پر زیادہ تھا پھر بھی انہوں نے میرے اصرار پر پڑھنا شروع کر دیا اور ساتھ میں بھی وہیں پر کھڑا پڑھتا رہا۔ پھر ایسا ہوا کہ خالہ وینٹی لیٹر سے قومے میں چلی گئیں اور ڈاکٹروں نے بالکل ہی جواب دے دیا۔ اگلے دن خالہ کو ہوش میں آنے کے بعد وینٹی لیٹر پر لایا گیا۔ میں نے وہاں ڈاکٹروں کو باتیں کرتے ہوئے خود سنا کہ وہ کہہ رہے تھے یہ تو کوئی معجزہ ہی ہے ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ کوئی مریض وینٹی لیٹر سے قومے میں گیا ہو اور پھر ہوش میں آ کر صحیح سلامت حالت میں سنبھل گیا ہو۔ میں نے ان کے بیٹوں سے کہا آپ مسلسل یہ وظیفہ پڑھتے رہیں انشاء اللہ خالہ مزید بہتر ہو کر گھر چلی جائیں گی۔ (عرفان قریشی)

Qureshi

ہر طرف سے عزت اور رشتوں کی بھر مار

السلام علیکم! پہلے پہل تسبیح خانہ میں جمعرات کی حاضری ہوتی تھی اب کافی عرصہ سے حاضری نہیں ہو رہی۔ میں سبزی منڈی بادامی باغ سے پیدل تسبیح خانہ آتا جاتا تھا کیونکہ روزگار کا نظام نہیں تھا لیکن جب سے آپ کی طرف ”حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ“ کا وظیفہ ملا ہے اس ساری مشکلات حل ہوگئی ہیں اور اللہ پاک نے ایسا روزگار عطا کیا ہے کہ اس سے گھر میں رزق کی چہل پہل ہوگئی ہے۔ اس وظیفے کے پڑھنے سے ڈیپریشن، پریشانیاں، جسمانی امراض ختم ہوگئے ہیں، ہر طرف سے عزت مل رہی ہے، رشتوں کی تو بھر مار ہے، جو دعا کرتا ہوں پوری ہو جاتی ہے۔ اب میرا وظیفہ 50 لاکھ سے زائد ہوگیا ہے اور میں جس چیز یا کام کیلئے متعلق رات کو سوچتا ہوں وہ تمام چیزیں میرے سامنے واضح ہو جاتی ہیں اور راستے دکھا دیئے جاتے ہیں جس سے میرے کام پورے ہو جاتے ہیں۔ (شمریز۔ لاہور)

”اللہ الصمد“ کے مشاہدات

فیصلے حق میں اور بگڑے ہوئے کام سنورنے لگے

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے ”اللہ الصمد“ والا وظیفہ عنایت فرمایا تھا جو میں مسلسل کر رہا ہوں الحمدللہ! اسکی برکت سے جو فیصلے میرے حق میں بہتر ہوتے ہیں وہ میرے لئے باعث مسرت بننا شروع ہوگئے اور میرے بہت سے بگڑے ہوئے کام سنور رہے ہیں۔ الحمدللہ! پہلے جو کام گھنٹوں میں ہوتے تھے اب وہ منٹوں میں ہو رہے ہیں اور جو منٹوں میں ہوتے تھے وہ اس وظیفے کی برکت سے سیکنڈوں میں ہو رہے ہیں۔ آپ سے مزید دعاؤں کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! (محمد عاطف، لاہور)

اللہ الصمد سے ہر پریشانی ختم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میری بہت عرصے سے کسی کامل مرشد کے ہاتھ پر

Qureshi

بیعت ہونے کی خواہش تھی جو بہت تلاش کے بعد اللہ پاک نے پوری کردی۔ میں لاہور میں ملازمت کے سلسلے میں آیا تو اللہ پاک نے مجھے تسبیح خانہ میں آنے اور حضرت دامت برکاتہم کے ہاتھ پر بیعت ہونے کی سعادت عنایت فرمائی۔ میں جس وقت بھی پریشان ہوتا ہوں اللہ کا احسان ہے کہ حضرت جی دامت برکاتہم کا عنایت کیا ہوا وظیفہ ''اللہ الصمد'' پڑھنے کی برکت سے میری مشکل ٹل جاتی ہے۔ **(محمد ارشد، چیچہ وطنی)**

''قبرستان والا عمل'' کے مشاہدات

اعمال ہدیہ سے دل کو چین اور سکون

السلام علیکم! ایک بار درس میں حضرت دامت برکاتہم نے قبرستان والا عمل فرمایا تھا کہ اول آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ 1 بار سورۃ الحکاثر 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر فوت شدگان کو ہدیہ کردینا چاہیے۔ میں نے جب سے یہ عمل شروع کیا ہے تب سے ایک تو مجھے قبرستان والوں کا احساس اور ان کیلئے کچھ پڑھ کر ہدیہ کرنے کی خواہش پیدا ہوگئی ہے دوسرا میری زبان پر اللہ پاک کا ذکر جاری ہوگیا ہے اور تیسرا اگر ایک کلومیٹر دور تک بھی قبرستان ہو تو اللہ پاک میرے دل میں ڈال دیتا ہے کہ میں نے کچھ پڑھ کر ان فوت شدگان کو ہدیہ کرنا ہے اور جس دن مجھ سے یہ عمل نہ ہو سارا دن عجیب سی بے چینی محسوس ہوتی رہتی ہے اور جب یہ عمل کرلوں اللہ پاک دل کو اسی وقت سکون عطا فرمادیتے ہیں۔ **(حافظ وقاص)**

''ربنا ھب لنا من ازواجنا......'' کے مشاہدات

اولاد فرمانبردار ہوگئی

السلام علیکم! میں نے اپنے دوست کے بچوں کو دیکھتے ہوئے اس کو کہا کہ تمہارے بچے ماشاء اللہ بہت فرمانبردار ہے جب بھی کسی کو ملتے بہت ہی اخلاق و اخلاص کے ساتھ سلام و دعا کرتے ہیں۔ ان کی تربیت کیسے کررہے ہو؟ اس نے بتایا کہ میں اپنے

Qureshi

بچوں کی نیت کر کے نماز میں التحیات کے دوران رب جعلنی کے بعد مسنون دعا ''رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا'' کا معمول کرتا ہوں جس سے الحمدللہ! مجھے بچوں کی تربیت کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی، اللہ پاک خود ہی ان پر اپنی نظر کرم فرما رہا ہے۔ اس دعا کے پڑھنے سے الحمدللہ! میرے تمام بچے فرمانبرار ہو گئے ہیں۔ (عباس ظہور)

ضدی بچے فرمانبردار بن گئے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! حضرت جی دامت برکاتہم کی دعاؤں اور تسبیح خانہ کی نسبت اور آپ دامت برکاتہم کے عنایت کردہ وظائف سے زندگی میں سکون آ گیا ہے اور زندگی کا مقصد ہی بدل گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی علیہ السلام کی قربت اور عشق کی توفیق حاصل ہوئی ہے۔ میں کیا اور میری اوقات یہ سب اللہ کی رحمت اور آپ کی خصوصی دعاؤں کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ آپ دامت برکاتہم نے ارشاد فرمایا تھا کہ اپنے مرشد کو اپنے حال احوال اور وظائف سے باخبر رکھنا چاہیے جس کو مد نظر رکھتے ہوئے میں آپ کو وظائف کے کمالات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ آپ نے ایک بار درس میں ''رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا'' والی دعا ہر نماز کے دوران التحیات کے بعد بچوں کی نیت سے پڑھنے کیلئے ارشاد فرمائی جو میں نے پڑھنا شروع کی تو اللہ پاک نے میرے بچوں کو بہت زیادہ اس کا فیض عنایت فرمایا ہے۔ میں نے یہی دعا اپنی بہن کو بتائی تو اس نے بھی اپنے بچوں کیلئے پڑھنا شروع کی تو اللہ پاک نے اس کے بچوں کو فرمانبرداری کی جانب راغب کر دیا ہے اور اس کے بچوں نے بلاوجہ کا تنگ اور ضد کرنی چھوڑ دی ہے۔

میاں بیوی کے جھگڑے ختم ہو گئے

السلام علیکم! میری گھر میں اکثر اہلیہ کے ساتھ لڑائی رہتی تھی تو میں حضرت لاہوری

Oureshi

رحمتہ اللہ علیہ کے ہاں ذکر کی محفل میں جایا کرتا تھا وہاں میں نے حضرت مولانا اجمل قادری صاحب سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے مجھے حضرت لاہوری رحمتہ اللہ علیہ کا ایک وظیفہ دیا کہ جس بندے کی گھر میں لڑائی ہوتی ہو وہ ہر نماز میں سلام پھیرنے سے پہلے ایک بار اور سلام پھیرنے کے بعد 3 بار یہ دعا پڑھا کرے ’’رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوٰجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَاماً‘‘ میں نے یہ دعا پڑھنی شروع کر دی۔ انہوں نے اس کے فائدے میں بتایا تھا کہ یہ پڑھنے والے کی لڑائی بھی نہیں ہوگی اور اس کی اولاد بھی نیک ہوگی۔ اس کی برکت سے آہستہ آہستہ ہمارے درمیان لڑائی ختم ہوتی گئی اور پھر ایک وقت آیا کہ ہماری لڑائی بالکل ختم ہوگئی اور میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میری 2 بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ بیٹا حافظ قرآن ہے اور ہر سال گھر میں تراویح پڑھاتا ہے اور ساتھ ساتھ وہ انجینئرنگ یونیورسٹی کا طالب علم ہے۔ الحمدللہ! اس دعا کے پڑھنے سے ہماری فرمانبردار ہوگئی ہے اور ہمیں کسی بھی طرح سے تنگ یا پریشان نہیں کرتی۔ اللہ پاک نے مجھے اس دعا کی برکت سے مجھ پر بہت کرم نوازی کی ہے۔ (ذ۔ الف، لاہور)

’’حی علی الصلوٰۃ اور حی الفلاح‘‘ کے مشاہدات

اب میری آنکھ کھل جاتی ہے

السلام علیکم! اللہ تعالیٰ حضرت حکیم طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سروں پر اسی طرح سلامت رکھے کہ آپ ہم جیسے دکھ کے ماروں کا پریشانیوں اور مسائل کو دور کرنے کا ذریعہ بنے ہوئے ہیں۔ اللہ پاک آپ کے تمام گھر والوں اور ساتھیوں کو ہر قسم کے فتنے اور حسد سے محفوظ رکھے۔ آمین!

ایک صاحب کہنے لگے کہ حضرت حکیم طارق محمود چغتائی مجذوبی دامت برکاتہم نے جمعرات کے درس میں فجر کے وقت اٹھنے کیلئے ’’حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح‘‘ کا

عمل ارشاد فرمایا تھا جو میں الحمدللہ! یہ عمل رات کو کر کے سوتا ہوں جس کی برکت سے اللہ کا شکر ہے کہ فجر کے وقت موذن جب حی علی الصلوٰۃ کہہ رہا ہوتا ہے تو میری آنکھ کھل جاتی ہے اور مجھے فجر کی نماز باجماعت مل جاتی ہے۔ (الف۔و)

"یارب سلم" کے مشاہدات

شدید ٹریفک سے صرف ہماری گاڑیاں نکلیں

السلام علیکم! میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ کچھ دن پہلے ہم اپنے رشتہ داروں کے ہاں مرید کے گئے تھے اس دوران ہمارے پاس 2 گاڑیاں تھیں واپسی پر راستے میں مین روڈ پر ٹریفک بلاک تھی وہاں ٹرالر پھنسے ہوئے تھے اور بہت زیادہ رش تھا ہم نے قریب ہی ایک گلی سے نکلنے کی کوشش کی لیکن جب آگے آئے تو وہاں بھی ٹریفک جام تھی جس ہم دوبارہ پھنس گئے اور نکلنے کا بالکل چانس نہیں تھا۔ ہمیں یوں لگتا تھا کہ 5/4 گھنٹے لگ جائیں گے۔ مجھے حضرت جی دامت برکاتہم کی بات یاد آئی کہ اگر رش میں پھنسے ہوں تو "یَارَبِّ سَلِّمْ یَارَبِّ سَلِّمْ" پڑھیں۔ میں نے خود بھی پڑھنا شروع کر دیا اور سب گھر والوں کو بھی کہا کہ یہ پڑھتے رہیں۔ ہم مسلسل پڑھتے رہے اور یقین جانیں کہ تھوڑی ہی دیر بعد ہماری دونوں گاڑیاں ٹریفک سے نکل گئیں اور مزید حیرت کی بات یہ کہ صرف ہماری گاڑیاں ہی وہاں سے نکلیں باقی ساری ٹریفک ویسے ہی کھڑی تھی۔ (ت،ص)

"یامسبب الاسباب" کے مشاہدات

غیبی مدد سے گھر مل گیا

السلام علیکم! میرے پاس اپنا گھر نہیں تھا جس کیلئے میں نے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ سے درخواست کی کہ دعا کریں کہ اللہ پاک مجھے گھر عطا کرے۔ حضرت

Oureshi

دامت برکاتہم نے مجھے اس کیلئے ''یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ'' کا وظیفہ پڑھنے کیلئے عنایت فرمایا جو میں نے تب سے پڑھنا شروع کیا ہوا ہے۔ اس کی برکت سے اللہ پاک نے ایسے اسباب پیدا کئے کہ اس وقت میرے پاس صرف 30 ہزار روپے ہی تھے۔ نہ مجھے وراثت سے حصہ ملا اور نہ ہی اپنے بہن بھائیوں سے کوئی پیسے لئے اس کے باوجود اللہ پاک نے مجھے 21 لاکھ روپے کا خوبصورت ترین گھر دے دیا جو میرے لئے بہت بڑی نعمت ہے۔

وظیفہ: ''یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ'' روزانہ 700 مرتبہ ایک وقت اور جگہ کا تعین کر کے ننگے سر آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھنا ہے۔ (ع۔ الف)

اب کوئی مشکل، مشکل نہیں رہتی

السلام علیکم! آج سے کچھ عرصہ پہلے میرے اور گھر والوں کے ساتھ آئے دن کوئی نہ کوئی مسئلہ درپیش رہتا تھا پھر میں نے حضرت حکیم طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہ العالی سے ملاقات کی تو آپ دامت برکاتہم نے مجھے ایک وظیفہ عنایت فرمایا تھا ''یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ'' مجھے جب بھی کوئی جانی، مالی یا روحانی مشکل پیش آتی ہے یا کبھی جادو وغیرہ کا مسئلہ پیش آیا تو میں نے اس وظیفے کو اول آخر درود شریف کے ساتھ 500 مرتبہ پڑھا اور اس کے ساتھ تھوڑا بہت صدقہ بھی کیا تو یقین جانیں کہ میری کوئی مشکل مشکل نہیں رہتی اور اللہ کی طرف سے میرے تمام مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ (میاں عابد حسین)

''آیت کریمہ'' کے مشاہدات

بیروزگار کو اچھی ملازمت مل گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد حیدر ہے اور میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں ماہنامہ عبقری کا مستقل قاری ہوں اور اس میں شائع ہونے والے

Qureshi

وظائف لوگوں میں تقسیم کرتا رہتا ہوں جس کے مجھے بہت سے مشاہدات ملتے ہیں جسے میں حضرت جی دامت برکاتہم کے حکم کے مطابق لکھتا رہتا ہوں۔ ایک بار عبقری میں ایک عمل شائع ہوا تھا کہ کوئی بھی مشکل پیش آئے تو 2 رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں اور اس کے ہر سجدے میں 41 مرتبہ آیت کریمہ ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ'' پڑھیں اور نوافل کے بعد پوری توجہ سے اور بھکاری بن کر کم از کم دس منٹ تک دعا کریں۔ میں بے روزگار تھا میرے پاس کوئی جاب نہیں تھی میں نے یہ عمل 9 دن تک کیا تو اللہ پاک نے مجھے اس عمل کی برکت سے بہت ہی اچھی ملازمت مل گئی ہے۔ (محمد حیدر)

آیت کریمہ کی بدولت جنات سے حفاظت

السلام علیکم! ایک صاحب نے مجھے بتایا کہ میں 1984ء سے ایک خطرناک مرض میں مبتلا تھا اور جنات سے تو اتنا تنگ آیا ہوا تھا کہ جونہی کبھی تنہا یا کسی سفر پر ہوتا تھا تو جنات مجھ پر ایسے حملے کرتے تھے جیسے پولیس والے کسی مجرم کو پکڑتے ہیں اور اتنی ایذا پہنچاتے تھے کہ میں بالکل مدہوش ہوجاتا تھا اور سمجھتا تھا جیسے ابھی موت آجائے گی کیونکہ اس وقت میں خود کو نزع کی کیفیت میں محسوس کرتا تھا۔ اس وقت میں آیت کریمہ ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ'' پڑھتا تھا جس کی برکت سے میں اپنی آنکھوں سے دیکھتا تھا کہ وہ جنات فوراً آسمانوں میں غائب ہوجاتے ہیں۔ اس کے بعد دوبارہ کبھی مسئلہ نہیں ہوا اور الحمدللہ! اس آیت کریمہ کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں۔ (توقیر حیدر)

''یاممیت یاقابض......'' کے مشاہدات

گھر سے جادوئی اثرات ختم

السلام علیکم! میرا نام طارق محمود طاہر ہے اور میں گورنمنٹ ملازم ہوں۔ میرے اور

Oureshi

گھر والوں کے ساتھ. بہت عرصے سے جادو وجنات کا مسئلہ تھا جو بہت سی جگہوں سے علاج کروانے کے باوجود ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا اور ہم سب گھر والے آئے دن کسی نہ کسی مصیبت یا بیماری میں مبتلا رہتے تھے۔ پھر مجھے کسی جاننے والے نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا بتایا کہ آپ وہاں جائیں ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ کچھ ہی دنوں میں حل ہو جائے گا۔ میں نے ان صاحب کے بتانے کے مطابق فون پر ٹائم لے کر حضرت دامت برکاتہم سے ملاقات کی تو آپ دامت برکاتمہ نے مجھے ''یَامُمِیْتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللهِ'' کا ورد کثرت سے پڑھنے کیلئے فرمایا تھا۔ جس کے پڑھنے سے الحمدللہ! کچھ ہی دنوں میں ہمارے گھر سے جادوئی اثرات ختم اور سب گھر والے بالکل ٹھیک ہو گئے اور اب گھر میں سکون رہتا ہے۔ (طارق محمود طاہر)

مالی حالات میں بہتری اور قرضہ ادا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! اللہ پاک حضرت جی دامت برکاتہم کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ہر قسم کے حسد، فتنے اور شر سے محفوظ فرمائے کہ حضرت جی دکھی لوگوں کے پریشانیاں اور مسائل حل کرنے کا ذریعہ بنے ہوئے ہیں اور ان کے ذریعے ہم جیسے گنہگار لوگوں کو اللہ تعالیٰ سے اپنے مسائل حل کروانا اور اللہ جل شانہٗ سے مانگنا آ گیا ہے۔

میں اوکاڑہ سے آیا ہوں میں آپ کو اپنے مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ کچھ عرصہ سے میں مالی حالات اور گھریلو مسائل کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھا اور میرا کاروبار میں بہت زیادہ نقصان ہو گیا تھا جس کی وجہ سے میں مقروض ہو گیا اور وہ قرض ادا ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا جس کیلئے میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کے پاس حاضر ہوا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے ''یَامُمِیْتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللهِ'' کا وظیفہ پڑھنے

Qureshi

کیلئے عنایت فرمایا تھا جو میں نے اسی دن سے کثرت، توجہ، دھیان اور کامل یقین کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا جس کے پڑھنے سے الحمدللہ! اللہ پاک نے اپنے غیب کے خزانے مجھ پر ایسے کھولے کہ مجھ پر جو قرض تھا وہ اتر گیا اور میرے مالی حالات بھی تبدیل ہو گئے ہیں۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے میرے اور بھی بہت مسائل حل کئے ہیں۔ (ن۔ ق، اوکاڑہ)

بے شمار فوائد کیساتھ طبیعت بھی ٹھیک ہو گئی

ایک صاحب نے بتایا کہ میرے سر اور ٹانگوں میں ہر وقت درد رہتا تھا۔ میں نے کافی دوائیں استعمال کیں لیکن ان سے فرق ہی نہیں پڑتا تھا۔ پھر میں علاج کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے مجھے فرمایا کہ صبح و شام اول و آخر درود شریف کے ساتھ 313 مرتبہ ”یَا مُمِیْتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ“ پڑھا کرو۔ میں نے اور میرے سب گھر والوں نے 41 دن تک مسلسل یہ ذکر کیا اس سے مجھے بے شمار فائدے حاصل ہوئے ہیں۔ سر اور ٹانگوں کا درد بھی ختم ہو گیا۔ اب اگر کبھی کبھار وظیفے میں سستی ہو جائے تو ٹانگوں میں درد شروع ہو جاتا ہے پھر جونہی پڑھتا ہوں بالکل آرام آجاتا ہے۔ اس وظیفے کے ساتھ ساتھ حضرت دامت برکاتہم نے یہ بھی فرمایا تھا کہ صبح 200 مرتبہ سورۃ فلق اور شام کو 200 بار سورۃ الناس پڑھا کریں۔ اب اللہ کا بہت احسان ہے کہ طبیعت ٹھیک رہتی ہے۔ (ی۔ الف)

شادی میں رکاوٹ ختم

السلام علیکم! میرے پاس ایک خاتون آئیں انکی شادی میں رکاوٹ تھی ان کا پہلا شوہر فوت ہو گیا تھا میں نے انہیں ”یَا مُمِیْتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ“ والا وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا۔ انہوں نے پڑھنا شروع کیا اور کچھ دنوں بعد مجھے آکر بتایا کہ مجھے خواب میں کوئی شخص آکر کہتا ہے کہ تم دوسری شادی نہ کرو۔

Oureshi

میں نے انہیں وظیفہ جاری رکھنے کو کہا اور کچھ ماہ بعد ان کی شادی ہوگئی اور جب دوبارہ ان سے ملاقات ہوئی تو میں نے ان سے وظیفے کے دوران آنے والا حالات کے بارے میں پوچھا تو وہ بتانے لگیں کہ جب میں نے وظیفہ شروع کیا تو مجھے کوئی غیبی چیزیں اس کو پڑھنے سے منع کرتی اور اکثر خواب میں مجھے ڈراتی تھیں اور منع کرتی تھیں لیکن جب میں نے وظیفہ جاری رکھا اور تہیہ کرلیا کہ میں اپنا وظیفہ پورا کروں گی تو ان چیزوں نے میرا پیچھا چھوڑ دیا اور جو میرے جسم پر بہت بوجھ سا رہتا وہ الحمدللہ بھی ختم ہوگیا ہے۔ (ح۔ہ)

اولاد فرمانبردار، لائق اور نیک بنانے کا مجرب عمل

السلام علیکم! ایک صاحب نے بتایا کہ میرا تعلق ایبٹ آباد ہری پور سے ہے لیکن لاہور میں سروس کرتا ہوں۔ تقریباً 2 سال سے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہورہا ہوں۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ میرا بڑا بیٹا بہت نافرمان اور پڑھائی میں توجہ نہیں دیتا تھا۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے اس کیلئے ”یَا مُمِیْتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ“ کا وظیفہ دیا جو نہ صرف میں نے بلکہ میری اہلیہ نے بھی دن رات کثرت سے پڑھا۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ ہمارا بیٹا فرمانبردار ہوگیا اور پڑھائی میں بہت آگے بڑھ گیا ہے۔ الحمدللہ! اب کیڈٹ کالج میں پڑھ رہا ہے اور ڈیڑھ سو کیڈٹس میں سے اسکی چوتھی پوزیشن آئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے گھریلو حالات میں بھی بہت بہتری آگئی ہے اور بہت سی الجھنیں حل ہوگئی ہیں تسبیح خانے میں آنے سے ہماری زندگی میں سکون میسر ہوا ہے۔ (ع۔م، ایبٹ آباد)

حفظ میں کمزور بیٹا مکمل پارہ سنانے لگا

السلام علیکم! میں 2 دن پہلے سعودی عرب سے آیا ہوں۔ میرا بیٹا ماشاء اللہ حافظ قرآن ہے اس کی آمین بھی ہوچکی ہے لیکن اس کی منزل بالکل کچی تھی اس کے قاری

ureshi

صاحب نے بار بار اس کی شکایت کی تھی میں اس وجہ سے بہت پریشان تھا۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے ایک وظیفہ بتایا تھا جس کا تذکرہ آج کے درس میں بھی ہوا ہے ''یَا مُمِیْتُ یَا قَابِضُ یَامَانِعُ یَاصَبُوْرُ یَاحَفِیْظُ'' الحمدللہ! میں نے ااپنے بیٹے کی نیت سے اس وظیفے کا کثرت سے ذکر کیا جس سے واضح فرق محسوس ہوا۔ اب اس کے قاری صاحب کہتے ہیں کہ پہلے آپ کا بیٹا صرف 2 رکوع منزل سنایا کرتا تھا لیکن اب ماشاء اللہ ایک پارہ سنانے لگ گیا ہے۔ میری حضرت دامت برکاتہم سے درخواست ہے کہ میں پرسوں واپس سعودیہ جارہا ہوں تو مجھے اپنی شفقت میں لے کر اجازت دیجئے۔ **(محمد شفیق، فیصل آباد)**

لاعلاج مریض کے منہ سے خون آنا بند

السلام علیکم! میرا نام پروفیسر فضل کریم ہے میں خود بھی دوائی کے بغیر روحانی علاج کرتا ہوں۔ میری بیٹی کو جادو کی وجہ سے منہ سے خون آتا تھا ہم نے اس کا بہت جگہ، میو ہسپتال، سروسز ہسپتال اور بہت سے سینئر ڈاکٹروں سے علاج کروایا جسے افاقہ نہیں ہورہا تھا۔ اکثر ڈاکٹر یہی کہتے تھے کہ بہت سے مریضوں کو ساری زندگی منہ سے خون آتا رہتا ہے جو کبھی ٹھیک نہیں ہوتا اور ہمیں یہ کہہ کر میری بیٹی کو لاعلاج قرار دے کر گھر بھیج دیا۔ پھر ہمیں یہاں تسبیح خانہ کے بارے میں پتہ چلا تو ہم ٹائم لے کر حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملے تو انہوں نے ہمیں ''یَا مُمِیْتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللہ'' کا وظیفہ عنایت فرمایا۔ جو میں ہم نے اپنی بیٹی کی نیت کر کے پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی اس وظیفے کو پڑھتے ہوئے 13 دن ہی گزرے تھے کہ اللہ پاک نے ایسا کرم کیا کہ میری بیٹی کے منہ سے خون آنا بند ہوگیا اور وہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔ جب سے یہ وظیفہ پڑھ رہے الحمدللہ! اس کے بعد سے ابھی تک کبھی بھی اس کے منہ سے خون نہیں نکلا اور اس پر جادو وغیرہ بھی ختم ہوگیا ہے۔ **(پروفیسر فضل کریم، لاہور)**

Oureshi

آنت کے السر سے چھٹکارا

السلام علیکم! مجھے 1992ء میں پیٹ کی تکلیف ہوئی تھی جسے ڈاکٹر بڑی آنت کا السر بتاتے تھے اور کہتے تھے کہ زندگی کے ساتھ ہی یہ تکلیف چلے گی۔ میں نے اس میں بہت سفر کیا 2007ء میں میڈیسن چھوڑ دی لیکن پھر ٹریٹمنٹ شروع کروانا پڑا۔ شیخ زید ہسپتال میں ایک ڈاکٹر صاحب اللہ کے بہت نیک بندے ہیں ان کے زیر علاج رہا اور کافی افاقہ ہوا۔ پھر میں مئی میں حضرت دامت برکاتہم کے پاس آیا اور مسلسل درس میں آنا شروع ہوگیا۔ دوائی تو نہ لی لیکن اللہ کا اتنا احسان ہوا ہے کہ پہلے 2007ء میں روزانہ تقریباً 24,25 موشن آتے تھے لیکن یہاں آنے کے بعد صرف 5,4 مرتبہ ہی مجھے حاجت محسوس ہوتی ہے۔ مجھے حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا تھا ''یَا مُمِیْتُ یَا قَابِضُ یَا مَانِعُ یَا صَبُوْرُ یَا حَفِیْظُ'' میں صبح شام اس وظیفے کو کثرت سے پڑھتا ہوں۔ پہلے میری یہ حالت ہوتی تھی کہ میں جہاں بھی جاتا تھا وہاں سب سے پہلے یہ دیکھتا کہ بیت الخلاء کہاں پر ہے کیونکہ روزانہ 24,25 بار لوز موشن آتے تھے لیکن اب الحمدللہ! اس وظیفے کی برکت سے میں بالکل ٹھیک ہوں۔ جب بھی جمعرات کو اِدھر آنا ہوتا ہے شام ساڑھے چار بجے دفتر سے چھٹی لے لیتا ہوں اور مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ **(سعید احمد)**

2 دن میں گھر سے جادو کا خاتمہ

السلام علیکم! پچھلے سال رمضان میں میرے گھر والوں نے جادو، جنات وغیرہ کے توڑ کیلئے ایک عمل کیا تھا۔ ماہنامہ عبقری میں یہ عمل آیا تھا کہ ایک ہی نشست میں سات ہزار مرتبہ ''یَا مُمِیْتُ'' پڑھنا ہوتا ہے اور مسلسل 7 دن کا یہ عمل ہے لیکن عمل کو ان شرائط کیساتھ کرنا ضروری ہے ایک تو یہ عمل صرف رمضان میں کرنا ہے، دوسرا جس انداز میں بیٹھے ہیں عمل کے اختتام تک اسی انداز میں بیٹھے بیٹھے 7 ہزار کی تعداد مکمل کرنی ہے۔ اس عمل کے ہمیں کئی فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ دوسرے تیسرے دن ہی گھر سے جادو

Qureshi

کے خاتمے کے واضح اثرات نظر آنا شروع ہو گئے اور جس حاسد نے ہم پر جادو کرایا تھا وہ بھی خواب میں نظر آ گیا۔ (محمد حیدر)

”یا اللہ میں بے بس ہوں تو بے بس نہیں“ کے مشاہدات

بند آنکھیں کھلتے ہی سسٹم ٹھیک ہو گیا

السلام علیکم! میرا نام فرحان ہے اور میں کمپیوٹر ریپیرنگ کا کام کرتا ہوں۔ ایک دن میں کسی کسٹمر کا کمپیوٹر ٹھیک کر رہا تھا لیکن اس کا کام بہت الجھا ہوا تھا اِدھر سے مغرب کا وقت ہو گیا میں سسٹم کو سوفٹ ویئر کیلئے لگا گیا لیکن جب واپس آکر دیکھا تو وہ 8 منٹ پر Stuck ہوا پڑا تھا۔ میں نے مزید سر کھپائی کی تو ایک منٹ کم ہو گیا۔ پھر سٹاپ ہو گیا میں تھک ہار کر بیٹھ گیا۔ پھر اچانک میرے دل سے نکلا کہ یا اللہ! میں بے بس ہوں تو بے بس نہیں میں آنکھیں بند کئے دل ہی دل میں یہ کہتا رہا 2 منٹ بعد جونہی میں نے آنکھیں کھولیں تو سسٹم ٹھیک ہو گیا جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ اس نے اپنی رحمت کریمی کے صدقے مجھے مزید پریشانی سے نجات دلا دی۔ (فرحان صاحب)

”سورۃ فلق اور سورۃ ناس“ کے مشاہدات

مسائل حل ہونا شروع ہو گئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میں یہاں لاہور کا رہائشی ہوں میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں بہت عرصے سے بہت سے مسائل میں مبتلا تھا جو حل ہونے کا نام نہیں لے رہے تھے اور میں اس وجہ سے بہت پریشان تھا۔ پھر میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کے پاس ان مسائل کے حل کیلئے حاضر ہوا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے صبح 200 مرتبہ سورۃ فلق اور شام کے وقت سورۃ ناس 200 مرتبہ

Oureshi

پڑھنے کی ہدایت فرمائی۔ جو میں نے اسی دن سے ہی پابندی کے ساتھ پڑھنا شروع کردیں جس سے الحمدللہ میری بہت سے مسائل ہوتے جارہے ہیں۔ (ط۔م)

''سورہ کہف'' کے مشاہدات

چوری ہونیوالے پیسے واپس مل گئے

السلام علیکم! میرے پاس ایک بہت پرانا چھوٹا سا مشاہدہ ہے وہ آپ کی خدمت میں عرض کردیتا ہوں۔ یہ ان دنوں کا واقعہ ہے جب ماہنامہ عبقری کے ساتھ ہمارا نیا نیا تعلق بنا تھا ہوا یوں کہ میری بیٹی نے گھر کی سیف الماری میں 8 ہزار روپے رکھے اور ایک دو دن بعد جب ضرورت پڑی تو پیسے وہاں موجود نہیں تھے جس پرس میں پیسے رکھے وہ پرس غائب تھا۔ جب میں گھر گیا تو بیٹی پریشان ہوکر رو رہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ میں نے پوری سیف الماری کا کونہ کونہ چھان لیا ہے لیکن پیسے نہیں مل رہے۔ پھر میں نے خود سیف کے تمام خانے چیک کئے لیکن بے سود۔ اس ماہ کے عبقری رسالے میں ایک عمل شائع ہوا تھا کہ سورۃ کہف کی آیت کا ایک حصہ '' وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ '' جب کوئی چیز گم ہو تو یہ پڑھیں۔ ہم نے صبح و شام کثرت سے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیا اور سارا دن کثرت کے ساتھ پڑھتے رہے۔ تقریباً ایک ہفتہ گزر گیا پریشانی بہت زیادہ تھی اسی دوران میرا بیٹا بیرون ملک سے آیا ہوا تھا ہم نے اسے بتایا کہ ایسے پیسے گم ہوگئے ہیں۔ اس نے کہا کہ کہاں پڑے ہوئے تھے؟ ہم نے بتایا کہ سیف الماری میں۔ اس نے کہا کہ آئیں دیکھتے ہیں۔ جونہی ہم نے سیف الماری کھولی سامنے پرس پڑا ہوا تھا جسے دیکھ کر ہم سب گھر والے اور میری بیٹی بہت خوش ہوئی جب پرس کھول کر دیکھا تو اس میں پورے پیسے پڑے ہوئے تھے۔ ہم نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ جس کے فضل و کرم سے ہمارے پیسے مل گئے۔ حالانکہ پہلے بھی بہت سی چوریاں ہوتی تھیں لیکن یہ پہلی چوری تھی جو بازیاب ہوئی تھی۔

Qureshi

حضرت دامت برکاتہم نے پوچھا کہ جب پہلے چوری ہوتی تھی یہ پڑھا تھا؟ تو وہ صاحب کہنے لگے کہ نہیں پہلے ہمیں پتہ ہی نہیں ہوتا تھا کہ کیا پڑھنا ہوتا ہے۔

(الف۔ ب)

''لفظ کہف'' کے مشاہدات

موٹر سائیکل اور ہر چیز کی حفاظت

السلام علیکم! میرا کئی بار کا آزمودہ عمل ہے کہ میں جب بھی بائیک کھڑی کرتا ہوں یا کوئی اور اس طرح کی چیز ہو جس کی حفاظت مقصود ہو تو میں ایک بار اس پر ''کہف'' پڑھ دیتا ہوں اور وہ چیز بالکل محفوظ رہتی ہے اور ہر نماز کے بعد جو بھی ذکر اذکار کرتا ہوں وہ اصحابہ کہف کو ہدیہ کر دیتا ہوں۔ حضرت جی مدظلہ نے فرمایا تھا کہ جس پر کہف پڑھا ہو اس پر لاک لگ جاتا ہے۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے میری آج تک کوئی بھی چیز گم یا چوری نہیں ہوئی۔ میں نے یہ عمل بہت سی ایسی جگہوں پر کیا جہاں موٹر سائیکل چوری ہونے کا بہت ہی زیادہ ڈر ہوتا تھا لیکن اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے میری موٹر سائیکل اور ہر قسم کی چیز کو محفوظ رکھا۔ (طاہر محمود)

''کہف'' سے گندم کے کیڑے ختم

السلام علیکم! میرا نام غلام سرور ہے ہمارے گھر سے گندم میں کیڑے ختم نہیں ہوتے تھے دوائیاں، نمک، نیم کے پتے وغیرہ بہت کچھ ڈالے لیکن کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ اس وجہ سے ہم بہت پریشان تھے کیونکہ ہمارا رزق ضائع ہو رہا تھا۔ اللہ پاک کا ایسا کرنا ہوا کہ اسی جمعرات کو حضرت حکیم صاحب نے درس میں ''کہف'' کے مشاہدات بتائے جو میں نے گھر آ کر اپنی اہلیہ کو بتایا تو اس نے ایک صاف کاغذ پر ''کہف'' لکھ کر گندم میں رکھ دیا اور دو دن بعد گندم کو چیک تو اس میں کیڑے نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ الحمدللہ! ''کہف'' کی برکت سے تمام کیڑے وغیرہ ختم ہو چکے تھے۔ (مدثر نذیر)

Oureshi

صرف ایک لفظ سے کبھی کوئی نقصان نہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرے ”کہف“ کے بہت سے مشاہدات و تجربات ہیں میں ان اس لفظ کو جس مقصد کیلئے جہاں بھی پڑھا ہے مجرب ہی پایا ہے اور اس کی برکت سے میرے بہت سے کام بن رہے ہیں۔ اکثر جب میں موٹر سائیکل پر جا رہا ہوتا ہوں تو اس دوران اگر راستے میں کوئی کیل کانٹے سے موٹر سائیکل پنکچر ہونے کا خدشہ یا اچانک پٹرول ختم ہونے لگتا ہے تو میں ایک بار ”کہف“ پڑھ لیتا ہوں۔ اس کی برکت سے الحمد للہ! کبھی بھی میرا کوئی نقصان نہیں ہوا۔ **(محمد حیدر)**

دال کی بوریوں میں کیڑے مر گئے

السلام علیکم! میں اپنے دوست کو اپنے کچھ مشاہدات کے بارے میں بتا رہا تھا۔ اس نے کہا میں بھی آپ کو اپنا مشاہدہ بتاتا ہوں کہ میرے پاس چنے کی دال کی بوریاں پڑی ہوئی تھیں جن میں کیڑے پڑ گئے تھے میں نے مجالس مجذوبی سے سنا ہوا ”کہف“ لفظ کاغذ پر لکھ کر بوریوں میں ڈال دیا تو اس سے تمام کیڑے مر گئے۔ **(ابوبکر)**

”اصحاب کہف“ کے مشاہدات

مسنون اعمال کی برکت سے شفاء

السلام علیکم! میں نے جنوری کے عبقری رسالے میں ایک عمل پڑھا تھا کہ اگر اصحاب کہف کو روزانہ اول و آخر 3 بار درود شریف، 7 بار سورۃ فاتحہ اور 7 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر ہدیہ کیا جائے تو پھر ان کے نام پڑھ کر جس کو بھی دم کیا جائے اللہ پاک اسے شفاء دے گا۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کر دیا روزانہ صبح و شام اس عمل کا انہیں ہدیہ کرتا ہوں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھ کر اصحاب کہف کے نام اس ترتیب سے پڑھتا ہوں ”اِلٰهِی بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا۔ مَكْسَلْمِیْنَا۔ كَشْفُوطَطْ۔

Qureshi

تَبْیُوْنَسْ کَشَافَطْیُوْنَسْ ۔ اَذْرَافَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانَسْبُوْس وَکَلْبُهُمْ قِطْمِیْرُ ''اور پھر جس کو بھی دم کرتا ہوں اللہ کے فضل و کرم سے اسے شفاء مل جاتی ہے یا پھر اگر کوئی تعویذ بھی مانگے تو انہی ناموں کا تعویذ لکھ کر دے دیتا ہوں جس سے اللہ پاک بہت سے لوگوں کی بیماریاں اور پریشانیاں دور فرما دیتا ہے۔ **(محمد عثمان)**

''یا قدوس'' کے مشاہدات

دوران کام تھکاوٹ اور نیند سے نجات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میرا کام ایسا ہے کہ جس میں مجھے بہت جلد اور بہت زیادہ تھکاوٹ ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اکثر میرے جسم میں درد وغیرہ ہوتا رہتا تھا اور رات کو جب سونے کیلئے بستر پر لیٹتا تھا تو مجھے کئی کئی گھنٹوں تک نیند نہیں آتی تھی اور ساری رات اسی طرح کروٹیں بدلتا رہتا تھا۔ ایک بار جمعرات کے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ''یَاقُدُّوْسُ'' پڑھنے کا بتایا تھا۔ اب اگر مجھے نیند نہ آئے یا سونے کے دوران تھکاوٹ کا احساس ہو تو میں 21 بار ''یَاقُدُّوْسُ'' پڑھ لیتا ہوں جس کے پڑھنے کی برکت سے الحمدللہ! میں بالکل فریش ہو جاتا ہوں اور مجھے بہت ہی اچھی نیند آتی اور صبح اپنے وقت پر اٹھ جاتا ہوں اور اب کام کرنے کے دوران بھی کوئی تھکاوٹ وغیرہ نہیں ہوتی۔ **(م۔س)**

''یا صمد'' کے مشاہدات

رمضان میں پیاس اور جی متلانے سے افاقہ

السلاعلیکم! میرا نام محمد حیدر ہے اور میں آپ کو اپنے کئی بار کے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ اکثر رمضان میں گرمی اور پیاس کی وجہ سے میرا جی متلاتا رہتا تھا جس کیلئے میں نے 21 بار ''یَاصَمَدُ'' پڑھنا شروع کر دیا جس سے الحمدللہ! میرا روزے کے دوران پیاس اور جی متلانا ختم ہو گیا۔ میں نے یہ عمل اپنے

Oureshi

گھر والوں سمیت، بہت سے لوگوں کو بتایا تو ان کو بھی افاقہ ہوا۔ (محمد حیدر)

''بسم اللہ علی دینی ونفسی وولدی ......'' کے مشاہدات

دعا کی برکت...... حادثے سے بچ گیا

السلام علیکم! میں جب بھی گھر سے کسی بھی کام کیلئے نکلتا ہوں حفاظت والی مسنون دعا پڑھ لیتا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک مجھے کسی بھی قسم کے حادثے یا ٹریفک کی مشکلات سے محفوظ رکھتا ہے۔ ایک بار ہم جمعرات کو درس کیلئے تسبیح خانے آنے کیلئے گھر سے نکلے تو ہم نے حفاظت والی مسنون دعا ''بِسْمِ اللہِ عَلٰی دِیْنِی وَ نَفْسِی وَ وَلَدِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ'' 3 بار پڑھ لی۔ راستے میں اچانک ایک گاڑی سپیڈ میں آتے ہوئے ہماری موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکرا کر رک گئی۔ اس گاڑی کا ڈرائیور باہر نکل کر کہنے لگا کہ میں نے پہلے آپ کو نہیں دیکھا اچانک آپ مجھے نظر آئے ہو جس کی وجہ سے میں نے بریک لگا دی اور ہم سے خیریت دریافت کرنے لگا کہ آپ کہیں کوئی چوٹ وغیرہ تو نہیں آئی اور ہم سے معذرت کی۔ جب ہم دوبارہ موٹر سائیکل پر بیٹھ کر راستے میں آ رہے تھے تو میرے دل میں خیال آیا کہ اللہ پاک نے ہمیں اس دعا کی برکت سے حادثے سے بچا لیا ہے۔ (محمد حیدر)

ایک طرف سے فارغ اور دوسری طرف فوراً نوکری ملی

السلام علیکم! ایک صاحب نے مجالس مجذوبی میں روتے ہوئے انتہائی تشکر آمیز لہجے میں بتایا کہ مجھے حضرت جی دامت برکاتہم نے یہ ذکر عنایت فرمایا ہوا ہے ''بِسْمِ اللہِ عَلٰی دِیْنِی وَ نَفْسِی وَ وَلَدِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' جس کا میں آپ کو مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار مجھے نوکری سے جواب مل گیا تو میں یہی پڑھتے ہوئے جب باہر نکلا تو مجھے کچھ لوگ کہنے لگے کہ جو آپ کہو گے ہم ویسے کر لیں گے۔

حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا:

Qureshi

ان کی بات پوری نہیں ہوئی جذبات میں رو رہے ہیں۔ دراصل یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ میں ایک جگہ ملازم تھا مجھے دکان سے فارغ کر دیا گیا تو میں ''بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَ وَلَدِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' پڑھتا رہا اور قریب کے ہر دکاندار نے کہا میرے پاس آ جاؤ جو تم کہو گے تمہیں دیں گے اور اللہ نے فضل کیا ہوا ہے کہ ان کی نوکری لگی ہوئی ہے اور بہت اچھی ہے۔

یہی کہنا چاہ رہے ہیں آپ؟ ہاں جی! آپ نے صحیح فرمایا ہے۔

نقصان سے قبل غیبی اطلاع

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے ''بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَ وَلَدِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا وظیفہ عنایت فرمایا ہوا ہے جو ہر وقت میری زبان پر جاری رہتا ہے۔ جب سفر کروں تو اس وقت بھی زیر لب یہی ورد کرتا رہتا ہوں اکثر اوقات دوران سفر اگر کوئی مشکوک بندہ میرے ساتھ آ کر بیٹھ جائے تو اس وظیفے کی برکت سے مجھے احساس ہو جاتا ہے اور میں فوراً اپنی سیٹ تبدیل کر لیتا ہوں۔ بعد میں اپنی تسلی کیلئے اس سیٹ پر آنے والے بندے کی خبر لیتا ہوں تو واقعی اس شخص کی جیب صاف ہو چکی ہوتی ہے کیونکہ وہ بندہ واقعی جیب کترا ہونے کی وجہ سے مشکوک تھا۔ اکثر ایسا ہوتا رہتا ہے کہ میرے ساتھ تو کوئی سانحہ پیش نہیں آتا لیکن کسی اور کیساتھ واردات ہو جاتی ہے۔ الحمد للہ! اس وظیفے کی برکت سے اللہ پاک پہلے ہی میرے دل میں بات ڈال دیتے ہیں اور میں ہر قسم کے نقصان سے بچ جاتا ہوں۔ (کلیم اللہ)

''ویران مسجد کی صفائی'' کے مشاہدات

خود حیران کے مسائل کیسے حل ہو گئے

السلام علیکم! میرا نام محمد آصف اقبال ہے اور منڈی بہاؤ الدین کا رہائشی ہوں۔ میرا

ایک مسئلہ تھا جو کافی عرصے سے حل ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا اس کیلئے میں نے تسبیح خانے میں آ کر دعا کی یا اللہ! میرا یہ مسئلہ حل کر دے اور اس کے بعد صبح ایک ویران مسجد میں جا کر صفائی کی اور پھر اسی انداز میں یہی دعا کی اور وہاں سے واپس منڈی بہاؤالدین چلا گیا۔ مجھے یقین تھا کہ اس ہفتے ضرور کوئی نہ کوئی فیصلہ ہو جائے گا اور یقین جانئے اللہ پاک نے اگلے ہی دن میرے سارے مسائل حل کر دیئے اور اس آسانی سے حل کئے کہ میں خود حیران ہوں کہ یہ کیسے ہو گیا۔

(محمد آصف اقبال، منڈی بہاؤالدین)

جو بھی دعائیں مانگیں 100 فیصد قبولیت ہوئیں

السلام علیکم! میں انجینئر ہوں ہمارا سارا دن فیلڈ ورک ہوتا ہے۔ ایک بار درس میں سنا تھا کہ ویران مسجدوں کی تلاش میں رہو اور ان کو آباد کرو۔ ایک دن میں گزر رہا تھا کہ بی آر بی نہر کے پاس مجھے ایک ویران مسجد نظر آئی جس کے قریب ہی میجر عزیز بھٹی شہید کا مقام شہادت ہے۔ اس مسجد کی دیواریں بھی مکمل نہیں تھیں وہاں سے گزرتے ہوئے دل میں خیال آیا کہ یہاں نماز ادا کرنی چاہیے۔ میرے ساتھ میرا ایک دوست بھی تھا ہم دونوں نے اس مسجد کی پہلے صفائی کی کیونکہ بہت زیادہ مٹی اور گرد و غبار پڑا ہوا تھا۔ پھر نماز کا وقت ہو گیا تو میں نے جماعت کرائی اور نماز ادا کی۔ اس وقت ابھی تسبیح خانہ سے نیا نیا تعلق ہی بننا شروع ہوا تھا۔ میں نے ذکر خاص میں پڑھے جانے والے چند اسمائے حسنیٰ پڑھے اور پھر جو جو بھی اللہ پاک سے مانگا الحمدللہ! 100 فیصد قبولیت ہوئی۔ میں آپ سے بھی یہی کہوں گا کہ وہ مسجد میری آزمائی ہوئی ہے وہاں جا کر اسے آباد کریں خود میری بھی یہی کوشش ہوتی ہے کہ وہاں اکثر جاتا رہوں کیونکہ وہاں جتنی بھی دعائیں مانگی تھیں سب کی سب اللہ پاک نے قبول فرمائی ہیں۔ (سید فاروق رضوی، لاہور)

Qureshi

''سورہ تغابن'' کے مشاہدات

صرف ایک ماہ میں لاکھوں کے قرض سے نجات

السلام علیکم! میرا نام محمد فاروق ہے اور میں آپ کو اپنے مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ مجھ پر قرض کا بہت بڑا بوجھ تھا جو کسی بھی طرح سے اترنے کا نام نہیں لے رہا تھا اور اس قرض کی ادائیگی کیلئے کوئی آثار نظر نہیں آ رہے تھے۔ پھر میں نے قرض کی ادائیگی کیلئے سورۃ تغابن روزانہ صبح فجر کے بعد 3 بار پڑھنا شروع کر دی اور الحمدللہ! اللہ پاک نے اپنے غیب کے خزانوں سے ایسا نظام بنایا کہ مجھے قرض سے نجات مل گئی۔ میرا ایک دوست دکاندار ہے وہ تمام لوگوں سے کمیٹی اکٹھی کرتا تھا لیکن رفتہ رفتہ وہ پورے بازار کے دکانداروں کا مقروض ہو گیا اور تمام لوگ اسے مارنے کے درپے تھے یہاں تک کہ ایک شخص اس کی موٹر سائیکل چھین کر لے گیا۔ میں نے اسے بھی یہی عمل بتایا کہ تم بھی یہ عمل کرو ان شاء اللہ تمہیں بھی قرض سے نجات مل جائے گی۔ اس نے بھی بلاناغہ یہ عمل کیا اور یقین جانئے کہ صرف ایک ماہ کے اندر اندر اسے لاکھوں کے قرض سے نجات مل گئی اور اللہ پاک نے غیب سے مدد فرما کر اسے لوگوں کے چنگل سے آزاد کروا دیا۔ (محمد عمر فاروق)

''مسلمان بھائیوں میں صلح کروانے'' کے مشاہدات

اخلاص دیکھ کر بندہ نمازی ہو گیا

السلام علیکم! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک فرمان مبارک کا مفہوم ہے کہ 2 مسلمان بھائیوں میں صلح کرا دینا بہت بڑی نیکی ہے۔ میں ایک دن کسی کام کے سلسلے میں سڑک سے گزر رہا تھا کہ کسی کا ایکسیڈنٹ ہوا تھا اور 2 افراد آپس میں جھگڑ رہے تھے اور نوبت گالیوں اور ہاتھا پائی تک آئی ہوئی تھی۔ میں نے قریب جا کر پوچھا کہ کیا ہوا؟ ان میں سے ایک بندہ کہنے لگا کہ اس نے میرا 2 ہزار کا نقصان کر دیا ہے

Oureshi

میں نے اللہ کی توفیق سے فوراً 2 ہزار روپے نکالے اور اسے دے کر کہا کہ اسے معاف کردو اور آپس میں معاملہ ختم کرلو۔ اس طرح ان کی آپس میں صلح ہوگئی۔ اس عمل کی برکت مجھے بعد میں اس وقت پتہ چلی جب مسجد میں ایک نمازی مجھے ملا اور کہنے لگا کہ آپ کو پتہ ہے کہ میں آپ کی وجہ سے مسجد میں آنے لگ گیا ہوں اور اللہ نے مجھے نماز کی توفیق دے دی ہے۔ میں نے پوچھا وہ کیسے؟ کہنے لگے کہ اُس جھگڑے میں مَیں بھی موجود تھا۔ جب میں نے دیکھا کہ اس (یعنی آپ کا) بندے کا دونوں کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اور یہ محض ان کی صلح کرانے کیلئے اپنی جیب سے 2 ہزار روپے ادا کررہا ہے تو میں نے سوچا کہ دیکھوں تو سہی یہ بندہ کدھر جاتا ہے۔ نماز کا وقت تھا آپ چلتے چلتے مسجد میں چلے گئے۔ میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے اندر داخل ہوگیا نماز کے بعد تو آپ سے ملاقات نہ ہوسکی لیکن اس دن سے اللہ پاک نے مجھے اپنی نماز کیلئے قبول فرمالیا ہے حالانکہ میں نے کبھی نماز پڑھنے کا سوچا بھی نہیں تھا۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے اس بندے کو نماز، ذکر اور اذکار کی توفیق دے دی ہے اور وہ اعمال میں مجھ سے بھی آگے نکل گیا ہے۔ (**محمد انیس گل خان**)

”مسواک“ کے مشاہدات

گاڑی کے نیچے آنے کے باوجود کچھ نہیں ہوا

السلام علیکم! درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ جس جیب یا جس گاڑی میں مسواک ہو وہ گاڑی حادثات سے بچی رہتی ہے اور اللہ پاک اسے اپنی حفاظت میں رکھتا ہے۔ میں نے تب سے اپنی جیب میں مسواک رکھنا شروع کردی ہے۔ اس کا ایک مشاہدہ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ پچھلی جمعرات کو میں درس میں آرہا تھا میری موٹر سائیکل ایک مزدا کے نیچے آگئی اور میں بھی مزدا کے نیچے ہی تھا۔ اللہ کی شان کہ جب اس نے مزدا پیچھے ہٹایا تو میں صحیح سلامت اٹھ کر کھڑا ہوگیا حالانکہ

Qureshi

میں آدھا اس کے بمپر کے نیچے دھنسا ہوا تھا اور میری بائیک کو بھی خراش تک نہ آئی۔ جب وہاں پر موجود لوگوں اور مزدا کے ڈرائیور نے مجھے صحیح سلامت دیکھا تو وہ سب دیکھ کر بہت حیران ہوئے کہ اتنے برے ایکسیڈنٹ میں بھی اس لڑکے کو ذرا بھی خراش نہیں آئی۔ میں نے اپنے کپڑے صاف کئے اور اللہ پاک کا شکر ادا کیا کہ اس نے مجھے حادثے میں محفوظ رکھا۔ (الف۔ب)

ایکسیڈنٹ میں دوسری گاڑی ٹوٹ پھوٹ گئی

السلام علیکم! ایک بار میں اپنی گاڑی سٹارٹ کر کے ابھی کھڑا تھا کہ ایک دم دھماکہ ہوا اور میری گاڑی 7/6 فٹ آگے جا کر لگی میں بہت حیران ہوا اور باہر نکل کر دیکھا تو ایک کرولا گاڑی جو 80 کی سپیڈ سے آ کر میری گاڑی میں لگی تھی۔ میں نے اپنی گاڑی دیکھی تو اسے صرف ہلکا سا ڈینٹ پڑا تھا اور جب دوسری گاڑی دیکھی تو اس کا برا حال ہوا تھا۔ اس کے بمپر، اس کی لائٹ وغیرہ سب ٹوٹ چکی تھیں۔ میں نے فوراً جیب میں ہاتھ ڈالا تو دوسری گاڑی والا سمجھا کہ شاید میں پسٹل نکالنے لگا ہوں وہ فوراً بولا بھائی جان! ذرا میری بات تو سنیں۔ میں نے جلدی سے جیب سے مسواک نکالی اور اسے دکھاتے ہوئے حضرت جی دامت برکاتہم کا فرمان بتایا کہ جس کی جیب یا گاڑی میں مسواک ہوگی اس پر اللہ کی خاص الخاص حفاظت ہوگی اور وہ حادثات سے بچا رہے گا۔ میں نے کہا تم بھی مسواک کیا کرو اور اسے ہر وقت اپنے پاس رکھا کرو تاکہ تم بھی حادثات سے بچے رہو۔ (الف۔ج)

’’اللھم اکفنی بحلالک......‘‘ کے مشاہدات

دعا کی برکت سے دشمن دوست بن گئے

السلام علیکم! مجھے اچھرہ میں ایک سٹور سے مسنون دعائے حاجات ’’اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ‘‘ ملی تھی۔

Qureshi

جب سے میں نے یہ دعا پڑھنا شروع کی ہے اللہ تعالیٰ نے میری زندگی بدل دی۔ اس سے قبل میں ایک تاریکی کی زندگی گزار رہا تھا بس اللہ تعالیٰ نے ایسی زندگی بدلی ہے کہ اب میں تسبیح خانے آنا شروع ہو گیا ہوں۔ اس سے پہلے میں فیشن اور میڈیا کا انسان تھا اور ہر وقت میوزک جیسی چیزوں میں الجھا ہوا تھا جس سے اللہ پاک نے مجھے نجات دلا دی ہے۔ اس دعا کے پڑھنے اور درس میں آنے کی برکت سے اللہ پاک نے میری بہت سی مشکلات حل کر دی ہیں اور جو لوگ میرے دشمن بنے ہوئے تھے وہ دوست بن گئے ہیں۔ (ز۔ الف)

''سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم'' کے مشاہدات

مسنون عمل سے خواہشات کی تکمیل

السلام علیکم حضرت صاحب دامت برکاتہم! میں اپنے وظیفے کے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ اللہ پاک اس وظیفے کی برکت سے میری ہر دلی خواہش اور نیک تمنا پوری کر رہا ہے۔ جب سے میں نے ''سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم'' کا مسلسل ورد کرنا شروع کیا ہے اللہ پاک مجھ پر اپنے غیب کے خزانے کھول دیے ہیں۔ اس کے پڑھنے سے قبل مجھے یہ محسوس ہوتا تھا کہ میں بھوکا ہوں اور کسی ایسی جگہ پر موجود ہوں جہاں کچھ بھی نہیں ہے لیکن اس وظیفے کی برکت سے اللہ پاک نے ایسی رحمت فرمائی ہے کہ میرے ذہن میں جو چیز بھی ہوتی ہے اللہ پاک مجھے عطا کر دیتا ہے۔ (ع۔ ر)

''رب اغفر وارحم وانت خیر الرحمین'' کے مشاہدات

مسنون عمل کی برکت سے بچوں کی تربیت

السلام علیکم! میرا نام عبدالرحمن ہے میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ درس میں ''رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ'' کا وظیفہ پڑھنے کیلئے بتایا تھا کہ جو شخص یہ وظیفہ اول و آخر سات

Qureshi

مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے گا اللہ پاک اسکے ساتھ محافظ مقرر فرما دیتے ہیں۔ میں نے یہ وظیفہ اپنے نواسے کیلئے کیا جو بالکل کمسن تھا اس کیلئے پابندی سے پڑھنا شروع کیا جو اب ایک ماہ کا ہو گیا ہے۔ اس وظیفے کی برکت سے اس میں اتنی خوبیاں آئی ہیں کہ وہ اللہ اللہ کرتا ہے، دوسری یہ کہ اس میں کبھی گندگی نظر نہیں آئی، تیسری یہ کہ بہت سے بچے روتے اور ضد کرتے ہیں مگر اس میں کوئی ایسی رونے والی بات نہیں اور ہر وقت ہنستا، مسکراتا اور کھیلتا رہتا ہے۔ اللہ پاک اسے زندگی اور برکت عطا فرمائے۔ آمین! (عبدالرحمٰن)

”سبحان اللہ العظیم......“ کے مشاہدات

اللہ کے فضل سے حمل کی حفاظت

السلام علیکم! کل کی بات ہے کہ میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کے درس اپنے ایک دوست کو دیئے اس کے ساتھ بہت دیر سے مسئلہ تھا کہ اس کی اہلیہ کا حمل ہر بار ضائع ہو جاتا تھا اور بچے مر جاتے تھے جس کا کئی بار (Abortion) بھی کروانا پڑا۔ میں نے حضرت صاحب کے دیئے ہوئے اعمال چار امراض اور انکا علاج اور ساتھ ”سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ“ والا وظیفہ پڑھنے کیلئے بھی دیا جوان دونوں میاں بیوی نے پڑھنا شروع کر دیا۔ کچھ عرصے بعد جب اس دوست سے دوبارہ ملاقات ہوئی تو اس نے بتایا کہ ہم دونوں میاں بیوی تقریباً آٹھ ماہ سے یہ صبح و شام اس وظیفے کی ایک تسبیح پڑھ رہے ہیں جس کی برکت سے الحمدللہ! میری اہلیہ کا ساتواں ماہ ہے جسے ڈاکٹر کو چیک کروایا ہے جو کہتے ہیں کہ الحمدللہ! سب معاملہ ٹھیک چل رہا ہے۔ (ع۔الف)

”يَاحَكِيْمُ يَاخَنَّانُ يَاعَزِيْزُ بِحَقِّ......“ کے مشاہدات

ذکر کی بدولت فہم و فراست کا حصول

السلام علیکم! کچھ عرصہ سے میرے ساتھ بہت سے ایسے مسائل تھے جو حل ہونے کا

Oureshi

نام نہیں لے رہے تھے اور میں ان کی وجہ سے بہت پریشان تھا۔ میرے ایک دوست نے میری پریشانی کے بارے میں جانتے ہوئے مجھے تسبیح خانہ میں ہونے والے درس کے بارے میں بتایا کہ وہاں لوگوں کے درس میں ہونے والی دعا اور مسنون وظائف کی برکت سے مسائل حل ہو رہے ہیں اور اس نے فون پر ٹائم لے کر حضرت حکیم طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم سے ملاقات کروائی جس پر حضرت جی نے مجھے ”یَاحَکِیْمُ یَاحَنَّانُ یَاعَزِیْزُ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ “ کا وظیفہ پڑھنے کیلئے عنایت فرمایا۔ جب سے میں نے یہ عمل پڑھنا شروع کیا ہے اللہ پاک نے ایسا کرم کیا ہے کہ میری ساری پریشانیاں، مشکلات اور مصیبتیں ایسی ختم کی ہیں کہ جیسے تھیں ہی نہیں اور اب ان سے سکون مل گیا ہے۔ الحمدللہ! میرے دل کی بات لوگوں کو آسانی سے سمجھ بھی آجاتی ہے اور مجھے لوگوں کے من میں جو بات ہوتی ہے وہ سمجھ آجاتی ہے۔ یہ سب اللہ پاک کا کرم ہے۔ (م۔ق)

”بسم اللہ الرحمن الرحیم لا یوز ورولا......“ کے مشاہدات

بغیر کچھ کئے سانپ مرگیا

السلام علیکم! میرا نام حبیب اللہ ہے میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ آج سے تقریباً 10 سال پہلے میں مدرسے میں پڑھتا تھا۔ مدرسے میں روٹین تھی کہ ”بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَافِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ “ مغرب اور فجر کی نماز کے بعد کا عمل 3,3 بار کرتے تھے۔ ایک دن میں یہی وظیفہ کرتے ہوئے کھجوروں کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی پر سو گیا اور اسی دوران ایک سانپ آیا اور چٹائی کے نیچے گھس گیا جب میں نے کروٹ بدلی تو وہ سانپ بغیر مجھے کچھ کہے اور کئے وہیں پر مر گیا۔ جب مجھے چٹائی کے نیچے کچھ محسوس ہوا تو میں نے اٹھ کر دیکھا تو اس کے نیچے سانپ مرا ہوا تھا جسے دیکھ کر

میں حواس باختہ ہوگیا۔ جب طالب علم اور اساتذہ اکھٹے ہوئے تو وہ دیکھ کر بہت حیران ہوئے کہ یہاں سانپ کیسے مرگیا۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں وظیفہ پڑھتے ہوئے سویا ہوا تھا جس کی برکت سے اللہ پاک نے میری اس سانپ سے حفاظت فرمائی ہے۔ (حبیب اللہ)

”بسم اللہ الرحمن الرحیم یا کریم“ کے مشاہدات

پنکچر موٹر سائیکل چلتی رہی

السلام علیکم! میرا نام فیض احمد فریدی اور میں لاہور سے ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک عمل بتایا تھا ”بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا کَرِیۡمُ“ جس دن آپ نے بتایا تھا اسکے دو دن بعد میں صبح ڈیوٹی پر جانے کیلئے گھر سے نکلا تو میری موٹر سائیکل پنکچر ہوگئی اور میں یہ پڑھتا جا رہا تھا اور موٹر سائیکل چلا رہا تھا اس وقت پنکچر والی تمام دکانیں بھی بند تھیں میں نے اسی طرح پنکچر موٹر سائیکل پر 3 کلو میٹر کا سفر طے کرلیا اور سوچا کہ اب تو ٹیوب ختم ہوگئی ہوگی۔ جب میں نے پنکچر والی دکان پر جا کر موٹر سائیکل کھڑی کی اور دکاندار سے کہا کہ اگر پنکچر ہوا تو لگا دینا نہیں تو نئی ٹیوب ڈال دینا یہ کہہ کر میں آگے چلا گیا اور جب واپس آیا تو اس نے بتایا کہ صرف ایک ہی پنکچر تھا آپ کی ٹیوب بالکل ٹھیک ہے۔ یہ سن کر میں حیران رہ گیا کہ 3,4 کلو میٹر کے سفر میں بھی ٹیوب صحیح سلامت رہی۔ میں نے اپنے دن میں کہا کہ یہ صرف اور صرف وظیفہ کی برکت ہی سے ممکن ہوا ہے۔ (فیض احمد فریدی، لاہور)

”یا شافی الامراض“ کے مشاہدات

والدہ کو ملی بیماری سے شفاء

السلام علیکم! میرا نام احتشام ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ ہم سب گھر والے

Oureshi

حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کا بتایا ہوا ''یَاشَافِیَ الْاَمْرَاضِ'' کا وظیفہ کرتے ہیں جس کی برکت سے اللہ پاک نے میری والدہ کو صحت و تندرستی عطا فرمائی ہے۔ کیونکہ اکثر میری والدہ بیمار رہتی تھیں انکے جسم میں بہت زیادہ تکلیف ہوتی تھی۔ میں جب درس میں ذکر خاص پڑھ رہا ہوتا تھا تو اس میں جب ''یا شافی الامراض'' کا ورد آتا تو میں اپنی والدہ کی صحت یابی کی نیت کرتا کہ اللہ تعالیٰ شفاء دینے والا ہے اور ساتھ گھر میں وظیفہ پڑھ کر اپنی والدہ کے جسم پر درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر دم کر دیتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس وظیفے کی برکت سے اللہ پاک نے میری والدہ کو شفاء دے کر ان کی تکلیف دور کر دی ہے۔ **(احتشام، لاہور)**

''سلام علی نوح فی العالمین'' کے مشاہدات

چھپکلی سے نجات، پرندوں نے لڑنا چھوڑ دیا

السلام علیکم! میرا نام اسد اللہ شاہ ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار مجھے پرندے کے پنجرے میں چھپکلی نظر آئی میں نے ''سَلَامٌ عَلٰی نُوحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ'' پڑھا اس کے بعد وہ چھپکلی نظر نہیں آئی اور کچھ دنوں کے بعد پرندوں کی آپس میں لڑائی ہوئی (پرندے ایک دوسرے کے بچے مار دیتے ہیں) میں نے اول و آخر درود شریف اور آدم، حوا، ہاروت، ماروت، کھت، کمیر سات مرتبہ پڑھ کر ان پرندے کو ہدیہ کیا تو اس کے بعد پرندوں نے لڑنا چھوڑ دیا۔ **(اسد اللہ شاہ، لاہور)**

موذی جانور اور بچھوؤں سے حفاظت

السلام علیکم! میرا نام حسن ہاشمی ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار سفر کے دوران صحرا میں ٹھہرنے کا اتفاق ہوا تو رات کو میرا حاجت کیلئے ویرانے میں جانا ہوا جب میری حاجت کے

Qureshi

دوران قریب ہی ایک جگہ نظر پڑی تو مجھ سے تھوڑی دور ہی ایک پیلے رنگ کا بڑا سا بچھو بیٹھنے کے دوران گزر گیا اور مجھے کچھ بھی نہ کہا۔ میں نے سوچا کہ یہ سب ”سَلَامٌ عَلٰی نُوحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ“ کی دعا کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ کیونکہ میں نے جانے سے پہلے 100 مرتبہ یہ دعا پڑھی تھی اور اس کی برکت سے اندھیرے میں اللہ نے مجھے بچھو سے بچالیا۔ (حسن ہاشمی، لاہور)

”السلام علیکم“ کے مشاہدات

السلام علیکم کے عمل سے گھر میں برکت

السلام علیکم! میرا نام محمد اعظم ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں اور بہت عرصے سے تسبیح خانے میں درس میں شرکت کیلئے حاضر ہو رہا ہوں اور درس میں ملنے والے وظائف لوگوں میں تقسیم کرتا رہتا ہوں جس کے مجھے بہت سے مشاہدات حاصل ہو رہے ہیں۔ ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ”السلام علیکم“ کے فضائل بیان کئے تھے کہ گھر میں اونچا سلام کرنا اس کے بعد درود شریف ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنا ہے۔ اس سے گھر میں امن، سکون اور چین ملتا ہے، میاں بیوی میں الفت ہوتی ہے کیونکہ شیاطین، جنات، شریر چیزیں گھر میں ہوتی ہیں جو اس عمل سے نکل جاتی ہیں اور رزق میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا جس کی واقعی برکات ملنا شروع ہو گئی ہیں۔ اس سے پہلے ہمارے گھر میں ہر وقت نوک جھونک اور بے چینی جیسا ماحول تھا جو ختم نہ ہونے جیسا لگتا تھا اور میرا گھر میں جانے کو نہیں کرتا تھا لیکن اللہ پاک نے اس چھوٹے سے عمل ”السلام علیکم“ کی برکت سے اپنی رحمتوں کے نزول عطا کر دیا ہے۔ (محمد اعظم، لاہور)

”انا للہ وانا الیہ راجعون“ کے مشاہدات

روحانی جسمانی مشکلات کا حل

السلام علیکم! میرا نام انیس گل ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں ایک

Oureshi

عمل بتایا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے کہ جمعہ کے دن ناخن کاٹتے تھے اور دوسرا عمل یہ تھا کہ جمعہ کو جو ناخن کاٹے اس کی سب سے پہلے نیت یہ ہو کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی سنت ہے اور اس کے بعد ہاتھوں اور پیروں کے ناخن کاٹ کر سامنے رکھ کر یہ تصور کریں کہ میرے جتنے بھی مسائل ہیں، جس قسم کے بھی ہیں جسمانی، روحانی ہیں یا کوئی جادو سحر بندش یا جسمانی تکالیف ہے اور کوئی گناہ ہے سب کا تصور کر کے اول و آخر درود شریف پڑھ کر ایک تسبیح "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ" پڑھ کر ان ناخنوں کو کسی ٹشو پیپر میں لپیٹ کر جا کر کہیں کسی جگہ پر دفن کر دیں۔ یہ عمل اللہ کی توفیق سے 2 بار کیا اور میں نے محسوس کیا کہ میرے مہینوں نہیں بلکہ سالوں کے بند کام، ناممکن مشکلات، طرح طرح کے جادو سحر، بندشیں اور جو جنات کام نہیں ہونے دیتے تھے وہ کام خود بخود اللہ پاک کے فضل سے بننا شروع ہو گئے اور تمام چیزیں مجھ پر کھلنا شروع ہو گئیں۔ میں نے یہ عمل جس کو بھی بتایا ہے اللہ پاک نے اس کے کام بنا دیئے۔ **(محمد انیس گل)**

گمشدہ اشیاء واپس لینے کا عمل

السلام علیکم! تقریباً ایک ہفتہ پہلے میرا موبائل گم ہو گیا تھا اس سے اگلی رات میری برکت والی تھیلی اور ایک ٹارچ جو بہت قیمتی اور میرے پاس کسی کی امانت تھی وہ دونوں بھی گم ہو گئیں۔ میں اتفاقاً ہی یہاں تسبیح خانے میں آیا ہوا تھا۔ حضرت جی دامت برکاتہم سے اس بارے عرض کیا تو آپ نے مجھے "بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ يَاجَامِعُ يَامُعِيْدُ" پڑھنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اس کو انتہائی طاقت کے ساتھ پڑھو۔ اس کے پڑھنے کی دیر تھی کہ 20/25 منٹ بعد میری تھیلی اور ٹارچ مل گئی لیکن موبائل فون نہ ملا۔ میں یہ پڑھتا رہا اور تقریباً ایک ہفتے بعد دوپہر کا کھانے کے دوران مجھے ایک صاحب کا فون آیا کہ آپ کا موبائل میرے پاس ہے یہ میرا ایڈریس ہے اور آ کر آپ اپنا موبائل لے جائیں۔ جب میں موبائل لینے گیا تو انہوں

ureshi

نے باقاعدہ مجھ سے معذرت کی کہ بچوں کی ضد کی وجہ سے میں آپ کو پہلے کال نہ کر سکا اور ایک ہفتہ لیٹ ہوگیا۔ حیرانگی کی بات یہ تھی کہ انہوں نے میرے موبائل کی جیمن پیکنگ خرید کر اس میں میرا موبائل پیک کر کے مجھے لوٹایا اور کہا کہ آپ اچھی طرح چیک کرلیں کہ اس میں تمام چیزیں پوری ہیں۔

چوری ہونیوالی گاڑی برآمد

یہ عمل میں نے پہلے بھی ایک مرتبہ اس وقت کیا تھا جب میری گاڑی چوری ہوگئی تھی۔ اس وقت حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ ہر نماز کے بعد 70 مرتبہ ”بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ يَا جَامِعُ يَا مُعِيْدُ“ پڑھا کرو اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بغیر کسی محنت کے ٹھیک ایک ماہ بعد پولیس والوں کا فون آیا کہ آکر اپنی گاڑی لے جائیں اور انہوں نے بغیر مجھے پریشان کئے میری گاڑی واپس کردی۔

نہ ملنے والا پاسپورٹ مل گیا

دوسری بار یہ وظیفہ ”بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ يَا جَامِعُ يَا مُعِيْدُ“ میں نے اس وقت کیا جب سعودی عرب میں میرے چھوٹے بھائی کا پاسپورٹ گم ہوگیا اور لاکھ کوشش کے باوجود نہیں مل رہا تھا۔ اسے بھی یہی عمل بتایا اور ٹھیک ایک ماہ بعد اسکا پاسپورٹ مل گیا۔ (حسن ہاشمی، لاہور)

گمشدہ چیز کا ملنا اور رزق میں برکت

السلام علیکم! میں درس میں دوسری بار حاضر ہوا ہوں پچھلی جمعرات کو میں یہاں پہلی بار آیا تھا۔ میرا بارہا کا تجربہ ہے کہ میری کوئی بھی چیز گم ہوجائے تو میں ”ان للہ وانا الیہ راجعون“ پڑھنا شروع کر دیتا ہوں تو میری وہ گمشدہ چیز مل جاتی ہے۔ وہ کہیں بھی ہو ذہن میں آجاتا ہے کہ فلاں جگہ رکھی ہوگی۔ اس کے علاوہ اگر کوئی چیز یا کوئی بات ذہن میں آرہی ہو کہ چیز کہاں رکھ کر بھولا ہوا ہوں تو آنکھیں بند کر کے درود شریف پڑھتا ہوں تو وہ چیز یا بات فوراً ذہن میں آجاتی ہے۔

Oureshi

اس کے علاوہ اگر کسی شخص کے پاس پیسوں میں برکت نہ ہو تو اسے چاہیے کہ جب بھی پیسے لے تو بسم اللہ پڑھ کر دائیں ہاتھ سے پیسے پکڑے اور جب کسی کو دے تو بھی دائیں ہاتھ سے ”اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ“ پڑھ کر دے۔ ان شاء اللہ اس سے اسکے رزق اور مال میں برکت آجائے گی۔ (ن۔ر)

جنات نے انگوٹھی واپس رکھ دی

حضرت جی دامت برکاتہم نے ارشاد فرمایا:

آج کا میں اپنا واقعہ سناؤں وہ ایسے ہوا کہ کچھ لوگ ہمارے پاس آئے ان کے ساتھ جنات تھے وہ میری اہلیہ کی انگوٹھی لے گئے۔ پھر کہنے لگے ہم نے وہ انگوٹھی میانی صاحب کے قبرستان میں دفن کر دی ہے۔ (ہمارے پاس تو اعمال ہی ہیں) وہ اعمال پڑھتے رہے اور آج وہ انگوٹھی ایسی جگہ سے ملی جہاں سے گمان نہیں تھا۔ خالی شاپر لپیٹ کر اس میں چھوڑ گئے اور آج مغرب سے پہلی وہ انگوٹھی مل گئی۔ حتیٰ کہ اس انگوٹھی کے اوپر دھاگے بندھے ہوئے تھے وہ بھی ایسے ہی تھے اور ٹھیک حالت میں تھی۔ یہ بھی اس ”بِسْمِ اللّٰہِ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ یَاجَامِعُ یَامُعِیْدُ“ وظیفے کی برکت ہے۔ (حضرت حکیم صاحب عفی اللہ عنہ)

”سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، عہد کریمہ...... الناس“ کے مشاہدات

وظیفے کی برکت سے اچھی نوکری

السلام علیکم! میرا نام حاجی صداقت ہے اور ملتان چونگی سے میرا تعلق ہے۔ میرے چار بچے ہیں اور ان چاروں کا نام حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے رکھا ہے اور ماشاء اللہ سب حافظ قرآن ہیں۔ حضرت صاحب نے مجھے ایک وظیفہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف، سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، عہد کریمہ، سورۃ فلق، سورۃ الناس پڑھنے کیلئے دیا تھا۔ اس وظیفے کی بہت ہی برکات حاصل ہوئی ہیں۔ میرے

Qureshi

پاس ملازمت نہ ہونے جیسے تھی جو اللہ پاک نے اس وظیفے کے کرنے سے مجھے بہت ہی اچھی ملازمت دلا دی ہے۔ میرے کچھ دوستوں بیرون ممالک سے فون کر کے مجھے اپنے مسائل کے بارے میں بتایا کہ ہمیں بھی کوئی وظیفہ بتاؤ جس سے ہمیں بھی اچھی ملازمت مل جائے اور ہمارے مسائل حل ہو جائیں۔ میں نے ایک دوست کو یہی وظیفہ پڑھنے کیلئے بتایا تو اس کا 3 دن بعد مجھے دوبارہ فون آیا اور بتانے لگا کہ اللہ پاک نے مجھے بھی اس وظیفے کی برکت سے۔ بہت ہی اچھی ملازمت دلا دی ہے۔

(صداقت، ملتان چونگی)

''صدقہ'' کے مشاہدات

بیٹیوں کے رشتوں کیلئے مسنون صدقہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام خدا بخش ہے اور میں گوجرہ کا رہائشی ہوں اور ملازمت کے سلسلے میں یہاں قریب ہی ٹیکسٹائل فیکٹری میں ملازمت کرتا ہوں۔ میں ہر جمعرات یہاں تسبیح خانہ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا درس سننے کیلئے حاضر ہوتا رہتا ہوں۔ میں تسبیح خانہ سے جو بھی اعمال سنتا ہوں وہ اپنے عزیز و اقارب اور دوستوں کو بتاتا رہتا ہوں جس کے مجھے بہت زیادہ فوائد مشاہدات حاصل ہو رہے ہیں۔ ہمارے ہمسائیوں میں ایک گجر خاندان رہتا تھا ان کی بیٹیوں کے رشتے نہیں ہو رہے تھے۔ انہوں نے میری اہلیہ کو دعا کیلئے کہا تو میری اہلیہ نے مجھ سے اس بارے میں بات کی تو میں نے کہا کہ حضرت جی نے ایک عمل بتایا ہوا ہے کہ جن بچیوں کے رشتوں کی بندش ہو اور ان کی رشتے نہ ہوتے ہوں تو ان بچیوں کے وزن کے برابر گندم صدقہ کریں اور ساتھ میں 2 نفل حاجت کے پڑھ کر دعا کریں۔ میری اہلیہ نے انہیں یہ عمل کرنے کو کہا تو ٹھیک ایک ہفتے بعد ان کے گھر سے مٹھائی آئی کہ اللہ پاک کے کرم و فضل سے اور اس عمل کی برکت سے ہماری بیٹیوں کے رشتے ہو گئے ہیں۔ **(خدا بخش)**

Oureshi

ایک کے بدلے دس ہزار روپے ملے

السلام علیکم! میرا نام محمد بلال ہے اور میں مریدکے کا رہائشی ہوں۔ میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ ایک کے بدلے 10 دیتا ہے اور اس کے مشاہدات بھی بتائے تھے اور کسی شخص کا واقعہ بھی بتایا تھا کہ اسے پیسوں کی ضرورت ہوتی تھی تو وہ کسی سے ادھار لے کر صدقہ کرتا تھا اور اسے بعد میں اس کی ضرورت مطابق اللہ تعالیٰ غیب کے خزانوں سے پیسے عطا کرتا تھا۔ میں نے بھی حضرت صاحب کے فرمان کے مطابق 2 ہفتے پہلے ایک ہزار روپے صدقہ کیا جس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے اس کے بدلے 10 ہزار روپے عطا کئے۔ **(محمد بلال، مریدکے)**

صدقے کیلئے پیسے نکالنے کا کمال

السلام علیکم! میرا نام محمد زاہد اور میں کالا خطائی روڈ کا رہائشی ہوں۔ میں اپنا مشاہدہ بتا رہا ہوں کہ پرسوں ہمارے گھر کچھ مہمان آئے ہوئے تھے اس دوران ہماری لائٹ گئی ہوئی تھی کیونکہ ہمارے علاقے میں پچھلے 4 ماہ سے روٹین ہے کہ روزانہ رات کو 10 سے 11 بجے تک لائٹ چلی جاتی ہے۔ جب دس بجنے والے تھے تو ہمیں پریشانی محسوس ہوئی کہ اگر بجلی بند ہوگئی تو کیا ہوگا؟ اس وقت UPS وغیرہ کا انتظام بھی نہیں تھا۔ میری اہلیہ نے اللہ پر کامل یقین رکھتے ہوئے اس نیت کیساتھ صدقے کیلئے کچھ پیسے علیحدہ کردیئے کہ یااللہ! آج ہماری لائٹ بند نہ ہو۔ اللہ پاک کا ایسا کرم ہوا کہ اس دن واقعی ہمارے علاقے کی لائٹ نہیں گئی۔ **(محمد زاہد)**

جسم کے کسی بھی حصے کا درد ختم

السلام علیکم! میرا نام عمر جاوید ہے اور میں عبقری رسالہ کا عرصہ دراز سے قاری ہوں اس میں شائع ہونے والے طبی و روحانی ٹوٹکوں سے بہت نفع پا رہا ہوں اور دوسروں لوگوں کو بھی اس میں شائع ہونے والے وظائف کے بارے میں بتاتا رہتا ہوں۔

Qureshi

ایک بار عبقری رسالے میں مَیں نے پڑھا تھا کہ اگر جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو تو 10 روپے کا نوٹ لے کر اسے درد والے حصے پر مل کر (لگا کر) صدقہ کر دیں انشاء اللہ درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میں نے یہ عمل اپنے بہت سے دوستوں کو بتایا جس نے بھی آزمایا اسے بہت ہی فائدہ ہوا۔ **(عمر جاوید)**

صدقہ کرنے سے جان بچ گئی

السلام علیکم! میرا مشاہدہ ہے کہ میرے خالو ایک دن اچانک نیچے گر گئے انہیں شاید بلڈ پریشر کا مسئلہ تھا ہسپتال میں ڈاکٹر انہیں انجکشن اور ڈرپ لگا رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ ان کی حالت کافی خطرناک ہے۔ مجھے اچانک خیال آیا اور میں نے گھر والوں کو فون کر کے کہا کہ فوراً ان کی نیت سے صدقہ کریں۔ پوچھنے لگے کہ کتنا؟ میں نے کہا کہ 5 ہزار روپے صدقہ کر دیں۔ فون کر کے جب میں اندر گیا تو ڈاکٹر اپنے اسسٹنٹ سے کہہ رہے تھے کہ فلاں انجکشن لے کر آؤ وہ ضرور لگانا ہے لیکن جب وہ انجکشن لے کر آیا تو ڈاکٹر کہنے لگے کہ اب انکی حالت خطرے سے باہر ہو گئی ہے، انجکشن کی کوئی ضرورت نہیں۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد وہ بالکل ٹھیک ہو گئے اور باتیں کرنے لگ پڑے۔ الحمدللہ! اب وہ بالکل ٹھیک ہیں۔ یہ سب صدقہ دینے کی بدولت ممکن ہوا ہے۔ **(محمد فیصل)**

"دعائے خیر" کے مشاہدات

دشمن دوست بن گیا

السلام علیکم! میں ایک عمل کے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے درس میں ایک عمل بتایا تھا کہ اگر آپ کے پڑوس میں آپ کا کوئی ہمسایہ دشمن بن کر رہا ہے تو اس کیلئے دعائے خیر کریں ان شاء اللہ وہ آپ کا دوست بن جائے گا اور کبھی آپ کو تنگ نہیں کرے گا۔ ہمارے ہمسائے میں ایک لڑکا تھا وہ ہمیں عرصہ دراز سے تنگ کر رہا تھا۔ میں نے اس کیلئے جب سے یہ

Oureshi

عمل کرنا شروع کیا ہے اس دن سے آج تک اس نے ہمیں کبھی تنگ نہیں کیا بلکہ ان کے ہمارے ساتھ مراسم اور تعلقات اچھے ہو گئے ہیں اور وہ لڑکا ہمارے ساتھ اب دوست بن کر برتاؤ کرتا ہے۔ (عادل علی)

"لبیك اللھم لبیك" کے مشاہدات

عمرے کیلئے غیب سے نظام

السلام علیکم! میں نے سورۃ فتح کی آیت نمبر 27 پڑھی۔ حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ایک مرتبہ درس میں عمل بتایا تھا کہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح "لَبَّیْكَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ ○ لَبَّیْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ ○ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَ الْمُلْكَ ○ لَاشَرِیْكَ لَكَ○" پڑھنی ہے۔ یہ عمل میں نے پورا تو نہیں کیا لیکن یہ 3 مرتبہ صبح وشام پڑھتا رہا اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے میرا عمرے کیلئے ایسا بندوبست کیا کہ میرا عمرے میں ایسے ہی نام آگیا اور میرا پاسپورٹ بن گیا کیونکہ میرا پہلا پاسپورٹ ابوظہبی کا تھا انہوں نے کہا آپ کا پاسپورٹ نہیں بن سکتا یہ 2 ماہ تک چیکنگ کیلئے جائے گا لیکن اللہ پاک نے ایسا کرم کیا کہ میرا 10 دن کے اندر میرا پاسپورٹ بن گیا اور میں عمرے کی سعادت کیلئے روانہ ہو گیا۔ جب عمرے سے واپس آیا تو سورۃ فتح کی آیت نمبر 27، 3 مرتبہ صبح اور 3 مرتبہ شام کو پڑھتا تھا۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے مجھ پر رزق کے خزانے ایسے کھول دیئے ہیں کہ کبھی کبھی تو عقل کر دنگ رہ جاتی ہے کہ اللہ پاک نے اپنے پاک کلام میں کتنی برکت رکھی جن سے ہم لاعلم تھے۔ اللہ پاک حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے کیونکہ وہ ہمیں مسنون اعمال اور قرآن وحدیث کے ذریعے اللہ پاک سے اپنے مسائل حل کروانے اور مانگنے والا بنا رہے ہیں۔ (ق۔ع)

Qureshi

”سبحان اللہ...... الملکوت“ کے مشاہدات

پتے کے آپریشن سے نجات

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ 3 سال پہلے میرے پتے کا مسئلہ بن گیا تھا جس میں شوگر بھی تھی اور ڈاکٹر کہتے تھے کہ آپ کا پتے کا آپریشن ہوگا اس مرض کی وجہ سے مجھے بہت زیادہ تکلیف ہوتی تھی اور اکثر حالت خراب رہتی تھی۔ اسی دوران اللہ پاک نے میرے ذہن میں دعا ڈال دی جو نماز تراویح کے بعد پڑھتے ہیں۔ ”سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ، سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَايَنَامُ وَلَايَمُوْتُ، سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ، اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ، يَامُجِيْرُيَامُجِيْرُ يَامُجِيْرُ“ یہ پوری دعا ہر ٹائم میری زبان پر رہنے لگی جس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے اب تک پتے کے آپریشن سے بچایا ہوا ہے اور اس میں درد بھی نہیں ہوتی۔ (ص۔م)

”والقت ما فی ھا و تخلت......“ کے مشاہدات

اہلیہ بڑے آپریشن سے بچ گئی

السلام علیکم! میرا نام سرفراز ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ کل کی بات ہے کہ ڈاکٹروں نے میری اہلیہ کی ڈلیوری کیلئے بڑا آپریشن کرنے کا بتایا ہوا تھا۔ میں اس کیلئے ”وَاَلْقَتْ مَافِيْهَاوَ تَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ“ والی دعا پڑھتا رہا اس دوران میری اہلیہ آپریشن تھیٹر میں تھی ڈاکٹروں نے مجھے آپریشن تھیٹر کے اندر بلالیا کے آپ کی اہلیہ کی طبیعت بہت خراب ہے آپ جلد سے جلد خون کا انتظام کریں کیونکہ ہمیں فوری طور پر بڑا آپریشن کرنا پڑے گا۔ میں نے اللہ سے عرض کی کہ یا اللہ

Qureshi

! ساری طاقتیں تو تیری ہیں یہ تو بس کہنے والے ہیں اور میں دعا مانگتا رہا بس اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور کچھ ہی دیر میں نارمل ڈلیوری ہو گئی۔ وہ سب ڈاکٹر خود بہت پریشان ہوئے کہ یہ کیسے ممکن ہو گیا۔ (سرفراز صاحب، لاہور)

قرض میں واپسی اور نارمل ڈلیوری

السلام علیکم! میں نے اپنے شہر میں جس کسی کو بھی نارمل ڈلیوری کیلئے ''وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ '' والی آیت کے بارے میں بتایا ہے الحمدللہ! اس کی نارمل ڈلیوری ہی ہوئی ہے۔ اکثر خواتین نے آ کر اس کے مشاہدات بھی بتائے ہیں کہ یہ بچوں کی باآسانی پیدائش کیلئے بہت مفید ہے۔ اس آیت کو میں نے کسی سے قرضہ واپس لینے کیلئے صبح و شام 1,1 تسبیح پڑھی تو اس کی برکت سے قرضہ بھی باآسانی واپس مل گیا۔ (محمد امتیاز، میلسی)

''سر پر پگڑی باندھنے'' کے مشاہدات

سنت نبوی ﷺ سے سر درد کا علاج

السلام علیکم! آج سے دس بارہ سال پہلے میں نے کسی لائبریری میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کتاب ''سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنس'' پڑھی تھی۔ اس کتاب میں جہاں دوسرے مسنون اعمال مثلاً ہاتھ کے ساتھ کھانا کھانے کے فوائد اور مسواک کے فوائد لکھے تھے وہاں پگڑی کے متعلق بھی بہت انوکھے انکشافات کئے گئے تھے۔ میں ایک اکیڈمی میں پڑھتا ہوں میرے سر میں اکثر ہی درد رہتا تھا۔ میں نے کچھ عرصہ قبل سنت کی نیت سے سر پر پگڑی باندھنا شروع کر دی جس کی برکت سے الحمدللہ! جب سے پگڑی باندھنی شروع کی ہے تب سے میرے سر کا درد ختم ہو گیا ہے۔ باقی اعمال بھی کرنے کی کوشش کرتا ہوں وقتاً فوقتاً جب کوئی پریشانی والے حالات پیش آتے ہیں تو موقع کی مناسبت سے کوئی عمل اختیار کرتا ہوں تو اللہ پاک میرے لئے آسانی کا راستہ کھول

دیتا ہے۔ میں آپ کو دوبارہ بتاتا چلوں کہ سر پر پگڑی باندھنے سے سر کا درد ایسے غائب ہوتا ہے کہ دوبارہ کبھی لوٹ کر نہیں آتا یہ میرا بہت سالوں سے آزمودہ عمل ہے۔ (پ۔ب)

''سودخوروں کے نام لکھنے'' کے مشاہدات

سودخوروں کے نام کی نحوست

السلام علیکم! ایک صاحب کہنے لگے کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے 2 ہفتے قبل درس میں فرمایا تھا کہ اگر کسی انسان یا جانور کو کوئی لاعلاج بیماری ہو تو 7 سودخوروں کے نام لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ سود کی اتنی نحوست ہے کہ وہ بدترین بیماری پیچھا چھوڑ دیتی ہے۔ میں درس سے واپس جا کر اپنے باس کو درس کی باتیں کر رہا تھا۔ باتوں باتوں میں باس کہنے لگے کہ یہ بات تو میں نے خود تجربہ کی ہوئی ہے۔ میں نے پوچھا کیسے؟ وہ بتانے لگے کہ ہماری بھینس کو چند دنوں سے ایک سائیڈ پر زخم ہو گیا تھا جس کی وجہ سے اُس سے اس طرف بیٹھا نہیں جا رہا تھا کچھ دن گزرے تو دوسری طرف ویسا ہی زخم بن گیا۔ ڈاکٹر کو چیک کروایا جو روزانہ آتے تھے اور ٹیکے وغیرہ لگا کر دوائی دے جاتے تھے لیکن بھینس کو فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ ایک دن میری نظر پڑی تو میں نے دیکھا کہ زخم میں کیڑے پڑے ہوئے تھے۔ میں نے کہا کہ بس کام ہو گیا میں نے 7 سودخوروں کے نام لکھ کر بھینس کے گلے میں لٹکا دیے اور جب شام کو دیکھا تو کیڑے وہ زخم چھوڑ چکے تھے۔ اگلے دن ڈاکٹر صاحب نے آ کر پوچھا کہ کیا صورت حال ہے؟ تو میں نے بتایا کہ دوائیوں سے تو فرق نہیں پڑ رہا تھا لیکن میرا یہ ٹوٹکہ بہت کام آیا ہے اور الحمدللہ! بھینس اچھی بھلی ہو گئی ہے۔ (ع۔ق)

''استغفار'' کے مشاہدات

ہر دعا اور عبادت قبول ہو جاتی ہے

السلام علیکم! میرا نام انیس گل ہے اور لاہور کا رہائشی ہوں۔ حضرت جی دامت

Oureshi

برکاتہم نے ایک مرتبہ درس میں ارشاد فرمایا تھا کہ اللہ سبحان تعالیٰ کو شرمندگی بہت پسند ہے کیونکہ شرمندگی ندامت خود بہت بڑا عمل ہے اور اگر شرمندگی ہو تو وہ خود بہت بڑا عمل ہے لیکن حضرت جی نے جو بہت بڑا عمل بتایا وہ یہ ہے کہ اپنی نیکیوں پر شرمندگی ہو یہ اللہ سبحان تعالیٰ کے قرب کا بہت بڑا ذریعہ ہے کہ یااللہ! میں نے نیکی تو کی ہے لیکن تیرے پیش ہونے کے قابل نہیں۔ تو ہر ذکر کرنے سے پہلے اور بعد میں استغفار پڑھ لیں کیونکہ استغفار شرمندگی کیساتھ پڑھنے سے وہ عمل دعا وعبادت قبول ہوتی ہے۔ میرا یہ عمل بہت بار کا آزمودہ ہے اور میں نے یہ جس کو بتایا ہے اس کی دعائیں قبول ہوئی ہیں۔ (انیس گل، لاہور)

خواب میں ملا رزق کی کشادگی کا وظیفہ

السلام علیکم! میرا نام محسن ہے اور میں عرصہ دراز سے تسبیح خانہ میں درس سننے کیلئے مسلسل آرہا ہوں جس سے مجھے ہر معاملات میں بہت فائدے حاصل ہورہے ہیں۔ ایک بار صبح بیدار ہونے سے پہلے مجھے خواب میں بتایا گیا کہ ''استغفار'' کا عمل اپناؤ اس سے تمہارا رزق، تمہاری فیملی اور تمہارے گھر کے حالات درست ہوجائیں گے۔ الحمدللہ! میں نے تب سے یہ عمل شروع کیا ہوا ہے جس کی برکت سے اللہ پاک اپنا کرم کررہا ہے اور ہمارے گھر میں کبھی رزق کی تنگی یا پریشانی نہیں ہوئی۔ (محسن)

استغفار کی بدولت وسیع رزق

السلام علیکم! میں گھڑیوں کا کام کرتا ہوں میں استغفار کے فضائل بتانا چاہتا ہوں کہ اس کے بارے کہا جاتا ہے ''جو بندہ کثرت سے استغفار کرتا ہے اللہ پاک اسے ایسی جگہ سے رزق عطا کرتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو''۔ 3/4 دن پہلے مجھے گھڑیوں کی مشینوں کی ضرورت تھی کیونکہ جن لوگوں کی گھڑیاں خراب ہوجائیں ان کی گھڑی کی مشین ہم ری پلیس کردیتے ہیں۔ تو میں نے جب دکان کھولی تو استغفار پڑھنا شروع کردیا۔ تقریباً 5,4 سو مرتبہ میں نے استغفار پڑھا تو ایک بندہ آیا اس نے

Qureshi

میرے کاؤنٹر پر 7 گھڑیاں رکھتے ہوئے کہا کہ یہ آپ رکھ لیں ہمارے کسی کام کی نہیں ہیں شاید آپ کے کام آجائیں۔ جب میں نے گھڑیاں چیک کیں تو ان میں سے صرف ایک گھڑی خراب تھی باقی 6 گھڑیوں کی مشینیں نکال کر میں نے اپنا کام چلا لیا۔ استغفار کی برکت سے مجھے وہاں سے رزق ملا جہاں سے میرا گمان بھی نہیں تھا۔ اس کے علاوہ بھی بہت سے واقعات ہیں کہ ایسے گاہک جو سال پہلے سے گھڑیاں Repair کرنے کیلئے دے کر گئے ہوئے تھے اور واپس لے کر نہیں جا رہے تھے۔ استغفار کرنے سے اللہ پاک ان میں سے کسی نہ کسی کو بھیجتا رہتا ہے اور اس طرح میرا رزق چلا ہوا ہے۔ (محمد سعید)

سفر کیلئے باآسانی سیٹ مل گئی

السلام علیکم! رات میں نے درس پر آنے کیلئے اڈے والے سے فون پر بات کر کے لاہور کیلئے سیٹ مانگی وہ کرایہ زیادہ مانگ رہے تھے۔ میں نے تھوڑی منت سماجت کی لیکن بات نہ بنی۔ آخر میں نے کہا ٹھیک ہے سیٹ OK کر دیں۔ تھوڑی دیر بعد میں نے دوبارہ پتہ کیا تو وہ کہنے لگے کہ جی آپ کیلئے سیٹ نہیں رکھی۔ میں بہت پریشان ہوا میں نے مسلسل استغفار کرنا شروع کر دیا۔ "استغفار" کرتے کرتے میں دوسرے سٹینڈ پر پہنچا تو وہاں اللہ پاک نے لاہور آنے کیلئے APV کا انتظام کر دیا۔ ادھر سے پہلے اڈے والوں کا بھی فون آگیا کہ جی آپ آجائیں آپ کو باآسانی سیٹ مل جائے گی میں انہیں کہا کہ آپ کا شکریہ مجھے سیٹ مل گئی ہے اور میں اس وقت راستے میں ہوں۔ (محمد بلال، احمد پور شرقیہ)

شدید ٹریفک میں بخیر وعافیت سفر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام محمد وقاص ہے۔ ایک بار میں بندروڈ پر جا رہا تھا جب میں سڑک کراس کر کے دوسری طرف جانے لگا تو ایک سفید داڑھی والے بزرگ نے مجھ سے

Qureshi

لفٹ لی اور سڑک کے پار جانے کا کہا۔ میں نے انہیں بیٹھا لیا اور سڑک کے دوسری طرف جا کر اتار دیا۔ جب وہ بیٹھنے لگے تو انہوں نے ''استغفر اللہ'' پڑھا اور جب اترے تو ''اللہ تیرا شکر ہے'' کہا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ نے یہ کیا عمل کیا ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ جب بھی سڑک وغیرہ پار کرو تو ''استغفر اللہ'' کہو کیونکہ پتہ نہیں کہ کب موت آجائے اور ہم روڈ کراس کرتے ہوئے اللہ کے پاس پہنچ جائیں اور جب سڑک کراس کر لو تو اللہ کا شکر ادا کرو کہ اس نے تمہیں صحیح سلامت پہنچا دیا۔ میں نے بھی یہ اعمال کرنا شروع کر دیئے اور اللہ کے فضل و کرم سے اس کے مجھے بہت سے فوائد ملے ہیں اور میں بخیر و عافیت اتنی ٹریفک میں گھر پہنچ جاتا ہوں۔ **(محمد وقاص، لاہور)**

بند کام چلنا شروع ہو گیا

السلام علیکم! میرا نام مزمل اور میں چاہ میراں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں پڑھائی کے ساتھ ساتھ کام بھی کرتا ہوں۔ کچھ دنوں سے میرا بالکل بند پڑا ہوا تھا جو چلنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ میں نے درس میں ''استغفار'' سے برکت کے نزول کے بارے میں سنا تھا۔ میں نے بھی کثرت سے ''استغفار'' پڑھنا شروع کر دیا اور تقریباً دوسرے ہی ہفتے میرا بند کام چلنا شروع ہو گیا اب الحمد للہ! یہ کیفیت ہے کہ اللہ پاک اپنے غیب کے خزانوں سے رزق عطا فرما رہا ہے۔ **(مزمل، چاہ میراں لاہور)**

''تحدیدی نامہ'' کے مشاہدات

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک سے تحریر نقش سے شفا یابی

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

السلام علیکم! وقت چونکہ کم ہے اسی لئے مختصر بتاؤں گا۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ اپنے مشاہدات جن سے فائدہ ہو ضرور بتایا کریں۔ میں اپنے 3 فائدے بتانا چاہتا ہوں۔ پہلا یہ کہ میری بہن کافی عرصہ سے بیمار تھی جس کے ساتھ

Qureshi

اور بھی مختلف قسم کے معاملات تھے جب کوئی بندہ بیمار ہوتا ہے تو اس کے اندر تشخیص کرنا بہت مشکل ہوتا ہے کہ وہ روحانی یا جسمانی بیمار ہے، جب وہ روحانی بیمار ہوتا ہے تو اس کے سارے جسمانی ٹیسٹ نارمل آتے ہیں لیکن وہ بیمار ہوتا ہے ایک تو یہ کہ ہر کسی کے مشاہدات ہیں لیکن میری بہن بظاہر ٹھیک تھی لیکن کافی عرصہ سے بیمار چلی آرہی تھیں بچہ تھا وہ بھی فوت ہوگیا۔ میرے پاس ایک روحانی کتاب تھی جس میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک خط جو جنات کے نام تھا وہ بھی پڑھا اور پھر عبقری رسالہ میں بھی ایک شخص کا مشاہدہ پڑھا جو اس کے متعلق تھا۔ میں نے وہ خط لکھا اور ایک شادی میں ہمشیرہ کے ساتھ ملاقات ہوئی تو انہیں تعویذ دیئے اور کہا کہ ایک تعویذ اپنے گلے اور ایک بچے کے گلے میں ڈال دیں اور تیسرا تعویذ اپنے تکیے کے نیچے رکھ لیں۔ شروع شروع میں تو اس تعویذ کے پہننے اور تکیے کے نیچے رکھنے سے انہیں گھبراہٹ ہوتی تھی اور ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے کوئی چیز ان پر وزن ڈال رہی ہے جس کا اس نے مجھ سے ذکر کیا تو میں نے انہیں تعویذ پہنے رکھنے کو کہا اور ساتھ تاکید کی کہ ان شاء اللہ تم یہ تعویذ مت اتارنا تم کچھ ہی دنوں میں بالکل ٹھیک ہو جاؤ گی اور تمہارا بچہ بھی صحت مند ہو جائے گا۔ اللہ پاک کا ایسا کرنا ہوا کہ اس عمل کی برکت سے وہ دونوں بالکل ٹھیک ہو گئے ہیں اور پھر دوبارہ ان کے ساتھ کبھی وہ مسئلہ دوبارہ نہیں ہوا۔

(خ۔ب)

”سورۃ کافرون“ کے مشاہدات

سورۃ کافرون سے گنجے پن کا خاتمہ

السلام علیکم! میرا نام ارشد ہے اور میں کچھ ہی دنوں سے تسبیح خانہ میں درس میں شرکت کیلئے حاضر ہو رہا ہوں جس کے بارے میں مجھے ایک دوست نے بتایا کہ میرے ساتھ درس میں جایا کرو ان شاء اللہ تمہیں بہت سکون ملے گا اور تمہارے گھر

Oureshi

کے مسائل حل ہونا شروع ہو جائیں گے۔ پہلے تو میں اکیلا اس دوست کے ساتھ درس میں آنا شروع ہوا پھر اپنی والدہ کو اس بارے میں بتایا تو وہ بھی میرے ساتھ درس میں آنا شروع ہو گئیں اور درس میں ملنے والے وظائف پڑھنا شروع کر دیے۔ ایک درس میں حضرت جی نے سورۃ کافرون "اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 1001 مرتبہ "سورہ کافرون" پڑھ کر پانی، تیل یا شہد پر دم" کا وظیفہ بتایا تھا جو میری والدہ نے 1001 مرتبہ پڑھ کر زیتون کے تیل پر دم کر کے رکھ لیا اور میرے ابو کے سر پر لگانا شروع کر دیا جن کے سر پر پہلے ہلکے سے بال تھے جو نہ ہونے کے برابر تھے لیکن اس دم کیے ہوئے تیل لگانے کی برکت سے ان کے سر پر بال آنا شروع ہو گئے ہیں۔ (ارشد)

میڈیکل سائنس کے مایوس مریضوں کو شفاء

السلام علیکم! میں حسن ابدال میں فزیو تھراپسٹ ہوں، میرے پاس میڈیکل سائنس سے مایوس مریض آتے ہیں۔ میں نے نیٹ پر درس میں حضرت دامت برکاتہم کا سورہ الکافرون والا عمل سنا تھا کہ "اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 1001 مرتبہ "سورہ کافرون" پڑھ کر پانی، تیل یا شہد پر دم کر کے پلا دیں" میں یہ عمل بہت سے مریضوں کو کرواتا ہوں، اگر کوئی مریض یہ عمل نہ کر سکے اس کی طرف سے میں عمل کرتا ہوں اور میرے پاس ایسے بے شمار لوگوں کے واقعات ہیں جو اس عمل کی بدولت صحت یاب ہوئے ہیں۔ اللہ کا کرم ہے کہ جو مریض بے شمار تکلیفوں میں مبتلا تھے اعمال کی برکت سے صحت و تندرستی ان کا مقدر بنی۔ ایسے لوگوں کے واقعات اگر میں لکھنا شروع کروں تو پوری کتاب بن جائے گی۔ میرے خطوط حضرت دامت برکاتہم نے اپنے درس میں بھی پڑھے تھے۔ (تنویر حسین)

لاعلاج مریضوں کیلئے شفاء

السلام علیکم! میں "سورۃ کافرون" کے فائدے بتانا چاہتا ہوں کہ بہت سے لوگوں

Qureshi

کو میں نے ''سورہ کافرون'' بتائی تھی کہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 1001 مرتبہ ''سورہ کافرون'' پڑھ کر پانی، تیل یا شہد پر دم کر کے جو بندہ چل نہ سکتا ہو، کوئی بھی بیماری ہو خاص کر معذور اور کوئی لاعلاج بیماری ہو تو ان کو استعمال کرواتا ہوں جس کی ایسی برکتیں نازل ہوئی ہیں کہ میڈیکل سائنس بھی پریشان ہوگئی ہے کہ یہ مریض تو چل نہیں سکتا تھا اس کا نچلا دھڑ ختم ہوگیا تھا یہ کیسے ٹھیک ہوگیا۔ یہ سب اللہ پاک کا کرم اور ''سورۃ کافرون'' کی برکت ہے اور اللہ چلانا چاہے تو چلا سکتا ہے۔ یہ واقعی حقیقت ہے کہ زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے۔ **(م۔ع)**

دم والے تیل سے مسوڑھوں کا علاج

السلام علیکم! میرے پاس سورۃ کافرون کے عمل کا مشاہدہ ہے کہ حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے مجھے دم والا تیل دیا تھا جس پر ''سورہ کافرون'' پڑھی ہوئی تھی۔ ایک بار میرے بیٹے کا مسوڑھا پھول گیا اور اتنا پھول گیا کہ اس کے اندر سے خون رستا تھا اور درد بھی شدید ہوتا تھا۔ رات کے وقت اس نے مجھے بتایا تو میں نے ایک قطرہ تیل کا مزید سورہ کافرون پڑھتے ہوئے اس نیت سے لگایا کہ یا اللہ! اس کو ٹھیک کردے اور میرے بیٹے کو درد سے نجات دے دے۔ مجھے اعتماد تھا کہ میں لگاؤں گا تو یہ ٹھیک ہوجائے گا۔ صبح میں نے اس کا منہ کھلوا کر دیکھا تو وہ بالکل ٹھیک ہوچکا تھا اور مسوڑھا اصل میں حالت میں تھا۔ **(طاہر صدیق)**

صرف ایک بار میں پیچیدہ مسئلہ حل

السلام علیکم! میں نے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کا درس سنا تھا جس میں آپ دامت برکاتہم نے سورۃ الکافرون کے فضائل بیان فرمائے تھے۔ میں آج یہاں درس میں پہلی بار گوجرانوالہ سے اپنی ہمشیرہ کے کہنے پر آیا ہوں۔ تقریباً ایک ہفتہ پہلے نماز پڑھتے ہوئے میرے ذہن میں آیا کہ پتہ نہیں یہ سورۃ مجھے یاد ہے کہ نہیں؟ لیکن مجھے یاد کرنی چاہیے۔ میں نے یہ سورۃ موبائل پر تصویر کے ذریعے Save کرلی اور

Oureshi

مسلسل پڑھنا شروع کر دی۔ اس کا پڑھنا ہی ہوا تھا کہ میرا ایک بہت بڑا مسئلہ وہ حل ہو گیا۔ مجھے، آج یہاں درس میں آ کر یہ بیان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے میرا اتنا بڑا اور پیچیدہ مسئلہ حل کر دیا ہے۔
(م۔ الف، گوجرانوالہ)

نماز کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے

السلام علیکم! ایک صاحب نے بتایا کہ سورۃ الکافرون مع تسمیہ 3 دفعہ پڑھ کر دائیں کروٹ لیٹنے سے نیند آ جاتی ہے۔ میں نے اس عمل کے بارے میں جب سے سنا ہے تب سے معمول بنایا ہوا ہے۔ اس کی برکت سے صبح نماز کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے۔ **(توقیر حیدر)**

دوست مستقل نمازی بن گیا

السلام علیکم! میں نے ایک بار درس میں سورۃ الکافرون کے فضائل کے بارے میں سنا تھا۔ میرے ایک دوست نماز نہیں پڑھتے تھے میں نے 100 مرتبہ سورۃ الکافرون پڑھ کر ان کو ہدیہ کر دی۔ اس کی برکت سے الحمدللہ! وہ مستقل نمازی بھی بن گئے ہیں اور ان کی زندگی کے اندر بہت زیادہ تبدیلی آ گئی ہے۔ **(حبیب احمد)**

سورۃ کافرون کے تیل سے ہر قسم کی شفاء

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے دم والے تیل اور پانی کا وظیفہ بتایا تھا کہ 7 دن روزانہ 1001 مرتبہ سورۃ کافرون پڑھ کر تیل اور پانی پر دم کرنا ہے جو ہم سب گھر والوں نے مل کر عمل کیا اور اپنے گھر میں کسی بھی بیماری کیلئے خود استعمال کرتے اور اپنے دوستوں کو بھی دیتے ہیں۔ میرے ایک دوست کی بیوی سخت بیمار تھی جنہیں روزانہ 9 انجکشن لگتے تھے میں نے انہیں دم والا تیل کانوں میں لگانے کیلئے دیا تو انہیں شفاء مل گئی۔ آج بھی میرا دوست دکان پر بیٹھا بتا رہا تھا کہ اب اس کی بیوی بالکل ٹھیک ہے۔ دوسرا ایک عمل تھا کہ ایک شخص کو پسلی کے اوپر بغل کے قریب دانہ نکل آیا ڈاکٹروں کو چیک

Qureshi

کروایا تو انہوں نے کہا کہ یہ شعاعوں سے جلانا پڑے گا۔ میں نے اس دوست کو بھی تیل دیا جس نے لگانا شروع کیا تو وہ دانہ آپریشن کے بغیر خود بخود جل گیا۔ **(معظم علی)**

دم والے تیل سے دانت درد اور دانے ختم

السلام علیکم! مجھے تسبیح خانہ سے رمضان شریف میں سورۃ کافرون کا دم کیا ہوا تیل ملا تھا جس کا میں مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میرے بیٹے کو رات گئے دانت میں شدید درد شروع ہو گیا میں سوچنے لگا کہ اس وقت اسے کہاں لے کر جاؤں گا۔ پھر میرے ذہن میں حضرت جی دامت برکاتہم کا عنایت کیا ہوا دم والا تیل آیا اور میں نے تیل کا ایک قطرہ اس کے دانت پر ڈال دیا۔ کچھ ہی دیر میں وہ آرام سے سو گیا۔ اس کے بعد دوبارہ اسے کبھی بھی دانت درد کی تکلیف نہیں ہوئی۔

میرے دوسرے بیٹے کی ٹانگوں پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئے تھے جس سے خارش بھی ہونا شروع ہو گئی۔ میں نے سورۃ کافرون کا دم والا تیل اس کی ٹانگوں پر لگایا تو الحمدللہ! اسے اسی دن آرام آ گیا اور اس کے ٹانگوں سے تمام دانے صاف ہو گئے۔

(علی اکبر)

دکان پر کبھی فارغ بیٹھنے کی فرصت نہیں ملتی

السلام علیکم! ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ارشاد فرمایا تھا کہ کاروبار میں برکت کیلئے دکان کھولنے سے پہلے گیارہ مرتبہ سورۃ کافرون، گیارہ مرتبہ سورۃ فلق، گیارہ مرتبہ سورۃ الناس اور ایک تسبیح استغفار کی پڑھ لی جائے تو کاروبار میں برکت ہی برکت ہوتی ہے۔ الحمدللہ! جب سے میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا ہے اللہ پاک نے ایسی برکت عطا کی ہے کہ مجھے دکان پر کبھی فارغ بیٹھنے کی فرصت ہی نہیں ملتی اور اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے گاہک بھیجتا رہتا تھا۔ **(عباس محمود)**

سورۃ کافرون کے پانی سے جناتی چیزیں حاضر ہو گئیں

السلام علیکم! میری ہمشیرہ کے ساتھ جناتی چیزوں کا مسئلہ تھا۔ میں ہر جمعرات یہاں

Oureshi

درس میں حاضر ہوتا ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم کی طرف سے مجھے دم کیا ہوا پانی ملا تھا جو میں نے گھر کے کھانے وغیرہ میں استعمال کرنا شروع کر دیا اور اس کا تھوڑا سا حصہ پانی میں ملا کر اپنی ہمشیرہ پر بھی چھڑکاؤ کرتا تھا جس سے اس کے اندر جناتی چیزیں حاضر ہونا شروع ہو گئیں اور وہ چیخ و پکار کرنے لگیں کہ ہمیں چھوڑ دو اور اس کے بعد سے اب تک اس کے ساتھ ایسا کوئی مسئلہ پیش نہیں آیا۔ اللہ پاک نے دم والے پانی کی برکت سے اسے مکمل شفاء دے دی ہے۔ **(محمد رضوان)**

کاروبار میں اللہ کی طرف سے غیبی مدد

السلام علیکم! میرا نام احسن ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں کاروبار میں برکت کیلئے عمل ارشاد فرمایا تھا کہ صبح دفتر، کام یا دکان پر جانے سے پہلے 3 اعمال (گھر سے باوضو ہو کر نکلا جائے، سورۃ فلق اور سورۃ الناس گیارہ گیارہ مرتبہ) کر لئے جائیں تو اللہ تعالیٰ غیب کے خزانوں سے برکت عطا کرتا ہے۔ الحمدللہ! جب سے میں نے یہ اعمال شروع کئے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے غیب کے خزانوں سے میری بے شمار مدد کر رہا ہے اور میرے رزق میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے جس پر میں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا رہتا ہوں۔ **(احسن، لاہور)**

''سورۃ یوسف کی آیت'' کے مشاہدات

دوسری شادی کیلئے مجرب عمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! ہمارے محلے میں ایک ساتھی تھے ان کا دودھ کا کاروبار تھا ان کی بیوی فوت ہو گئی تھی وہ دوسری شادی کے خواہش مند تھے ایک دو جگہ پر رشتے دیکھے اور بہت سی جگہ پر پھرتے رہے لیکن کہیں بھی بات نہیں بنتی تھی۔ میں نے ایک کتاب میں سورۃ یوسف کی آیت ''اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ'' پڑھی تھی وہ میں نے

Qureshi

انہیں بتادی اور کہا کہ آپ یہ کثرت سے پڑھیں ان شاء اللہ آپ کے رشتے کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ انہوں نے یہ آیت چند دن ہی پڑھی تھی کہ اللہ پاک نے ان کا مسئلہ حل کردیا اور آکر مجھے بتانے لگے کہ میرا بہت ہی اچھی جگہ رشتہ طے ہوگیا ہے۔

(ف۔ ب)

”کھیعص، حمعسق“ کے مشاہدات

پریشان طالبعلموں کے امتحان میں آسانی

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ کراچی میں میری خالہ رہتی ہیں ان کے بچوں کا امتحان تھا وہ پریشان تھیں اور کہنے لگیں کہ وہ پڑھ کر جاتے ہیں لیکن سکول جاکر بھول جاتے ہیں۔ میں نے حضرت صاحب کا بتایا ہوا عمل جو دائیں ہاتھ کی انگلی سے لکھنا ہے اور کھیعص، حمعسق والی جو ترتیب ہے بتادیا اور کہا کہ ان شاء اللہ پیپر بھی اچھا ہوگا اور گھبراہٹ بھی نہیں ہوگی آپ یہ عمل کرنے کے بعد بچوں اور ان کے پین پر پھونک مار کر دم کردیا کریں۔ ان کی بڑی بیٹی 9th کی طالبہ ہے وہ جب پیپر دے کر آئی تو کہنے لگی کہ امی مجھے فون ملا کردو میں نے بھائی سے بات کرنی ہے اور خود مجھے بتایا کہ میں رات کو 2 بجے تک پڑھتی رہی اور بہت پریشان تھی لیکن جب پیپر آیا تو میں نے سارا پیپر حل کرلیا جسے کرتے ہوئے نہ تو میرا ہاتھ رکا اور نہ ہی پین۔ میں نے اپنی خالہ سے کہا کہ آپ یہ عمل کرتی رہے انشاءاللہ سب بچوں کو امتحان کو اچھی نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔ جزاک اللہ!

(سمیع اللہ)

”یاقادر یانافع“ کے مشاہدات

ولیمہ کے کھانے میں برکت

السلام علیکم! میرا اپنا ذاتی مشاہدہ ہے کہ میری دعوت ولیمہ پر ہم نے 80,90

Oureshi

مہمانوں کا انتظام کیا تھا جبکہ کھانا 100 مہمانوں کا بنایا تھا لیکن جب مہمان اکٹھے ہوئے تھے تو وہ 150 سے بھی زیادہ ہو گئے۔ ہم پریشان ہو گئے اس دوران میرے ذہن میں اچانک عبقری رسالہ میں چھپنے والا وظیفہ ''یَاقَادِرُ یَانَافِعُ'' آیا اور میں نے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 41 مرتبہ ''یَاقَادِرُ یَانَافِعُ'' پڑھ کر کھانے کی برکت کیلئے دعا کی۔ اللہ کا شکر ہے کہ سب مہمانوں نے خوب سیر ہو کر کھانا کھایا اور کافی زیادہ بچ بھی گیا۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی برکت ہے جس نے ایک گھنٹے کے اندر اتنی برکت عطا کر دی۔ (محمد عثمان، شرقپور)

''یاجبار'' کے مشاہدات

بچی نے بیٹھنا اور چلنا شروع کر دیا

السلام علیکم! میرے پاس بہت سے لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے وظائف لینے کیلئے آتے ہیں جو میں عبقری رسالے میں شائع ہونے والے وظائف اور مسنون دعائیں ان کو دیتا رہتا ہوں جن سے ان کے مسائل حل ہو جاتے ہیں اور وہ لوگ آ کر مجھے دعائیں دیتے ہیں اور شکریہ ادا کرتے ہیں۔ میرے پاس ان لوگوں کے بہت سے مشاہدات ہے جو وقت کی کمی کے باعث صرف چند ایک ہی بتا دیتا ہوں۔ میرے پاس ایک خاتون آ کر کہنے لگیں کہ میری ایک 2 سال کی بچی ہے جو بیٹھ اور چل نہیں سکتی ہم اس کیلئے بہت پریشان ہیں ہم نے کئی ڈاکٹروں سے اس کا علاج کروایا ہے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہو رہا اور نہ ہی ہمارے پاس اتنے پیسے کہ ہم اس کا بار بار علاج کرواسکیں۔ میں نے عبقری رسالے میں ایک وظیفہ پڑھا تھا کہ 1900 مرتبہ ''یَاجَبَّارُ'' پڑھنے سے ناممکن مسائل حل اور لاعلاج بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔ میں نے اس خاتون کو اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہی عمل کرنے کا کہا اور کچھ دنوں دوبارہ رابطہ کرنے کا کہا۔ وہ خاتون کچھ ہی دنوں بعد آ کر مجھے بتانے لگیں

Qureshi

کہ میری بچی نے خود ہی بیٹھنا شروع کر دیا ہے اور اب کسی چیز کے سہارے تھوڑا بہت چل بھی لیتی ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ یہ وظیفہ جاری رکھیں ان شاء اللہ آپ کی بچی بالکل صحت یاب ہو کر چلنا پھرنا شروع کر دے گی۔ (ش۔ ع)

”جل منڈی، جاسول جانے اب سول“ کے مشاہدات

صرف ایک شعر سے ہر قسم کا درد ختم

السلام علیکم! میں نے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کی کتاب ”کالی دنیا کالا جادو“ میں سے سر درد کیلئے ایک شعر پڑھا تھا ۔

جل منڈی، جاسول جانے اب سول

سر، پیٹ، معدے اور حتیٰ کہ جسم کے ہر قسم کے درد کیلئے اس شعر کو آزمایا ہے جس کے پڑھنے سے فوراً ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میرے ایک دوست کو اکثر آدھے سر کی تکلیف کی شکایت رہتی تھی جس کیلئے اس نے بہت سے مہنگے ڈاکٹروں سے علاج کروایا لیکن اسے کوئی فائدہ نہیں ہو رہا تھا اور اس وجہ سے کوئی بھی کام کرنے سے قاصر تھا۔ اس نے مجھ سے اپنے اس مسئلے کا ذکر کیا تو میں نے اسی یہی عمل کرنے کیلئے بتایا۔ چند دن بعد جب اس دوبارہ ملاقات ہوئی تو وہ بہت خوش کر کہنے لگے کا یار! تم نے میرا اتنا پرانا مسئلہ حل کر دیا ہے یہ عمل تو واقعی بہت لاجواب ہے جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا ہے میرا تو درد غائب ہو گیا ہے اور دوبارہ پھر کبھی نہیں ہوا۔ (محمد حبیب)

”سورۃ ملک“ کے مشاہدات

باری کے بخار سے شفاء

السلام علیکم! میرا نام حافظ نصر اللہ ہے اور میں سرگودھا سے آیا ہوں۔ میں سورۃ ملک کا ایک تعویذ باری کے بخار کیلئے 35 سال سے لکھ رہا ہوں جو کبھی بھی خطا نہیں

Qureshi

ہوا۔ اس تعویذ جس دن مریض کو بخار ہو اس دن نہیں باندھنا جب بخار نہ ہو اس دن باندھنا ہے۔ الحمدللہ مریض بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے یہ میرا تجربہ ہے جو کبھی خطا نہیں ہوا۔ میرے پاس اس کے بہت سے مشاہدات ہیں جو بتانے کیلئے بہت زیادہ وقت درکار ہیں لیکن وقت کی کمی کے باعث اور آپ کے حکم کے مطابق صرف ایک ہی بتا دیتا ہوں کہ میرے پاس ایسا مریض آیا جو آئے دن بخار میں مبتلا رہتا تھا اور بہت سی مہنگی ادویات اور علاج کروا کر تھک چکا تھا وہ عرصہ دراز سے اس مرض میں مبتلا جس کی وجہ سے وہ اکثر پریشان رہتا تھا۔ میں نے اسی بھی یہی تعویذ دیا جسے اللہ پاک نے بہت ہی جلد شفاء دے دی اور دوبارہ کبھی اسے اس قسم کا بخار نہیں ہوا۔

(حافظ نصر اللہ، سرگودھا)

”سورہ انشقاق“ کے مشاہدات

مشکل حالت میں نارمل ڈلیوری

السلام علیکم! ہماری دکان پر ایک لڑکا کام کرتا ہے اسکی بیوی کی ڈلیوری ہونا تھی اس نی مجھے فون کر کے بتایا کہ ہم رات 8 بجے سے گنگا رام ہسپتال میں ہیں اور اب صبح کے 4 بجے رہے ہیں اور ہسپتال والے فیصلہ نہیں کر سکے کہ آپریشن کرنا ہے یا نہیں۔ میں نے اسے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کی بتائی ہوئی سورۃ ''الانشقاق کی آیت 5'' پڑھنے کیلئے بتا دی۔ اس نے مجھے بتایا کہ میں صبح 6 بجے تک یہ آیت مسلسل پڑھتا رہا آخر کار ہسپتال والوں نے صبح نارمل ڈلیوری کر دی اور اس دوران جتنی بھی خواتین آپریشن تھیٹر میں موجود تھیں ان کا سب کا آپریشن ہوا صرف ایک میری اہلیہ ہی تھی جس کی نارمل ڈلیوری ہوئی۔ (جہانگیر بدر)

ڈلیوری نارمل ہونے کا پرتاثیر عمل

السلام علیکم! میرا نام بلال احمد ہے۔ مشاہدات تو کافی ہیں لیکن مجھے حضرت جی

Qureshi

مرشد پاک سے ڈر آتا ہے ابھی بھی میرا سانس پھول رہا ہے لیکن میں ایک بتا دیتا ہوں۔ میں نے ایک حضرت جی کی کتاب میں پڑھا تھا کہ آپ نیت کر لیں کہ اگر ڈلیوری سے پہلے بچے کا نام محمد رکھیں گے تو ان شاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا۔ میری اہلیہ ڈلیوری کے دوران ڈر رہی تھی کیونکہ ڈاکٹروں نے بتا دیا تھا کہ سیزیرین یعنی آپریشن سے بچہ پیدا ہوگا۔ حضرت جی کی ایک کتاب ہے اس میں پڑھا تھا کہ سورہ انشقاق کی پہلی 5 آیات پڑھ لیں اور پانی پر دم کر کے ڈلیوری سے قبل عورت کو پلا دیں تو سارا معاملہ ہو جاتا ہے۔ جب بیٹا پیدا ہوا تو میں ڈلیوری سے فارغ ہونے کے بعد اپنی اہلیہ کے پاس گیا تو وہ رونے لگی۔ میں نے پوچھا تو کہنے لگی کہ مجھے پتہ ہے جب بچے کی پیدائش ہوتی ہے تو عورتوں کو کیسی درد سے گزرنا پڑتا ہے لیکن جو اعمال کئے ہیں اس کی برکت سے مجھے ذرا بھی پتہ نہیں چلا کہ بیٹے کی پیدائش کب ہوگئی اور رو رہی تھی کہ میں نے تو کبھی اتنے خاص اعمال بھی نہیں کئے اور اللہ نے مجھ سے اتنا پیار کیا ہے کہ میں سوچ بھی نہیں سکتی کہ اللہ مجھ سے اتنا پیار کرے گا۔ (ب۔ الف، لاہور)

گردے سے پتھری نکل گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد اشرف ہے اور میں گوجرانوالہ شہر سے یہاں درس میں شرکت کیلئے آتا ہوں اور یہاں سے فیض یاب ہو رہا ہوں۔ آج کچھ ماہ پہلے میرے مثانے (پیشاب) کی نالی میں درد شروع ہوا تو مجھے لگا کہ پتھری وہاں چلی گئی ہے۔ جس کیلئے میں نے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کی بتائی ہوئی سورۃ انشقاق کی آخری 2 آیات اول و آخر درود شریف کے ساتھ 3 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا۔ بعد میں درد شدید ہو گیا اور پیشاب بھی تنگ ہو گیا لیکن میں مسلسل پڑھتا رہا۔ کل اللہ کے فضل سے میری پتھری پیشاب کے ذریعے خود بخود نکل گئی ہے اور مجھے درد سے سکون مل گیا ہے۔ (محمد اشرف، گوجرانوالہ)

Qureshi

آیت کی برکت سے 30 منٹ میں نارمل ڈلیوری

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ! میرا نام منیب الرحمن چغتائی ہے اور میں سکندر آباد میانوالی سے آیا ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں سورۃ انشقاق کی آیت نمبر 5 کے بارے میں بتایا تھا۔ میں اپنی اہلیہ کو لے کر گھر سے 40 کلومیٹر دور ڈلیوری کیلئے ڈاکٹر کے پاس جا رہا تھا اس دوران میری اہلیہ اور میں یہی آیات مبارک مسلسل پڑھ رہے تھے میں اس وقت بہت پریشان تھا کہ صبح میرے بچوں کے پیپر بھی ہیں کہیں ڈاکٹر میری اہلیہ کو ہسپتال میں داخل نہ کر لیں۔ اللہ تعالیٰ نے ایسا کرم کیا کہ ان آیات کی برکت سے صرف 30 منٹ میں نارمل ڈلیوری ہو گئی اور ہم چند گھنٹوں بعد بخیر و عافیت گھر پہنچ گئے۔ (منیب الرحمن چغتائی، میانوالی)

آپریشن سے حفاظت اور ڈلیوری میں آسانی

السلام علیکم! میرا نام حسن ہاشمی ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میرا ایک دوست کینیڈا سے کچھ ہی دنوں پہلے پاکستان آیا اس نے کہا کہ اسکے ہاں بچے کی پیدائش ہونی ہے اور ڈاکٹروں نے آپریشن کا بتایا ہے جس کیلئے میری بیوی بہت گھبرائی ہوئی ہے اور خود بھی پریشان ہوں۔ جب اس نے مجھ سے بات کی تو مجھے حضرت جی دامت برکاتہم کا بتایا ہوا عمل ”سورۃ انشقاق کی آیت نمبر 5,4 ہر نماز کے بعد 40 مرتبہ پڑھ کر کھجور پر دم کر کے وہ عورت کھا لے اور یہ عمل اس عورت کو خود کرنا ہے، اس کو بتا دیا۔ اس نے یہ عمل اپنی اہلیہ کو شروع کروایا اور 2 دن بعد آپریشن کے بغیر ہی اس کی اہلیہ کی نارمل ڈلیوری ہو گئی۔ وہ ڈاکٹر اس کی اہلیہ کی حالت دیکھ کر بہت ہی پریشان ہوا کہ اس کا تو آپریشن کے بغیر گزارا نہیں تھا لیکن یہ سب کیسے ممکن ہو گیا۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے وہ دونوں ماں اور بیٹی خیریت سے ہیں۔ (حسن ہاشمی، لاہور)

Qureshi

''یا حافظ، یا حفیظ، یا رقیب......'' کے مشاہدات

ہر قسم کے حادثے اور نقصان سے حفاظت

السلام علیکم! میرا نام انیس گل اور تعلق لاہور سے ہے۔ کچھ عرصہ قبل ایک عجیب صورتحال تھی کہ بار بار گاڑی کا ایکسیڈنٹ یا کسی سے لڑائی کی کوئی ترتیب یا کوئی حادثے کی صورت بن جاتی تھی۔ بہت سے جادو کے وار ہوئے اور سحر کا بھی عمل ہوتا تھا۔ اس کیلئے حضرت صاحب دامت برکاتہم سے ایک عمل ''یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ یَاوَکِیْلُ یَاسَلَامُ '' درس میں سنا تھا الحمدللہ! جب سے یہ عمل پڑھ کر گھر سے نکلنا شروع کیا ہے تقریباً 3 سال ہو گئے ہیں کسی قسم کا کوئی حادثہ یا کوئی نقصان نہیں ہوا ہے۔ اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے غیب سے حفاظت فرماتا ہے۔ (انیس گل، لاہور)

''لاخلابہ'' کے مشاہدات

سودا سلف خریدنے میں برکت

السلام علیکم! حضرت صاحب دامت برکاتہم نے درس میں ایک لفظ ''لَاخَلَابَۃَ '' کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا۔ میں نے اس لفظ کو اپنے معمولات میں شامل کیا ہوا ہے اور جب بھی مارکیٹ میں سودا سلف لینے جاتا ہوں تو 11 مرتبہ یہ لفظ پڑھ لیتا ہوں۔ ایک دن میں ایک قصاب کے پاس گوشت لینے گیا تو اس نے اپنے سامنے لٹکا ہوا تازہ گوشت مجھے دیا۔ جو لوگ میرے ارد گرد کھڑے تھے وہ سب حیران ہو گئے کہ یہ بندہ تو کسی کو تازہ گوشت دیتا ہی نہیں آپ کو کیسے مل گیا۔ میں نے دل میں سوچا کہ یہ اسی عمل کی برکت سے ممکن ہے کیونکہ وہ قصاب پہلے باہر لٹکا ہوا گوشت بیچتا ہے اور پھر اندر سے تازہ گوشت نکال کر لوگوں کو دیتا ہے۔ لیکن اس عمل

Oureshi

کی وجہ سے اس نے مجھے بغیر کچھ پوچھے اور کہے اندر سے تازہ گوشت نکال کر دیا۔

دوران سفر نماز میں آسانی

اس کے علاوہ جب بھی سفر پر جاتا ہو تو تب بھی 11 مرتبہ ''لَا خَلَابَۃَ'' پڑھ لیتا ہوں جس کی برکت سے آگے گاڑی کھڑی ملتی ہے اور پہلے کبھی کبھار ایسے ہوتا تھا کہ نماز کے وقت پر ڈرائیور گاڑی نہیں روکتا تھا اور بہانے بناتا تھا کہ ابھی نماز کا وقت نہیں ہوا لیکن جب سے یہ لفظ پڑھنا شروع کیا ہے کسی قسم کی کوئی ٹینشن یا پریشانی نہیں ہوتی۔ (الف۔ ع)

''حروف صوامت'' کے مشاہدات

بیٹے کو نہیں......اس کی برائی کو مارو

السلام علیکم! تقریباً 3 سال پہلے میں اپنے بیٹے (الف۔ م) کیلئے حضرت دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا وہ سامنے والے گھر کی لڑکی سے ناجائز محبت کرتا تھا اور اس سے شادی کرنا چاہتا تھا۔ جبکہ ہم اس کے اس فیصلے کے خلاف تھے اس نے ہمیں بہت زیادہ پریشان اور ہماری ناک میں دم کیا ہوا تھا۔ آخر ہم نے اس بات کا فیصلہ کرلیا کہ اسے کرائے کے قاتل کے ذریعے قتل کروادیں کیونکہ اس کے علاوہ ہمارے پاس کوئی چارہ نہیں تھا حالانکہ 18,20 سال پہلے ہم نے منتیں مانگ کر یہ بیٹا لیا تھا۔ پھر جب ہم حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا کہ تم بچے کو کیوں مارتے ہو اس کی بیماری کو مارو۔ ہم نے پوچھا وہ کیسے؟ تو حضرت دامت برکاتہم نے ہمیں حروف صوامت کا وظیفہ دیا ''ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ'' انہیں ملا کر اس طرح پڑھیں گے ''احدر سصطع کلموہ'' اس کے بعد ہم نے صرف 3,4 دن ہی یہ وظیفہ پڑھا لیکن پڑھا پوری توجہ اور دھیان کے ساتھ۔ تو اللہ پاک نے کرم فرمایا اور وہ بیٹا ہر کام سے باز آگیا اور پوری طرح ہمارا فرمانبردار ہوگیا۔ پھر ہم نے اس کی ایک

Qureshi

اچھے گھرانے میں شادی کردی اور اس وقت اس کے 2 بیٹے ہیں۔ اب ہم مسلسل درس میں آتے ہیں اور حضرت جی دامت برکاتہم کا دامن کبھی نہ چھوڑنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ میری تمام لوگوں سے بھی یہی درخواست ہے کہ حضرت دامت برکاتہم جو کچھ فرمائیں اسی طرح مان کر چلتے رہیں اسی میں خیر ہے اور اللہ پاک ان کے عنایت کردہ وظائف اور مسنون اعمال کی وجہ سے ہم جیسے لوگوں کے مسائل حل کر رہا ہے۔ اللہ پاک حضرت جی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کو ہر قسم کے شر اور فتنے سے محفوظ رکھے۔ آمین! (م۔م)

”حسبنا اللہ ونعم الوکیل“ کے مشاہدات

اللہ پاک ہر دعا قبول کرلیتا ہے

السلام علیکم! میرا نام ارسلان ہے اور میں کامونکی کا رہائشی ہوں۔ میں تقریباً ایک سال سے عبقری رسالہ باقاعدگی سے پڑھ رہا اور اس میں شائع ہونے والے وظائف اور مسنون اعمال توجہ دھیان سے پڑھتا اور لوگوں کو بھی بتاتا ہوں۔ میرے پاس اس کے بہت سے مشاہدات بھی ہیں۔ میں نے ایک رسالے میں عمل پڑھا تھا کہ ”حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ“ پڑھیں پھر دیکھیں اللہ کی مدد کیسے آتی ہے۔ میں نے تقریباً 2 ماہ یہ عمل کیا وہ 2 ماہ میری زندگی کے سنہرے دن تھے میری نماز میں خوب دھیان بڑھ گیا اور میں جو بھی دعا کرتا اللہ پاک فوراً قبول فرماتے ہوئے میری ہر ضرورت پوری کردیتا ہے۔ (ارسلان)

اللہ کے ذکر سے مشکلات میں آسانی

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ ہم ایک بار ٹریفک سے گزر رہے تھے آگے سے گاڑیاں گزر رہی تھیں ہم بھی غلطی سے ان کے پیچھے ہو لئے حالانکہ اشارہ بند تھا۔ ٹریفک وارڈن نے ہمیں روک لیا میرے ساتھ جو صاحب بیٹھے ہوئے تھے ان کا رشتہ دار بھی وارڈن تھا وہ ان کا حوالہ دے کر منت سماجت کرنے لگے لیکن کام نہ بنا۔

Oureshi

میرے ذہن میں اچانک ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ'' کا وظیفہ آیا تو میں کثرت سے پڑھنا شروع کر دیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ وارڈن خاموشی سے ایک طرف ہٹ گیا اور ہمیں جانے دیا۔ وہ صاحب حیرت سے میری طرف دیکھنے لگے کہ یہ سب کیسے ہو گیا پہلے تو وارڈن ہمیں جانے نہیں دے رہا تھا اور پھر خود ہی جانے دیا ہے۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں یہ وظیفہ پڑھ کر اس کی روح کو ہدیہ کیا تھا جس کی وجہ سے اس نے ہمیں جانے دیا ہے۔ وہ صاحب کہنے لگے کہ یہ تو واقعی بہت کمال کا عمل ہے کہ اس نے ہماری اس وارڈن سے جان چھڑوا دی ہے۔ (ت۔ ب)

''منزل والا عمل'' کے مشاہدات

صحت یابی کی طرف گامزن

السلام علیکم! میرا نام عمران ہے۔ میں عرصہ دراز سے بیمار رہتا تھا اور بہت سے علاج معالجے کے باوجود ٹھیک نہیں ہو رہا تھا۔ مجھے کسی دوست نے عبقری رسالہ لا کر دیا کہ تم اس میں سے اپنے صحت کیلئے کوئی وظیفہ یا ٹوٹکہ وغیرہ تلاش کر لو اس میں بہت سے ایسے لوگوں کے مشاہدات ہیں جنہیں لاعلاج بیماریوں سے شفاء ملی ہے۔ میں نے اس رسالہ میں منزل کی برکات پڑھیں جو میں نے روزانہ پڑھنا شروع کر دی جس کے پڑھنے کی برکت سے میں آہستہ آہستہ صحت یابی کی طرف آنا شروع ہو گیا۔ تقریباً سوا سال تک میں منزل پڑھتا رہا اور اب بھی پڑھتا ہوں جس کی برکت سے میں الحمدللہ! بالکل صحت یاب ہو گیا۔ (عمران)

عجیب کیفیت سے صحت یابی

السلام علیکم! میرے کاروبار میں بہت رکاوٹیں تھیں جو تسبیح خانہ میں آنے اور اعمال کی برکت سے ختم ہو گئی ہیں۔ اس کے بعد میں بیمار ہو گیا، پتہ نہیں کیا ہوا کہ ہر وقت

Qureshi

میرا دل چاہتا تھا کہ میں لیٹا رہوں اور نہ کوئی تسبیح پڑھی جاتی نہ ہی نماز پڑھنے کو جی چاہتا تھا۔ پھر میں نے عبقری رسالہ میں منزل کی برکات پڑھیں تو میں نے روزانہ منزل پڑھنا شروع کردی اور آہستہ آہستہ صحت یابی کی طرف آنا شروع ہوگیا اور اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے کچھ ہی دنوں میں مجھے مکمل صحت دے دی ہے اور میں آپ کے سامنے بیٹھا ہوں۔ **(محمد حیدر)**

”یامانع“ کے مشاہدات

نسوار سے چھٹکارا

السلام علیکم! میں لاہور کے ایک دینی مدرسے میں پڑھتا ہوں میری کلاس میں ایک لڑکا نسوار کا عادی تھا میں نے اسے ”یَا مَانِعُ“ کا عمل بتایا اور کہا کہ جب بھی آپ منہ میں نسوار رکھنے کیلئے جیب سے پڑیا نکالو تو ”یا مانع“ پڑھنا شروع کردیا کرو۔ ابھی کل میری اس سے ملاقات ہوئی تو اس نے بتایا کہ میں ایک دن میں 12 مرتبہ نسوار رکھتا تھا لیکن اب صرف 2 مرتبہ رکھتا ہوں۔ میں نے کہا یہ عمل کرتے رہو ان شاء اللہ بالکل چھوٹ جائے گی۔ جب اس سے دوبارہ ملاقات ہوئی تو وہ بتانے لگا کہ الحمدللہ! واقعی میری نسوار کے نشے سے جان چھوٹ گئی اور مجھے اس سے نفرت ہوگئی ہے۔

(ہارون احمد)

”رب واغفرم انت خیر الراحمین“ کے مشاہدات

جو خواب دیکھا سچ ہوا

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرا یہاں تسبیح خانہ میں آنا نہیں ہورہا تھا اور 8 دن ہوگئے تھے رونا بھی نہیں آرہا تھا مجھے حضرت جی دامت برکاتہم سے بہت محبت ہے 3 دن سے مسلسل خواب میں حضرت جی کو دیکھ رہا تھا کہ آپ ایئرپورٹ پر ہیں اور اس دوران مجھ سے کوئی ٹکٹ چھین کر بھاگ رہا ہے صبح

Oureshi

8 بجے کی ٹکٹ تھی جو کینسل ہوگئی اور بھی ایک خواب دیکھا جو سچ ہوا۔ پھر میں نے ''رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَ اَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ '' پورا دن کثرت اور توجہ سے پڑھا تو اس کی برکت سے الحمدللہ! مجھے روتا آ گیا اور میں تسبیح خانہ میں پہنچ گیا۔ (ج۔و)

''قرض کی مسنون دعا'' کے مشاہدات

سود کی لعنت سے جان چھوٹ گئی

السلام علیکم! آج سے 4,5 سال پہلے میرے والد صاحب نے بینک سے قرض لے کر کاروبار شروع کیا لیکن کاروبار میں اچھا خاصا نقصان ہوا۔ قرض جوں کا توں تھا بلکہ اس پر دن بدن سود بڑھتا جا رہا تھا کوئی ظاہری اسباب بھی نظر نہیں آ رہے تھے کہ قرض کبھی اترے گا بھی یا نہیں۔ پھر ایک دن میرے استاد صاحب نے حدیث پاک میں سے قرض کی مسنون دعا مجھے یاد کروائی اور فرمایا کہ ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ یہ دعا مع اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھا کرو۔ میں نے پڑھنا شروع کر دی '' اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡهَمِّ وَالۡحُزۡنِ وَاَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡعَجۡزِ وَالۡكَسَلِ وَاَعُوۡذِبِكَ مِنَ الۡجُبۡنِ وَالۡبُخۡلِ وَاَعُوۡذِبِكَ مِنۡ غَلَبَةِ الدَّيۡنِ وَقَهۡرِ الرِّجَالِ '' اور مسلسل پڑھتا رہا جس کی برکت سے الحمدللہ! قرض بالکل اتر چکا ہے صرف ایک قسط باقی ہے جو ان شاء اللہ آئندہ ماہ ادا ہو جائیگی۔ اور عمل کی برکت سے ان شاء اللہ ہماری سود کی لعنت سے جان چھوٹ جائے گی۔ (وزیر احمد، خانیوال)

''سورۃ انعام کی آیت'' کے مشاہدات

کینسر کے لاعلاج مرض سے خاتون کو شفاء

السلام علیکم! سرگودھا میں مجھے کسی نے فون پر کہا کہ ان کے گھر ایک 35 سالہ خاتون کو کینسر ہے اور ڈاکٹروں نے اسے لاعلاج قرار دے کر گھر بھیج دیا ہے، اس کیلئے کوئی وظیفہ بتائیں۔ میں نے عبقری دفتر سے حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کا

Qureshi

وقت لیا ہوا تھا جب حضرت دامت برکاتہم سے ملاقات ہوئی تو آپ دامت برکاتہم نے انہیں فرمایا کہ سورۃ انعام کی آیت نمبر 45 ”فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ“ دن رات کثرت سے پڑھتے رہیں۔ اس دن کے بعد کافی عرصہ میری ان سے ملاقات نہیں ہوئی پچھلے دنوں جب میں ان سے ملا تو انہوں نے بتایا کہ اس آیت کو ہر وقت پڑھنے سے الحمدللہ! ہماری خاتون بالکل صحت یاب ہوگئی ہیں حالانکہ ڈاکٹروں نے انہیں لاعلاج قرار دے دیا تھا۔

(م۔ سرگودھا)

خواب میں نوچندی کا پیغام

السلام علیکم! آج صبح میں نے ایک خواب دیکھا جس میں حضرت دامت برکاتہم العالیہ فرما رہے تھے کہ آج نوچندی جمعرات ہے جب میری آنکھ کھلی تو میں بہت حیران ہوا کہ آج تو نوچندی جمعرات نہیں ہے لیکن پھر اس وقت میری حیرت ختم ہوگئی جب درس کے بعد حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا کہ آج نوچندی جمعرات کی طرح نفی اثبات کا ذکر ہوگا۔ حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے مجھے جو وظیفہ سورۃ انعام کی آیت 45 ”فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ“ دیا ہوا ہے میں وہ رات کو پڑھتے پڑھتے ہی سو جاتا ہوں جس سے مجھے بہت ہی اچھی نیند آتی ہے اور میں صبح فجر کی نماز کے وقت آسانی سے اٹھ جاتا ہوں۔

(شبیر حسین)

چچی کو طلاق ہونے سے بچ گئی

السلام علیکم! میری چچی کا اپنے خاوند کے ساتھ لڑائی جھگڑا چل رہا تھا اور نوبت طلاق تک پہنچی ہوئی تھی۔ میں نے درس میں سنا ہوا تھا کہ سورۃ انعام کی آیت ”فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ“ پڑھنے سے ناممکن مسائل حل ہوجاتے ہیں اور لاعلاج بیماریوں کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ میں نے اپنی چچی کو

Qureshi

یہی آیت بتادی۔ انہوں نے تقریباً ایک لاکھ مرتبہ یہ آیت پڑھی تو ان کا مسئلہ بہت اچھے طریقے سے حل ہوگیا ہے۔ (غلام فرید)

افغانی نے کرایہ دیکر مکان خالی کردیا

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرے ایک دوست کے مکان پر کسی افغانی نے قبضہ کرلیا تھا اور وہ کرایہ بھی نہیں دے رہا تھا۔ میں نے اسے حضرت جی دامت برکاتہم کی طرف سے درس میں بتائی ہوئی سورۃ انعام کی آیت نمبر 45 ’’ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ‘‘ والی دعا بتادی کہ یہ تم سارا وضو بے وضو کثرت سے اس افغانی کی نیت کرکے پڑھتے رہو ان شاء اللہ تمہارا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ کچھ دنوں بعد اس نے بتایا کہ میرے کچھ لوگ دشمن تھے انہوں نے آکر اس افغانی سے میرا ایگریمنٹ کرواکر مکان خالی کرادیا ہے اور وہ مکان خالی کرکے چلا گیا ہے۔ (محمد فیض)

2 بھائیوں کی قتل کے مقدمات سے خلاصی

السلام علیکم! میرا نام محمد ندیم ہے اور میں مولانا ولید صاحب حفظ اللہ کا کزن ہوں۔ تقریباً 2 سال پہلے ہم پر جھوٹا مقدمہ بنا تھا جب میں حج کرکے واپس آیا تو مخالفین نے میرے بھائی پر قتل کا جھوٹا مقدمہ درج کروادیا اور مجھے بھی اس میں ملوث کروادیا۔ اس پریشانی میں گھر والے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کے پاس آئے آپ نے سورۃ انعام کی آیت نمبر 45 ’’ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ‘‘ کثرت سے پڑھنے کو فرمایا۔ ہم سب گھر والے کثرت سے پڑھتے رہے اور اللہ نے ہمیں پولیس اسٹیشن اور عدالتوں وغیرہ سب جگہ سے باعزت طور پر بری کردیا۔ اس کے پڑھنے کی برکت سے 2,3 اور مقدمے بھی بنے تھے وہ بھی ختم ہوگئے ہیں۔ (محمد ندیم، لاہور)

Qureshi

غلط انجکشن لگنے سے بننے والا زخم ٹھیک

السلام علیکم! میری والدہ کو ایک بار غلط انجکشن لگنے کی وجہ سے زخم ہوگیا تھا جس کی وجہ سے بہت پریشانی اٹھانی پڑی حتیٰ کہ خطرہ ہوگیا کہ یہ زخم کینسر کی صورت اختیار کرسکتا ہے۔ پھر میں نے کثرت سے سورۃ انعام کی آیت "فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" اور حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ پڑھ کر اپنی والدہ کو ہدیہ کیا تو الحمدللہ! اس کے نتائج 100 فیصد آئے اور وہ زخم ٹھیک ہوگیا۔

(شیخ انعام)

"سفر کی دعا" کے مشاہدات

گاڑیوں کی ٹکر کے دوران نقصان سے بچت

السلام علیکم! کافی عرصہ پہلے میں ایک سفر میں تھا تو ایک بزرگ نے مجھے بتایا کہ سواری کی قرآنی دعا "سبحان الذی سخر لنا ...... پڑھ کر اس کے بعد دعائے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ اللھم انت ربی....." بھی پڑھ لیا کرو۔ انہوں نے مجھے یہ پڑھ کر سنائی تو میں نے حیران ہوکر پوچھا کہ یہ اتنی بڑی دعا میں کیسے یاد کروں گا؟ کہنے لگے کہ یہ ایسی دعا ہے کہ جو ایک بار پڑھ لے گا وہ بغیر کسی نقصان کے بحفاظت گھر واپس پہنچے گا۔ الحمدللہ! یہ دعا مجھے یاد ہوگئی اور میں نے اسے اپنا معمول بنالیا۔ پچھلے دنوں میں کہیں سفر پر جارہا تھا کے اسی دوران کسی گاڑی والے نے بہت زور سے آکر میری گاڑی کے ساتھ اپنی گاڑی ٹکرائی لیکن میں نے یہ دعائیں پڑھی ہوئی تھیں جس کی برکت سے میری گاڑی کا کوئی نقصان ہوا نہ ہی مجھے کوئی چوٹ لگی۔ (میاں عابد حسین)

"واذا بطشتم" کے مشاہدات

بَیر رکھنے والے شخص کو ملی فوری سزا

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ حضرت دامت

Oureshi

برکاتہم نے 19 ویں پارے کی ایک آیت ''وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ'' بتائی تھی۔ چند دن پہلے حضرت دامت برکاتہم نے درس کے بعد ایک لڑکے کو جب بیعت کیا تو وہ زبردستی حضرت دامت برکاتہم کو کھانا کھلانے کی کوشش کر رہا تھا اور بہت بضد تھا۔ میں نے 3 بار یہی آیت پڑھ کر اس پر دم کیا تو وہ باز آ گیا۔ اس کے علاوہ گزشتہ دنوں 8 بجے شاہ عالمی مارکیٹ بند ہوئی تو سڑک پر اس وقت کافی رش ہوتا ہے میں چھوٹی چھوٹی گلیوں سے موٹر سائیکل چلاتا ہوا جلدی گھر پہنچ جاتا ہوں میری گلی میں ایک ہمسایہ ہے جسے مجھ سے پتہ نہیں کوئی بَیر ہے وہ بار بار اپنی موٹر سائیکل میرے آگے کھڑی کر دیتا تھا۔ میں نے راستہ تبدیل کیا لیکن آگے جا کر پھر وہی سامنے آ گیا اور مجھے تنگ کرتا رہا یعنی وہ مجھے راستہ نہیں دے رہا تھا۔ میرے پیچھے میرا بھانجا بیٹھا تھا میں نے اسے کہا کہ اگر اب اس نے تنگ کیا تو دیکھنا اس کا کیا حال ہوتا ہے؟ جب وہ دوبارہ سامنے آیا تو میں نے 3 بار یہی آیت پڑھ کر اس پر پھونک ماردی اور خود راستہ بدل کر گھر چلا گیا۔ میں چاہتا تو نہیں تھا لیکن بس...... جب میں گھر پہنچا تو مجھے کچھ دیر بعد پتہ چلا کہ اس کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے اور وہ کافی دن گھر زخمی حالت میں پڑا رہا۔ **(نعیم جاوید معرفتی، لاہور)**

''مراقبہ'' کے مشاہدات

تصور ہی تصور میں بیماری کا علاج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم! میرے پاس حضرت صاحب دامت برکاتہم کے عنایت کردہ وظائف کے بہت سے مشاہدات ہے و تجربات ہیں جن میں سے ایک یہ کہ کچھ دن پہلے میرے چھوٹے بھائی (جو 12 سال کا ہے) کا پیٹ خراب تھا اسے موشن لگے ہوئے تھے اور پیٹ میں درد بھی تھا۔ رات کے وقت وہ کہنے لگا کہ لگتا ہے کہ آج کی رات میری امی

ureshi

پریشانی میں ہی گزرے گی اور بار بار مجھے بیت الخلاء میں جانا پڑے گا۔ میں نے اسے کہا کہ تم ''اللہ ھو'' والا مراقبہ کرو کہ اسم اللہ کا تصور کرتے ہوئے سانس کھینچ کر روک لو اور یہ تصور جماؤ کہ اسم اللہ میرے اندر سے ساری بیماری کو صاف کر رہا ہے اور جب سانس ٹوٹنے لگے تو ''ھو'' کے انداز میں سانس باہر نکال دو اور یہ تصور کرو کہ بیماری ''ھو'' کے ذریعے نکل گئی ہے۔ اس نے بیٹھے بیٹھے 3 بار سانس اندر کھینچ کر یہ عمل کیا اور پرسکون نیند سو گیا اور صبح جب اٹھا تو اس کے موشن ختم ہو چکے تھے۔ **(محمد عثمان)**

نیند کا علاج مل گیا

السلام علیکم! مجھے نیند نہیں آتی تھی کیونکہ میں بہت زیادہ ٹینشن کا شکار تھا اور یہاں تک کہ 4 دن سے مسلسل میں سو نہیں سکا تھا اور بہت ہی بے چینی کی کیفیت تھی۔ میں حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت دامت برکاتہم نے مجھے ماہنامہ عبقری میں شائع ہونے والا مراقبہ کرنے کو فرمایا اور میں اس کے مطابق 'یَانُوْرُ یَابَصِیْرُ'' پڑھتے پڑھتے سو گیا اور مجھے نیند کا مسلہ نہ رہا۔ جہاں میں جاب کرتا ہوں ایک رات وہاں کر آپریٹر مجھے کہنے لگا کہ مجھے نیند نہیں آرہی کوئی دم وغیرہ کر دو۔ میں نے اسے بھی 'یَانُوْرُ یَابَصِیْرُ'' کا مراقبہ بتایا اور اسے بھی نیند آ گئی حالانکہ مراقبہ دراصل کسی اور مقصد کیلئے تھا لیکن اس سے مجھے نیند کا بھی علاج مل گیا۔

مراقبے کے باعث والد سے ملاقات

میں نے حضرت دامت برکاتہم سے عرض کی کہ خواب میں میری اپنے والد مرحوم کے ساتھ ملاقات تو ہوتی ہے لیکن وہ مجھ سے کوئی بات نہیں کرتے۔ حضرت دامت برکاتہم نے یہی (یَانُوْرُ یَابَصِیْرُ) مراقبہ کرنے کا بتایا۔ پھر ایک رات خواب میں ابا جی نے سورة الم نشرح بتائی مجھے نہیں پتہ تھا کہ اس سورة میں کیا کیا خصوصیات ہیں اور اس کا مقصد کیا ہے بہرحال میں نے پڑھنا شروع کر دی۔ اب تیسرے چوتھے روز میری ان سے ملاقات ہوتی رہتی ہے وہ جو کچھ بھی بتاتے ہیں میں آ کر حضرت دامت

Qureshi

برکاتہم سے عرض کرتا ہوں اور حضرت جی دامت برکاتہم وہ عقدہ حل کرکے مجھے بتادیتے ہیں۔ اب میں نے جہاں بھی کام کرنا ہوتا ہے اس کا فیصلہ اباجی کی طرف سے ہوتا ہے اور میں وہ کام بلا جھجک کرلیتا ہوں۔ چنانچہ سورۃ الم نشرح اور سورۃ رحمن کی برکت سے گھر میں کسی کی تنگی تکلیف نہیں ہے۔ **(الف۔ ص)**

حافظہ تیز کرنے کا روحانی نسخہ

السلام علیکم! مجھے سورۃ مزمل یاد کرنا بہت مشکل لگتی تھی میں اسے زبانی یاد کرنا چاہتا تھا لیکن یہ کام بہت مشکل نظر آتا تھا۔ میں نے ''اللہ ھو'' کا مراقبہ کیا۔ حیرت کی بات ہے کہ میں نے صرف 2،3 بار اوپر سے دیکھ کر پڑھی اس کے بعد میں نے چاہا کہ زبانی یاد کروں تو صرف ایک گھنٹے کے اندر اندر ہی مجھے سورۃ مزمل یاد ہوگئی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ جب سانس اندر کھینچے تو یہ تصور کرنا ہے کہ اسم اللہ میرے سانس کے ساتھ میرے دل میں اتر رہا ہے اور اللہ میرے دل کو صاف کررہا ہے، میرے دل سے ساری غلاظتیں، خرافات نکل رہی ہیں اور میرا دل نور سے بھر رہا ہے، اس دوران سانس روک کر رکھنا ہے اور جب سانس ٹوٹنے لگے تو آہستہ آہستہ ''ھو'' کے طریقے سے سانس چھوڑنا ہے اور یہ تصور کرنا ہے کہ جو بھی اندر کی کثافتیں وغیرہ تھیں وہ ''ھو'' کے ساتھ باہر نکل گئیں۔ یہ عمل 7 مرتبہ کرنا ہے اور اس کے بعد 3 مرتبہ پہلا کلمہ پڑھ کر دعا کرنی ہے کہ یااللہ! یہ کلمہ پڑھنے سے تو سو سال کا کافر بھی پاک ہوجاتا ہے۔ الٰہی میں نے یہ کلمہ 3 مرتبہ پڑھا ہے تو میرے دل کو بھی ہر قسم کی بیماریوں اور گندگی سے پاک کرکے مجلی اور مصفی بنادے۔ الحمدللہ! یہ میرا بہت بار کا آزمودہ ہے اس میں مجھے زیادہ نفع ہوا ہے اور میں نے یہ جس کو بھی بتایا ہے اسے بھی فائدہ ہوا ہے۔

(خالد فاروقی، اوکاڑہ)

پانچ کی بجائے تین منٹ میں توجہ کیساتھ تسبیح

السلام علیکم! میں ہر بار ذکر کرنے سے پہلے ''اللہ ھو'' مراقبہ والا عمل کرتا ہوں اس

Qureshi

سے میرے لئے ذکر کرنا آسان ہو جاتا ہے اور دل پر ایک نقطہ سا محسوس ہوتا ہے۔ یہ عمل ہر بار ذکر کرنے سے پہلے اور نماز سے پہلے بھی کیا جاسکتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ کہتے ہوئے سانس اندر لے کر جانا ہے اور یہ تصور کرنا ہے کہ ایک سنہری روشنی میرے دل میں آرہی ہے اور میرا دل اللہ اللہ کہہ رہا ہے اور اس دوران سانس روک کر رکھنا ہے اور جب سانس ٹوٹنے لگے تو آرام سے ”ھو“ کہتے ہوئے سانس چھوڑنا ہے اور تصور کرنا ہے کہ جو بھی بیماری، معصیت یا گناہ وغیرہ ہیں وہ میرے دل سے ”ھو“ کے ذریعے باہر نکل رہے ہیں۔ سات مرتبہ یہی عمل دہرانا ہے 3 یا 5 مرتبہ بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد 3 مرتبہ پہلا کلمہ پڑھ کر دل کے اوپر پھونک مارنی ہے اور اللہ سے دعا مانگنی ہے کہ سو سال کا گنہگار بھی کلمہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کو معاف فرما دیتے ہیں میں نے 3 دفعہ پڑھا ہے میرے حال پر بھی رحم کیا جائے۔ تو اس عمل کی برکت سے میرے لئے ذکر کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے اور جو تسبیح 5 منٹ میں پڑھی جاتی ہے وہ صرف 3 منٹ میں مکمل توجہ کے ساتھ پڑھی جائے گی اور مسلسل ذکر کرنے کو جی چاہتا ہے۔ **(محمد عارف)**

مراقبہ سے دیرینہ درد ختم

السلام علیکم! میرا نام محمد کاشف ہے۔ مجھے چار پانچ سال پہلے پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن میں درد ہوا تھا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ آپ نے ناخن زیادہ کاٹ لیا تھا اب آپ کے ناخن کی سرجری کرنے پڑے گی لیکن وقت گزرنے کیساتھ وہ درد ٹھیک ہو گیا۔ دو تین بار دوبارہ درد ہوا تو میں نے دیکھا کہ ناخن بھی زیادہ نہیں کٹا ہوا تھا لیکن درد بھی شدید تھا۔ پھر حضرت جی دامت برکاتہم نے ”اللہ ھو“ کا جو مراقبہ بتایا تھا میں نے وہ کیا اور اس انداز سے کیا کہ اپنی انگلی درد کی جگہ پر رکھی اور آنکھیں بند کر کے تصور کیا کہ جو درد ہے وہ اللہ کے نام کی برکت سے نکل رہا ہے اور یہ عمل میں نے دن میں تین چار مرتبہ کیا اور الحمدللہ! وہ درد ٹھیک ہو گیا اب تک دوبارہ کبھی نہیں ہوا۔ **(محمد کاشف)**

Oureshi

عرصہ دراز کی بواسیر سے شفاء

السلام علیکم! عرصہ دراز سے مجھے بواسیر کی شکایت تھی میں نے مختلف دوائیاں کھائیں بہت سے ٹوٹکے بھی آزمائے لیکن مجھے آرام نہیں آرہا تھا۔ تقریباً 2 ماہ پہلے جب میں پہلی بار درس میں آیا تو اس دن حضرت جی دامت :۔ کاتہم العالیہ درس میں ''اللہ ھو'' والے مراقبے کے فوائد ارشاد فرمارہے تھے کہ کوئی بھی تکلیف ہو تو سانس اندر کھینچتے ہوئے یہ تصور کرنا ہے کہ ''اللہ'' لفظ آپ کے دل میں اتر کر تمام گندگی کو صاف کررہا ہے اور ''ھو'' کے انداز میں سانس چھوڑنا ہے اور یہ تصور ہو کہ تمام گندگی باہر نکل گئی ہے۔ جس وقت حضرت جی دامت برکاتہم یہ عمل ارشاد فرمارہے تھے میں نے بیٹھے بیٹھے ہی اپنی بواسیر کی تکلیف کیلئے دوران درس ہی یہ عمل 3 بار کیا اور آج دو ماہ گزرنے کے بعد تک مجھے دوبارہ تکلیف نہیں ہوئی۔ **(محمد شفیق)**

مراقبہ سے مشکلات کا حل

ایک صاحب کہنے لگے کہ میں مراقبے کے حوالے سے عرض کرنا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ آج کے دور میں ہر شخص پریشان دکھائی دیتا ہے اور اسی پریشانی کی وجہ سے راتوں کی نیند بھی چھن چکی ہے۔ میں خود بلڈ پریشر کا مریض تھا ذرا ذرا سی بات پر مجھے غصہ آجاتا تھا حتیٰ کہ گھر والوں سے بھی لڑتا تھا اور ویسے بھی ہر کسی سے لڑتا جھگڑتا رہتا تھا۔ پھر مجھے کراچی میں خالد شمس الدین عظیمی صاحب نے گلاب کے پھولوں کا ایک مراقبہ بتایا اور فرمایا کہ درود شریف پڑھتے پڑھتے آنکھیں بند کرلیں اور یہ تصور کریں کہ میں گلاب کے پھولوں کے باغ میں بیٹھا ہوں اور میرے چاروں طرف گلاب کے پھول ہی پھول ہیں۔ یہ تصور 20 منٹ تک جمائے رکھنا ہے اور یہ مراقبہ جہاں ذہنی سکون کا باعث ہے وہاں یہ کافی قسم کی بیماریوں کا بھی علاج ہے۔ میں نے جب یہ مراقبہ کرنا شروع کیا تو مجھے بہت سکون محسوس ہوا۔ شروع شروع میں 20 منٹ کا مراقبہ کرتا تھا لیکن پھر جیسے جیسے دھیان بڑھتا گیا میں وقت کو بڑھاتا گیا۔ میں صبح کے وقت یہ مراقبہ

کرتا ہوں الحمدللہ! مجھے اس دوران اتنا سکون محسوس ہوتا ہے کہ شاید دنیا کی دولت ملنے پر بھی وہ سکون نہ ملتا ہو۔ اس کے ساتھ ہی میری طبیعت میں نرمی آنا شروع ہوگئی اور میں الحمدللہ! اب بالکل نارمل ہوگیا ہوں کیونکہ میری طبیعت میں اب پہلے جیسا غصہ نہیں رہا۔ اب تو کوئی لڑ رہا ہو تو اسے بھی سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں کبھی اگر والدہ اور اہلیہ کا جھگڑا ہو جائے گا تو اہلیہ کو سمجھاتا ہوں۔ شروع شروع میں مراقبہ کرتے ہوئے مجھے یوں محسوس ہوتا کہ جیسے میرے پاس سے کوئی گزرا ہے لیکن مراقبہ ختم ہونے پر جب میں آنکھیں کھولتا تو وہاں کوئی نہیں ہوتا۔ اسی طرح کبھی مجھے زور زور سے کچھ آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ بہرحال اس سے مجھے اتنا ذہنی سکون نصیب ہوا ہے کہ اب پچھلے دنوں میری نوکری بھی چھوٹ گئی لیکن مجھے کوئی پریشانی نہیں ہوئی اور ابھی تک مجھے اس کی کوئی ٹینشن نہیں ہے۔

"باوضو رہنے" کے مشاہدات

مشکلات پریشانیاں ختم اور رزق میں برکت

السلام علیکم! محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ رزق کی برکت کیلئے باوضو رہنے سے بہت نفع ہوتا ہے۔ میں نے یہ عمل شروع کردیا اور کھانا کھانے سے پہلے میں وضو کرلیتا ہوں، کھانے کے دوران مسلسل سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھتا رہتا ہوں اور کھانا کھانے کے بعد 3 بار سورہ قریش پڑھ لیتا ہوں، یہ عمل کرتے ہوئے مجھے تین ہفتے ہوگئے ہیں یقین جانیں کہ اتنی برکت ہوگئی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ جو مشکلات اور پریشانیاں تھیں وہ بھی ختم ہوگئی ہیں۔ میں دنیا نیوز میں چینل میں سٹی ایڈیٹر ہوں۔ اس کے علاوہ حکیم صاحب دامت برکاتہم کے عبقری ٹرسٹ میں جتنے بھی صدقات اور عطیات جمع کروائے ہیں مجھے ان کا معاشی طور پر بہت نفع ہوا ہے۔ اگر پانچ سو روپے جمع کروائے تو پچیس سو اور اگر ایک ہزار روپے جمع

Oureshi

کروائے تو فوری طور پر مجھے پانچ ہزار کا نفع ملا۔ حالانکہ پہلے میں جہاں کہیں بھی صدقات وخیرات کرتا تھا وہاں مجھے اتنا نفع نہیں ملتا تھا۔ (محسن)

”دعاؤں“ کے مشاہدات

تین ماہ سے رکا ہوا بل جمع کروانے کا غیب سے انتظام

السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے میں بہت سی گھریلو پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا جس کے حل کیلئے میں حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے ہر وقت پڑھنے کیلئے مسنون دعا عنایت فرمائی اور میں نے یہ دعا پڑھنا شروع کر دی ” اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ “ الحمدللہ! اس کی برکات مجھ پر کھلنا شروع ہو گئیں لیکن آہستہ آہستہ میں غفلت میں پڑ گیا اور میرا ذکر چھوٹ گیا۔ اس کا نقصان یہ ہوا کہ میری گزارا تنگ ہو گیا اور بل وغیرہ جمع کروانے بالکل ناممکن ہو گئے۔ پھر اللہ پاک نے دوبارہ مجھے اس ذکر کی توفیق دی اور اس کی برکت سے چند ہی دنوں میں میرے حالات پھر سے بہتر ہونا شروع ہو گئے اور میرا 3 ماہ سے رکا ہوا بل جمع کروانے کا انتظام ہو گیا۔ (فرمان)

دعا کی مقبولیت کی گھڑیاں

السلام علیکم! پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے نفع کیلئے میں اپنا ایک رازِ دل بتانے لگا ہوں۔ وہ یہ کہ 24 گھنٹوں میں ایک ساعت ایسی آتی ہے جب دعا فوراً قبول کر لی جاتی ہے جسے آزمانے کیلئے میں نے کئی بار تجربات کئے۔ ایک بار میں نے کسی مولانا صاحب سے ملنا تھا وہ اوکاڑہ کے رہنے والے تھے میں نے اس دن کے مطابق اس ساعت میں دعا کی اور اگلے ہی دن وہ میرے ایک جاننے والے کے ساتھ خود مجھ سے ملنے آ گئے۔ دن میں یہ ساعتیں اس طرح ہیں کہ پیر والے دن فجر کی اذان سے 12 منٹ پہلے، ہفتے کو ظہر کی اذان سے 12 منٹ پہلے، جمعرات کو عصر کی

اذان سے 12 منٹ پہلے، جمعہ اور منگل کو مغرب کی اذان سے 12 یا 15 منٹ پہلے، اتوار اور بدھ کو عشاء کی اذان سے 12 منٹ پہلے یہ گھڑی ہوتی ہے جب دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ حضرت ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے تقریباً 29 سال شب قدر ضائع نہیں کی۔ اگر پیر کا پہلا روزہ بنے تو شب قدر 21 ویں رات اگر ہفتے کا بنے تو 23 ویں رات، اگر جمعرات کا ہو تو 25 ویں، اگر جمعہ، منگل کا ہو تو 27 ویں رات اور اگر بدھ یا اتوار کو پہلا روزہ بنے تو 29 ویں رات کو لیلۃ القدر بنے گی۔ میں نے تمام عمران راتوں میں لیلۃ القدر کو پایا۔ **(محمد بلال)**

بدنظری سے حفاظت کے انعام

ایک صاحب نے بتایا کہ حضرت صاحب دامت برکاتہم سے اتوار والے دن اچانک ملاقات ہوئی تو مجھے جو نصیحتیں فرمائیں ان میں سے ایک خاص نصیحت آنکھوں کو بچانے کی تھی یعنی آنکھوں کو غلط استعمال اور غیر محرم سے بچانا چاہیے۔ آنکھیں بچانے کے میں نے اتنے زبردست اثرات دیکھے کہ صرف 2 ہی دنوں میں آنکھیں بچانے سے عبادت میں وہ حلاوت نصیب ہوئی ہے کہ سبحان اللہ...... دل میں نور پیدا ہونا شروع ہو گیا ہے کیونکہ اس وقت آنکھیں بچانا دنیا کا بہت بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے۔ جو بندہ بھی اپنی نظروں کو بچائے گا اللہ پاک اسے ایمان کی حلاوت نصیب کریں گے۔ جیسا کہ ایک حدیث پاک کا بھی مفہوم ہے کہ غیر محرم کی طرف دوسری نظر نہ جائے اور بندہ یہ دعا پڑھ لے ”اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ“ تو اللہ پاک اس بندے کو مرنے سے پہلے ایمان کی حلاوت نصیب فرمائیں گے۔ جو بندہ روزانہ ہزار مرتبہ ہی بدنظری نہ کرے گا تو اللہ اس کو کتنی ایمان کی حلات نصیب کرے گا؟

دوسرا یہ کہ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے مجھے فرمایا تھا کہ درس میں آنا۔ میں آج پہلی بار اس محفل میں شریک ہوا ہوں میں نے صبح ہی سے نیت کی ہوئی تھی کہ آج

Oureshi

ان شاء اللہ ضرور درس میں جانا ہے۔ میں لاک ماسٹر ہوں میں نے آج محسوس کیا ہے کہ یہاں آنے کی نیت کی برکت سے ہی آج میں نے پہلی بار زندگی میں سارا دن بہت زیادہ کام کیا ہے۔ یعنی صرف نیت کرنے سے ہی رزق میں بہت وسعت آ گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایمان کا نور نصیب کرے۔ سب سے درخواست ہے کہ اپنی آنکھوں کو زیادہ سے زیادہ بچائیں۔ **(محمد احسان)**

امت کی خیر خواہی سے اپنا بھلا کریں

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم اکثر درس میں فرمایا کرتے ہیں کہ لوگوں کیلئے خیر کی دعا کرنی چاہیے۔ اس عمل کے میرے سامنے مشاہدات آئے ہیں۔ میری ایک عزیزہ تھیں جن کو کافی عرصے سے فالج تھا ان کی حالت بہت خراب تھی وہ ہر وقت چار پائی پر پڑی رہتی تھیں نہ انہیں کھانے پینے کی ہوش تھی نہ ہی ان کے بچے ان کو سنبھالتے تھے۔ ایک دن میں ان سے ملنے گیا لیکن وہ کسی کو پہچان بھی نہیں پا رہی تھیں ان کی آنکھیں اندر کو دھنس چکی تھیں۔ رات کو میں گھر واپس پہنچا اور جب تہجد کے وقت اٹھا تو ان کا خیال میرے سامنے تھا میں نے تہجد پڑھ کر دعا کی کہ یا باری تعالیٰ اگر اس خاتون کی زندگی لکھی ہوئی ہے تو اسے صحت و سلامتی عطا فرما دے اگر زندگی نہیں ہے تو پھر اسے ایمان کی حالت میں اپنے پاس بلا کر اسے اس اذیت والی حالت سے نجات دے دے۔ صبح تقریباً 9 بجے ہی فون آ گیا کہ جی ان کا تقریباً سحری کے وقت انتقال ہو گیا ہے۔ الحمد للہ اللہ پاک نے انہیں اس کشمکش سے نجات دیدی۔ لہٰذا جب بھی دعا کریں تمام لوگوں کیلئے دعائے خیر کیا کریں چاہے وہ محلے دار ہیں یا اجنبی حتیٰ کہ دشمنوں کیلئے بھی دعائے خیر کرنی چاہیے۔ جس کو بھی تکلیف میں دیکھیں اس کے لئے دعائے خیر کریں۔ **(توقیر حیدر)**

موذی کیڑے سے حفاظت

السلام علیکم! میرا نام خالد فاروقی ہے اور میں اوکاڑہ سے آیا ہوں۔ میرے

Qureshi

مسنون دعا ''بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ '' کا مشاہدہ ہے۔ میں پٹرولنگ پولیس میں ملازم ہوں جہاں پر ہماری ڈیوٹی ہے وہاں پر اس قسم کے کیڑے ہیں کہ جو جس کے جسم پر لگ جائے اس کا جسم پھول جاتا ہے۔ میں نے اپنے دوستوں کو چیلنج کیا کہ یہ کیڑا مجھے نہیں کاٹے گا۔ انہوں نے کہا کہ دیکھتے ہیں۔ میں صبح و شام یہ مسنون دعا پڑھتا رہا۔ حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ جو شخص فجر اور مغرب کی نماز کے بعد اس دعا کو 3 مرتبہ پڑھے گا موت کے سوا اس کی تمام بیماریوں سے حفاظت ہوگی۔ اللہ پاک نے اس دعا کی برکت سے مجھے اس کیڑے سے محفوظ رکھا۔ **(خالد فاروقی، اوکاڑہ)**

جو مانگا کریم مولا نے وہ واقعی عطا فرما دیا

السلام علیکم! بعض اوقات اللہ پاک مجھے کچھ روحانی کیفیت عنایت فرما دیتے ہیں ایسی ہی ایک کیفیت کا اظہار کرنا چاہتا ہوں تا کہ دوسروں کو بھی نفع مل سکے۔ کچھ دن پہلے میں ایک دکان پر کچھ سامان خرید رہا تھا کہ وہاں ایک مانگنے والا بندہ آیا حالانکہ میں اسے بخوبی جانتا ہوں کہ وہ ایک امیر خاندان کا لڑکا تھا لیکن ٹانگ سے معذوری کا بہانہ بنا کر وہ لوگوں سے مانگتا تھا۔ نہ جانے وہ کیسا وقت تھا کہ اللہ پاک نے میرے دل میں ایک بات ڈالی اور اسکی وہ معذوری والی کیفیت مجھے اپنے اندر نظر آئی۔ میں نے سب کچھ جاننے کے باوجود بھی اسے اپنی طرف سے کچھ رقم دیدی۔ وہ دکاندار مجھے کہنے لگے کہ اس کو کچھ نہ دینا کیونکہ اس کے گھر والوں نے سختی سے منع کیا ہوا ہے۔ میں نے کہا کہ یہ میرا اور میرے اللہ کا معاملہ ہے۔ جب رات کے وقت میں اللہ پاک کے سامنے بیٹھا راز و نیاز کر رہا تھا تو میں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی کہ یا اللہ! وہ بندہ حقدار تو نہیں تھا لیکن پھر بھی میں نے اسے دے دیا۔ اللہ! حقدار تو میں بھی نہیں ہوں تو بھی مجھے عطا فرما دے نا! اس وقت میرے ذہن میں ایک چیز تھی میں اللہ پاک کو وہ صبح والی بات سنا کر مانگتا رہا کہ اللہ اگر میں حقدار نہیں

Qureshi

ہوں لیکن تو اپنے فضل سے مجھے وہ چیز عطا فرما دے۔ یقین مانیں دیر نہیں لگی بس نہ جانے وہ کیسی کیفیت تھی جو اللہ پاک کو پسند آ گئی اور اس کریم مولا نے مجھے واقعی عطا فرما دیا۔ **(فقیر محمد آصف، منڈی بہاؤالدین)**

پریشانی اور جھگڑوں کے راج نے پیچھا چھوڑ دیا

السلام علیکم! ہمارے گھر میں ہر وقت تنگی اور پریشانی کا راج تھا۔ ہم سب گھر والے ایک دوسرے سے لڑتے رہتے تھے، رزق میں بھی بہت تنگی کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ پھر ہماری حضرت دامت برکاتہم صاحب سے ملاقات ہوئی تو آپ دامت برکاتہم نے ہمیں ''رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ'' پڑھنے کا حکم فرمایا۔ ہم سب گھر والوں نے یہ وظیفہ بکثرت پڑھا تو اس کی برکت سے سب پریشانیاں، تنگی اور آپس میں لڑائی جھگڑوں سے ہونیوالی ٹینشن بھی ختم ہوگئی۔ اللہ پاک کی مہربانی سے اب ہر قسم کی سہولت میسر ہے۔ **(محمد اقبال)**

مصیبت میں مبتلاء ہونے سے بچت

السلام علیکم! ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ کسی بھی معذور یا مصیبت میں مبتلاء شخص کو دیکھ کر اگر یہ دعا ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا'' پڑھ لی جائے تو اس سے ساری عمر بندہ اس مصیبت اور معذوری میں مبتلاء نہیں ہوگا۔ اس دعا کا تجربہ میں نے اس طرح بھی کیا کہ جب بھی کسی گاڑی والے یا موٹر سائیکل والے کے ٹائر پنکچر دیکھتا ہوں تو اس شخص کو دیکھتے ہوئے ایک مرتبہ یہ دعا پڑھ لیتا ہوں۔ اس کی برکت سے الحمدللہ ثم الحمدللہ! بہت عرصہ ہوگیا ہے کہ اللہ پاک نے مجھے پنکچر کی مصیبت سے بچایا ہوا ہے اور میری سواری کبھی پنکچر نہیں ہوئی۔ چھوٹی سی دعا ہے ان شاء اللہ جو بھی اس کا اہتمام کرے گا فائدہ پائے۔ **(سید شاہد حسین، کراچی)**

Qureshi

میاں بیوی میں شدید قسم کا جھگڑا ختم

السلام علیکم! میرا نام شاکر ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک بار درس میں ’’رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ‘‘ مسنون دعا کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا کہ اگر میاں بیوی کے درمیان کسی بھی قسم کا جھگڑا پیدا ہو جائے چاہے وہ جتنا مرضی شدید ہو اس کے پڑھنے سے وہ جھگڑا ختم ہو جاتا ہے اور اللہ پاک دونوں میں پیار ومحبت پیدا کر دیتے ہیں۔ یہ میرا بہت بار کا آزمودہ ہے اس کو میں نے روزانہ 1400 مرتبہ کی تعداد سے پڑھا الحمدللہ! ہم دونوں میاں بیوی میں پیار ومحبت پیدا ہو گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے بیٹا ہی عطا کیا

میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کی بتائی ہوئی ’’رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ‘‘ والی دعا بیٹے کی خواہش کیلئے روزانہ 1400 مرتبہ پڑھی الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی برکت سے مجھے بیٹا ہی دیا ہے۔ (شاکر، لاہور)

جدہ والوں کی مشکل کا حل

ایک صاحب نے بتایا کہ جدہ ایئرپورٹ پر میری ملاقات ایک فیملی کے ساتھ ہوئی جو سب بہت پریشان تھے۔ میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ ان کی کسی خاتون سے پوچھو کہ مسئلہ کیا ہے؟ تو ان کی ایک خاتون بتانے لگی کہ پچھلے ایک سال سے ہم سب نے اپنے پاسپورٹ اقامہ لگوانے کیلئے جمع کروائے ہوئے ہیں لیکن ابھی تک نہیں مل رہے۔ میری جیب میں ایک دعا موجود تھی جو حضرت جی دامت برکاتہم نے ربیع الاول کے درس میں بتائی تھی اور بعد میں چھپی ہوئی دعا سب لوگوں میں تقسیم کی تھی وہ دعا یہ تھی ’’اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْٓ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّكَ اَنْ تُقْضٰی حَاجَتِیْ‘‘ یہ دعا میں نے اس خاتون کو دے کر کہا کہ کسی بھی وقت 2 رکعت نفل پڑھنے کے بعد یہ دعا ایک تسبیح پڑھو اس کے اول و آخر 3,3 بار درود شریف پڑھ لینا اور اس دعا کے آخر

میں جہاں لفظ حاجتی آ رہا ہے وہاں اپنے مسئلے اور اپنی حاجت کا تصور کر لینا اور ہم انہیں اپنے فون نمبر دے کر گھر آ گئے۔ کچھ دنوں بعد اس خاتون کا فون آیا کہ میں نے وہ عمل چند دن کیا ہے الحمدللہ! ہم سب کے اقامے لگ گئے ہیں۔ میں نے کہا کہ یہ اعمال اور اللہ کے نام کی برکت ہے جو آپ سب کا کام ہو گیا۔

دعاؤں کی قبولیت کیساتھ پریشانیاں بھی ختم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام عاقب جاوید ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ دعاؤں کی قبولیت کیلئے ایک عمل پیش خدمت کرنا چاہتا ہوں کہ 3 مرتبہ ''یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اور 3 مرتبہ ''یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ '' اور اس کے بعد نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرمت اور حکیم صاحب دامت برکاتہم کی برکت سے جو دعا مانگی جائے قبول ہوگی۔ میری چند گھریلو پریشانیاں تھیں جو اللہ پاک کے فضل اور عمل کی برکت سے جو دعا مانگیں قبول ہوئیں اور سب پریشانیاں بھی ختم ہو گئی ہیں۔ (عاقب جاوید، لاہور)

میری دیرینہ خواہش کی تکمیل

السلام علیکم! کئی سال سے میرے دل میں ایک خواہش پنپ رہی تھی کہ کاش مجھے کوئی کامل مرشد مل جائیں اور میں ان کے ہاتھ پر بیعت کروں۔ پچھلے سال سے اس خواہش میں زیادہ شدت آ گئی تھی اور تہجد کے وقت اٹھ کر اللہ پاک سے بھی یہی دعا کرتا تھا اور رو رو کر دعا مانگتا تھا۔ اللہ پاک نے میری دعا قبول فرمائی اور پچھلی 4,5 جمعراتوں سے مجھے تسبیح خانہ میں آنے کی توفیق عطا فرما دی اور اللہ پاک نے مزید کرم فرمایا تو میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور میری دیرینہ خواہش پوری ہو گئی۔ (ذوالفقار احمد، لاہور)

مرشد کا واسطے دینے سے دعا میں قبولیت

السلام علیکم! میرا اپنا مشاہدہ ہے کہ ایک بار میں رمضان المبارک کا آخری جمعہ

Qureshi

پڑھنے مسجد گیا تو اس دوران جوتا سنبھال کر ایک طرف رکھا لیکن واپسی پر جوتا موجود نہیں تھا۔ مجھے بہت پریشانی ہوئی، میں نے بہت تلاش کیا لیکن نہ ملا۔ میں نے اپنے بیٹے کو گھر سے دوسرا جوتا لانے کیلئے بھیج دیا۔ اچانک میرے ذہن میں آیا کہ حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ میرا جوتا گم ہو گیا تھا جس کیلئے کچھ پڑھا تو وہ واپس مل گیا۔ مجھے وہ عمل یاد تو نہیں تھا لیکن میں نے پورے یقین کے ساتھ دعا کی کہ یا اللہ! اگر حضرت جی دامت برکاتہم کا جوتا واپس مل گیا تھا تو مجھے بھی واپس مل جائے۔ آپ یقین جانئے کہ مجھے جوتا ایسی جگہ پڑا ہوا ملا جہاں میں نے رکھا بھی نہیں تھا اور پہلے میں وہ دیکھ چکا تھا اللہ پاک نے مرشد کا واسطہ دینے سے میری دعا قبول کرتے ہوئے میرا جوتا واپس دلا دیا۔ **(ذوالفقار احمد)**

دم کروانے کی برکت سے دوبارہ درد نہیں ہوا

السلام علیکم! میرا نام عباد اور میں پشاور سے آیا ہوں میں اپنا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ جب میں پشاور سے 4 دسمبر کیلئے حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے آیا تو اس وقت مجھے کمر میں بہت زیادہ درد تھا کیونکہ دو سال پہلے میں سیڑھیوں سے گرا تھا۔ اس وجہ سے میری کمر کی ہڈی کے نچلے حصے پر ضرب لگی تھی۔ ڈاکٹروں نے مجھے کہا کہ آپ رکشے کے ٹائر کی ٹیوب لے کر اس پر بیٹھا کریں۔ میں دفتر میں بھی بیٹھا رہتا تھا اور گاڑیوں میں زیادہ سفر نہیں کر سکتا تھا۔ جب حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے آنے لگا تو گھر والوں اور دوستوں نے بہت منع کیا کہ آپ سفر نہیں کر سکتے لیکن میں نے کسی کی نہ سنی اور ہمت کر کے یہاں آ گیا۔ جب میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے دم کروایا تھا تو الحمدللہ! اس دن کے بعد آج تک دوبارہ کبھی درد نہیں ہوا اور میں بالکل ٹھیک ہوں۔ **(عابد، پشاور)**

دعا کی برکت سے فنگس کا خاتمہ

السلام علیکم! ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم جب کراچی تشریف لائے تو میں

Oureshi

بھی ان کے ہمراہ قافلے کے ساتھ امروڑ شریف چلا گیا۔ وہاں پر مجھے گھر سے فون آیا کہ بیٹی کی کریم ختم ہوگئی ہے اور وہ بہت زیادہ خارش کررہی ہے کیونکہ میری بیٹی جب پیدا ہوئی تھی اس کے سر میں زخم تھا اور جو پرانا ہوجائے تو اسے فنگس کہتے ہیں اب وہ ماشاء اللہ 8 ماہ کی ہے لیکن ہر ٹائم سر میں خارش کرتی رہتی ہے۔ میں نے کہا آپ فکر نہ کرو میں حضرت جی دامت برکاتہم کے ساتھ ہوں ان کے ساتھ بیٹھ کر دعا کروں گا تو یہ فنگس سب ختم ہوجائیں گے اور کریم وغیرہ کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی۔ درس میں حضرت جی نے دعا فرمائی تو میں نے اپنی بیٹی کی نیت کرکے آمین کہا۔ مغرب کے بعد میں نے گھر فون کیا تو وہ بتانے لگے کہ ماشاء اللہ بیٹی نے ابھی تک خارش نہیں کی اور اس کے زخم بالکل ٹھیک ہونا شروع ہوگئے ہیں اور کھیل کود رہی ہے۔ **(ممتاز، کراچی)**

دشمنوں اور ہر قسم کے شر سے محفوظ

السلام علیکم! میرے مشاہدات میں ہے کہ اگر کوئی مجھ سے زیادتی کررہا ہو یا لڑائی جھگڑے کی کوئی صورتحال پیدا ہو تو اس کیلئے میں کسی بھی وقت ایک تسبیح یہ دعا پڑھتا ہوں ''اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ'' اس کی برکت سے اللہ پاک مجھے ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔ میرے ایک دوست کی رشتے داروں سے لڑائی ہوگئی جو اتنی شدت اختیار کرگئی کہ وہ ایک دوسرے کو مارنے کیلئے تیار ہوگئے۔ میں نے اس دوست کی نیت سے یہ دعا ایک تسبیح پڑھی تو الحمدللہ! دوسرے تیسرے دن جب میں نے فون پر پوچھا تو اس نے بتایا کہ ہماری صلح ہوگئی ہے اور ہم بالکل خوش باش ہیں۔ **(محمد عثمان قادری، گوجرانوالہ)**

روحانی وجسمانی مسائل حل

السلام علیکم! پچھلے اسم اعظم کے دم میں مانسہرہ میں ہونے کے باعث تشریف نہیں لاسکا۔ جس کے بارے میں آپ نے فرمایا تھا کہ نیٹ پر دم ہوسکتا ہے آپ بس اپنی ہر قسم کی پریشانی اور بیماری کا تصور کرکے دم میں شریک ہوجائیں تو ان شاء اللہ

Qureshi

پاک اس کی برکت سے آپ کو بیماری سے نجات اور آپ کے مسائل حل کر دیں گے۔ میں اسی نیت سے نیٹ پر دم والے عمل میں شریک ہو گیا جس کی برکت سے الحمدللہ! میرے بہت سے روحانی اور بیماری مسائل حل ہو گئے ہیں۔ (عابد، مانسہرہ)

”دوسروں کیلئے دعا“ کے مشاہدات

ٹیچر کا غصہ ٹھنڈا کرنے کیلئے

السلام علیکم! میرا نام محمد عمر ہے اور میں لاہور کا رہائشی اور طالب علم ہوں۔ میری اکیڈمی میں ایک ٹیچر بہت غصے سے پیش آتے تھے اور مجھے بھی ان سے چڑ سی ہو گئی تھی لیکن میں نے ان کیلئے دعا کرنا شروع کر دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی طبیعت کا غصہ ختم ہو گیا اور میرے لئے انکے دل میں محبت پیدا ہو گئی۔ **(محمد عمر، لاہور)**

والدین کی دعاؤں کے فیوض

السلام علیکم! میں اس ہفتے کے 2 واقعات بتانا چاہتا ہوں پہلا واقع تو والدین کی خدمت اور ان کی دعا کی برکت سے متعلق ہے۔ میں نے پچھلے ہفتے پشاور سے ایک انتہائی سیکرٹ ڈاکومنٹ TCS کے ذریعے لاہور بھیجا اور گاڑی کے ذریعے خود لاہور آ گیا لیکن یہاں آنے پر پتہ چلا کہ وہ ڈاکومنٹ TCS والوں سے گم ہو گیا ہے جس پر میں بہت پریشان ہوا۔ میری والدہ کے ساتھ میرا بہت پیار ہے تو میں نے انہیں کہا کہ اماں دعا کرو ایک کاغذ گم ہو گیا ہے وہ مل جائے۔ اماں کہنے لگیں چلو جاؤ مل جائے گا۔ میں اطمینان سے صبح آفس گیا وہاں سے جب میں نے TCS والوں کو فون کیا تو وہ کہنے لگے کہ جی وہ ہمارے سامنے پڑا ہے آپ آ کر لے جائیں۔

(نوید احمد بھٹہ، واہ کینٹ)

دشمن کیلئے دعا

السلام علیکم! میرا نام خدا بخش ہے اور میں گوجرہ سے آیا ہوں۔ حضرت جی دامت

Oureshi

برکاتہم نے درس میں ایک عمل بتایا تھا کہ دشمن کیلئے دعائیں کرنی چاہئیں۔ میں اس کا ایک مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ 15 دن ہو گئے ہیں کہ ہمارا ایک دشمن تھا جس سے ہر وقت ہمیں خوف رہتا تھا جب سے میں نے اس کیلئے دعائیں کرنا شروع کی ہیں الحمدللہ! اس کا خوف دل ودماغ سے نکل گیا ہے۔ (خدا بخش، گوجرہ)

لڑکوں نے غنڈہ گردی چھوڑ دی

السلام علیکم! ہمارے علاقے میں کچھ لوگ غنڈہ گردی کرتے تھے اور ان کی وجہ سے علاقے میں بہت فساد پھیلا ہوا تھا۔ میں نے ان کے نام لے لیکر دعائیں کرنا شروع کر دیں۔ کچھ عرصہ ان کیلئے دعائیں مانگتا رہا جس کے فیض اللہ پاک نے ایسا سبب بنایا کہ اب ان میں سے ہر شخص کسی نہ کسی جاب پر یا اپنے کاروبار میں لگ کر مصروف ہو گیا ہے اور الحمدللہ! ہمارے علاقے میں امن ہو گیا ہے۔ (محمد اسحاق)

خیر اور برکت کے دروازے کھل گئے

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے 2009ء کے ایک درس میں فرمایا تھا کہ دشمن کیلئے دعائیں کیا کریں میں تب سے لیکر اب تک اللہ جب بھی مجھے توفیق دیتا ہے میں اپنے دشمن کیلئے دعائیں کرتا ہوں اور ان کیلئے بھی جو مجھ سے حسد اور جلتے ہیں۔ اس کی وجہ سے اللہ کی اتنی رحمت ہوئی کہ وہ میرے دوست بن گئے ہیں، ان کے ساتھ صلہ رحمی بھی ہوئی اور اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے میرے لئے برکت اور خیر کے خزانوں کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ جزاک اللہ! (محمد جاوید)

”بچوں سے دعا کروانے“ کے مشاہدات

تنخواہ میں اضافہ اور مرضی کی ٹرانسفر بھی

السلام علیکم! میری آرزو تھی کہ میرے واہ کینٹ کی بجائے لاہور میں پوسٹنگ ہو جائے تاکہ میں ہر جمعرات حضرت صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر

Qureshi

ہوسکوں۔ پچھلے درس میں حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ معصوم بچوں سے دعا کروائیں اور بچے زور سے آمین کہیں اللہ پاک ان کی دعا قبول فرمالیتا ہے۔ میں نے گھر جاکر اپنے بچوں کو درخواست کی کہ میرے لئے دعا کرو۔ انہوں نے دعا کر کے زور سے آمین کہا اس کی برکت یہ ہوئی کہ جہاں سے مجھے انکار ہوا تھا اگلے دن وہیں سے فون آگیا اور انہوں نے مزید 10 ہزار روپے بڑھا کر میری تنخواہ لگا کر مجھے میری مرضی کی جگہ پر نوکری دے دی۔ الحمدللہ! اب میں لاہور آگیا ہوں اور درس میں شرکت نصیب ہوگئی ہے۔ **(نوید احمد بھٹہ، واہ کینٹ)**

کئی ماہ سے پڑا ہوا سامان بک گیا

السلام علیکم! میرا کافی عرصے سے دکان پر مال نہیں بک رہا تھا میں اس سلسلے میں بہت پریشان تھا۔ پچھلے درس میں حضرت صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ بچوں کی دعائیں اللہ تعالیٰ فوراً قبول فرماتا ہے لہٰذا بچوں سے دعا کروایا کرو۔ میں نے یہاں سے گھر جاتے ہی اپنے بچوں کو اکٹھا کیا اور انہیں کہا کہ میری دعا پر تم سب آمین کہنا پھر میں تمہیں چیزیں لے کر دوں گا۔ اس طرح میں دعا کرتا رہا اور بچے آمین کہتے رہے۔ اللہ پاک کا کرم ایسا ہوا کہ اگلے ہی دن میرا وہ سارا مال بک گیا جو کئی ماہ سے رکا ہوا تھا۔ **(فضل الرحمن)**

بچوں کی دعا کی قبولیت

السلام علیکم! مجھے اپنی بیگم اور بچوں کو لیکر گاؤں جانا تھا جس کیلئے گاڑی کی ضرورت تھی اور میرے پاس گاڑی نہیں تھی۔ میں نے کرائے پر گاڑی لینے کی بہت کوشش کی لیکن گاڑی نہیں مل سکی۔ میرا بیٹا میرے ساتھ موٹر سائیکل پر بیٹھا ہوا تھا میں نے اسے کہا آپ اللہ سے دعا کرو اللہ پاک ہمیں گاڑی دے۔ اس نے اللہ سے دعا کی تو ٹھیک 1 ماہ بعد اللہ عزوجل نے اپنے غیب کے خزانے سے ایسا سبب پیدا کیا کہ اللہ نے مجھے گاڑی دیدی الحمدللہ! **(توقیر حیدر، لاہور)**

Oureshi

مقاصد و خواہشات کا حصول

السلام علیکم! میرا نام محمد اسلم ہے اور میں آپ کو آج کا اپنا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ آج درس میں آتے ہوئے میں نے اپنی بیٹی سے دعا کیلئے کہا کہ دعا کرو کہ مجھے تسبیح خانہ میں نیچے ہال میں جگہ مل جائے۔ اس نے میرے لئے دعا کی تو بالکل آخر میں مجھے نیچے جگہ مل گئی۔ **(محمد اسلم)**

گھر والے اور بچے عیش میں

السلام علیکم! یہاں قریب ہی شمع پر میں نے اپنا نیا کام شروع کیا جس کے دوران میں تسبیح خانہ میں مسلسل ہر جمعرات کو حاضری کیلئے آتا ہوں۔ پچھلے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے بچوں سے دعا کے عمل کے بارے میں بتایا تھا وہ عمل میں نے اپنے گھر والوں کو کرنے کیلئے کہا کہ آپ سب بیٹھ کر دعا کرو اور بچوں سے آمین کہنے کیلئے کہو اور اگر کام اچھا ہوا تو میں آپ کیلئے آئس کریم لے کر آؤں گا۔ الحمدللہ! جب انہوں نے یہ عمل کیا تو میں نے اس دن 2500 روپے کا کام کیا اور شام کو جاتے ہوئے ان کیلئے حسب وعدہ آئس کریم بھی لے کر گیا اور اب الحمدللہ! یہ سلسلہ چل پڑا ہے اور کام بہت اچھا ہو رہا ہے۔ اِدھر میں عیش کر رہا ہوں اور اُدھر بچے اور گھر والے خوب عیش میں ہیں۔ **(محمد احسان)**

ناممکن رقم کی 3 دن میں واپسی

ایک صاحب بتانے لگے کہ ہم تبلیغی جماعت کے سہ روزہ میں شامل تھے وہاں حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں بچوں سے دعا کروانے کی فضیلت اور اس کے بارے میں مشاہدات اور حقائق بیان فرمائے تھے۔ وہاں بچے موجود تھے پھر حضرت برکاتہم نے دعا کروائی۔ میری رقم ایک بندے کے ہاں پھنسی ہوئی تھی اور اس کی واپسی ناممکن دکھائی دیتی تھی۔ میرے دل میں یہ بات آئی کہ کیوں نہ میں بھی اپنی اس مشکل کے حل کیلئے بچوں کو ساتھ لے کر دعا مانگوں۔ میں نے دل ہی دل میں اللہ سے عرض کرتا

Qureshi

شروع کردیا کہ یا اللہ! میرے معاملات درست کردے جس پر بچے مسلسل آمین کہہ رہے تھے۔ اس کے بعد ہم جس مسجد میں ٹھہرے اس کے بارے میں حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا کہ یہ مسجد تقریباً 300 سال پرانی ہے اس میں جو بھی دعا مانگی جائے قبول ہوگی۔ میں نے وہاں بھی یہی دعا کی اور جب ہم سہ روزے سے واپس آئے تو اس سے اگلے دن وہ بندہ پکڑا گیا جس نے میری تو کیا کئی لوگوں کی رقم دبائی ہوئی تھی اور وہ 20,21 کروڑ روپے کا مقروض تھا اور صرف 3 دن کے اندر اندر ہی اس نے میری ایک ایک پائی چکادی۔

”تسبیح خانہ سے نسبت“ کے مشاہدات

تسبیح خانہ میں آنے کی برکت سے زندگی بدل گئی

السلام علیکم! پہلے میں بہت ہی زیادہ بگڑا ہوا انسان تھا اور میرٹا اٹھنا بہت ہی غلط سوسائٹی میں تھا جس کی وجہ سے میں ہر وقت کسی نہ کسی برائی میں مگن تھا۔ لیکن یہاں تسبیح خانہ آنے کی برکت سے اللہ پاک نے میری زندگی بدل دی ہے۔ اب اللہ پاک کا اتنا کرم ہے کہ اللہ پاک نے میرے دل و دماغ سے وہ ساری گندگی نکال دی ہے اور میری زبان پر درود شریف اور تسبیحات جاری ہوگئی ہیں۔ یہ سب یہاں آنے اور حضرت صاحب دامت برکاتہم کے دست مبارک پر بیعت ہونے کی برکت سے ملا ہے اور میرا اب کسی غیر محرم کو دیکھنے کو دل ہی نہیں کرتا۔ اللہ پاک حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو لمبی زندگی عطا فرمائے اور ان کے اہل و عیال پر سدا اپنی رحمتیں فرمائیں۔ آمین! (معین عبدالرحیم، لاہور)

مرشد کی توجہ سے اللہ کا قرب نصیب ہوگیا

السلام علیکم! جب حضرت جی دامت برکاتہم سے پہلی ملاقات تسبیح خانہ میں ہوئی تھی آپ نے بڑی شفقت فرمائی تھی اور مجھے اضافی وقت دیا تھا۔ اس ملاقات میں

Oureshi

میں نے عرض کیا تھا کہ اللہ رب العزت کے تعلق میں ترقی کرنے کیلئے آپ نظر شفقت فرمائیں۔ الحمدللہ! آپ دامت برکاتہم کی توجہ سے اب یہ احوال ہے کہ ہروقت عشق و سرور میں رہتا ہوں، دل کی دنیا بدل گئی ہے، ذکر کا خوب اہتمام ہونے لگا ہے، سنتوں پر چلنے کا شوق پیدا ہوگیا ہے، دن رات اللہ تعالیٰ سے باتیں ہوتی ہیں، سوتے ہوئے بھی آنکھ کھل جائے تو اللہ ہی سے باتیں ہوتی رہتی ہیں، سوتے ہوئے بھی اللہ کو یاد کر کے سوتا ہوں، اٹھتا ہوں تو اللہ کو یاد کرتا ہوں اور سارا دن اللہ کی یاد میں رہتا ہوں۔ الحمدللہ! رب العزت آپ کو اس کی جزا دے آپ نے مجھ پر بہت احسان و شفقت فرمائی ہے۔ الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ دامت برکاتہم کے ذریعے مجھے اپنا قرب نصیب فرما دیا ہے۔ **(زبیر ظفر)**

سب ارادے بدل گئے

السلام علیکم! میں بہت عرصے سے اپنے جذبات کا اظہار کرنا چاہتا تھا لیکن ڈرتا تھا کہ کہیں کوئی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ حضرت جی دامت برکاتہم کی نظروں میں آنا چاہتا ہے۔ یہاں آنے سے پہلے میری زندگی بڑی غفلت میں گزر رہی تھی۔ میرا ویڈیو بنانے اور فوٹو گرافی کا شعبہ تھا وہ ایسا وقت تھا جب ہر وقت میری زبان پر گانے رہتے تھے میرے دوست مجھ سے کسی بھی گانے کے متعلق پوچھتے تو میں فوراً اس فلم کا نام بتا دیتا تھا۔ مووی ایڈیٹنگ بھی کیا کرتا تھا۔ میرا نام محمد صادق ہے لیکن سبھی مجھے صادق فوٹو گرافر کے نام سے پکارتے اور جانتے تھے۔ مجھے بعض دفعہ دل میں خیال آتا کہ اگر میں اسی حالت میں مر گیا تو قبر میں کس نام کے ساتھ پکارا جاؤں گا کیونکہ میں نے سنا ہوا تھا کہ انسان کی نسبت جس کے ساتھ ہوتی ہے وہ اسی نسبت کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ میں پریشان ہو کر اللہ پاک سے مانگتا تھا کہ یا اللہ! مجھے اس زندگی سے نکلنے کا کوئی راستہ دکھا دے۔ اللہ پاک نے کرم فرمایا اور میں نے وہ کام چھوڑ کر ایک چھوٹی سی دکان بنا لی۔ پھر مولانا ولید صاحب حفظہ اللہ کی وساطت سے میری ملاقات حضرت جی دامت برکاتہم کے

ureshi

ساتھ ہوئی اللہ پاک نے مجھے تسبیح خانہ کا در دکھا دیا اور یہاں آنا شروع ہو گیا جس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھ پر خیر و برکت کے ایسے در کھولے ہیں کہ میں خود پریشان ہوں کہ مجھ گنہگار پر اتنا کرم؟

تاریک ماضی پر اللہ سے معافی

پہلے میری ڈاڑھی نہیں تھی، پچھلے دنوں میں کچھ عرصے بعد اپنے پرانے دوستوں کے پاس سے گزرا تو سب مجھے دیکھ کر حیران رہ گئے اور کہنے لگے کہ یہ تو ایسا بندہ تھا جو ہمیں فلموں کے نام اور گانوں کے بول سنایا کرتا تھا ان کی یہ بات سن کر مجھے ایک بار پھر اپنا تاریک ماضی یاد آ گیا اور میں بہت دکھی ہوا اور رو کر اللہ سے عرض کی کہ یا اللہ! میرے وہ لمحات معاف فرما دے۔ اب تو اللہ کا اتنا کرم ہے کہ میری زبان پر ہر وقت درود شریف رہتا ہے۔

ناقابل واپسی قرض مل گیا

اس دوران مجھے بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑا لیکن میں ایک عمل باقاعدگی سے کرتا ہوں وہ یہ کہ فجر کی نماز تسبیح خانہ میں آ کر ادا کرتا ہوں اور اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے میرے تمام مسائل حل فرما دیئے ہیں۔ میرا ایک بہت بڑا مسئلہ یہ تھا کہ میں نے ایک بندے سے قرض واپس لینا تھا لیکن وہ بندہ پیسے دینے کی بجائے یہ کہتا کہ اگر تم میں ہمت ہے تو لے کر دکھاؤ۔ میں فجر یہاں آ کر پڑھتا رہا اور دعا مانگتا رہا اللہ پاک نے غیب سے ہی کوئی سبب بنایا اور وہ بندہ خود کہنے لگا کہ آ کر اپنے پیسے لے جاؤ اور جب میں پیسے لے رہا تھا تو وہ کہنے لگا کہ سمجھ نہیں آتی کہ ہم تمہارے پیسے کیوں دے رہے ہیں حالانکہ ہم نے تو تمہیں پیسے نہ دینے کا فیصلہ کیا ہوا تھا نہ جانے کیسے ہمارے دل تمہارے لئے نرم ہو گئے ہیں۔

وسوسے اور حضرت صاحب کی خواب میں اصلاح

کچھ عرصہ بعد میرے دل میں وساوس آنا شروع ہوئے تو میں نے صبح فجر کے

وقت تسبیح خانہ میں آنا چھوڑ دیا۔ ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ بہت خوبصورت ہرا بھرا میدان ہے اور بڑا پیارا موسم ہے وہاں سب سفید لباس میں بیٹھے ہیں اور حضرت جی دامت برکاتہم نے میری طرف بڑی جلالی نظر سے دیکھا لیکن جب میں آگے بڑھا تو انہوں نے بڑی شفقت سے مجھے قریب بٹھالیا اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی اور میں صبح اٹھ کر فوراً تسبیح خانہ میں آگیا۔ یہاں میں نے مولانا ولید صاحب حفظہ اللہ سے بھی اپنا خواب بیان کیا۔ بہر حال میرا ایمان ہے اور میں اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر سمجھتے ہوئے کہتا ہوں کہ تسبیح خانہ وہ جگہ ہے جہاں سے واقعی فیض ملتا ہے اور یہاں آکر مانگی جانے والی دعائیں قبول ہو کر مسائل حل ہوتے ہیں۔ میری بھی اور میرے سب گھر والوں کی بھی دلی دعا ہوتی ہے کہ اللہ پاک حضرت جی دامت برکاتہم کی آل اولاد پر بھی اپنی رحمتیں فرمائے۔ آمین! (**محمد شفیق، لاہور**)

بندہ واپس جاتے ہوئے نورانیت لیکر جاتا ہے

السلام علیکم! حضرت صاحب دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ آخرت میں انسان کو نور کی بہت ضرورت ہوگی قبر میں بھی نور کام آئے گا اور پل صراط پر بھی نور سے ہی کام چلے گا اور نور اعمال کرنے سے ملتا ہے۔ ماشاء اللہ بہت سے لوگ یہاں مجالس مجذوبی میں اپنے اپنے اعمال کے قیمتی مشاہدات بتاتے ہیں۔ میرا ایک تجربہ ہے کہ جو بندہ بھی ہر جمعرات کو تسبیح خانہ درس میں حاضر ہوتا ہے اسے یہاں سے ایک خاص قسم کا نور ملتا ہے۔ درس کے دوران بھی انوارات حاصل ہوتے ہیں پھر جب ذکر خاص پڑھ کر دعا مانگتے ہیں اس وقت بھی ایک خاص نور عطا ہوتا ہے اور بندہ واپس جاتے ہوئے اپنے ساتھ بہت سی نورانیت لے کر جاتا ہے یہ میرا بار بار کا مشاہدہ ہے۔ (**محمد انیس گل**)

درس میں حاضری مقبول اور باعث برکت عمل

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم کی صحبت کی برکت سے اللہ پاک نے ہمیں بہت نوازا ہے۔ سب سے بڑا اور زبردست عمل درس میں آنا ہے۔ درس میں آنا اتنا بڑا

Qureshi

مقبول اور بابرکت عمل ہے کہ ہم لوگ اس کا گمان نہیں کرسکتے۔ اس کی دلیل کے طور پر میں ایک واقعہ سناتا ہوں کہ بہت کم ایسا ہوتا ہے جب حضرت جی دامت برکاتہم درس میں اپنا کوئی خواب سنائیں۔ حضرت دامت برکاتہم نے بہت عرصہ پہلے اپنا خواب سنایا تھا کہ ایک رات میں نے خود کو مدینہ منورہ میں دیکھا جہاں حضور سرورکونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، خلفاء راشدین اور دیگر اولیاء صالحین رحمہم اللہ موجود ہیں۔ حضرت جی دامت برکاتہم کو ایک نہایت ہی حسین نوجوان نے سیبوں کے دو ٹوکرے پیش کئے اور فرمایا کہ میں حسن بن علی رضی اللہ عنہ ہوں یہ آپ کے درس میں آنے والے لوگوں اور خواتین کیلئے سیب کے ٹوکرے ہیں۔ تو جو جنت کے سردار اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبوب نواسے ہیں اگر ان کی طرف سے اتنی پذیرائی مل رہی ہے تو اس کا یہی مطلب ہے کہ درس اور درس میں حاضری اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں مقبول ہے اور جو عمل بارگاہ نبوت میں مقبول ہو وہ اللہ پاک کو بھی قبول ہوتا ہے۔
لہٰذا درس میں حاضری کی توفیق مانگتے رہنا چاہیے اور یہاں آنے کو معمولی نہیں سمجھنا چاہیے۔ **(انیس گل صاحب)**

بُرائی کے راستے سے خلاصی

السلام علیکم! میرا نام محمد حامد ہے اور میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں بہت بُرا انسان تھا لیکن جب سے تسبیح خانہ کے ساتھ تعلق بنا ہے اللہ پاک نے میری زندگی بدل دی ہے آپ سب لوگوں سے بھی یہی درخواست ہے کہ تسبیح خانہ میں آنا نہ چھوڑیئے گا۔

(محمد حامد)

گھریلو لڑائی جھگڑوں سے چھٹکارا

السلام علیکم! میں اپنا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ تسبیح خانہ میں آنے سے پہلے میری ایسی کیفیت تھی کہ میرا دل کرتا تھا میں گھر کی ہر چیز توڑ پھوڑ دوں، اکثر لڑائی جھگڑا رہتا تھا جس سے میرا بہت برا حال ہوجاتا تھا لیکن یہاں آنے کے بعد اللہ پاک نے بڑا

Oureshi

کرم فرمایا اور میری حالت بہتر سے بہتر ہوتی جارہی ہے۔ اصل مقصد ہے کہ اللہ پاک مجھے تسبیح خانہ کے ساتھ جوڑے رکھے۔ آمین! (راجہ اسلام)

ضرورت کے وقت دو سال بعد قرض واپس مل گیا

السلام علیکم! میرا چھوٹا بھائی رکشہ چلاتا ہے اس کی آمدن سے گھر کا خرچہ چلتا ہے تقریباً 3 ماہ پہلے کی بات ہے کہ ایک دن چھوٹے بھائی کا والدہ سے جھگڑا ہوگیا اور اس نے رکشہ چلانے سے انکار کردیا اور گھر میں جو تھوڑے بہت پیسے تھے 4/3 دن کے وہ سب ختم ہوگئے حتیٰ کہ ایک دن میری جیب میں صرف 60 روپے رہ گئے تھے اور ان 60 روپوں کا میں بچوں کیلئے دودھ وغیرہ لے آیا اور بالکل تہی دست و تہی دامن ہو کر بیٹھ گیا۔ اس دن جمعرات تھی مجھے یقین تھا کہ تسبیح خانہ میں جاکر دعا مانگوں گا تو اللہ پاک میری مشکلات دور فرمادے گا۔ میرے ایک اور دوست بھی تسبیح خانہ میں میرے ساتھ ہی آتے تھے میں نے سوچا کہ آج ان ہی کے ساتھ خرچ پر دونوں جائیں گے۔ لیکن صبح کے تقریباً دس بجے وہ دوست مجھے آکر کہنے لگا کہ آج میرے پاس بالکل پیسے نہیں ہیں آج میں نے تمہارے پیسوں پر درس میں جانا ہے۔ میں تو پہلے ہی دامن جھاڑ کر بیٹھا تھا۔ خیر! میں نے کہا کوئی بات نہیں اللہ پاک کہیں سے انتظام فرمادے گا۔ حالانکہ اندر سے میں واقعی بہت پریشان تھا، میں بیٹھا رہا اللہ کو یاد کرتا رہا۔ میرے ایک دور کے رشتہ دار ہیں 2 سال پہلے میں نے انہیں 3000 روپے قرض دیا تھا اور بعد میں کبھی واپس نہیں مانگے کیونکہ ان کے حالات بہت خراب تھے۔ تقریباً اڑھائی بجے مجھے ان کا فون آیا کہ آپ کے پیسے لوٹانے کیلئے آرہا ہوں۔ جب وہ آیا تو خود ہی 2 ہزار روپے دے دیئے اور باقی آئندہ دینے کا کہہ گئے۔ ان 2000 روپوں سے گھر کا راشن بھی آگیا اور ہم بےفکری سے تسبیح خانہ میں آگئے۔

ادھر تسبیح خانے میں دعا کی اُدھر قبول ہوگئی

یہاں آکر اللہ پاک سے دعا کی اور ساری مشکلات سے چھٹکارا مانگا۔ رات کو گھر

Qureshi

جا کر سو گیا۔ صبح اٹھا تو معمول کے مطابق چھوٹا بھائی رکشہ لے کر چلا گیا۔ میں نے جب بیوی سے پوچھا کہ یہ کیسے راضی ہو گیا ہے؟ وہ بتانے لگی کہ رات تقریباً ساڑھے 9 بجے بھائی نے خود ہی جا کر امی سے معافی مانگی ہے اور اب وہ روزانہ پہلے کی طرح کام پر جایا کریں گے اور جب میں نے غور کیا تو یہ وہی وقت تھا جس وقت تسبیح خانہ میں دعا ہو رہی تھی۔ اللہ پاک نے میری ساری مشکلات منٹوں میں حل فرما دیں۔

(غلام مرتضیٰ، لاہور)

مصیبت سے نجات مل گئی

ایک صاحب نے بتایا کہ چند دن پہلے میں اچھی خاصی مصیبت میں گرفتار ہو گیا تھا میں نے تسبیح خانہ میں آ کر اللہ سے دعا کی اور الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے بالکل عافیت کے ساتھ اس مصیبت سے نجات دے دی۔

دعا کے بعد اب کبھی لڑائی نہیں ہوئی

السلام علیکم! ہمارے ایک رشتہ دار کے ہاں روزانہ لڑائی جھگڑے کی وجہ سے طلاق تک نوبت آ چکی تھی۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ تم جس اجتماع میں جاتے ہو وہاں جا کر میرے لئے بھی دعا کرنا۔ میں نے یہاں آ کر درس کے بعد دعا کی کہ یا اللہ! ان کے گھریلو حالات اچھے کر دے اور ان کے بچوں کا مستقبل بھی خراب نہ ہو۔ کچھ دنوں بعد ان سے ملاقات ہوئی تو وہ بتانے لگے کہ جس دن سے میں نے آپ سے دعا کا ذکر کیا ہے الحمدللہ! اس دن سے ہماری کبھی لڑائی نہیں ہوئی۔ یہ سب تسبیح خانہ اور حضرت جی دامت برکاتہم کی برکت ہے۔ **(محمد اجمل)**

خواب میں ملاقات اور مقصد کا حصول

السلام علیکم! میں پچھلی جمعرات پہلی بار تسبیح خانہ میں آیا تھا مجھے یہاں آ کر ذکر اذکار کر کے بہت اچھا لگا۔ میں نے آج دوبارہ آنے کا بھی پروگرام بنایا ہوا تھا۔ رات میں تہجد کے وقت اٹھا نوافل ادا کرنے کے بعد میں نے حکیم صاحب دامت برکاتہم

Oureshi

والے ذکر و اذکار کرنے شروع کر دیئے۔ فجر کی نماز پڑھ کر پھر سویا تو خواب میں مجھے حکیم صاحب دامت برکاتہم نظر آئے، میں آپ دامت برکاتہم کے پاؤں دبا رہا تھا۔ فرمایا کیوں پریشان ہے؟ پھر میرے لئے دعا فرمائی اور دوائی تجویز کر کے دی اور فرمایا یہ کھاؤ ان شاء اللہ ٹھیک ہو جاؤ گے۔ یہ واقعہ میں اللہ پاک کو حاضر ناظر جان کر بتا رہا ہوں کہ یہ آج کا سچا واقعہ ہے۔ اللہ پاک حکیم صاحب دامت برکاتہم کی عمر دراز فرمائے اور ہم سب کو ان سے فیض یاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

(محمد اشرف، گوجرانوالہ)

ایمان بچانے کی راہ......

السلام علیکم! مجھے تسبیح خانہ میں آتے ہوئے 3 ہفتے ہو گئے ہیں اس سے پہلے میں باہر جانے کا ارادہ بنا رہا تھا اور جو بندہ مجھے لے جا رہا تھا وہ کہنے لگا جس ملک میں تم جا رہے ہو وہاں زیادہ تعداد میں عیسائی آباد ہیں لہٰذا تمہیں وہاں گزارہ کرنا ہوگا۔ میں نے جب یہ سوچا کہ میں تو مسلمان ہوں مجھے عیسائیوں میں رہنا پڑے گا تو میں نے اللہ سے دعا کی کہ اللہ تو میرے ایمان کی حفاظت فرما۔ مجھے یہیں پر بہتر رزق عطا فرما دے میں وہاں نہیں جانا چاہتا اور یہ دعا میں بہت خلوص دل سے کیا کرتا کہ اللہ تو میرے ایمان کو بچا لے۔ اس دعا کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے تسبیح خانہ کا راستہ دکھا دیا اور میں یہاں درس میں آنا شروع ہو گیا۔ جس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے یہاں ہی بہت اچھا کام دے دیا جس میں تھوڑے ہی عرصے کے دوران بہت برکت ملنا شروع ہو گئی ہے۔ **(احمد جمیل)**

حاضری اور دعا سے مشکلات کا حل

السلام علیکم! میرا نام نوید ہے اور میں الہ آباد سے آیا ہوں۔ میں کافی عرصہ سے مسلسل تسبیح خانہ آ رہا ہوں اور یہاں آ کر جو بھی دعا مانگتا ہوں الحمدللہ! وہ بہت جلد پوری ہو جاتی ہے۔ میرے بھائی کا 7,8 ماہ سے ڈرائیونگ لائسنس نہیں بن رہا تھا میں نے

Qureshi

یہاں درس کے بعد دعا کی کہ یا اللہ اس کا مسئلہ حل کر دے۔ اگلے دن صبح اس کا فون آیا کہ مسئلہ حل ہو گیا ہے اور میرا ڈرائیونگ لائسنس بن گیا ہے۔ (**محمد نوید، الہ آباد**)

گاڑی خراب ہونے پر غیبی مدد و اکرام

السلام علیکم! پچھلے جمعہ میں منڈی بہاؤ الدین جا رہا تھا کہ راستے میں گاڑی خراب ہو گئی جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوا اور ڈرائیور سے کہا کہ جمعہ بھی پڑھنا ہے اور آگے بھی پہنچنا ہے دھوپ بھی کافی تیز تھی اور گاڑی ایسی جگہ خراب ہوئی تھی جہاں سامنے پولیس کی چیک پوسٹ تھی۔ میں تسبیح خانے میں ہونے والا اللہ کا ذکر کرنے لگ گیا۔ تھوڑی دیر بعد پولیس والے خود ہماری طرف آ کر پوچھنے لگے کہ کہاں سے آئے ہیں؟ ہم نے بتایا کہ ہم لاہور سے آئے ہیں اور ابھی آگے جانا ہے۔ انہوں نے ٹریکٹر والے کو روک کر ہماری گاڑی اس سے باندھ دی اور اس نے ہم کو ایک ورکشاپ کے سامنے چھوڑ دیا کر دیا لیکن وہ دکان بند تھی، اتنے میں ایک کار پر کوئی بندہ آیا اور ہم سے حال احوال پوچھنے لگا، پھر اس نے اس ورکشاپ والے کو فون کر کے پتہ کیا تو اس نے بتایا کہ میں تو جمعہ پڑھ کر ہی دکان کھولوں گا۔ اس بندے نے مجھے اپنے ساتھ کار میں بٹھایا اور قریبی گاؤں میں لے گیا اور وہاں جمعہ پڑھوا کر اس نے چائے وغیرہ کے ساتھ خدمت کی اور پھر واپس ورکشاپ پر آ گئے۔ جب پہنچے تو میری گاڑی ٹھیک ہو چکی تھی میں نے بل پوچھا تو اس بندے نے کہا کہ آپ کا بل میں ادا کروں گا آپ ہمارے مہمان ہیں۔ تو اس طرح ہمارا جمعہ بھی پڑھا گیا اور ہم خیریت سے منڈی بہاؤ الدین بھی پہنچ گئے۔ (**محمد اقبال، منڈی بہاؤ الدین**)

تسبیح خانے میں ہر مسلک کے افراد کی حاضری

السلام علیکم! ہمارے ہاں تبلیغی جماعت آئی تھی میں نے بھی ان کے ساتھ سہ روزہ لگایا اور اس دوران مجھے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ میری نماز بھی درست ہوئی اور ذکر و اذکار کا بھی پابند ہو گیا۔ میں پہلی بار یہاں آیا ہوں میرے ساتھی جو مجھے لے کر آئے وہ بھی

Oureshi

یہیں موجود ہیں۔ جب میں یہاں آرہا تھا تو کافی پریشان تھا کہ نہ جانے وہاں کیسا ماحول ہوگا لیکن یہاں آکر میری تسلی ہوگئی اور مجھے اطمینان ہوگیا ہے۔ میں صبح شام ایک تسبیح تیسرا کلمہ، ایک تسبیح درود شریف ”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ“ اور ایک تسبیح استغفار ”استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ“ پڑھتا ہوں۔ اس سے میرے گھر کی ساری پریشانی اور مسائل حل ہوگئے ہیں۔ **(محمد عظیم)**

گھٹنے کا شدید درد ختم

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے مجھے درس میں 21 حاضریوں کا حکم فرمایا تھا۔ یہاں آنے سے پہلے میں نے ایک دوائی استعمال کی تھی جس کا سائیڈ ایفیکٹ یہ ہوا کہ میرے بائیں ٹانگ کے گھٹنے میں سخت درد شروع ہوگیا۔ میں نماز میں تشہد کی حالت میں نہیں بیٹھ سکتا تھا، میری دائیں ٹانگ پہلے ہی کچھ متاثر تھی۔ لہٰذا میرے لیے بہت مشکل پیدا ہوگئی۔ اگرچہ یہاں حاضریوں کا مقصد میرا یہ نہیں تھا کہ میرا درد ٹھیک ہوجائے لیکن دل میں یہ خیال ضرور تھا کہ انشاء اللہ وہاں جانے سے اللہ پاک مجھے شفاء عطا فرمادے گا اور الحمدللہ! چوتھی یا پانچویں حاضری میں اللہ تعالیٰ نے مجھے واقعی اس تکلیف سے نجات دے دی اور اب ایسے لگتا ہے جیسے درد ہوا ہی نہیں تھا۔ **(محمد آصف اقبال، منڈی بہاؤالدین)**

خدمت کی برکت سے سولر سسٹم ملا

السلام علیکم! میں پہلے پڑھائی میں بہت کمزور تھا، میٹرک تک تو میرے سالانہ رزلٹ بہت ہی خراب آتے تھے لیکن جب سے میں تسبیح خانہ میں آنا شروع ہوا ہوں اور یہاں آکر اللہ پاک نے کچھ خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے تب سے میں پڑھائی کے معاملے میں بہت بہتر ہوگیا ہوں اور رزلٹ بھی بہت شاندار آرہا ہے۔ ابھی ہمارے ایم اے او کالج میں جن طلباء کے 60% سے زیادہ نمبر تھے ان کو

Qureshi

حکومت کی طرف سے سولر سسٹم کا انعام ملا ہے جو تقریباً 25 ہزار روپے کا ہے، اور الحمدللہ! تسبیح خانہ کی خدمت کی برکت سے ان طلباء میں میرا نام بھی آیا ہے۔

(محمد عمر، لاہور)

بیرون ملک قید شوہر کی رہائی

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ میں آپ کو تسبیح خانہ میں حاضر ہونے کی برکت اور ثمرات بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے پڑوس میں ایک خاتون ہیں جن کے شوہر غیر قانونی طور پر سعودی عرب میں مقیم تھے وہ پکڑے جا چکے تھے۔ انہوں نے پچھلے ہفتے میری اہلیہ کو بتایا کہ میرے شوہر کا وہاں پر کوئی فیصلہ نہیں ہو رہا ہے ہم بہت پریشان ہیں۔ میری اہلیہ نے کہا کہ کل جمعرات ہے آپ ہمارے ساتھ تسبیح خانہ میں چلیں۔ پچھلی جمعرات کو وہ ہمارے ساتھ آئیں اور اگلے دن صبح 10 بجے ان کا فون آیا کہ میرے شوہر کا فیصلہ ہو گیا ہے اور اب وہ 3 ماہ بعد گھر آ جائیں گے۔ یہ تسبیح خانہ میں آنے کی وجہ سے ممکن ہوا ہے۔ **(محمد زاہد)**

حاضری کی برکت سے 10 ہزار روپے مل گئے

السلام علیکم! جب میں پچھلی جمعرات کو درس میں آیا تو اس دن حادثہ پیش آیا تھا کہ میں نے چاندرات کو اپنی اہلیہ کو دس ہزار روپے دیے کہ انہیں سنبھال لو۔ اس نے کہیں رکھ تو لئے لیکن بعد میں ڈھونڈنے پر نہ ملے، میں نے بھی ڈھونڈا میری اہلیہ نے بھی لیکن نہ ملے۔ اس دن میری نیت خراب تھی کہ میں درس پر نہ جاؤں اگلی جمعرات چلا جاؤں گا۔ میری اہلیہ کہنے لگی کہ آپ درس پر جائیں اور جا کر دعا کریں۔ پھر میں یہاں آ گیا اور دعا کے وقت یہ بھی کہا کہ یا اللہ! وہ میرے حلال پیسے کسی کی امانت تھے وہ مجھے لوٹا دے۔ اللہ پاک نے کرم فرمایا کہ جونہی میں عشاء پڑھ کر فارغ ہوا فوراً میری اہلیہ کا فون آ گیا کہ پیسے مل گئے ہیں۔ یہ تسبیح خانہ میں حاضری اور دعا کی برکت ہے۔

(ارشد خان)

Oureshi

بیان سننے سے ڈاڑھی رکھنے کا جذبہ

السلام علیکم! میں حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا مرید ہوں لیکن بہت دنوں سے میں نماز پابندی سے نہیں پڑھ رہا تھا کوئی نہ کوئی کوتاہی ہو جاتی تھی اور میں نے آج تک ڈاڑھی کی نیت نہیں کی تھی جب بھی نیت کرتا ناکام ہو جاتا۔ جب سے میں نے آپ دامت برکاتہم کا بیان سنا ہے اس کے بعد سے میری یہ کیفیت اور دل میں جذبہ ہے کہ گردن چاہے کٹ جائے اب یہ ڈاڑھی نہیں کٹے گی۔ ان شاء اللہ! **(محمد سلیم عطاری)**

پاکستان کے آٹھ انجینئروں میں نام شامل ہوگیا

السلام علیکم! مجھے تسبیح خانہ میں آنے سے بہت زیادہ فائدے ہوئے ہیں۔ جن میں سے ایک فائدہ یہ ہوا ہے کہ پہلے میرے پاس نوکری نہیں تھی اب میں دنیا کی سب سے مشہور امریکن کمپنی (Diagnositc Equipment) میں ملازم ہوں جس میں بہت گنے چنے انجینئر ہیں اور پاکستان میں ٹوٹل آٹھ انجینئر ہیں اللہ پاک نے ان انجینئروں میں میرا نام ڈلوا دیا ہے۔ **(ف۔ ر)**

نسبت کی برکت سے معاشی تنگی دور

السلام علیکم! میں ملتان سے آتا ہوں اور تسبیح خانہ میں میری تیسری جمعرات ہے اور ان شاء اللہ آئندہ بھی آتا رہوں گا۔ ہمارے گھر کے حالات بہت زیادہ خراب تھے جب سے میں اور میرے گھر والے اِدھر آنا شروع ہوئے ہیں ہمارے حالات پہلے سے بہتر ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ یہاں آکر ہم نے اللہ پاک سے مانگنا سیکھ لیا ہے اور یہاں آکر پتہ چلا ہے کہ اصل مانگنے کا طریقہ کیا ہے اور ایک ایسی روحانی خوشی ہوتی ہے کہ بتا نہیں سکتے۔ ان شاء اللہ ہم سب گھر والوں کا تسبیح خانہ سے رشتہ جڑ گیا ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا۔ **(الف۔ ملتان)**

تسبیح خانے کے اعمال سے فوائد

السلام علیکم! میرا نام حماد ہے۔ ہمیں تسبیح خانہ سے بے شمار فائدے مل رہے ہیں۔

Qureshi

یہاں سے ملنے والے اعمال بہت لاجواب اور مجرب ہیں جن کی بدولت بہت سے لوگوں کے مسائل حل ہورہے ہیں۔ یہاں سے ملنے والے اعمال میں جسے بھی بتاتا ہوں الحمدللہ! اس کو فائدہ ہوتا ہے۔ (حماد، لاہور)

بیروزگار کو امید کی کرن نظر آئی

السلام علیکم! میں آج پہلی مرتبہ تسبیح خانہ آیا ہوں اور حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات ہوئی ہے جنہوں نے مجھے وظیفہ عنایت کیا ہے۔ ابھی میں نے وظیفہ شروع بھی نہیں کیا ہے کہ مجھے ایسا محسوس ہونا شروع ہوگیا ہے کہ جیسے اللہ پاک نے میرا مسئلہ حل کردیا ہے اور میرا کام ہوگیا ہے۔ میرے پاس کوئی کاروبار نہیں تھا میرے بھائی نے آج مجھے کہہ دیا ہے کہ تم نے صبح دکان پر آنا ہے اور مجھے کچھ وسیلہ نظر آنا شروع ہوگیا ہے۔ (محمد وقاص)

اللہ تعالیٰ نے سب سے بڑا تحفہ دیدیا

السلام علیکم! میرا نام جاوید ہے میں رمضان کے آخری 5 دنوں میں تسبیح خانہ میں آیا تھا۔ اس سے پہلے مجھے بہت بے چینی، بے سکونی رہتی تھی۔ ان دنوں حضرت صاحب دامت برکاتہم نے درس میں جو اعمال بتائے وہ میں نے کرنا شروع کردیئے جن کی برکت اور اللہ کے حکم سے میرے دل کو بہت سکون ملا ہے۔ نیند جو ہر وقت مجھ پر غالب رہتی تھی الحمدللہ! اب اس کا کوئی ایسا چکر نہیں ہے اور جب چاہتا ہوں اٹھ جاتا ہوں۔ اللہ پاک نے نماز کی توفیق بھی دے دی جو اس کا بہت بڑا تحفہ ہے۔ (جاوید)

تسبیح خانے میں رمضان گزارنے کی برکت

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

السلام علیکم! میرا نام عبدالرحمن ہے۔ میں بہت عرصے سے ایک خواب دیکھتا چلا آرہا ہوں کہ روزہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ایک بڑا ہال ہے اور اس میں بہت بڑا مجمع جمع ہوتا جارہا ہے اور مجھے اس میں پیچھے جگہ ملتی ہے ایک بار بالکل آخر میں

Oureshi

جگہ ملتی ہے اور ایک بندہ کہتا ہے کہ یہ جگہ اس کیلئے ریزرو (Reserve) ہے یہ ہمارا قرابت دار ہے۔ اس وقت مجھے تسبیح خانہ کا بالکل بھی علم نہیں تھا۔ میری اہلیہ کو ان کی ایک دوست تسبیح خانہ میں لیکر آتی تھیں جس کے بعد ان کی دوست چکوال چلی گئی اور میں اپنی اہلیہ کے ساتھ تسبیح خانہ میں آنا شروع ہوگیا۔ پہلے تو مجھے علم نہیں تھا کہ جو جگہ میں خواب میں دیکھتا ہوں شاید وہ یہی ہے۔ رمضان سے قبل آخری دعا تھی اس میں شامل تھا جب دعا کے بعد منہ پر ہاتھ پھیرا تو ایک جاننے والے کہنے لگے کہ جو جگہ آپ خواب میں دیکھتے تھے وہ یہ ہی ہے۔ دو جمعرات پہلے جب ہم یہاں بیٹھے ہوئے دعا کرر ہے تھے تو کوئی کہتا ہے یہاں بہت بڑے چار مہمان آئے ہوئے ہیں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں وہ کہا ٹھہرے ہوئے ہیں؟ وہ کہنے لگے ہم نے آپ کو نہیں بتانا۔ کچھ دیر بعد ایک کھڑکی کھلتی ہے تو ایک بزرگ سفید بالوں والے جن کی چہرہ چاندی سے بھی زیادہ خوبصورت ہے نظر آتا ہے۔ اس کے بعد میں نے 15 دن کیلئے تسبیح خانہ میں اعتکاف کی نیت کی۔ ابھی میں تیاری کرر ہا تھا کہ میری بیٹی آڑے آگئی اور کہنے لگی کہ ابو آپ نے صرف 10 دن کا اعتکاف کرنا ہے کیونکہ آپ زیادہ دیر بیٹھ نہیں سکتے آپ کو تکلیف ہوتی ہے۔ اسی لمحے ایک سبز روشنی ہمارے گھر میں داخل ہوتی ہے اور اس میں سے ایک بزرگ ہمیں فرماتے ہیں کہ آپ درس میں جانے کی تیاری کریں سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا۔ اللہ پاک نے ایسا کرم کیا کہ میں نے تسبیح خانہ میں 15 دن کا اعتکاف کیا اس میں مجھے کھانے پینے، اٹھنے بیٹھنے اور واش روم وغیرہ میں جانے کیلئے کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔ (عبدالرحمن، لاہور)

کنگال گھرانہ لاکھوں میں کھیلنے لگا

السلام علیکم! میرا نام کامران ہے اور میں مانسہرہ سے آیا ہوں۔ ہم جب سے تسبیح خانہ کے ساتھ جڑے ہیں اللہ کا بہت کرم ہوا ہے۔ اس سے پہلے حالات کچھ ایسے تھے کہ گھر میں کھانے کیلئے بھی کچھ نہیں ہوتا تھا۔ اب الحمدللہ! سب کچھ موجود ہوتا ہے اور

ureshi

الحمدللہ ہم لاکھوں میں کھیل رہے ہیں۔ یہ سب تسبیح خانہ کا فیض اور حضرت جی دامت برکاتہم کی دعاؤں اور اعمال کا فیض ہے جو ہمیں حاصل ہوا ہے۔ **(کامران، مانسہرہ)**

تسبیح خانے میں پرسکون نیند

ایک صاحب نے بتایا کہ میں جب بھی تسبیح خانہ میں آکر درس کے دوران دیوار کے ساتھ ٹیک لگاتا ہوں تو مجھے اتنی گہری نیند آتی ہے جیسے کبھی میں بچپن میں بے فکر ہوکر سویا کرتا تھا۔ میں بہت حیران ہوتا ہوں اور آفس میں اپنے ساتھیوں کو بھی بتاتا ہوں کہ جیسی نیند مجھے تسبیح خانہ میں جاکر آتی ہے ویسی کبھی گھر میں نہیں آتی۔

حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا: (مفہوم)

کوئی عمل بتائیں نیند آنے کا۔

(1) نیند نہ آتی ہو تو میں روحانی غسل کرتا ہوں۔

(2) کوئٹہ والے دوست کہتے ہیں کہ نیند نہ آتی ہو تو میں ہینڈ فری لگا کر موبائل پر درس سننا شروع کر دیتا ہوں تو بہت اچھی نیند آتی ہے۔

خدمت کے دوران شدید بخار اور کان درد غائب

السلام علیکم! میرا نام بابر ہے میں میڈیسن کمپنی میں کام کرتا ہوں میں یہاں پر تسبیح خانہ میں خدمت کرتا ہوں جس کی برکت سے میں 5 وقت کا نمازی بن گیا ہوں۔ میں اپنا ایک چھوٹا سا مشاہدہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے کل شدید بخار کے ساتھ کان میں درد بھی ہو رہا تھا میں نے اس کی نیت سے تسبیح خانہ میں خدمت کی تو مجھے پتہ بھی نہیں چلا میرا بخار اور کان کا درد غائب ہو گیا۔ میں یہاں تسبیح خانہ میں جو بھی اعمال سنتا ہوں اپنے بہت سے ساتھیوں کو بھی بتاتا ہوں جن کو بہت فائدے حاصل ہو رہے ہیں۔ **(بابر، لاہور)**

نمازوں میں پابندی اور خشوع وخضوع

السلام علیکم! میری عمر 40 سال ہے پچھلے ایک عرصے سے میں ایک پریشانی میں

مبتلا تھا وہ یہ کہ میری نماز میں خشوع وخضوع بالکل بھی نہیں تھا، اسی وجہ سے میں اکثر نمازیں چھوڑ دیتا تھا اور مجھے نماز کے اندر توجہ نہیں مل رہی تھی۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے مجھے درس میں آنے کا ارشاد فرمایا۔ میں نے اسی نیت سے درس میں آنا شروع کر دیا اور الحمدللہ! اسکی برکت سے مجھے نمازوں کی پابندی مل گئی ہے اور اب نمازوں میں توجہ، دھیان اور خشوع وخضوع ملنا شروع ہوگیا ہے۔ (شبیر حسین، لاہور)

بار بار کے آپریشن سے نجات اور خوشحالی

السلام علیکم! میرا نام توقیر حیدر ہے۔ پچھلے سال یہاں تسبیح خانہ رمضان میں ایک معذور آدمی نے پورا مہینہ قیام کیا جو بیساکھیوں کے ساتھ اوپر، نیچے، لنگر خانے اور بیت الخلاء میں جاتا تھا۔ اس کے ساتھ معاملہ کچھ اس طرح سے تھا کہ اس کے تقریباً 10/11 جوڑوں کے آپریشن ہو چکے تھے اور آخری آپریشن کروانے کیلئے حضرت جی دامت برکاتہم سے اجازت لینے کیلئے آیا تھا۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے اسے منع کرتے ہوئے تسبیح خانہ میں قیام کیلئے فرمایا تھا کہ تم اللہ سے دعا کرو ان شاءاللہ، اللہ تم پر اپنی رحمت کرے گا۔ وہ بندہ معاشی طور پر متاثر اور بیروزگار تھا۔ ایک دن وہ مجھے باہر مین سڑک پر رکشے میں بیٹھا ملا جو خود رکشہ چلا رہا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا تم تو بہت خوشحال نظر آ رہے ہو؟ اس نے مسکراتے ہوئے کہا کہ اللہ کا شکر ہے۔ پھر میں نے اس سے پوچھا کہ تمہیں تسبیح خانہ میں قیام کر کے کیا ملا؟ اس نے کہا کہ تسبیح خانہ میں قیام کرنے کی برکت سے مجھے بار بار کے آپریشن سے نجات مل گئی ہے اب اللہ پاک کی رحمت ہے کہ میں اپنا روزگار کماتا ہوں اور بہت اچھے طریقے سے زندگی گزار رہا ہوں۔ (توقیر حیدر، لاہور)

درس کی برکت سے اللہ پاک نے نوازا

السلام علیکم! اکثر میں اپنے بڑوں سے سنتا آیا ہوں کہ بڑوں کی بات ماننے میں

Qureshi

ہی بھلائی ہوتی ہے۔ ایک بار میں حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس حاضر ہوا تو انہوں نے مجھے کچھ پڑھنے کیلئے دیا جس پر میں نے کہا کہ میں تو قرآن بھول چکا ہوں۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ تم نے یہ پڑھنا ہے چاہے جیسے مرضی قرآن پاک یاد کرو۔ میں نے ان کی بات مان لی اور قرآن پاک یاد کرنے کے بعد تقریباً ڈیڑھ پارہ پڑھ کر دوبارہ مجالس مجذوبی میں حاضر ہو کر درس کی برکت سے قرآن پاک یاد کرنے کا مشاہدہ بیان کیا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا کہ بھئی ہم تو دس پارے سننے والے ہیں آپ ڈیڑھ پارے کا بتا رہے ہو آپ دس پارے پڑھو۔ الحمدللہ! میں تسبیح خانہ میں حاضر ہوتا رہتا ہوں اور ساتھ ساتھ قرآن پاک بھی پڑھ رہا ہوں۔ اس سے مجھے اللہ پاک بہت ہی نواز رہے ہیں۔ (**محمد نبیل، لاہور**)

7 سال بعد قرآن مجید پڑھنے کی سعادت

السلام علیکم! میرا یہاں تسبیح خانہ میں آنے کا ایک مشاہدہ ہے جو میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں عرصہ 7 سال سے قرآن مجید کی تلاوت نہیں کر پا رہا تھا۔ 22 اکتوبر کو میں تسبیح خانہ آیا اور اس کے بعد اللہ کے فضل سے اب میرا دوسری مرتبہ قرآن مکمل ہونے والا ہے۔ میرا چھوٹا بچہ 8 سال کا اگر ہم اسے قرآن پاک پڑھنے کیلئے اٹھاتے تو وہ ضد کرتا اور پھر سو جاتا ہم اس کو جب بھی اٹھاتے وہ ایسے ہی ضد کرتا۔ میں نے یہاں تسبیح خانہ میں آ کر درس کے بعد اس کیلئے بھی دعا کی تو الحمدللہ! اللہ پاک نے اپنا کرم کر دیا ہے اور اب ہمیں اسے اٹھانا نہیں پڑتا اس نے خود بخود اٹھ کر قرآن پاک پڑھنا شروع کر دیا ہے۔ (**عرفان علی**)

پانچوں وقت اور تہجد کی نماز کی سعادت

السلام علیکم! میری عمر 40 سال ہے پچھلے ایک عرصے سے میں ایک پریشانی میں مبتلا تھا وہ یہ کہ میری نماز میں خشوع و خضوع بالکل نہیں تھا اور اسی وجہ سے میں اکثر نمازیں چھوڑ دیتا کہ مجھے نماز کے اندر توجہ نہیں مل رہی لیکن جب سے میں نے تسبیح خانہ

Oureshi

میں آنا شروع کیا ہے اور میری یہاں صرف پانچویں حاضری ہے (کیونکہ مجھے جناب حکیم صاحب دامت برکاتہم نے درس میں آنے کا ارشاد فرمایا ہے) اور یہاں آنے کی برکت سے میری کبھی ایک نماز بھی نہیں چھوٹی اور نہ صرف فجر بلکہ تہجد کے وقت بھی اللہ پاک مجھے جگا دیتا ہے۔ (یٰسین، لاہور)

عبقری رسالہ پڑھنے سے کامل رہبر مل گیا

السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھنے کی برکت سے میں آج پہلی بار تسبیح خانہ درس میں آیا ہوں۔ میرے ساتھ میرے محترم استاد صاحب بھی جڑانوالہ سے تشریف لائے ہیں ان کی مجھ پر بہت شفقت اور مہربانی ہے۔ آج درس میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم فرما رہے تھے کہ ۔

جاگ بنا دودھ کدی نئیں جمدا بھاویں لال ہووے کڑھ کڑھ کے ھو

یہ فرمان بالکل حقیقت ہے کہ بندہ جو مرضی کرتا رہے لیکن جب تک کسی کامل رہبر اور اللہ کے ولی کا ساتھ نہ ہو بندے سے مسئلے اور پریشانیاں نہیں ٹلتیں۔ آج میں چونکہ تسبیح خانہ میں حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں تو ان شاء اللہ مجھے امید ہے کہ مجھ پر مہربانی فرمائیں گے۔ مجھے یہاں تسبیح خانہ میں ایک روحانی سکون ملا ہے اور یہاں آتے ہی مجھے میرے مسائل کا حل نظر آنا شروع ہو گیا ہے۔

(امتیاز احمد، جڑانوالہ)

10 سیڑھیوں سے نیچے گر کر اُف تک نہ کی

السلام علیکم! میری عمر تقریباً 78 سال ہے اور میں لندن میں رہائش پذیر ہوں۔ میں نے ارادہ کیا تھا کہ جب کبھی بھی پاکستان جاؤں گا تو حضرت جی دامت برکاتہم سے ضرور ملوں گا۔ یہاں پر کوئی ٹیلی فون پر ملاقات کیلئے ٹائم لینے کی ترتیب تھی لیکن مجھے پتہ نہیں تھا اور میں خود بغیر بتائے اور ٹائم لئے زبردستی یہاں آ گیا۔ جب میں ملاقات کیلئے دفتر آیا تو وہاں سے پتہ چلا کہ آپ ایسے ملاقات نہیں کر سکتے۔ میں نے

Qureshi

کہا میری اگلے ماہ فلائٹ ہے میں نے لندن واپس جانا ہے۔ اس وقت حضرت صاحب کہیں سفر پر تھے اور میں تسبیح خانہ میں قیام کیلئے آ گیا۔ یہاں جب رات کو تہجد کیلئے اٹھا تو میرا پاؤں سیڑھیوں میں پھسل گیا اور بہت زور سے تقریباً 10 سیڑھیاں نیچے آ کر گرا۔ مجھے بہت تکلیف ہوئی لیکن میں نے اُف تک نہ کی۔ میری حضرت صاحب سے ملاقات تو نہ ہو سکی لیکن میں نے یہاں سے بہت سے اعمال وغیرہ اکٹھے کئے اور لندن جا کر لوگوں کو بتانے شروع کر دیئے لیکن کچھ لوگ یقین کرنے کو تیار نہیں تھے کہ ان اعمال کی وجہ سے ایسا کیسا ہو سکتا ہے۔

حضرت جی نے فرمایا: آپ نے بس اعمال بتانے ہیں باقی اللہ پر چھوڑ دیں۔

(امجد، لندن)

دل اور معدے کے درد سے افاقہ

السلام علیکم! میرا نام محمد حنیف ہے میں ایبٹ آباد سے یہاں حاضر ہوا ہوں۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں اپنے کام کے سلسلے میں کافی عرصے سے دبئی میں مقیم ہوں، مجھے عرصہ دراز سے دل اور معدے میں تکلیف ہوتی تھی۔ میرے والد صاحب یہاں تسبیح خانہ میں آتے ہیں انہوں نے مجھے یہاں حاضر ہونے کیلئے کہا تھا کہ یہاں جاؤ ان شاء اللہ تمہیں افاقہ ہوگا۔ میں تقریباً چار جمعراتوں سے تسبیح خانہ میں آ رہا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے شفاء دی ہے۔ آپ سے مزید دعاؤں کی درخواست ہے۔ **(محمد حنیف، ایبٹ آباد)**

”تسبیحات فاطمہ“ کے مشاہدات

ٹانگوں کے مسلسل درد سے نجات

السلام علیکم! میرا نام محمد اسحاق ہے۔ میں کچھ عرصہ سے تسبیح خانہ میں حضرت جی دامت برکاتہم کے درس سننے کیلئے آ رہا ہوں اور یہاں سے ملنے والے وظائف اور

Oureshi

دعاؤں سے فیض یاب ہورہا ہوں۔ ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا کا وظیفہ ارشاد فرمایا تھا جس کا میں اپنا ایک مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ میری ران میں اکثر درد رہتا ہے تو جب کبھی بھی درد شروع ہو جائے تو میں تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا پڑھ کر درد والی جگہ پر ہاتھ پھیر لیتا ہوں الحمدللہ! جو ایک یا دو مرتبہ کرنے سے آرام آجاتا ہے۔ (**محمد اسحاق**)

کولہے شدید درد سے فوری شفاء

السلام علیکم! میں کبھی کبھار حاضری کیلئے درس میں آتا ہوں یہاں تسبیح خانہ میں ایک بار تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بارے سنا تو اسی دن سے میرا معمول بن گیا۔ یہ میرا ایک دو بار نہیں کئی بار کا آزمودہ ہے کہ جب بھی میرا تھکن یا درد سے برا حال ہو تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا پڑھنے سے فوراً آرام مل جاتا ہے۔ آج میرے کولہے میں شدید درد تھا جس کی وجہ سے نہ تو پاؤں اٹھا سکتا تھا اور نہ ہی اوپر نیچے ہو سکتا تھا کیونکہ ایسا کرنے سے بہت درد ہوتا تھا۔ میں نے تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مار کر درد والی جگہ پر ہاتھ پھیر لیا اس کی برکت سے نہ صرف آرام آگیا بلکہ پہلے سے زیادہ ہشاش بشاش ہو گیا۔ (**یٰسین، لاہور**)

سفر میں تھکاوٹ سے نجات کیلئے

السلام علیکم! میرا نام خدا بخش ہے اور میں فیصل آباد کا رہائشی ہوں اور عرصہ سے گوجرہ میں ملازمت کرتا ہوں اس لئے مجھے روزانہ گوجرہ سے فیصل آباد آنے جانے کیلئے تقریباً 120 کلومیٹر کا سفر کرنا پڑتا ہے۔ سفر کی وجہ سے مجھے کافی تھکاوٹ ہو جاتی ہے لیکن میں سونے سے پہلے حضرت صاحب دامت برکاتہم کی بتائی ہوئی تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا پڑھ کر سارے جسم پر دم کر لیتا ہوں اللہ کا شکر ہے کہ اس عمل کی برکت سے مجھے اگلے دن بیدار ہونے پر تھکن کا کچھ احساس نہیں ہوتا اور میرا سارا دن بالکل فریش گزرتا ہے۔ (**خدا بخش، فیصل آباد**)

reshi

اکثر رہنے والی تھکاوٹ سے نجات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! کل رات ہمارے ہاں کچھ مہمان آئے ہوئے تھے جن کی خدمت کرتے ہوئے تھکاوٹ ہوگئی اور جب میں رات کو ساڑھے گیارہ بجے ان کے جانے کے بعد سونے کیلئے لیٹا تو جسم تھکن سے چور تھا۔ میرے دل میں خیال آیا کہ درس میں تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بارے سنا تھا کہ وہ پڑھنے سے تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔ پھر میں نے 33 بار سبحان اللہ، 33 بار الحمد للہ اور 34 بار اللہ اکبر پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونک ماری اور ہاتھ پورے جسم پر پھیر لئے۔ الحمد للہ صبح جب فجر کی اذان کے وقت آنکھ کھلی تو بالکل بھی تھکاوٹ کا احساس نہیں تھا اور ایسے لگ رہا تھا جیسے مجھے رات کو تھکاوٹ ہوئی ہی نہیں تھی۔ **(محمد شیراز)**

سولہ گھنٹے کے کام میں بھی کوئی تھکاوٹ نہیں

السلام علیکم! میرے آفس میں کام زیادہ ہونے کی وجہ سے آج کل ڈیوٹی کا ٹائم 12 سے 14 گھنٹے ہوگیا ہے اور بعض اوقات 16 گھنٹے بھی لگ جاتے ہیں۔ سارے دن کی تھکاوٹ کیلئے رات کو سوتے وقت تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا کا اہتمام کرنے سے مجھے بہت پرسکون نیند آتی ہے اور اگلے دن کسی قسم کی کوئی سستی نہیں ہوتی حتیٰ کہ آفس میں سب لوگ حیران ہو کر پوچھتے ہیں کہ یار اتنے دن ہو گئے کام کرتے ہماری تو آنکھوں کے گرد حلقے پڑ گئے ہیں اور تم ویسے ہی فریش رہتے ہو جیسے کوئی تھکن نہ ہو۔ میں نے ان سب کو بھی تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا کا عمل بتایا اور ترغیب دی کہ وہ سب بھی یہ عمل کیا کریں تو اب الحمد للہ! انہوں نے بھی اس عمل کو اپنا معمول بنالیا ہے۔

(محمد حسن ہاشمی، لاہور)

اعمال میں فائدہ ہی فائدہ ہے

السلام علیکم! میرا تعلق ڈینٹل سرجری کے شعبے کے ساتھ ہے کچھ دن پہلے کلینک پر ہمارے اسسٹنٹ نے مجھے کہا کہ میں بہت زیادہ تھکا ہوا ہوں اور تھوڑی دیر لیٹنا چاہتا

Oureshi

ہوں۔ میں نے کہا ٹھیک ہے لیٹ جاؤ لیکن ساتھ ایسے کرو کہ تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مار کر پورے جسم پر پھیر لو۔ اسے بتانے کے بعد میں اپنے کام میں مصروف ہوگیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ کہنے لگا کہ آپ کا شکریہ۔ میں نے پوچھا کس بات کا؟ کہنے لگا کہ میری ساری تھکاوٹ فوراً اتر گئی ہے اور جونہی میں نے دم کیا ہے میں بالکل فریش ہوگیا ہوں۔ پھر خود ہی کہنے لگا کہ ہماری کتنی بدنصیبی ہے کہ ہم ان اعمال کی طرف توجہ ہی نہیں کرتے حالانکہ ان میں فائدہ ہی فائدہ ہے۔

(محمد عثمان)

تہجد اور نماز فجر کی پابندی کی سعادت

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

السلام علیکم! میں رات کو جب بھی سوتا ہوں تو چارپائی پر بیٹھ کر تسبیحات فاطمہ 33 مرتبہ سبحان اللہ، 33 مرتبہ الحمدللہ! اور 34 مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیتا ہوں۔ یہ تسبیحات حضرت جی نے اپنے درس میں بیان کی تھیں اور ساتھ میانی صاحب قبرستان کے گورکن کا واقعہ بھی سنایا تھا کہ گورکن یہ تسبیحات پڑھتا رہتا تھا جسکی برکت سے وہ کبھی نہیں تھکتا تھا۔ میں اس نیت سے پڑھ کر آخر میں آیت الکرسی پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مار لیتا اور پورے جسم پر پھیرتا ہوں۔ اس عمل کی برکت سے مجھے اتنا فائدہ ہوا کہ جب رات کو سوتا ہوں تو فجر کی اذان سے پہلے آنکھ کھل جاتی ہے۔ **(عبدالرحمٰن)**

وقت پر نیند سے بیدار ہوجاتا ہوں

السلام علیکم! اگر کسی کو نیند نہ آتی ہوں وہ تسبیحات فاطمہ ”33 بار سبحان اللہ، 33 بار الحمدللہ اور 34 بار اللہ اکبر پڑھ کر نیند کا آنے کا اہتمام کرے گا تو ان شاء اللہ بہت ہی اچھی نیند آئے گی اور تہجد، نماز فجر کے وقت نیت کرنے سے نیند سے بیدار ہوجائے گا۔ میرا بہت بار کا آزمودہ عمل ہے میں نے اسے جس کو بھی بتایا ہے الحمدللہ! اسے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ **(توقیر حیدر)**

نو گھنٹے کھڑے رہنے سے تھکاوٹ نہیں ہوتی

السلام علیکم! میرا نام عبدالمنان ہے اور میں سعودی عرب جدہ میں ملازمت کرتا ہوں۔ ہماری کمپنی میں روٹین ہے کہ وہاں پر صبح 9 بجے سے لیکر شام 7 بجے کھڑے ہوکر کام کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے تھکاوٹ ہوجاتی ہے۔ ہمیں کام کے دوران موبائل پر ہینڈ فری استعمال کرنے کی اجازت ہے تو میں موبائل پر حضرت صاحب دامت برکاتہم درس سنتا رہتا ہوں۔ ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا کا وظیفہ عنایت فرمایا تھا۔ میں اس وقت سے ہر نماز کے بعد 33 بار سبحان اللہ، 33 بار الحمدللہ اور 34 مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر اپنے پورے جسم پر پھونک مار لیتا ہوں جس کی برکت سے مجھے کبھی تھکاوٹ نہیں ہوتی۔

(عبدالمنان، جدہ سعودی عرب)

”دوانمول خزانہ“ کے مشاہدات

خودکشی کے خیالات سے نجات

السلام علیکم! میں میلسی میں سرکاری ملازم ہوں۔ دوران سروس کچھ ایسے حالات پیدا ہوگئے اور میرے جسمانی امراض اتنے بڑھ گئے کہ میں خودکشی کے بارے میں سوچنے لگ گیا۔ پھر میری ملاقات حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ سے ہوئی انہوں نے مجھے دوانمول خزانہ اور کچھ اعمال بتائے جن پر میں نے باقاعدگی سے عمل شروع کردیا ان اعمال کی برکت سے اللہ کا ایسا کرم ہوا کہ چند ہی دنوں میں میرے جسمانی اور سروس کے تمام مسائل نہایت ہی خوش اسلوبی سے حل ہوگئے۔ اگر میں ساری عمر بھی حضرت دامت برکاتہم کے قدموں میں بیٹھا رہوں تب بھی ان کے احسانات کا بدلہ نہیں چکا سکتا۔ آپ سب سے میری گزارش ہے کہ میرے لیے دعا کریں کہ میں حضرت جی دامت برکاتہم کیساتھ رابطے میں رہوں کیونکہ یہاں آنے کے بعد ایک

Qureshi

وقت ایسا آ گیا تھا کہ مجھے جس بندے سے بھی کوئی کام ہوتا یا میں کسی کے بارے میں سوچتا تو خود بخود اس کا مجھے فون آ جاتا۔ یہ سب اللہ کی کرم نوازی اور اعمال کی برکت ہے۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے جو جو اعمال بتائیں اگر ہم ان کو باقاعدگی سے کرلیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم پیچھے رہ جائیں۔

(ملک رب نواز، میلسی)

تھوک میں خون آنا بند ہو گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

السلام علیکم! میرا نام محمد ذیشان ہے اور اوکاڑہ کے ساتھ بامابالا چھوٹے سے گاؤں سے آیا ہوں۔ ایک بار میں شدید بیمار ہو گیا تھا جس کے دوران مجھے تھوک کے ساتھ خون آنا شروع ہو گیا جس کی وجہ سے میری نمازیں قضاء ہونا شروع ہو گئی تھیں اور میں چارپائی سے اٹھنے کے بھی قابل نہ رہا۔ میری والدہ نے مجھے دو انمول خزانہ کا ایک چھوٹا سا کتابچہ دیا کہ یہ پڑھتے رہو۔ میں نے وہ چارپائی پر لیٹے لیٹے پڑھنا شروع کر دیا جس کی برکت سے الحمدللہ! میں کچھ ہی دنوں میں ٹھیک ہو گیا اور آج یہاں تسبیح خانہ میں حاضر ہوا ہوں۔ **(محمد ذیشان، اوکاڑہ)**

گھر اجڑنے سے بچ گیا

السلام علیکم! میری بیماری کی وجہ سے میرے سسرال والے میری بیوی کو اپنے گھر لے گئے تھے اور وہ طلاق کا مطالبہ کر رہے تھے۔ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ آپ تمام وظائف چھوڑ کر صرف انمول خزانہ نمبر 2 مسلسل پڑھتے رہو ان شاء اللہ تمہارا گھر آباد ہو جائے گا۔ میں نے انمول خزانہ نمبر 2 پڑھنا شروع کر دیا جس کے پڑھنے کے چند دن بعد ہی دونوں خاندانوں کے بڑوں نے مل بیٹھ کر صلح کروا دی ہے اور جو لوگ ہماری لڑائی کروا کر طلاق کروانا چاہتے تھے (اللہ معاف کرے) انکی آپس میں طلاقیں ہو گئی ہیں کیونکہ

Qureshi

میری بیوی کے کچھ رشتہ دار بہت دیر سے ہمارے اوپر جادو وغیرہ کررہے تھے اور بار بار میری اہلیہ کے گھر والوں کو کہتے تھے کہ بس آپ ان سے طلاق لے لو۔ اللہ پاک نے اس وظیفے کی برکت سے میری صحت کے ساتھ ساتھ میرا گھر بھی اجڑنے سے بچالیا۔

(محمد کامران، لاہور)

''تلاوت سننے'' کے مشاہدات

موبائل کی بیٹری چارج نہیں کرنا پڑتی

السلام علیکم! میں صبح کے وقت اپنے موبائل کے ریڈیو سے تلاوت سنتا ہوں۔ ایک دن میں نے دیکھا کہ بیٹری کے صرف 2 سیل باقی تھے تو میں نے تلاوت لگادی۔ پھر خیال آیا کہ اگر کال آگئی تو موبائل تو بند ہوجائے گا لیکن میں تلاوت سنتا رہا۔ جب میں نے دیکھا تو یہ دیکھ کر حیران ہوگیا کہ بیٹری کے سیل فل ہوگئے تھے۔ ایک دن میری بھابھی مجھ سے کہنے لگی کہ آپ موبائل کو چارج کیوں نہیں کرتے؟ میں نے بتایا کہ میں جو صبح تلاوت اور نعتیں سنتا ہوں ان کی برکت سے میری بیٹری بہت کم چارج کرنی پڑتی ہے۔ **(توقیر بھٹی)**

''سورۃ الناس، سورۃ فلق اور دم والا تیل'' کے مشاہدات

ذکر کے دوران جناتی چیزوں کی تنبیہ

السلام علیکم! میں نیپاک کمپنی میں انجینئر ہوں کافی عرصہ پہلے میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے گزارش کی تھی کہ میرا بیٹا قرآن حفظ کررہا ہے اس کا پڑھائی میں دل نہیں لگتا اس کے علاوہ گھر میں چھوٹی چھوٹی بات پر ہر وقت لڑائی جھگڑا کرتا رہتا ہے۔ حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا کہ صبح کے وقت 200 مرتبہ سورۃ فلق اور شام کے وقت سورۃ الناس اس کیساتھ ساتھ کثرت سے ہر وقت ''یَا مُمِیْتُ'' پڑھیں۔ ہم یہ عمل

Qureshi

مسلسل کرتے رہے جس کی برکت سے اب کافی دنوں سے ہماری اوپر والی منزل سے چیخ و پکار کی آوازیں آتی ہیں اور خواب میں کچھ چیزیں آ کر ہمیں تنگ کرتی ہیں اور کہتی ہیں آپ نے حضرت دامت برکاتہم کو کیوں خط لکھا؟ اور جو عمل کر رہے ہو وہ بند کر دو ورنہ ہم تمہیں نقصان پہنچائیں گے۔ ہم نے عمل چھوڑنے کی بجائے مزید طاقت اور پوری توجہ کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ اب کل پرسوں انہوں نے پھر تنگ کیا تو ہم نے دم والا تیل اور پانی کانوں میں لگایا تو اب وہ ہمیں تنگ نہیں کرتیں اور جاتے ہوئے کہہ گئیں کہ حضرت دامت برکاتہم کو دوبارہ خط لکھو اور انہیں کہو کہ وہ ہمیں تنگ نہیں کر رہے ہیں۔ **(طارق محمود طاہر)**

”حسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر“ کے مشاہدات

ذکر خاص کی آیت کی برکت

السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے میری موٹر سائیکل کے ٹائر بہت زیادہ پنکچر ہونے لگ گئے تھے۔ ایک دن اگلا ٹائر پنکچر ہوا کچھ دن بعد پچھلا ٹائر پنکچر ہو گیا۔ پھر اگلے دن جب میں موٹر سائیکل سٹینڈ پر کھڑی کر رہا تھا تو محسوس ہوا کہ اگلے ٹائر میں ہوا کم ہو رہی ہے اور صبح تک شاید یہ بالکل ہی بیٹھ جائے گا۔ میں نے سوچا کہ صبح میرے پاس ٹائم نہیں ہو گا کہ اسے جانے سے پہلے پنکچر لگوا سکوں۔ جو دعا اکثر میں دوران سفر پڑھتا رہتا تھا ”حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ“ وہ میں نے یقین سے پڑھ کر ٹائر پر پھونک ماردی تا کہ صبح تک اس کی حفاظت رہے۔ صبح اٹھ کر دیکھا تو گزارے لائق ہوا موجود تھی میں آسانی سے کالج گیا اور وہاں سے واپسی پر پنکچر والے کو چیک کروایا تو اسکے والو خراب تھے اس نے والو تبدیل کر کے 60 روپے مانگ لئے ابھی میں سوچ ہی رہا تھا کہ اس نے پیسے زیادہ مانگے ہیں اتنے میں وہ خود ہی بول پڑا چلیں آپ 40 روپے دے دیں اور الحمدللہ میرے دونوں ٹائر

ٹھیک ہو گئے۔ اس کے علاوہ پچھلے دنوں جب میں نے اپنے مشاہدات مجالس مجذوبی میں بتانا چھوڑ دیئے تھے تو روز کوئی نہ کوئی مسئلہ میرے ساتھ ہو جاتا۔ کبھی میرے گلے میں درد شروع ہو جاتا کبھی جسم کے کسی اور حصے میں۔ تو حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا کہ اصل میں بات یہ ہے کہ یہ اللہ پاک کی طرف سے برکات تھیں جو تمہیں لوگوں کو اپنے مشاہدات بتانے پر ملتی تھیں۔ تم لوگوں کے نفع کا ذریعہ بنتے تھے اللہ پاک اس کی برکت سے تمہیں نفع پہنچاتا تھا۔ جب تم نے بتانا چھوڑ دیا تو اللہ پاک نے بھی اپنی مدد کھینچ لی۔ اس لئے بتاتے رہا کرو تاکہ اس کی برکت سے اللہ پاک تمہیں فائدہ پہنچاتا رہے۔ (عباس علی)

“تیسرے کلمے” کے مشاہدات

نعمت کا نعم البدل ملا

السلام علیکم! چند دن پہلے میرا بس سٹاپ پر موبائل فون گم ہو گیا میں اس موبائل پر درس ڈاؤن لوڈ کر کے سنتا تھا جو بعد میں سلسلہ ختم ہو گیا۔ میرے پاس اتنے پیسے بھی نہیں تھے کہ نیا موبائل خرید لیتا۔ بہر حال میں اس کی نیت کر کے تیسرا کلمہ پڑھتا رہا اور اللہ پاک سے مانگتا رہا۔ الحمدللہ! چند ہفتے پڑھنے کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے نیا موبائل دے دیا ہے جو پہلے موبائل سے کئی گنا اچھا ہے۔ **(محمد عمر، لاہور)**

دبئی میں جاب مل گئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

السلام علیکم! میرا نام وقار احمد اور تعلق کراچی سے ہے۔ میں 2012ء میں دبئی وزٹ پر گیا تھا وہاں مجھے جاب نہیں مل رہی تھی اور 10/15 دن یوں ہی گزر گئے۔ پھر میں نے آپ کو کال کی تو آپ نے کچھ اعمال کا فرمایا کہ پورے دن میں تیسرا کلمہ پڑھتے رہا کرو۔ اللہ کا بڑا احسان ہے کہ تب سے تیسرا کلمہ سارا دن پڑھتا رہتا ہوں اس دوران مجھے

Qureshi

انٹرویوز کیلئے دوجگہ سے کالز آئیں اور ان میں سے ایک جگہ پر مجھے بغیر کسی پریشانی اور انٹرویو کے من چاہی تنخواہ پر بہت ہی اچھی جاب مل گئی ہے۔ (وقار احمد، دبئی)

”یاملیكُ یامقتدر“ کے مشاہدات

گمشدہ موبائل فون مل گیا

السلام علیکم! میرا نام محمد ریاض ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ کچھ دن پہلے میرا موبائل فون گم ہو گیا تھا اور جس دن گم ہوا تھا میں نے فوراً جا کر سم بند کروادی۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے گمشدہ چیز تلاش کرنے کیلئے 2 الفاظ ارشاد فرمائے تھے ”یَامَلِیْكُ یَامُقْتَدِرُ“ میں نے مسلسل یہ الفاظ پڑھے جس کے 4 دن بعد ایک صاحب کا فون آیا کہ آپ کا موبائل میرے پاس ہے۔ اس کی سم تو بند ہے بہرحال آپ آ کر ہم سے لے لیں۔ الحمدللہ! ان الفاظ کی برکت سے مجھے موبائل مل گیا۔ (محمد ریاض، لاہور)

”یاغنی یامغنی“ کے مشاہدات

رزق میں برکت کا پرتاثیر وظیفہ

السلام علیکم! پچھلے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے مجالس مجذوبی میں فرمایا تھا کہ جس شخص کی دکان پر کسٹمر نہ آتے ہوں یا اس کا کاروبار نہ چلتا ہو وہ اول وآخر 3 بار درود شریف کے ساتھ 70 بار ”یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُ“ پڑھ کر دکان کھولا کرے۔ اللہ پاک اس کے رزق اور کاروبار میں خیر و برکت عطا فرمائیں گے۔ یہ عمل میں پچھلے ہفتے سے کر رہا ہوں اور اس عمل سے مجھے اپنے کاروبار میں کافی فائدہ ہوتا محسوس ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ تسبیح خانے میں روزانہ فجر کی نماز ادا کرنے سے اللہ پاک نے میرے وہ کام بھی حل فرمادیے ہیں جو میرے وہم و گمان میں بھی نہ تھے اور جب بھی خیال آتا ہے کہ میرا فلاں کام رکا ہوا ہے یہاں تسبیح خانے میں آ کر دعا کرتا ہوں اور

Qureshi

بڑی عاجزی سے یہ بتا رہا ہوں کہ میں حضرت جی دامت برکاتہم کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ پاک سے دعا کرتا ہوں کہ یا اللہ! یہ تیرے نیک بندے ہیں اللہ ان کی برکت سے میرا فلاں کام حل کر دے اور میری فلاں مشکل بھی ٹال دے اور میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ واقعی اللہ پاک میرا وہ کام سنوار اور میری مشکلات حل فرما دیتے ہیں۔ (محمد علی)

''استخارہ'' کے مشاہدات

استخارہ سے پریشانیاں دور

السلام علیکم! میرا نام انیس الرحمن ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میرے پاس کچھ اپنے واقعات اور مشاہدات ہیں جو سب دوستوں کے نفع کیلئے بتانا چاہتا ہوں۔ میں پچھلی بار ہونے والی روحانی کلاس میں حاضر ہوا تھا اس کلاس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے استخارہ کرنے کیلئے ایک دعا ''یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ'' بتائی تھی۔ مجھے دو سخت قسم کی پریشانیاں درپیش تھیں میں نے ان کے حل کیلئے جب استخارہ کیا تو اللہ پاک نے میری وہ پریشانیاں دور فرما دیں۔ (انیس الرحمن)

''اعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہ من......'' کے مشاہدات

چند سیکنڈ میں شدید سر درد غائب

السلام علیکم! کل کی بات ہے کہ مجھے سر میں بہت شدید درد ہو رہا تھا میں نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث مبارک پڑھی ہوئی تھی جس کا مفہوم ہے کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی کہ مجھے جسم کے فلاں حصے میں درد ہے۔ فرمایا درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر 3 مرتبہ بسم اللہ پڑھو اور پھر 7 بار ''اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ'' پڑھو۔ میں نے عشاء کی نماز پڑھی تو بعد میں درد پھر

Oureshi

شروع ہوگیا، میں نے بھی یہی عمل کیا۔ اسی دوران میرے بھائی کا فون آیا اس نے بھی اپنے سر درد کی شکایت کی تو میں نے اسے بھی یہ طریقہ سمجھا کر دعا لکھ کر میسج بھیج دیا۔ میں نے اسے بتایا کہ میرے بھی سر میں شدید درد تھا اور اس عمل کے 4/5 سیکنڈ بعد ہی میرا درد غائب ہوگیا ہے، تم بھی یہی عمل کرلو۔ اگلے دن جب میں نے اسے درد کے متعلق پوچھا تو وہ بتانے لگے کہ میرا بھی درد ٹھیک ہوگیا تھا اور الحمدللہ! اس مسنون دعا کا بہت فائدہ ہے۔ (محمد رضوان، گوجرانوالہ)

’’عبقری تقسیم کرنے‘‘ کے مشاہدات

فکر امت سے مسائل کا حل

السلام علیکم! میں پچھلے دنوں گھر سے باہر واک کرنے کیلئے پارک میں گیا تو وہاں سامنے بنچ پر میرے بیٹے کا دوست اور اس کے ابو بیٹھے ہوئے تھے۔ ماشاء اللہ دونوں گورنمنٹ میں بڑے ہائی آفسر تھے بیٹا CSS کر کے بڑی اچھی پوسٹ پر لگا ہوا ہے اور اس کے والد صاحب AG پنجاب ریٹائرڈ تھے ان کے بیٹے نے ان اپنے ابو سے میرا تعارف کروایا کہ یہ میرے دوست کے والد صاحب ہیں جو ان دنوں امریکہ سے آئے ہیں۔ وہ مجھے بڑے اچھے طریقے سے ملے لیکن اس سے پہلے بھی میری اکثر مسجد میں ان کے ساتھ ملاقات ہوتی رہتی تھی وہ کہنے لگے اچھا آپ وہ صاحب ہیں جنہوں نے چند سال پہلے مسجدوں میں عبقری رسالے بانٹے تھے اور کہنے لگے کہ میں نے وہ مزید رسالے اپنے خاندان میں بھی بانٹے اور بہت سے لوگوں کو ان رسالوں سے کافی فائدہ ہوا اور ابھی تک فائدہ ہو رہا ہے۔ مجھے اپنے اس عمل پر خوشی ہوئی کہ ان شاء اللہ وہ میرے لئے صدقہ جاریہ ہے اور میں الحمدللہ! حکیم صاحب دامت برکاتہم کے عاشقوں میں سے ہوں چاہے دودھ پینے والا ہی ہوں۔ (محمد منیر، لاہور)

Qureshi

"حسبی اللہ الحسیب" کے مشاہدات

گاڑی چوری ہونے سے بچ گئی

السلام علیکم! میرے ساتھ مئی میں بہت عجیب وغریب واقعہ پیش آیا کہ ماہنامہ عبقری میں ہر صفحے کے اوپر اسمائے حسنیٰ کے وظائف آتے رہتے ہیں مجھے شوق ہے میں وہ وظائف کرتا رہتا ہوں حالانکہ مجھے احساس ہے کہ یہ کرنا میرے لئے سودمند نہیں ہے کیونکہ مجھے حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا ہوا ہے کہ جس وظیفے کی اجازت دی ہے صرف وہی پڑھو اپنی مرضی کے وظائف پڑھنا چھوڑ دو۔ بہرحال مئی کے مہینے میں ایک وظیفہ "حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِیْبُ" آیا صبح وشام 313 بار پڑھنا تھا۔ مجھے شوق پیدا ہوا اور یہ وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا۔ ٹھیک چوتھے یا پانچویں دن عصر اور مغرب کے درمیان ہم گھر میں بیٹھے ہوئے تھے باہر پورچ میں ڈرائیور بیٹھا تھا جس کے ہاتھ میں گاڑی کی چابی تھی اور باہر گاڑی کھڑی تھی اچانک ڈرائیور بھاگتا ہوا آکر کہنے لگا کہ جی کوئی ہماری گاڑی لے گیا ہے۔ میں اس کے ہاتھ میں چابی دیکھ کر نہ سمجھ سکا اور پوچھا کہ کیا کہہ رہے ہو؟ کہنے لگا جی کوئی آدمی ہماری گاڑی بھگا کر لے گیا ہے میں نے ابھی ابھی گیٹ کھول کر دیکھا ہے۔ اس وقت چھوٹا بھائی آیا ہوا تھا میں نے اس کی گاڑی پکڑی اور ہم نے بھی گاڑی اس گاڑی کے پیچھے بھگا دی آگے جا کر دو سڑکیں آتی ہیں ایک سڑک سیدھی پشاور کی طرف اور دوسری لاہور کی طرف جاتی ہے میں نے پشاور والی سڑک پر گاڑی ڈال دی آگے اشارہ بند تھا۔ ڈرائیور ہمارے ساتھ تھا جس نے اچانک کہا کہ وہ دیکھیں ہماری گاڑی سامنے جا رہی ہے۔ ہم نے دیکھا تو واقعی وہ ہماری گاڑی تھی میں نے اشارہ توڑ کر گاڑی اس کے پیچھے لگا دی اور وہ چور ہمیں پیچھے آتا ہوا دیکھ کر گاڑی وہیں پر چھوڑ کر فرار ہو گیا۔ یقین جانیں کہ صرف 6 منٹ کے اندر گاڑی واپس لے کر گھر آ گئے۔ گھر والے بھی سخت پریشان تھے کہ ایک ہی گاڑی رہ گئی تھی وہ بھی

Oureshi

چوری ہوگئی۔ بہرحال میں سمجھتا ہوں کہ اس عمل کی برکت سے اللہ نے ہمیں نوازا اور صرف 6 منٹ میں ہمیں گاڑی واپس دلا دی۔ **(محمد یوسف، راولپنڈی)**

”یا حفیظ یا سلام“ کے مشاہدات

ایکسیڈنٹ کے دوران کچھ نہیں ہوا

السلام علیکم! میرا نام محمد عرفان ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں ہر جمعرات کو تسبیح خانہ حضرت جی دامت برکاتہم کا درس سننے کیلئے حاضر ہوتا ہوں۔ الحمدللہ! اللہ درس میں آنے کی برکت سے مجھے ہر قسم کی مصیبت، پریشانیوں اور مشکلات سے بچائے رکھتا ہے۔ میرا معمول ہے کہ میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو گیارہ بار ”یا حفیظ یا سلام“ پڑھ لیتا ہوں۔ پچھلی جمعرات جب میں درس سے واپس جا رہا تو روڈ پر بہت رش تھا اس دوران ایک بہت تیز رفتار موٹر سائیکل آ کر مجھے لگی لیکن مجھے کچھ نہیں ہوا۔ بعد میں نے سوچا کہ یہ ”یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ“ پڑھنے کی برکت سے ہوا ہے۔ **(محمد عرفان)**

”یا قادر یا نافع“ کے مشاہدات

بارش فوراً بند ہوگئی

السلام علیکم! میرا نام علی اکبر ہے میرا کچھ دن پہلے کا مشاہدہ ہے کہ میں بچوں کے ساتھ سیر کیلئے باڈر لائن پر جا رہا تھا اس دوران راستے میں بہت تیز بارش ہو رہی تھی اور روڈ کچا ہونے کے باعث مٹی کی دلدل بنی ہوئی تھی۔ راستہ خراب دیکھ کر بیٹا کہنے لگا کہ پاپا گاڑی سائیڈ پر روک لیں نہیں تو آگے گاڑی پھنس جائے گی۔ بارش اتنی تیز تھی کہ مجھے کچھ ٹھیک سے نظر نہیں آ رہا تھا۔ میں نے سب کو کہا کہ سب مل کر ”یَاقَادِرُ یَانَافِعُ“ پڑھتے ہیں ان شاءاللہ ہم اس کی برکت سے صحیح سلامت اپنی منزل تک پہنچ

Qureshi

جائیں گے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ بارش رک جائے۔ ہم سب نے مل کر ابھی سات بار یہ ہی پڑھا تھا کہ بارش اسی وقت بند ہوگئی۔ (علی اکبر)

”سورۃ قریش“ کے مشاہدات

درس میں آنے کیلئے موٹر سائیکل کا انتظام

السلام علیکم! آج کی بات ہے جب میں نے تسبیح خانہ میں آنا تھا اس دوران ٹریفک بہت زیادہ تھی میں نے سوچا کہ گاڑی یہاں پارکنگ پلازے میں چھوڑ دیتا ہوں اور موٹر سائیکل پر چلا جاتا ہوں۔ میں نے رینٹ والے کے پاس لڑکے کو بھیجا کہ جاؤ موٹر سائیکل لے آؤ۔ وہ 25 منٹ بعد آ کر کہنے لگا کوئی بھی موٹر سائیکل موجود نہیں ہے۔ میں نے کہا یہ کیسا ہوسکتا ہے؟ میں سورۃ قریش پڑھتا ہوا موٹر سائیکل والے کے پاس گیا تو فوراً ہی اللہ پاک نے ”سورۃ قریش“ کی برکت سے اس کے پاس ایک موٹر سائیکل بھیج دی جس پر بیٹھ کر میں وقت پر تسبیح خانے درس میں پہنچ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان اعمال کی برکت سے ایسے فائدے دیئے ہیں جس کی مثال نہیں ملتی۔ **(فیصل بٹ)**

ناحل ہونیوالے مسائل حل

السلام علیکم! میں دوسری بار حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں تسبیح خانہ حاضر ہوا ہوں۔ اللہ کریم آپ کو صحت وتندرستی عطا فرمائے اور آپ اسی طرح مخلوق خدا کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں اور قرآن پاک کی تعلیم کو درس و وظائف کے ذریعہ نفع دیتے رہیں۔ میں آپ کے بتائے ہوئے وظائف توجہ، دھیان اور یقین کے ساتھ پڑھ رہا ہوں۔ آپ دامت برکاتہم نے مجھے ”سورۃ قریش“ باکثرت پڑھنے کیلئے ارشاد فرمائی تھی الحمدللہ! اس وظیفے کی برکت سے اللہ پاک نے میرے وہ تمام مسائل حل کردیئے ہیں جو عرصہ دراز سے میری جان کے دشمن بنے بیٹھے تھے اور حل ہونے کا نام نہیں لے رہے تھے۔ اب جب بھی مجھے کوئی مشکل یا مسئلہ پیش آتا

Oureshi

ہے تو میں اپنے اس مسئلے کی نیت سے سورۃ قریش پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس کی برکت سے میرا وہ مسئلہ کچھ ہی پل میں حل ہو جاتا ہے اور مجھے کوئی پریشانی وغیرہ نہیں ہوتی۔ **(شفقت محمود، فیصل آباد)**

''سورہ نصر'' کے مشاہدات

سورہ پڑھنے سے کام ہو جاتا ہے

السلام علیکم! میرا نام انیس گل ہے اور میرا تعلق لاہور سے ہے۔ میں نے مجالس مجذوبی میں ایک عمل سنا تھا کہ اگر کسی بندے سے کوئی حاجت اور کوئی مسئلہ ہو تو 7 مرتبہ سورۃ نصر پڑھ کر اس پر پھونک دیں تو اللہ پاک اس بندے کا دل نرم کر دیتا ہے اور اگر پھونک نہ مار سکیں تو 7 مرتبہ سورۃ نصر پڑھ کر اس کی روح کو ہدیہ کر دیں انشاء اللہ کام ہو جاتا ہے۔ میں نے اسے بہت بار آزمایا ہے اور ہر بار مجرب ہی پایا ہے۔

(انیس گل، لاہور)

''یا حمید'' کے مشاہدات

وظیفے کی برکت سے اولاد نرینہ

السلام علیکم! حضرت دامت برکاتہم العالیہ نے ایک مرتبہ ''یَا حَمِیْدُ'' کا وظیفہ بتایا تھا کہ اگر جس کے گھر میں اولاد نہ ہوتی ہو یا اولاد نرینہ کی خواہش ہو تو عصر کی نماز کے بعد 7 مرتبہ پڑھنا ہے۔ میری ایک دوست کی شادی ہوئی تھی اس کو بتایا تو سال بعد اس نے ربیع الاول کی نوچندی جمعرات کو صبح مجھے فون کر کے بتایا کہ اللہ پاک نے مجھے بیٹا عطا فرمایا ہے۔ **(طاہر علی)**

''یا قادر یا نور'' کے مشاہدات

ہر کام میں آسانی

السلام علیکم! میرا نام معظم محمود ہے پچھلے 3,4 ماہ سے عبقری کا قاری ہوں 3 ماہ پہلے

Qureshi

جو عبقری آیا تھا اس میں ’’ یَاقَادِرُ یَانُوْرُ ‘‘ کا وظیفہ شائع ہوا تھا جو 40 مرتبہ پڑھنا تھا جب میں درس سے واپس جاتا تو پارکنگ سے لے کر دفتر تک وظیفہ پڑھتا رہتا ہوں۔ پہلے جب میں دفتر جاتا تھا تو میرا باس بہت تنگ کرتا تھا اور ہر ٹائم الجھتا رہتا تھا لیکن جب سے میں نے اس وظیفے کا اہتمام کیا ہے الحمدللہ! باس کا رویہ ٹھیک ہوگیا ہے اور اب میرے ساتھ ادب سے پیش آتا ہے۔ اس وظیفے کی برکت سے مجھے اور بھی سے فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ (معظم محمود، لاہور)

’’صلوٰۃ تسبیح‘‘ کے مشاہدات

تسبیح خانے کی نیت سے حفاظت

السلام علیکم! پچھلے ایک سال سے میرا تعلق تسبیح خانہ سے ہے آغاز میں میرے گھر والے میری مخالفت کرتے تھے لیکن میں مسلسل تسبیح خانے آتا رہا اور اعمال کرتا رہا اور اللہ پاک سے مانگتا رہا ساتھ اعمال کر کے ان کو ہدیہ کرتا رہا۔ اب الحمدللہ! میرے تمام گھر والوں کی تسبیح خانے سے نسبت جڑ گئی ہے اور وہ تسبیح خانے آتے ہیں۔ جب میرے گھر والے تسبیح خانے آتے ہیں تو میری بھی کیفیات تھیں لیکن اچانک دل میں بدگمانیاں وسوسے آنے شروع ہو گئے نماز اعمال میں کوتاہی ہونا شروع ہو گئی اور صغیرہ کبیرہ گناہوں میں مبتلاء ہو گیا۔ میں نماز کیلئے وقت پر گھر سے نکلتا تھا لیکن راستے میں لیٹ ہو جاتا۔ میں بہت پریشان ہوا کہ یا اللہ یہ کیا ماجرا ہے۔ بس اللہ پاک نے تسبیح خانے سے نسبت جوڑی رکھی اور میں بچتا اور چلتا رہا۔ 15 شعبان کو حضرت جی نے درس میں صلوٰۃ التسبیح کی نماز کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا اور اس کے فضائل بیان کئے تھے جو میں نے اس نیت سے پڑھی کہ اللہ اپنا تعلق غیب سے واپس دے اور ساتھ گڑگڑا کر دعا کرتا رہا اور تیسرا کلمہ بھی پڑھتا رہا۔ صلوٰۃ تسبیح کی برکت سے اللہ پاک نے مجھ پر ایسے کمالات صرف ایک ہی دن میں کھول دیئے کہ میری نماز، میرا ذکر، میرے اعمال میں برکت

Oureshi

آ گئی ہے اور میں گناہوں سے حفاظت میں رہتا ہوں۔ (ف۔ لاہور)

ہفتوں کی بجائے صرف تین دن میں ویزہ مل گیا

السلام علیکم! میں صلوٰۃ تسبیح پڑھتا رہتا ہوں۔ میرے ابو مجھے باہر لے کر جانا چاہتے تھے کیونکہ ساری فیملی ادھر ہی تھی اور میں صرف ادھر اکیلا ہی رہتا تھا وہاں پر میرے ابو کے ہمسائے کہنے لگے کہ میں آپ کو ویزہ دے دوں گا آپ اپنے بیٹے کو بلا لینا اور اس کیلئے آپ کو کچھ ہفتے لگیں گے۔ ادھر میں صلوٰۃ تسبیح پڑھ رہا تھا کہ وہاں سے 3 دن میں میرا ویزہ مل گیا۔ جس پر ابو کہنے لگے کہ میرے ساتھ ایسا پہلی بار ہوا کہ میرا کام اتنی جلدی اور بغیر کسی مشکل کے باآسانی ہو گیا ہے۔ میں نے ابو جان سے کہا کہ یہ سب اعمال کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ اللہ پاک حضرت جی دامت برکاتہم کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے اور تسبیح خانے کو اسی طرح ہرا بھرا رکھے۔ آمین!

(مدثر، لاہور)

”افحسبتم اور اذان“ کے مشاہدات

آپریشن کے بغیر ٹیومر مرض سے چھٹکارا

السلام علیکم! میرے ایک دوست کی عزیزہ ہسپتال میں داخل تھیں انہیں سر میں ٹیومر تھا ڈاکٹروں نے انہیں کہا کہ آپریشن ہوگا۔ میں نے ان کے سب گھر والوں کو کہا کہ آپ اذان اور افحسبتم والا عمل ترتیب کے مطابق کریں ان شاء اللہ ان کو آپریشن کی ضرورت نہیں پڑے گی اور وہ بالکل ٹھیک ہو جائیں گی اور اگر ساتھ مریضہ خود بھی یقین اور توجہ سے کریں تو ان شاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوگا۔ ان سب گھر والوں نے اذان اور افحسبتم والا عمل کرتے رہے اور مریضہ نے خود بھی عمل پڑھا اور چند دن بعد جب دوبارہ ڈاکٹر کو چیک کروایا تو انہوں نے کہا کہ آپ بالکل ٹھیک ہیں آپ کو آپریشن کی ضرورت نہیں ہے۔ حالانکہ اسی ڈاکٹر نے پہلے آپریشن کا کہا تھا کہ آپریشن کے بغیر مسئلہ حل نہیں ہوسکتا لیکن اللہ

Qureshi

پاک نے اس وظیفے کی برکت سے صرف چند دن میں ہی انہیں شفاء دے دی اور اب وہ بالکل ہوکر گھر شفٹ ہوگئی ہیں۔ (آصف اقبال)

(نوٹ! افحسبتم اور اذان کا عمل صفحہ 367 پر درج ہے)

اب کبھی دوبارہ پہلے جیسا مسئلہ نہیں ہوا

السلام علیکم! میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کے ذریعے اپنی طبیعت کے بارے میں بتایا کہ میری طبیعت آئے دن خراب رہتی ہے جس کا علاج کروا کروا کر اور پیسہ پانی کی طرح بہا کر میں تنگ آچکا ہوں لیکن مجھے کوئی افاقہ نہیں ہورہا۔ جب میری آپ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے مجھے ''افحسبتم اور اذان'' والا عمل پڑھنے کیلئے دیا تھا جو میں نے آپ کی بتائی ہوئی ترتیب کے مطابق پڑھنا شروع کردیا۔ اللہ پاک کے کرم اور آپ کی خصوصی شفقت کی برکت سے الحمدللہ! میرا مسئلہ حل ہونا شروع ہوگیا اور ابھی مجھے یہ وظیفہ پڑھتے ہوئے کچھ ہی ہفتے ہوئے ہیں کہ میری طبیعت سے بوجھ اترنا شروع ہوگیا ہے اور اب طبیعت پہلے جیسی نہیں رہی کیونکہ پہلے مجھے ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے میرا سارا جسم کسی نے دبوچ رکھا ہو۔ جب میں اس کا ذکر اپنے گھر والوں یا کسی سے کرتا تو وہ کہتے کہ تمہارے اوپر کوئی جادو وغیر کیا گیا ہے۔ جب سے میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا ہے اللہ پاک نے میری طبیعت ٹھیک کردی ہے اور اب کبھی دوبارہ پہلے جیسا مسئلہ نہیں ہوا۔ (ت۔ ف)

نانی سے اولاد میں منتقل ہونیوالے سخت گیر جادو سے نجات

السلام علیکم! جب میری اور میرے چھوٹے بھائی کی آپ دامت برکاتہم سے ملاقات ہوئی تو آپ دامت برکاتہم نے ہمیں ہمارے مسائل کے پہاڑوں کے توڑ کیلئے ''افحسبتم اور اذان'' والا عمل دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ یہ عمل ہی آپ کیلئے اسم اعظم ہے اور اسی سے آپ کے تمام مسائل حل اور پریشانیاں ختم اور جادو ختم ہوگا کیونکہ ہم تمام گھر والوں پر ہماری نانی امی کے ذریعے سے بہت سخت قسم کا جادو ہوتا ہوا ان کی تمام

Oureshi

اولاد میں منتقل ہو چکا تھا جو ہر قسم کے عاملوں سے علاج کروانے کے باوجود ختم نہیں ہو رہا تھا۔ حضرت صاحب! ''افحسبتم اور اذان'' والا عمل پڑھنے سے الحمدللہ! ہمارا بہت پرانا جادو جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا وہ ختم ہو گیا ہے۔ پہلے ہمارے حالات ایسے تھے کہ ہمارا گھر بار، کاروبار، سکول سب کچھ بک چکا تھا یہاں تک کہ بھائی اور والد صاحب جو بھی کام کرتے تھے اس میں پہلے تو کچھ نفع ہوتا تھا بعد میں وہ کاروبار ختم ہو جاتا تھا۔ بھائی اسی کشمکش میں تقریباً تین کروڑ روپے کے مقروض ہو گئے تھے اور قرضہ لینے والے ان کی جان لینے پر تلے ہوئے تھے۔ جب میں نے یہ وظیفہ شروع کیا تو پہلے تو مجھے بہت سی ایسی چیزوں نے روکنے کی کوشش کی جس کا وجود نہیں تھا لیکن مجھے ہر وقت تکلیف میں مبتلا رکھتی تھیں۔ ایک بار میری گھر میں طبیعت کچھ ایسی بگڑ گئی کہ میں نے اچانک سے ناچنا شروع کر دیا اور ایسے گانے گانا شروع کر دیے کہ سب گھر والے بہت پریشان ہوئے اور جب میرے چھوٹے بھائی نے مجھے اس حالت میں دیکھا تو وہ کہنے لگا کہ میں ابھی کالی گائے ذبح کر کے صدقہ کرتا ہوں کیونکہ ہم سب گھر والے اپنے ان حالات کی وجہ سے بہت پریشان تھے اور ہر جمعرات کو صدقہ کرتے تھے لیکن اس دن جب میری طبیعت زیادہ خراب ہوئی تھی تو بھائی کالی گائے ذبح کرنے کیلئے گیا تو وہ آ کر بتانے لگا کہ جب میں گائے کو ذبح کرنے لگا تو مجھے ایسے لگ رہا تھا کہ جیسے چھری گائے پر نہیں میرے جسم پر چل رہی ہے اور میرا ذہن اتنا خراب ہو گیا کہ میں ابھی گھر جا کر اپنے بیوی بچوں کو پہلے ذبح کرتا ہوں پھر اس گائے کو آ کر ذبح کروں گا۔ بھائی کہنے لگا جب میں گائے ذبح کر فارغ ہوا اور سارا گوشت صدقہ کر دیا تو میری طبیعت کچھ سنبھلی اور میں نے فوراً افحسبتم اور اذان والا عمل پڑھنا شروع کر دیا جس سے میری طبیعت سنبھل گئی اور جو مجھے شیطانی اور خونی خیالات آ رہے تھے وہ ختم ہو گئے۔ جب بھائی نے مجھے گھر آ کر دیکھا تو میں ٹھیک ہو چکا تھا اور اس نے مجھے سارا واقعہ سنایا تو ہم نے کہا کہ ہم عبقری دفتر میں حضرت جی دامت برکاتہم کے اسسٹنٹ صاحب کو فون

کر کے یہ سارا واقعہ بتاتے ہیں اور جب ہم نے فون کیا تو اسسٹنٹ صاحب نے ہمیں کہا کہ آپ یہ وظیفہ سب گھر والے کثرت کے ساتھ پڑھنا شروع کر دو ان شاء اللہ آپ کا جادو ختم ہونے والا اور کچھ شیطانی چیزیں آپ کو اور بھی تنگ کرنے کی کوشش کریں گی لیکن آپ یہ وظیفہ پڑھتے رہیں۔ ہم نے ان کی بات مانتے ہوئے وظیفہ جاری رکھا۔ اگلے دن جب بھائی اپنے فارم ہاؤس پر کچھ درخت وغیرہ کی کٹائی کیلئے اپنے ملازم کو ساتھ لے کر گیا تو جب ملازم نے درخت کاٹنا شروع کیا تو اس میں بہت ہی سخت قسم کے خون آلودہ تعویذ نکلے، جن میں سے ایک تعویذ چمڑے میں لپٹا مجھ سے مشابہت رکھتا تھا اور باقی تین تعویذوں کی مشابہت میرے بھائی اور گھر والوں سے ملتی تھی۔ بھائی نے جب یہ تعویذ دیکھ کر عبقری دفتر میں حضرت جی دامت برکاتہم کے اسسٹنٹ صاحب کو فون کر کے بتایا تو اسسٹنٹ صاحب نے کہا کہ آپ آیت الکرسی پڑھ کر سب تعویذ بہتے پانی میں بہادو۔ جب بھائی تعویذ پانی میں بہانے کیلئے گیا تو اِدھر گھر میں سب افراد کی طبیعت خراب ہونا شروع ہو گئی اور کچھ خون کے چھینٹے گرنا شروع ہو گئے۔ پھر ہمیں خیال آیا کہ یہ سب شیطانی چیزیں ہیں جو ہمیں ان تعویذوں کو پانی میں بہانے سے روک رہی تھیں۔ اللہ پاک کے کرم اور حضرت جی دامت برکاتہم کی دعاؤں اور ''افحسبتم اور اذان'' والے عمل کی برکت سے اللہ پاک نے ہمیں اتنے سخت اور نا ختم ہونے والے جادو سے کچھ ہی ماہ میں نجات دلا دی ہے۔ میرے بھائی اب اپنے کاروبار کے سلسلے میں ملائیشیا گئے ہوئے ہیں اور ان کا قرض بھی اترنا شروع ہو گیا ہے۔ ہم تمام گھر والے حضرت جی دامت برکاتہم کیلئے بہت دعائیں کرتے ہیں کہ آپ دامت برکاتہم نے ہمیں اس نا ختم ہونے والے جادو سے نجات دلانے میں ہماری مدد کی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر اور ساری خوشیاں نصیب کرے کہ آپ ہم جیسے جادو و جنات کے ستائے اور پریشان حال لوگوں کے دکھوں کا مداوا بنے ہوئے ہیں۔ آمین!

(ن۔ع)

Oureshi

گھر سے گندگی اور بدبو کا آنا ختم

السلام علیکم! میں حضرت جی دامت برکاتہم کے تمام درس نیٹ پر آن لائن سنتا ہوں جس سے ہمیں بہت زیادہ فائدے حاصل ہورہے ہیں۔ خاص طور پر آپ دامت برکاتہم کے بتائے ہوئے ’’افحسبتم اور اذان‘‘ والے عمل نے ہمارا نا حل ہونے والا مسئلہ صرف دو ماہ میں حل کردیا ہے اور وہ بھی ایسا مسئلہ جس کیلئے ہم نے بہت عاملوں سے علاج کروائے اور پیسوں کے ضیاع کے علاوہ کچھ حاصل نہ کیا اور ہمارا مسئلہ وہی کا وہی اٹکا ہوا تھا۔ جب سے ہم نے ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ پڑھنا شروع کیا ہے گھر سے گندگی اور عجیب قسم کی بدبو کا آنا ختم ہوگیا ہے اور گھر اب پہلے جیسا نہیں رہا۔ ایک بار میں ’’افحسبتم اور لذان والا عمل‘‘ پڑھتا ہوا سویا تو مجھے ایسا لگا کہ ایک آدمی میرے کمرے میں داخل ہوا ہے اور کمرے کی لائٹ بند ہوتے ہی کوئی چیز میرے سینے پر آکر بیٹھ گئی اور مجھے اس کا پورا بوجھ محسوس ہوا جس کی وجہ سے میرے ہاتھ پاؤں سے جان نکل گئی میں نے ہلنے کی بہت کوشش کی مگر ہل نہیں پارہا تھا۔ پھر میں نے دل ہی دل میں ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ پڑھنا شروع کردیا جس کے پڑھتے ہی وہ چیز وہاں سے غائب ہوگئی اور جاتے ہوئے اس کے آثار بھی نمایاں ہوئے۔ کچھ دنوں بعد پھر ایسا ہی ہوا تو میں نے پھر وظیفہ پڑھنا شروع کردیا جس سے وہ چیز فوراً غائب ہوگئی اور میں خود کو پرسکون محسوس کرنے لگا۔
ایک بار میں سردیوں کے دنوں میں چھت پر اکیلا چارپائی پر لیٹا ہوا تھا تو کسی چیز نے آکر میری چارپائی کے نیچے گھس کر مجھے تنگ کرنا شروع کردیا۔ پہلے تو مجھے لگا کہ شاید میرا کزن مجھے شرارت کے طور پر تنگ کررہا ہے لیکن جب میں نے چارپائی کے نیچے دیکھا تو کوئی نہیں تھا، اس دوران میری چارپائی نے حرکت کی تو میرے منہ سے بے ساختہ ’’افحسبتم اور اذان‘‘ والا عمل جاری ہوگیا جس سے وہ چیز فوراً غائب ہوگئی۔ ایک بار میں نے خواب دیکھا کہ میں اپنے نانا کے گھر میں لیٹا ہوا ہوں

اس دوران کوئی جناتی چیز مجھے اوپر اٹھا کر چھت کے ساتھ لگا دیتی ہے اور ڈر کے مارے میں ''افحسبتم اور اذان'' کا عمل زور زور سے پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس سے وہ چیز مجھے نیچے اتار کر وہاں سے غائب ہو جاتی ہے۔ الحمدللہ! اس وظیفے کی برکت سے ہمارے ساتھ جو جناتی مسئلہ وہ ختم ہو گیا ہے اور ہم بہت پر سکون ہو گئے ہیں۔ **(اکمل الیاس، چکوال)**

''اللھم لاحلابہ'' کے مشاہدات

مناسب ریٹ پر قربانی کے جانور مل گئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام آصف حسین ہے اور قصور کا رہائشی ہوں۔ میرا اپنا ایک مشاہدہ کہ عیدالضحیٰ کے موقع پر FollowUbqari کی طرف سے میسج ملا تھا کہ قربانی کیلئے جانور خریدنے سے پہلے ''اَللّٰھُمَّ لَاخَلَابَۃْ'' پڑھ کر قربانی کا جانور لینے کیلئے جائیں تو آپ کو مناسب قیمت میں اچھا جانور ملے گا۔ پہلے تو مجھے اس کی سمجھ نہیں آ رہی تھی ایک دو بندوں سے پوچھا کہ یہ لفظ کیا ہے بالآخر فجر کی نماز پڑھنے گئے تو سوچا کہ امام صاحب سے پوچھوں گا لیکن بھول گیا جب نماز پڑھ کر گھر واپس آ رہا تھا تو پیچھے سے حکیم صاحب کی آواز آئی ''اَللّٰھُمَّ لَاخَلَابَۃْ'' ہے، میں نے اس وقت محسوس نہیں کیا لیکن اگلے دن سوچا کہ میں نے یہ آوز کہاں سنی ہے؟ بہرحال میں اگلے دن قربانی کے جانور لینے کیلئے چلا گیا وہاں جانور بہت مہنگے تھے۔ ایک نے کہا کہ 80 ہزار روپے کے 2 جانور ملیں گے۔ میں یہ سن کر آگے چلا گیا۔ ایک جگہ اور گیا تو ایک بندہ ملا اس نے کہا کہ میں سنت سمجھ کر یہ کاروبار کرتا ہوں اور آپ کو مناسب ریٹ پر دے دوں گا۔ اس نے اپنی قیمت خرید بتائی اور مختصر بچت پر جانور مجھے دے دیئے۔

(آصف حسین، قصور)

Oureshi

''لاالٰہ الااللہ'' کے مشاہدات

ذکر شروع ہوتے سر درد ختم

السلام علیکم! میرا نام محمد بابر ہے اور میں میڈیسن کمپنی میں کام کرتا ہوں اس سلسلے میں ہر جمعرات کو میرا شیخوپورہ جانا ہوتا ہے لیکن میں جمعرات والے دن لاہور سے باہر نہیں جاتا تاکہ جمعرات کو تسبیح خانہ درس میں شرکت کرسکوں۔ آج صبح سے میں سوچ رہا تھا کہ اپنا کون سا عمل (وظیفہ) شام کو جا کر مجالس مجذوبی میں بتاؤں گا۔ ابھی درس کے دوران میرا سر درد کر رہا تھا کہ جب سلطان الاذکار، افضل ذکر'' لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ '' شروع ہوا تو میرا سر درد فوری ختم ہوگیا۔

(محمد بابر، لاہور)

''یارءوف یارحیم'' کے مشاہدات

درس میں نہ آنے پر خواب میں تنبیہ

السلام علیکم! ایک صاحب بتاتے ہیں کہ پچھلی جمعرات کو میں درس میں نہ آسکا۔ ایک رات میں نے ''یَارَءُوْفُ یَارَحِیْمُ '' کا مراقبہ کیا اور سو گیا۔ خواب میں مجھے ایک حکیم صاحب نظر آئے (وہ حضرت صاحب دامت برکاتہم نہیں تھے کوئی اور تھے) انہوں نے مجھے ایک ہاتھ میں کھرل تھما دیا جس میں کچھ چیزیں، پیسے ہیں اور مجھے پتھر کی طرح لمبی لمبی دو چیزیں دے کر کہا کہ انہیں پیستے رہو۔ میں نے رگڑنا شروع کر دیا اور ایک پاؤڈر سا بننا شروع ہوگیا۔ اس دوران انہوں نے اور ایک مریض کو دوائی وغیرہ دی اور اس پاؤڈر کا مرہم بنا کر اسے لگا دیا اور وہ پاؤڈر بننا ختم ہوگیا۔ ایک غیبی آواز سنائی دی کہ تم نے درس چھوڑا تھا تا! اب یہی کام کرتے جاؤ تمہارا کام ہو جائے گا۔ بعد میں مجھے ''دو انمول خزانے'' پڑھنے کی برکت سے پتہ چلا کہ میں نے جو درس میں کیا تھا یہ اسی کے بارے میں ہی اشارہ ملا تھا۔ **(توقیر حیدر)**

Qureshi

"یا حی یا قیوم ایاک نعبدو......" کے مشاہدات

ایک گاڑی روزانہ بک جاتی ہے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں ٹھوکر نیاز بیگ کے قریب پرانی گاڑیوں کا کام کرتا ہوں پچھلے کئی سال سے میرا کام بالکل رکا ہوا تھا پہلے تو ایسے ہوتا تھا کہ صبح کے وقت گاڑی آئی اور شام کو بک جاتی لیکن کچھ عرصہ سے سارا کام ہی بگڑا ہوا تھا۔ ہم نے نیا گھر لیا وہاں تقریباً ایک سال رہے اور نوبت یہاں تک آ گئی کہ کھانے پینے سے بھی تنگ ہو گئے۔ میرے ایک دوست آغا صاحب نے مجھے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کے بارے میں بتایا میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے ایک وظیفہ "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ" صبح شام 313 بار پڑھنے کا حکم دیا اور الحمدللہ! میں پہلے سے بہتر ہو گیا ہوں۔ اب گاڑیاں آسانی سے بک جاتی ہیں اس وظیفے کی اتنی برکت حاصل ہوئی ہے کہ روزانہ میری ایک گاڑی بک جاتی ہے اور میری ایک پراپرٹی تھی وہ بھی اچھے دام پر بک گئی ہے اس کا بیعانہ مل گیا ہے اور باقی رقم ایک ماہ میں مل جائے گی۔ (معرفت آغا صاحب)

ایاک نعبدو ایاک نستعین سے قربانی میں سہولت

السلام علیکم! میرا نام محمد اسحاق ہے اور میں اسلام آباد سے آیا ہوں۔ پہلے ہم عیدالاضحیٰ پر قربانی کیلئے بکرا لاتے تھے جو ہم خود ہی گھر میں ذبح کر لیتے تھے۔ اس بار اللہ پاک نے ہمیں ویڑا (گائے) عطا کر دی جس کیلئے ہمیں قصائی نہیں مل رہا تھا ہم نے بہت بار کوشش کی کہ خود ہی اسے ذبح کرتے ہیں لیکن یہ کام ہمیں بہت مشکل لگ رہا تھا اس کیلئے ہم نے بہت بار قصائی ڈھونڈا جو رش ہونے کے باعث نہیں مل رہا تھا۔ ایک بار درس میں آپ دامت برکاتہم نے "اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ" نفل والا

Oureshi

عمل بتایا تھا۔ میں نے رات کو تقریباً دس بجے یہ عمل کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یااللہ! مجھے کوئی قصائی دے دے جو ہماری گائے ذبح کر دے۔ اگلے دن صبح میں موٹر سائیکل پر گھر سے باہر نکلا ہی تھا کہ گلی میں ایک قصائی جاتا ہوا نظر آیا میں نے اسے روکا تو اس نے کہا جناب میں حاضر ہوں اور اس نے مناسب پیسوں میں ہماری گائے ذبح کر دی۔ **(محمد اسحاق، اسلام آباد)**

”یاحلیم یاعلیم یاعلی یاعظیم“ کے مشاہدات

چھٹی کیلئے درخواست فوراً منظور

السلام علیکم! میرا نام عبدالرشید ہے اور میں نارووال سے آیا ہوں۔ میرے پاس وظائف کے کچھ مشاہدات و تجربات ہیں جن میں سے ایک بتانا چاہتا ہوں کیونکہ ٹائم بہت کم ہے اسی لئے سب نہیں بتا سکتا۔ میں نے ایک بار چھٹی کیلئے درخواست لکھ کر دی تو وہ کہنے لگے کہ شاید آپ کی چھٹی منظور نہ ہو۔ میں نے وہیں بیٹھے بیٹھے 40 مرتبہ ”یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ“ پڑھ کر تصور میں ہی اپنے سینئر کو پھونک دیا جس نے فوراً درخواست پر دستخط کر دیئے۔ تب سے میں اعمال کی برکت کا اور قائل ہو گیا ہوں۔ **(عبدالرشید، نارووال)**

”نستغفرك ونتوب اليك“ کے مشاہدات

CNG کے بغیر 25 کلومیٹر سفر

السلام علیکم! حضرت صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے اپنی ایک کتاب ”خطبات عبقری“ مجھے پڑھنے کیلئے دی تھی۔ وہ میں نے پڑھی اس میں ایک ذکر ”نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ“ درج تھا۔ ایک بار میں نے بہاولپور جانا تھا اس دن CNG کی چھٹی تھی میں نے دوست کو فون کیا کہ گاڑی لے آؤ کہیں کام جانا ہے۔ کہنے لگا کہ CNG نہیں ہے۔ میں نے کہا تم گاڑی لے کر تو آؤ! جب گاڑی لے کر آیا تو میں نے

Qureshi

ساتھ بیٹھ کر یہ ذکر کرنا شروع کر دیا اور مسلسل پڑھتا رہا۔ تقریباً 20/25 کلومیٹر ہم نے شہر کے اندر سفر کیا اور CNG ختم نہیں ہوئی۔ الحمدللہ! اللہ پاک نے اس میں برکت ڈال دی اور ہم نے اپنا سفر بآسانی بغیر کسی پریشانی کے پورا کرلیا۔ **(محمد اصغر، احمد پور)**

"سبحان اللہ" کے مشاہدات

بے ادبی کے مرتکب شخص کی اصلاح

السلام علیکم! میرا نام خرم ہے ابھی درس کے دوران میں نے ایک صاحب کو اس انداز سے بیٹھے دیکھا کہ مجھے گمان ہوا کہ شاید بے ادبی کر رہے ہیں۔ یہ بات خیال میں آتے ہی میرے ذہن میں کچھ اعمال آئے اور سوچا کہ بیان ہو رہا ہے اور میں نے صرف ایک بار "سبحان اللہ" کہہ کر ان کو ہدیہ کر دیا اور اللہ سے دل میں ہی دعا کی کہ یااللہ! ان کا رخ بدل جائے۔ میں نے اگلے ہی لمحے دیکھا تو الحمدللہ! ان کا رخ بدلا ہوا تھا۔ **(خرم)**

"ربنا اتنافی الدینا......" کے مشاہدات

دل کی دنیا آباد ہوگئی

السلام علیکم! میں ہمیشہ عشاء کی نماز کے نوافل گھر آ کر پڑھتا ہوں۔ ان نوافل میں میں مسنون دعا "رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ" پڑھتا ہوں اور دل ہی دل میں نیت کرتا ہوں کہ یااللہ! میرے دل سے حسبات (میل) صاف کردے۔ اس نیت سے میں یہ نوافل پڑھتا ہوں تو الحمدللہ! اس کی برکت سے میرے دل کی ظلمت (اندھیرا، میل) ختم ہوگئی اور ایسے لگتا ہے جیسے دل کی دنیا آباد ہوگئی۔ **(محمد نوید احمد)**

غیبی مدد کا گھر کی حفاظت کیلئے اٹھانا

السلام علیکم! میں نے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کی ایک کتاب "ربنا اتنا

Oureshi

فی الدنیا کے کرشمات" خریدی اور اس میں ایک چرواہے والا قصہ پڑھا اس کے بعد میں نے صرف 2 دن ہی "رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ" والی دعا پڑھی تھی کہ اس کے مجھے فوائد ملنا شروع ہو گئے۔ گرمیوں میں ایک دن میں گھر تقریباً 1 بجے آ کر باہر برآمد میں سونے کیلئے لیٹا تو مجھے کسی غیبی آواز نے اٹھا کر کہا کہ تمہارے گھر کے دروازے کھلے ہوئے ہیں جا کر چیک کرو۔ میں نے اٹھ کر جا کر دروازے چیک کئے تو ساری کنڈیاں (لاک) کھلے ہوئے تھے میں وہ بند کر کے آ کر دوبارہ لیٹ گیا۔ تھوڑی دیر پھر وہی آواز آئی کہ دوبارہ جا کر چیک کرو اور میں تمام دروازے وغیرہ چیک کر کے آ کر سکون سے سو گیا۔ اب اگر کوئی بھی لاپرواہی ہو جائے تو مجھے کوئی غیبی آواز اس کے بارے میں اطلاع کر دیتی ہے جس سے وہ کام صحیح طریقے سے حل ہو جاتا ہے اور مَیں حفاظت میں رہتا ہوں۔ (محمد اعجاز، لاہور)

"یاعلیم علمنی، یاخبیر واخبرنی......" کے مشاہدات

استخارہ سے اللہ کی طرف سے رہنمائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میرا نام انیس گل ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ زندگی میں بہت سے ایسے موڑ آتے ہیں کہ آدمی کنفیوژ ہو جاتا ہے کہ میں اب کیا کروں اور کیا نہ کروں، کیا فیصلہ کروں کیا نہ کروں؟ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک بار درس میں بہت عجیب عمل بتایا تھا جو ایک قسم کا استخارہ ہے اللہ سے رہنمائی لینے کا عمل ہے" یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ، یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ، یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ" یہ عمل اول و آخر درود شریف کے ساتھ کریں، اللہ پاک غیب سے آپ کی رہنمائی کرے گا۔ اس کے کرنے سے اُس کام کے کرنے کا اشارہ ہو گا یا

Qureshi

اللہ آپ کے دل میں ڈال دے گا کہ یہ بہتر ہے اس کر لو اور یہ بہتر نہیں ہے اسے چھوڑ دو۔ اس عمل کے مجھے بہت سے فوائد ملے ہیں اور یہ بہت پر اثر عمل ہے۔ **(انیس گل، لاہور)**

''سورۃ ماعون'' کے مشاہدات

چوہے گندم کو چھوڑ کر بھاگ گئے

السلام علیکم! میرا نام محمد عمر ہے۔ ہماری چھت پر ہمسائیوں کے گھر سے چوہے آتے تھے جو چھت پر پڑے ہوئے گندم کے توڑوں کو نقصان پہنچاتے رہتے تھے۔ اکثر وہ بوڑوں میں سوراخ کر کے بہت ساری گندم خراب کر دیتے تھے۔ میں نے والدہ کے ساتھ مل کر اونچی آواز میں سورہ ''ماعون'' پڑھنا شروع کی تو سب چوہے بھاگ گئے اور آج تک دوبارہ کبھی نظر نہیں آئے۔ **(محمد عمر، لاہور)**

''یاحافظ یاحفیظ یارقیب یاوکیل یاسلام'' کے مشاہدات

جادو سحر اور بندش سے نجات

السلام علیکم! مجھے پچھلے کئی سال سے جادو، سحر وغیرہ کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا اور جادو کی شدت اس قسم کی تھی کہ ایک بار میرے گھر کا پرانا لوہے کا وزنی دروازہ مجھ پر گر گیا۔ اکثر میری گاڑی کا کہیں نہ کہیں حادثہ ہو جاتا تھا۔ اگر میری گاڑی کسی کو نہ لگتی تو دوسرے کی گاڑی آ کر ٹکرا جاتی اور نوبت جھگڑے تک پہنچ جاتی۔ پھر مجھے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ جب بھی سواری پر بیٹھیں تو ''یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ یَاوَکِیْلُ یَاسَلَامُ'' پڑھ لیا کریں۔ اب الحمد للہ کئی سالوں سے میرا معمول بنا ہوا ہے کہ جب بھی سواری پر بیٹھوں تو یہ پڑھ لیتا ہوں اور الحمد للہ کبھی کوئی حادثہ یا پریشانی نہیں ہوتی۔ اللہ پاک نے جادو، سحر سے بھی نجات دے دی ہے۔ **(الف۔گ)**

Oureshi

''بسم اللہ الحمدللہ'' کے مشاہدات

جب تک پہیہ چلے گا ثواب ملتا رہے گا

السلام علیکم! بہت عرصہ پہلے حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ جب بھی کسی چیز پر سوار ہوں تو ''بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ'' پڑھ لیا کریں۔ جب تک اس سواری کا پہیہ اپنے چکر پورے کرتا رہے گا آپ کیلئے ان شاء اللہ نیکیاں لکھی جاتی رہیں گی۔ یعنی آپ نے سوار ہونے سے پہلے اللہ کا نام لیا اور الحمدللہ پڑھ کر اللہ کا شکر ادا کیا کہ یااللہ! تو نے مجھے سواری عطا فرمائی۔ مجھے پیدل بھی چلا سکتا تھا اور حتیٰ کہ مجھے پاؤں سے محروم بھی رکھ سکتا تھا۔ لہٰذا جب بھی کسی گاڑی، موٹرسائیکل وغیرہ پر سوار ہوں تو یہ ضرور پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ اجر ملے گا اور فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے۔ میں نے اسکے بہت سے حفاظتی مشاہدات بھی دیکھے ہیں۔ **(محمد انیس گل، لاہور)**

''والقت مافیھا و تخلت'' کے مشاہدات

آپریشن کی بجائے نارمل ڈلیوری

السلام علیکم! میری بیٹی کا ڈلیوری کیس تھا اس دوران وہ بہت بیمار ہوگئی وہ دونوں میاں بیوی ہسپتال گئے تو ڈاکٹروں نے کہا کہ آپریشن ہوگا۔ میں اور میری اہلیہ بھی ہسپتال پہنچے تو انہوں نے ہمیں آپریشن کے بارے میں بتایا اور پریشان ہوگئے۔ مجھے ایک دم ذہن میں خیال آیا کہ جب میں رمضان تسبیح خانہ میں گزار رہا تو وہاں پر بیشتر لوگوں کے پاس ایک کتاب ''گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا'' تھی جو میں بھی عبقری دفتر سے خرید کر گھر لے آیا۔ اس میں ایک عمل لکھا ہوا تھا کہ جب بھی کوئی مشکل آئے تو یہ لفظ پڑھیں ''وَاَلۡقَتۡ مَا فِيۡهَا وَتَخَلَّتۡ (سورہ انشقاق، پارہ 30)'' میں نے وہاں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھنا شروع کردیا۔ کچھ دیر بعد ڈاکٹروں نے آکر کہا کہ آپ پریشان مت ہوں ان شاء اللہ نارمل

Qureshi

ڈلیوری ہوگی اور اللہ پاک نے اس دعا کی برکت سے میری بیٹی کی نارمل ڈلیوری کروادی اور اسے ذرا بھی تکلیف یا پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ (ع۔ر، لاہور)

’’یاملیق یامقتدر‘‘ کے مشاہدات

گمشدہ موبائل مل گیا

السلام علیکم! میرا نام انیس ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ ایک بار میں اہلیہ اور بچوں کے ہمراہ گاڑی میں بیٹھ کر بازار خریداری کیلئے گیا تو گاڑی سے اترتے وقت میں نے موبائل وہیں رکھ دیا۔ جب 2 منٹ کے بعد واپس آیا تو موبائل اپنی جگہ پر نہیں تھا۔ میں پریشان ہوگیا کیونکہ موبائل کی قیمت سے زیادہ اس میں قیمتی نمبرز اور کاروباری ڈیٹا وغیرہ تھا۔ میں نے کہا کہ گاڑی کے اندر ہی کہیں ہوگا، ہم سب نے دوبارہ گاڑی میں دیکھنا شروع کردیا اور دوسرے موبائل سے اپنے موبائل پر بیل کی تو کوئی آواز نہیں آئی۔ اسی دوران میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کا بتایا ہوا ’’یَامَلِیۡکُ یَامُقۡتَدِرُ‘‘ کا عمل 11 مرتبہ پڑھا لیکن موبائل نہیں ملا۔ پھر میں نے سوچا کہ میرے پڑھنے میں کوئی کمی ہے اور میں نے کثرت اور توجہ کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا پھر میرے ذہن میں آیا کہ شاید میں نے دکان کے کاؤنٹر پر رکھ دیا ہو کیونکہ وہ میرے ہاتھ میں تھا۔ میں اس دکان پر دیکھنے کیلئے چلا گیا اور وہاں پر پوچھ گچھ کی تو انہوں نے کہا کہ یہاں تو کوئی موبائل وغیرہ نہیں ملا۔ میں آکر گاڑی میں بیٹھنے لگا تو موبائل سامنے ظاہر ہوگیا اور اللہ پاک نے وہیں سے لوٹا دیا۔ (انیس، لاہور)

’’تہدیدی عہد نامہ مبارک‘‘ کے مشاہدات

شیطانی، جناتی چیزیں جاتے جاتے نشان دے گئیں

السلام علیکم! ایک صاحب نے بتایا کہ میرا تعلق جہلم سے ہے۔ اس ماہ کا عبقری جس

Oureshi

میں ''تہدیدی عہد نامہ مبارک'' کا ذکر آیا ہے۔ جونہی یہ رسالہ ہمارے گھر پہنچا ہمارے گھر کی دنیا ہی بدل گئی۔ ہوا یوں کہ ظہر کے وقت رسالہ ہمارے ہاں آیا لیکن ابھی تفصیل سے کسی نے بھی نہیں پڑھا تھا۔ پھر جب میری والدہ نے سرسری سی نظر دوڑائی تو وہ تہدیدی عہد نامہ مبارک پڑھا جونہی وہ پڑھا گھر کی چھت پر ایک ہلچل سے مچ گئی اور کسی کے دوڑنے کی آوازیں آنا شروع ہوگئیں۔ ہم نے سوچا کہ شاید چھت کی سیلنگ میں چوہے دوڑ رہے ہیں لیکن ان کی آواز تو بہت ہی عجیب تھی۔ ہم فیصلہ نہیں کر پا رہے تھے کہ یہ کیا ماجرا ہو رہا ہے؟ بہرحال جب مغرب کے وقت دوبارہ یہی خط پڑھا تو ایک بار پھر چھت پر ایک زلزلہ برپا ہوگیا جیسے لکڑی کا مکان ہو اور تمام لکڑیاں آپس میں ٹکرا رہی ہوں اور کچھ دیر بعد یہ خوفناک اور عجیب آوازیں آنا بند ہوگئیں۔ ہم نے چھت پر جا کر دیکھا تو فرش کی ساری ٹائلیں ٹوٹی ہوئی تھیں اور ان سب پر دراڑیں پڑی ہوئی تھیں۔ یہ سب اس خط کی برکت سے تھا جس کے بارے رسالے میں ایک گھر کا واقعہ لکھا ہوا تھا اور دوسرا ہمارا گھر تھا جس میں یہ خط جاتے ہی تمام شیطانی، جناتی چیزیں ہمارا چھوڑ گئیں اور جاتے جاتے نشانی بھی دکھا گئیں۔ **(الف، جہلم)**

بیٹی نے عجیب حرکتیں کرنا چھوڑ دیں

السلام علیکم! میرا نام اسد ہے اور میں جہلم سے تسبیح خانہ میں درس میں شرکت کیلئے آیا ہوں۔ ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے تہدیدی نامہ مبارک کے مشاہدات بیان کئے تھے جس کا میں ایک مشاہدہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہمسائے میں ایک دکاندار ہیں جن کی بیٹی کچھ عجیب وغریب قسم کی حرکتیں کرتی تھی۔ کبھی وہ ہنسنے لگتی تو ہنستی ہی رہتی اور کبھی اپنے آپ ہی رونا شروع ہوجاتی تھی۔ میں نے انہیں یہی ''تہدیدی نامہ مبارک'' دے دیا۔ کچھ دن جب میں نے ان سے پوچھا تو وہ کہنے لگے کہ جب سے ہم نے اپنی بیٹی کے پرس میں ''تہدیدی نامہ مبارک'' لکھ کر رکھا ہے الحمدللہ! تب سے ہماری بیٹی ٹھیک ہوگئی ہے اور اب کوئی پہلے جیسی حرکتیں نہیں کرتی۔ **(اسد، جہلم)**

Qureshi

"خوشبو اور مسنون تسبیحات" کے مشاہدات

خوشبو اور مسنون تسبیحات سے پرسکون نیند

السلام علیکم! پچھلے 3/4 دن سے میرے ساتھ یہ معاملہ ہو رہا تھا کہ مجھے نیند نہیں آرہی تھی رات کو بھی یہی مسئلہ بن گیا تھا۔ پھر میں اٹھا اور خوشبو لگا کر میں نے 11 بار ''یَاحَفِیْظُ'' اور بیعت کارڈ والی تینوں تسبیحات پڑھیں تو الحمدللہ! مجھے نیند آگئی۔ اب مجھے یہی محسوس ہوتا ہے کہ یہ تینوں تسبیحات میری طبیعت کا حصہ بن گئی ہیں جب تک یہ نہ پڑھ لوں نیند نہیں آتی۔ (احمد علی)

''یَا کَرِیْمُ'' کے مشاہدات

ایک لفظ سے پرسکون آنے لگی

السلام علیکم! ایک صاحب کہتے ہیں کہ مجھے نیند نہیں آتی تھی اور یہ میرا بہت دیرینہ مسئلہ تھا میں اس کیلئے بہت تگ و دو کرتا تھا۔ پھر مجھے تسبیح خانے سے ''یَا کَرِیْمُ'' کا عمل ملا میں نے اسے رات کے وقت پڑھنا شروع کیا تو الحمدللہ! مجھے بہت سکون کی نیند آنا شروع ہوگئی ہے۔ (توقیر حیدر)

"تیسرے کلمے" کے مشاہدات

بیٹے کی گمشدگی میں نیند نہ آنے کا مسئلہ حل

السلام علیکم! ایک صاحب نے بتایا کہ میرا بچہ گم ہوگیا تھا جو بہت تلاش کے باوجود نہیں مل رہا تھا میں نے اس کیلئے بہت بھاگ دوڑ کی لیکن اس کا سراغ نہیں مل رہا تھا۔ اس پریشانی میں مجھے نیند نہیں آتی تھی جس کیلئے میں نے تیسرا کلمہ 10 بار پڑھنا شروع کیا تو مجھے پرسکون نیند میسر آگئی۔ (توقیر حیدر)

Qureshi

’’وضو‘‘ کے مشاہدات

پرسکون نیند میسر آ گئی

السلام علیکم! ایک صاحب نے بتایا کہ مجھے اکثر نیند کا مسئلہ رہتا تھا لیکن جب سے میں نے وضو کے بارے میں سنا ہے کہ وضو کر کے سونے سے بہت اچھی نیند آتی ہے۔ **الحمدللہ!** تب سے میں یہ عمل کر رہا ہوں اس سے بہت پرسکون نیند میسر آ گئی ہے۔ **(نذیر احمد)**

’’سورۃ طارق‘‘ کے مشاہدات

والدہ کو نیند آور گولیوں سے چھٹکارا ملا

السلام علیکم! میرا نام محمد فیاض ہے اور میں آپ کو اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرے ایک دوست کی والدہ کو نیند نہ آنے کا مرض تھا وہ راتوں کو گولیاں کھانے کا اہتمام کرتی تھیں اور یہاں تک کہ وہ نیند آور گولیوں کا پورا پورا پتہ کھانے لگ گئیں۔ جب میرے دوست نے مجھ سے اس بات کا ذکر کیا کہ میری والدہ کو نیند نہیں آتی تو میں نے انہیں سورۃ طارق (پارہ نمبر 30) بتائی تو الحمدللہ! اس کے اہتمام سے ان کی گولیوں سے جان چھوٹ گئی ہے اور وہ بہت پرسکون نیند سوتی ہیں۔ **(محمد فیاض)**

’’سنت اپنانے‘‘ کے مشاہدات

صرف دائیں کروٹ لیٹنے سے بہترین نیند

السلام علیکم! میرے ساتھ نیند نہ آنے کا مسئلہ تھا اس کی وجہ سے میری آنکھوں پر سیاہ حلقے بھی پڑ چکے تھے۔ میں نے اس کیلئے بہت سے ڈاکٹروں سے رجوع کیا لیکن مجھے فائدہ نہیں ہو رہا تھا حتیٰ کہ نیند آور گولیاں بھی بہت دیر تک استعمال کرتا رہا لیکن افاقہ نہیں ہوا۔ پھر میں نے جب سے دائیں کروٹ لیٹنا شروع کیا ہے تو الحمدللہ! اس سے مجھے بہت اچھی نیند آتی ہے۔ **(نصیر احمد)**

Qureshi

”سورۃ حشر کی آخری 3 آیات“ کے مشاہدات

گہری نیند کیساتھ وقت پر بیدار ہونا

السلام علیکم! میرا بارہا کا آزمودہ عمل ہے کہ سورۃ حشر کی آخری 3 آیات پڑھنے سے میری نیند کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ پہلے مجھے نیند نہ آنے کا مسئلہ تھا میں نے ان آیات کو پڑھنے کا اہتمام کیا ہوا ہے الحمدللہ! اس سے بہترین اور گہری نیند آتی ہے کہ میں اس کا تصور بھی نہیں کرسکتا تھا اور نماز کے وقت خود بخود بیدار ہوجاتا ہوں۔ **(ندیم مغل)**

”لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین“ کے مشاہدات

ڈاکٹروں سے جان چھوٹ گئی

السلام علیکم! میں ”لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ“ پڑھنے کا اہتمام کرتا ہوں۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے بہت اچھی نیند آتی ہے۔ اگر کسی ساتھی کو نیند نہ آنے کا مسئلہ ہو تو وہ کامل یقین کیساتھ اس آیت کا اہتمام کرے ان شاءاللہ اسے بھی بہت اچھی نیند آئے گی۔ میں نے یہ عمل جس کسی کو بھی بتایا ہے الحمدللہ! اس کی نیند آور گولیوں اور ڈاکٹروں سے جان چھوٹ گئی اور اسے فائدہ ہی ہوا ہے۔ **(آصف رضا)**

”یا جامع یا معید“ کے مشاہدات

گمشدہ کتاب خود ہی مل گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد عمر ہے اور میں اچھرہ لاہور کا رہائشی ہوں اور عرصہ دراز سے اپنے گھر والوں کے ساتھ تسبیح خانہ درس میں حضرت جی دامت برکاتہم کا درس سننے کیلئے آرہا ہوں۔ اس میں حضرت جی دامت برکاتہم کے بتائے ہوئے وظائف اپنے عزیز و اقارب اور دوست احباب میں تقسیم کرتا ہوں جن سے ان کے مسائل حل

Oureshi

ہو رہے ہیں۔ کل کی بات ہے کہ میری چھوٹی بہن کی فزکس کی کتاب کہیں گم ہوگئی تھی وہ اس کیلئے بہت زیادہ پریشان ہو رہی تھی۔ میں نے کہا کہ ''یَاجَامِعُ یَامُعِیْدُ'' پڑھو اس نے پڑھنا شروع کیا اور کچھ ہی دیر بعد اس کی کتاب مل گئی۔ اب جب کبھی بھی اس کی کوئی چیز گم ہوتی ہے تو وہ اس وظیفہ کا اہتمام کرتی ہے جس سے اس کی گمشدہ چیز مل جاتی ہے۔ (**محمد عمر، لاہور**)

''استقبال شوال'' کے مشاہدات

مشکل امتحانات میں بیٹی کو ملی کامیابی

السلام علیکم! بہت عرصہ پہلے حضرت جی دامت برکاتہم نے استقبال شوال کیلئے ایک عمل ارشاد فرمایا تھا کہ استقبال شوال کی نیت سے 8 نفل پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 15 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد 70 بار سبحان اللہ اور 70 بار درود شریف پڑھ کر جو بھی دعا کی جائے ان شاء اللہ قبول ہوگی۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ بچوں کو بھی اعمال پر لگاؤں۔ یہ عمل میں خود تو بھول گیا لیکن میری بیٹی جس کے ڈینٹسٹری کے فائنل امتحان تھے وہ بہت پریشان تھی کیونکہ یہ امتحان بہت مشکل ہوتے ہیں۔ اس نے ہر مضمون کی نیت سے یہ عمل کیا۔ اس کے پاس نوٹس نہیں تھے اور اس نے کسی سہیلی سے لے کر تیاری کی تھی۔ کل جب رزلٹ آیا تو اس عمل کی برکت سے الحمدللہ! وہ پاس ہوگئی ہے لیکن جس سہیلی سے نوٹس لیکر تیاری کی تھی وہ بیچاری خود فیل ہوگئی ہے۔ (**انیس گل، لاہور**)

''ایام بیض کے روزوں'' کے مشاہدات

رزق میں برکت کیساتھ تہجد نصیب

السلام علیکم! میرا نام عبدالرحیم ہے اور میں کامونکی سے آیا ہوں۔ ایک بار میں نے درس میں ایام بیض کے روزوں کے بارے میں سنا تھا۔ میں نے وہ عمل کرنا شروع کیا

Qureshi

تو الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے میرے رزق میں برکت آنا شروع ہوگئی اور مجھے تہجد بھی نصیب ہوگئی ہے۔ (عبدالرحیم، کاموکی)

''السلام علیکم'' کے مشاہدات

گھر میں لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا

السلام علیکم! میرا نام سلیم معین ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے اپنے ایک درس میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کا ایک مفہوم بتایا تھا کہ جب بھی آپ اپنے گھر میں داخل ہوں تو گھر میں سلامتی بھیجیں۔ سب سے پہلے ہلکی آواز میں داخل ہوتے وقت السلام علیکم پھر درود شریف اور پھر سورۃ اخلاص پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے آپ کے گھر سے تمام شیطانی اور غلیظ چیزیں اس طرح نکل جاتی ہیں جس طرح کسی چیز کو دھکا یا اچھال کر باہر پھینک دیا جائے۔ اس کی بہت بڑی تاثیر ہے گھر میں امن رہتا ہے، لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا، خیر و برکت اور ہر طرح کا امن قائم رہتا ہے۔ میں نے جب سے یہ عمل کرنا شروع کیا ہے الحمدللہ! ہمارے گھر میں بہت سکون کا ماحول رہتا ہے۔ (سلیم معین، لاہور)

''سورہ قصص آیت 24'' کے مشاہدات

11-KV کا کرنٹ لگنے والا چند ہی دن میں ٹھیک

السلام علیکم! میرا نام محمد فاروق اور تعلق واپڈا سے ہے۔ آج سے تقریباً 3 ماہ پہلے تسبیح خانہ آنا شروع ہوا تھا ایک بار مجھے کام کے دوران 11-KV کا کرنٹ لگا تھا جس میری حالت بگڑی گئی جس کیلئے میں حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس آیا تو آپ نے مجھے ''رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ'' والی آیت پڑھنے کیلئے عنایت فرمائی اس کے پڑھنے کی برکت سے میں دنوں میں ٹھیک ہوگیا۔

Oureshi

غیبی مدد سے گھر کی تعمیر مکمل ہوگئی

جب میرا گھر تعمیر ہونیوالا تھا میرے پاس چند لاکھ روپے تھے اور ٹھیکیدار کہتا تھا کہ اس میں آپ کا کام مکمل نہیں ہوگا اس کیلئے آپ کو کئی لاکھ روپوں کی ضرورت ہوگی۔ میں نے اپنا وظیفہ جاری رکھا جس کی برکت سے اللہ پاک نے اپنے غیب کے خزانوں سے مدد فرمائی اور مجھے پتہ بھی نہیں چلا کہ میرے پاس پیسے کہاں سے آئے اور گھر کی تعمیر مکمل ہوگئی۔ **(محمد فاروق)**

جو سوچوں وہ مل جاتا ہے

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے درس میں ”رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ“ کا عمل بتایا تھا۔ میں کافی عرصہ سے براہ راست درس سن رہا ہوں کچھ دن ہوئے ہیں لاہور آیا ہوں۔ جب سے میں نے یہ آیت پڑھنا شروع کی ہے میرا جس چیز پر دل کرتا تھا کوئی نہ کوئی بندہ مجھے لاکر دے دیتا ہے۔ ہمارے گھر میں کافی عرصے سے گوشت نہیں پک رہا تھا ایک دن میں کالج میں تھا میرا دل کررہا تھا کہ گوشت کھاؤں۔ میں نے یہ آیت پڑھنا شروع کردی اور جب کالج سے گھر آیا تو واقعی گھر میں گوشت پکا ہوا تھا اور اس آیت کی برکت سے **الحمدللہ!** میری بہت سے نیک خواہشات پوری ہورہی ہیں۔ **(جنید منور، لاہور)**

”17 وظائف“ کے مشاہدات

17 اعمال کی برکات ہی برکات

السلام علیکم! میرا نام ظہیر الحق ہے اور میں شکر گڑھ سے آیا ہوں۔ پچھلے ہفتے میں نے عبقری رسالہ میں 17 وظائف کے بارے میں پڑھا تو وہ میں عبقری دفتر سے خرید کر لے گیا۔ ان کو پڑھنا شروع کیا تو اللہ پاک نے ایسا کرم کرنا شروع کیا جو آج تک نہیں ہوا تھا۔ اس سے مجھے اتنے فوائد ملے ہیں کہ بتا نہیں سکتا اس سے میرے

Qureshi

بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حکیم طارق صاحب کی عمر میں برکت عطا فرمائے اور ان کے آستانے کو تا قیامت چلاتا رہے۔ بہت سے لوگ یہاں سے فیض حاصل کررہے ہیں۔ میں نے شکرگڑھ میں تسبیح خانے کی نیت سے لنگر خانہ چلایا ہوا ہے اللہ پاک اس میں اپنے غیب کے خزانوں سے مدد فرما رہا ہے۔

(ظہیر الحق، شکرگڑھ)

اعمال کی بدولت ہیپاٹائٹس سے شفاء

السلام علیکم! میرا نام محمد رشید ہے اور میں چکوال سے تعلق ہے۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں عام آدمی ہوں اور ملازمت کرتا ہوں۔ مجھے ہیپاٹائٹس سی ہوگیا تھا جس کی وجہ سے میرے گھر والوں نے بھی مجھے ٹھکرا کر گھر سے نکال دیا ہے اور میں یہاں قریب ہی لاہور میں ایک کرائے کے چھوٹے سے مکان میں شفٹ ہوگیا ہوں۔ مجھے ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم کا عبقری رسالہ کہیں سے ملا تو میں نے اس میں آپ دامت برکاتہم کے درس کے بارے میں پڑھا جسے پڑھ کر مجھے بہت ہی تسلی ہوئی اور ایسا محسوس ہورہا ہے جیسے مجھے میری منزل مل گئی ہے اور اس کے بعد یہاں تسبیح خانہ میں چلا آیا۔ عبقری دفتر سے مجھے 17 وظائف ملے تو میں نے وظائف پڑھنا شروع کردیئے اور اعمال کرنے کے بعد تسبیح اپنے پورے جسم پر مل کر اللہ پاک سے صحت یابی کیلئے دعا کرتا رہا۔ الحمدللہ! ان وظائف کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے ہیپاٹائٹس سی سے شفاء دے دی اور اب کبھی مجھے درد بھی نہیں ہوتا۔ میرے ساتھ میرا سات سال کا بیٹا بھی بیٹھا ہوا ہے یہ مجھے ہر روز کئی کئی گھنٹے بیماری میں درد کی وجہ سے دباتا رہتا تھا۔ اللہ پاک آپ کو صحت وتندرستی عطا فرمائے اللہ کے ذریعے ہمیں اللہ پاک سے مانگنے والا بنادے۔ آمین! (محمد رشید، چکوال)

Qureshi

''یانافع'' کے مشاہدات

رزق میں برکت کی چہل پہل

السلام علیکم! میرا نام محمد آصف اقبال ہے اور میں منڈی بہاؤالدین سے یہاں تسبیح خانہ میں درس سننے کیلئے آتا ہوں اور حضرت جی دامت برکاتہم کے عنایت کردہ وظائف لوگوں میں تقسیم کرتا ہوں جن سے ان لوگوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے اور ان کے مسائل حل اور پریشانیاں دور ہوجاتی ہیں۔ میں نے ایک بار درس میں ''یَانَافِعُ'' کے فوائد سنے تھے اور پھر اپنی زندگی میں اس کے کئی مشاہدات کیے جب گھر سے کاروبار کیلئے نکلتا ہوں تو یہ پڑھ لیتا ہوں اور واقعی کاروبار میں بہت زیادہ نفع اور برکت حاصل ہوتی ہے۔ **(محمد آصف اقبال)**

یانافع سے پٹرول کی بچت اور برکت

السلام علیکم! میرا نام توقیر حیدر ہے۔ حضرت جی نے اللہ کا ایک نام ''یَانَافِعُ'' بتایا تھا۔ یہ بہت پرتاثیر عمل ہے جب بھی آپ اپنی گاڑی یا موٹرسائیکل میں پٹرول ڈلوائیں یا کسی اور برکت کے مقصد کیلئے پڑھیں گے تو اللہ پاک اس میں برکت فرمائے گا اور اس میں اضافہ کردے گا۔ میرا یہ بہت بار کا مشاہدہ ہے جو میں نے آپ کے سامنے بیان کیا ہے۔ اللہ پاک سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

(توقیر حیدر، لاہور)

''بسم اللہ والحمدللہ'' کے مشاہدات

لاہوتی وضو سے نماز کا دھیان

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ درس میں وضو کرنے کی ایک خاص ترکیب ارشاد فرمائی تھی اور اسے لاہوتی وضو کا نام دیا تھا کہ جب بھی وضو کریں تو

Qureshi

"بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ" پڑھ کر وضو کرنا شروع کریں اور جسم کے تمام اعضاء دھوتے وقت یہ تصور کریں کہ ان اعضاء میں سے گناہ اور ہر قسم کی بیماریاں بھی دھل رہی ہیں۔ آج ایک بندے نے بتایا کہ جب سے میں نے لاہوتی وضو کرنا شروع کیا ہے تب سے میرا دھیان نماز میں بڑھتا جا رہا ہے اور اس وضو کی برکت سے ندامت کے آنسو بھی نصیب ہو جاتے ہیں۔ **(محمد عمر، لاہور)**

"موتی مسجد کے عمل" کے مشاہدات

ادھر مسجد صاف کی اور اُدھر ملاقات ہوگئی

السلام علیکم! میرا نام محمد یوسف ہے اور میرا تعلق جیو نیوز سے ہے۔ میں اکثر موتی مسجد میں جاتا رہتا ہوں پچھلے 3 ماہ سے وہاں جا کر خدمت بھی کر رہا ہوں۔ 10 محرم الحرام کو اسی مسجد میں حضرت جی دامت برکاتہم کے دست مبارک پر بیعت ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ مسجد کی خدمت سے کیا کیا برکات حاصل ہوتی ہیں یہ میں نے موتی مسجد میں جا کر دیکھا ہے۔ میں وہاں جا کر صفائی کیا کرتا تھا ایک دن بارش ہونے کی وجہ سے مسجد کے صحن میں پانی کھڑا ہوا تو میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کے ساتھ ملاقات کرنے کی نیت سے مسجد کا پانی نکالا حالانکہ حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کا وقت کم ہی ملتا ہے۔ دوسرے دن جب میں مسجد کا پانی نکالنے کیلئے گیا تو وہیں پر میری حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات ہوگئی۔ **(محمد یوسف، لاہور)**

"یاغیاث المستغیثن اغثنا" کے مشاہدات

پولیس حراست میں کزن تھانے سے رہا ہوگیا

السلام علیکم! ہم لوگ گوجرانوالہ سے درس سننے آتے ہیں۔ پچھلے ہفتے ہمارے ساتھ ایک مسئلہ پیش آیا تھا۔ ہوا یوں کہ پولیس والے میرے کزن کو پکڑ کر لے

Oureshi

گئے۔ ہم لوگ جب تھانے گئے تو پولیس والے کسی کی بات نہیں سن رہے تھے کہتے تھے کہ تمہارے کزن کے ساتھ والے لڑکے سے کوئی چیز برآمد ہوئی ہے لہٰذا ہم نے تمہارے کزن کو بھی نہیں چھوڑنا اور 6 ماہ بعد اس کی رہائی ہوگی۔ یہ سنتے ہی ہم مزید پریشان ہوگئے۔ اعمال تو میں وہی کرتا ہوں جو حضرت جی دامت برکاتہم سے ملے ہوئے ہیں لیکن اس وقت میرے ذہن میں ذکر خاص میں پڑھی جانیوالی یہ دعا ''یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا'' آئی جو میں بیٹھ کر مسلسل 4 گھنٹے تک پڑھتا رہا اور اللہ پاک سے مانگتا رہا۔ ان 4 گھنٹوں کے دوران پولیس والوں نے کسی کی نہ سنی۔ پھر ایک پولیس والا میرے پاس آیا اور مجھے پکڑ کر ایک طرف لے گیا اور کہنے لگا آپ بتائیں کہ آپ کیا کہتے ہیں؟ میں نے کہا جی میری عرض تو یہی ہے کہ میرے کزن کی جیسی بھی آپ گارنٹی مانگتے ہیں میں دینے کو تیار ہوں بس آپ اسے چھوڑ دیں۔ وہ کہنے لگا میں چھوڑ تو دوں گا مگر آپ 3/2 دن بعد آئیں۔ میں نے کہا یار آپ آج ہی یہ کام کر دو۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد کہنے لگا ٹھیک ہے صبح آکر اسے لے جانا۔ میں نے کہا نہیں ہم اسے ابھی لے کر جانا چاہتے ہیں۔ (میں یہ دعا مسلسل پڑھ رہا تھا) وہ کہنے لگا میں آپ سے مسلمانوں والی بات کروں گا اور وہ یہ کہ آپ صبح آکر اسے لے جانا۔ میں نے کہا یار آپ ابھی چھوڑ دو۔ وہ کہنے لگا کہ آپ کو جو شک ہے نا کہ ہم اسے رات کو سزا وغیرہ دیں گے تو ایسا کچھ نہیں ہوگا اور اسے کوئی ہاتھ تک بھی نہیں لگائے گا، آپ صبح 10 بجے آکر اپنے کزن کو لے جانا۔ بہرحال ہم واپس آگئے۔ رات تقریباً 4 بجے میں گھر پہنچا اور میرے دل میں حضرت جی دامت برکاتہم کے الفاظ گونج رہے تھے کہ اللہ پاک سے جب بھی مانگنا ہو تو کھلے آسمان کے نیچے خود کو بالکل بے بس اور بھکاری سمجھتے ہوئے جھولی پھیلا کر دعا مانگو۔ میں نے بھی جھولی پھیلا کر عرض کی یا اللہ! تو نے ہی اس کے دل میں ڈالنا ہے اگر تیری طرف سے فیصلہ ہوگا تو وہ باہر آئے گا اگر تو نے نہ چاہا تو وہ باہر نہیں آسکتا، اللہ تو چاہ لے،

Oureshi

اللہ تو کرم فرما دے نا! الحمدللہ! اللہ پاک نے واقعی کرم فرما دیا۔ صبح جب 10 بجے ہم تھانے گئے تو انہوں نے میرے کزن کو چھوڑ دیا۔ میرا وہ کزن بھی اب درس میں آتا ہے اس وقت بھی ہمارے ساتھ ہی بیٹھا ہوا ہے۔ (عدیل خالد، گوجرانوالہ)

"گھر میں داخل ہونے کا مسنون عمل" کے مشاہدات

نبی پاک ﷺ کی سنت سے گھریلو ناچاقی ختم

السلام علیکم! اکثر میری اپنے گھر والوں کے ساتھ کسی نہ کسی معاملے میں بحث ہو جایا کرتی تھی۔ میں اپنی بات منوانے کی کوشش کرتا لیکن وہ بھی ضد میں پڑے رہتے اور میری بات نہ مانتے۔ میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے ایک درس میں سنا ہوا تھا کہ گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا ہے اور پھر ایک بار سورۃ اخلاص پڑھنی ہے۔ میں نے اس نیت سے یہ عمل کرنا شروع کر دیا کہ لگتا ہے ہمارے گھر میں کوئی شیطانی چیزیں دخل اندازی کرتی ہیں اور ہر خیر کی بات ماننے میں رکاوٹ بنی ہوئی ہیں۔ میں نے کچھ دن یہ عمل اہتمام کے ساتھ کیا تو الحمدللہ! ہر معاملے میں میرے گھر والے میرا ساتھ دیتے ہیں اور کسی بات پر بحث و تکرار کی نوبت نہیں بنتی۔ (فیضان خالد)

"تسبیح جیب میں رکھنے" کے مشاہدات

تسبیح اور مسواک سے ایمان کی کمزوری دور

السلام علیکم! میں بہت عرصے سے درس میں حاضر ہو رہا ہوں پہلے جب ہر بار درس سے واپس جاتا تھا تو ایمان بڑھ جاتا تھا مگر پچھلی بار جب میں درس سن کر گیا تو نوٹ کیا کہ پہلے ہر بار جو ایمان کی کیفیت ہوتی تھی وہ اس بار نہیں ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں ایک بار فرمایا تھا کہ اگر ٹائر سے ہوا نکل رہی ہو تو بظاہر تو محسوس نہیں ہوتا لیکن وہ ایک چھوٹا سا سوراخ گاڑی کو کھڑا کر دیتا ہے اور گاڑی چل نہیں

Oureshi

پاتی۔ اب میں یہی سوچتا رہا کہ آخر وجہ کیا ہے جو ایمان اتنا کمزور ہو گیا ہے؟ اگلے دن جمعہ تھا میں نے سورۃ کہف کی تلاوت کرنے کیلئے جب قرآن پاک اٹھایا تو دیکھا کہ قرآن پاک کے اوپر کافی گرد جمی ہوئی تھی پھر ساری وجہ کا پتہ چل گیا اور میں نے کہا کہ پنکچر تو یہاں تھا اور یہیں سے لیک ہونے کی وجہ سے میری روحانی گاڑی رکی ہوئی تھی۔ پھر میں نے اسکو صاف کیا اور تلاوت کی اور جو کمی محسوس ہوتی تھی وہ سب پوری ہو گئی کیونکہ میں نے قرآن پاک کو اٹھانا اور تلاوت کرنا ہی چھوڑ دیا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ مومن کی ایک جیب میں تسبیح اور دوسری جیب میں ہر وقت مسواک ہونی چاہیے۔ ایک وقت ایسا تھا کہ میں تسبیح خانہ میں آتا تھا تو میری جیب میں پیسے نہیں ہوتے تھے لیکن جب سے جیب میں تسبیح رکھنی شروع کی ہے الحمدللہ! خوب برکت ملی ہے اور اس وقت بھی جیب میں الحمدللہ! پیسے موجود ہیں۔ **(محمد فاروق رضوی)**

حادثے میں ایک فوت، دوسرا تسبیح کی برکت سے بچ گیا

السلام علیکم! میرا نام عدیل سرور ہے۔ کل رات کو ہمارے عزیز کا ایکسیڈنٹ کے دوران انتقال ہو گیا اور دوسرا جو اس کے ساتھ تھا اس کی صرف ٹانگ پر چوٹ آئی۔ میں جب ہسپتال میں ان کی عیادت کیلئے گیا تو میں نے ان سے پوچھا کہ یہ سب کیسے ہوا اور آپ کیسے محفوظ رہے۔ تو انہوں نے اپنی جیب سے تسبیح نکال کر دکھاتے ہوئے کہا کہ یہ سب اس تسبیح کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ اللہ پاک نے اس کی برکت سے مجھے اپنی حفاظت میں رکھا ہے۔ **(عدیل سرور)**

”سورہ لہب“ کے مشاہدات

صرف دن میں 3 بار پڑھنے سے گیسٹرک پرابلم ختم

السلام علیکم! میں کہوٹہ سے آیا ہوں۔ میں نے ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم

Oureshi

سے درس میں سورۃ لہب کے عمل کے بارے میں سنا تھا۔ یہاں آنے سے پہلے مجھے گیسٹرک (معدے) پرابلم تھی میں نے اس نیت سے سورۃ لہب کا عمل تین بار اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر کچھ ہفتوں کیا تو الحمدللہ! اس سورۃ کی برکت سے میری پرانی گیسٹرک (معدے) پرابلم بالکل ٹھیک ہوگئی ہے اور مجھے دوبارہ کبھی یہ مسئلہ نہیں ہوا۔ (ق۔ن، کہوٹہ)

دشمن کے شر سے محفوظ

السلام علیکم! میرے پاس ایک کتاب ''مجموعہ وظائف'' ہے۔ اس میں سورتوں کے فضائل لکھے ہوئے ہیں میں نے اس نیت سے ان سورتوں کے فضائل کا مطالعہ شروع کیا کہ اس میں میری پریشانی کا کوئی حل نکل آئے گا۔ مطالعے کے دوران میری نظر ''سورۃ الہب'' کے فضائل پر پڑی اس میں لکھا تھا کہ اگر یہ سورۃ روزانہ سات مرتبہ پڑھ لی جائے تو دشمن کے شر سے محفوظ رہیں گے اور دشمن ہرگز آپ کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ میں نے یہ سورۃ پڑھنا شروع کردی اور ایک دن سورۃ پڑھ کر کام میں پر گیا تو واقعی اس دن انہوں نے مجھے تنگ نہیں کیا۔ اب میں روزانہ یہ سورۃ پڑھ کر بہت مطمئن ہوکر اپنا کام کرتا رہتا ہوں اس یقین کے ساتھ کہ کوئی مجھے تنگ اور پریشان نہیں کرسکتا۔ جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا انہوں نے مجھے تنگ کرنا چھوڑ دیا ہے۔ حتیٰ کہ کچھ دن پہلے جو مجھے تنگ کرتے تھے ان کے گھر والوں نے آکر مجھ سے معافی مانگی اور آئندہ تنگ نہ کرنے کا کہا ہے۔ میں نے بھی ان کی طرف سے اپنا دل صاف کرلیا ہے۔ (الف۔ب)

استعفیٰ مانگنے پر خود استعفیٰ دینا پڑ گیا

السلام علیکم! میرا نام واحد بخاری ہے اور میں احمد پور شرقیہ سے حاضر ہوا ہوں۔ میرے ایک دوست بینک میں ملازم ہیں ان کا باس انہیں بہت تنگ کررہا تھا اور بات بات پر استعفیٰ مانگتا تھا۔ ہم حضرت صاحب کے پاس اس مسئلے کیلئے حاضر ہوئے تو

Oureshi

حضرت دامت برکاتہم نے 21,21 مرتبہ صبح و شام سورۃ لہب پڑھنے کا فرمایا۔ 21ویں دن ان کے باس کو ہیڈ آفس سے فون کر کے بلالیا گیا کہ آپ یہاں فوری استعفیٰ لکھ کر دیں اور چلے جائیں انہوں نے استعفیٰ لکھ کر دے دیا اور چلے گئے۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے سب آفس والوں اور میرے دوست کی اس باس سے جان چھوٹ گئی۔ (واحد بخاری، احمد پور شرقیہ)

”یا قادر یا نافع“ کے مشاہدات

اللہ تعالیٰ نے خوبصورت اور سستی سواری دلادی

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میں راولپنڈی سے سوات جارہا تھا راستے میں اڈے پر کھڑے ہو کر جس ٹیکسی والے کو بھی روکتا تو وہ کہتا کہ 150 روپے لوں گا حالانکہ کرایہ 100 روپے تھا۔ میرے تکرار کرنے پر کہتے کہ پٹرول وغیرہ بہت مہنگا ہو گیا ہے اور طرح طرح کے بہانے بنارہے تھے۔ میں نے وہیں کھڑے کھڑے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 40 مرتبہ ”یاقادر یا نافع“ پڑھا اور دعا کی۔ جس پر اللہ پاک نے اچھی اور سستی مہران گاڑی مجھے دلادی اور میں 100 روپے دے کر مطلوبہ جگہ پر پہنچ گیا۔ **(عمار، سوات)**

”واخرجت الارض اثقالھا“ کے مشاہدات

پیچیدہ کیس ہونے کے باوجود گھر میں ہی نارمل ڈلیوری

السلام علیکم! ایک صاحب نے بتایا کہ میرے آفس کے ایک دوست کی اہلیہ کی ڈلیوری کا مسئلہ بنا ہوا تھا وہ پچھلے 5 دن سے ہسپتال میں ایڈمٹ تھیں لیکن ڈاکٹر بتارہے تھے کہ ان کا کیس بہت پیچیدہ ہے۔ میں نے جنوری 2013ء کے عبقری رسالہ میں سورۃ زلزال کی آیت نمبر 2 ”وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا“ کا عمل

Qureshi

پڑھا تھا کہ اگر ڈلیوری کیلئے یہ آیت پڑھی جائے تو کیس آسان ہو جاتا ہے۔ میں نے یہ آیت اپنے دوست کو بتائی۔ وہ اس وقت اہلیہ کو گھر لا چکے تھے انہوں نے عشاء کی نماز کے بعد کثرت سے یہ آیت پڑھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جو کیس 5 دنوں سے پیچیدہ بنا ہوا تھا اس آیت کی برکت سے گھر میں ہی نارمل ڈلیوری ہو گئی اور انہیں ہسپتال بھی نہیں جانا پڑا۔ الحمدللہ رب العالمین! (توقیر حیدر)

''سورہ آل عمران کی پہلی 3 آیات'' کے مشاہدات

11 بہن بھائیوں کے رشتوں کی بندشیں ختم

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم کی برکت سے مجھے رشتوں کی بندش کے حل کا بہت کامیاب عمل ملا ہے۔ سورۃ آل عمران کی پہلی 3 آیات کو روزانہ ایک ہی وقت میں 319 بار مسلسل 21 یا 41 دن پڑھنا ہے۔ کراچی میں میرے ایک قریبی دوست ہیں جن کے گھر میں 11 بہن بھائی کنوارے بیٹھے تھے۔ بڑی بہن کی عمر 39 سال جبکہ بھائی کی عمر 40 سال ہو گئی تھی مگر ابھی تک بے چارے شادی کی آس میں بیٹھے بیٹھے بال سفید کر رہے تھے۔ میں نے انہیں جا کر یہ عمل بتایا اور کہا کہ 21 دن یہ عمل گھر کا کوئی ایک فرد کر لے۔ کچھ دن بعد میں نے پتہ کیا کہ وہ عمل کر رہے ہیں یا نہیں؟ تو وہ دوست کہنے لگے کہ الحمدللہ! آج میرا سولہوا دن ہے اس عمل کو کرتے ہوئے اور اللہ پاک کا اتنا فضل و کرم ہو گیا ہے کہ میری بڑی بہن کا رشتہ ایک جگہ طے ہو گیا ہے جو ناقابل یقین بات تھی۔

رکاوٹیں ختم ہو کر رشتے بننا شروع ہو گئے

اسی دوران مجھے میرا ایک دوست ملا جو کہنے لگا کہ شاہد بھائی اگر آپ کہیں تو میں آپ کے ان دوست کے گھر اپنے چھوٹے بھائی کے رشتے کیلئے والدہ کو بھیجوں؟ میں نے کہا یہ تو میں فون پر پوچھ کر پھر آپ کو بتاؤں گا۔ جب میں نے فون کیا تو وہ کہنے

Qureshi

لگے کہ الحمدللہ! میری دوسری بہن کا بھی رشتہ طے ہو گیا ہے۔ اس سے پہلے تو یہ حالات تھے کہ لوگ میری والدہ کو طعنے دیتے تھے کہ بیٹیوں کی کمائی کب تک کھاتی رہو گی ان کا گھر کیوں نہیں بساتی حالانکہ حقیقت یہ تھی کہ والدہ چاہتی تھیں کہ پہلے بہنوں کی شادی ہو جائے مگر جہاں سے بھی رشتہ آتا تو ہمارے گھر میں نہ جانے کیوں اتنا زبردست لڑائی جھگڑا شروع ہو جاتا گویا کوئی بہت بڑا فساد برپا ہو گیا ہو۔ مگر اب تو اللہ پاک اس عمل کی برکت سے خزانہ غیب سے رشتے بھی کر رہا ہے اور گھر میں لڑائی جھگڑے بھی ختم ہو گئے ہیں۔

گھر بیٹھی تین استانیوں کے 21 دن میں رشتے طے

ایک بار میری اہلیہ نے اپنی چھوٹی بہن کو یہ عمل بتایا۔ وہ بہن جس مدرسے میں پڑھتی تھی اس مدرسے میں اس کی 3 باجیاں بے چاری کنواری بیٹھی تھیں۔ ان میں سے ایک باجی کے تو زیادہ ہی حالات خراب تھے اور وہ اپنی شادی کے سلسلے میں بہت پریشان تھی۔ میری سالی نے اپنی تینوں استانیوں کی نیت سے خود یہ عمل کرنا شروع کر دیا۔ اللہ کی شان دیکھیں کہ چند ہی دنوں میں اس کی تینوں باجیوں کا رشتہ طے پا گیا۔ میری سالی نے ان پر یہ بات ظاہر ہی نہ کی کہ میں نے آپ کیلئے کوئی عمل کیا ہے اور ہاں بعض دفعہ یہ عمل 21 دن میں ہی رنگ لے آتا ہے اور بعض اوقات 41 دن تک مکمل کرنا ہوتا ہے کیونکہ ہر گھر کے حالات مختلف ہوتے ہیں۔

(سید شاہد حسین، کراچی)

''اعمال'' کے مشاہدات

ہسپتال نما گھر کو بیماریوں سے چھٹکارا

السلام علیکم! میرا نام عابد ہے اور میں مانسہرہ سے آیا ہوں۔ تسبیح خانہ کیساتھ جڑنے سے پہلے ہمارا گھر کم اور میڈیکل سٹور زیادہ لگتا تھا ہر ہفتے میں کبھی کوئی نہ کوئی بچہ یا بڑا

Qureshi

بیمار ہوجاتا تھا جسے لیکر ہسپتال لے جانا اور ڈاکٹروں کو دیکھانا معمول بنا ہوا تھا۔ جب سے حضرت جی دامت برکاتہم نے وظائف عنایت فرمائے ہیں تب سے اللہ پاک نے بہت کرم کیا ہے اس سے پہلے جب بھی کوئی بیمار وغیرہ یا مسئلہ ہوتا تو نظر ڈاکٹر پر جاتی تھی لیکن اب الحمدللہ! نظر اللہ پاک پر جاتی ہے۔ اس ذات پاک نے ہم پر اتنا کرم کیا ہے کہ اب ہمیں ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں پڑتی، اگر کوئی چھوٹی موٹی تکلیف ہو بھی جائے تو اللہ پاک ان اعمال کی برکت سے اسی ٹائم کرم کردیتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اللہ پاک نے گھر کے معاملات میں بہت برکت بڑھادی ہے۔ **(محمد عابد، مانسہرہ)**

''تیسرے کلمے'' کے مشاہدات

تیسرے کلمے سے السر کا خاتمہ

السلام علیکم! میرا نام محمد عمران ہے۔ مجھے پچھلے 10 سال سے السر تھا اس کیلئے میں نے بہت علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ مجھے کسی نے تیسرا کلمے پڑھنے کا بتایا کہ اس مرض کی نیت کر کے کثرت کے ساتھ تیسرا کلمہ پڑھتے رہو ان شاءاللہ تمہارا مرض جاتا رہے گا۔ الحمدللہ! میں نے جب سے یہ عمل شروع کیا ہے تب سے (8 سال) اب تک یہ مرض دوبارہ نہیں ہوا۔ اللہ پاک سب پر رحمت فرمائے۔ آمین!

(محمد عمران)

''دم والا پانی'' کے مشاہدات

خراب معدہ فوراً ٹھیک ہوگیا

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم کا جو دم کیا ہوا پانی ہے اس کے بہت سے فوائد مل رہے ہیں۔ ہمارے ایک ساتھی کا معدہ بہت زیادہ خراب تھا اور وہ ٹھیک سے

Oureshi

کچھ کھا پی بھی نہیں رہا تھا میں نے اسے دم والا پانی پینے کیلئے بتایا جو اس نے صرف ایک بار ہی پیا تو الحمدللہ! اس پانی کی برکت سے اس کا معدہ فوراً ٹھیک ہو گیا۔

خراب کان ٹھیک ہو گئے

السلام علیکم! ہمارے ایک ساتھی اونچا سنتے تھے اور اُن کے کان بہت عرصہ پہلے سے خراب ہیں۔ میں نے انہیں حضرت جی کا دم والا پانی پینے کیلئے بتایا۔ انہوں نے کچھ ہی دن وہ پانی استعمال کیا تو الحمدللہ! ان کا اونچا سننے کا بہت دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا۔

(آصف اقبال، منڈی بہاؤالدین)

"نماز عشاء میں وتر" کے مشاہدات

وتر کی برکت سے دانت درد کا علاج

السلام علیکم! آج کل دانت، داڑھ درد جیسی تکالیف ایک نارمل سی چیز ہے۔ جہاں پر میں پہلے ملازمت کرتا تھا وہاں ایک قاری صاحب نے مجھے روحانی ٹوٹکہ بتایا تھا کہ اگر کسی بھی شخص کو دانت یا داڑھ کا درد ہو اور وہ چاہے کسی بھی عمر کے حصے میں ہو، جس قسم کا مرضی ہو آپ نماز عشاء کے دوران وتر پڑھتے ہوئے پہلی رکعت میں سورۃ نصر، دوسری رکعت میں سورۃ لہب اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھ لیں تو یہ عمل اس درد کو تگنی کا ناچ نچا دے گا اور درد ایسے غائب ہو گا جیسے کچھ تھا ہی نہیں۔ میں نے یہ عمل اپنے ایک دوست کو بتایا جنہیں رات گئے داڑھ میں شدید درد اٹھا انہوں نے نماز نہیں پڑھی اور سونے کی تیاری میں تھے میں انہیں عشاء کی نماز پڑھ کر وتر میں یہی عمل کرنے کا بتا کر خود سو گیا۔ صبح جب میں نے ان سے پوچھا تو وہ بتانے لگے کہ واقعی یہ عمل بہت ہی لاجواب ہے میں ابھی وتر پڑھ کر فارغ ہی ہوا تھا کہ میرا درد ایسا غائب ہوا کہ پتہ ہی نہ چلا کہ کوئی درد وغیرہ تھا بھی یا نہیں۔ اگر کوئی مجبوری کی حالت میں نہ بھی کر سکے تو کوئی اور اس کی نیت کر کے پڑھ لے تو اس کو بھی فائدہ ہو گا۔ **(محمد کاشف)**

Qureshi

دانت کا شدید درد ختم ہو گیا

السلام علیکم! میں نے عبقری کی ویب سائٹ اعمال شفاء سے دانت درد کا عمل پڑھا ہوا تھا کہ نماز عشاء کے وتر کے دوران پہلی رکعت میں سورۃ لہب، دوسری رکعت میں سورۃ نصر اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھنی ہے۔ ایک دن مجھے جب دانت میں شدید درد ہوا تو میں نے عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد وتر میں یہی سورتیں پڑھیں تو الحمدللہ! مجھے مسجد سے باہر نکلتے ہی شفاء مل گئی اور دانت درد وہی پر ختم ہو گیا۔

(اعظم مغل)

”رب انی لما انزلت علیہ من خیر فقیر“ کے مشاہدات

وظیفہ کی برکت سے بیٹی کا اچھی جگہ نکاح ہو گیا

السلام علیکم! میرا نام توقیر حیدر ہے۔ ہمارے تسبیح خانہ کے بہت قریبی ساتھی محمد عرفان صاحب امریکہ میں مقیم ہیں ان کی ایک (Sister In law) جو لاہور میں رہائش پذیر ہیں ان کی بیٹی کے رشتے کا مسئلہ تھا۔ جنہوں نے مجھے کل ہی بتایا کہ ہم نے حضرت جی برکاتہم کا عنایت کردہ ”رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ“ کا وظیفہ چند ہی دن پڑھا جسکی برکت سے اللہ پاک نے ہماری بیٹی کا بہت ہی اچھی جگہ رشتہ طے کر دیا ہے اور نکاح بھی ہو گیا ہے۔ کچھ ہی دنوں بعد اس کی رخصتی طے پائی ہے۔ اللہ پاک سب کی پریشانیوں کو دور فرمائے اور حضرت جی دامت برکاتہم کا سایہ تا دیر ہم پر سلامت رکھے۔ آمین ثم آمین! (توقیر حیدر، لاہور)

”خوشبو لگانے“ کے مشاہدات

روحانی عطر سے جادوئی اثرات ختم

السلام علیکم! میرا آزمودہ تجربہ ہے کہ جب بھی آپ سنت کی نیت سے خوشبو (عطر)

Oureshi

لگائیں گے تو آپ کو بہت ہی فائدہ ہوگا۔ مجھ پر کسی حاسد نے سفلی جادو کیا ہوا تھا جس کی وجہ سے مجھے ہر ٹائم گھٹن سی محسوس ہوتی تھی اور ایسے لگتا تھا جیسے ابھی میرا سر پھٹ جائے گا۔ اس دوران میری نمازیں بھی قضاء ہو رہی تھیں اور میں اس کیلئے بہت پریشان تھا۔ پھر میں نے عبقری کا روحانی عطر سنت کی نیت سے بالوں اور جسم پر لگانا شروع کر دیا جسکی برکت سے الحمدللہ! وہ جادوئی اثرات کچھ ہی دنوں میں ختم ہو گئے۔

(مدثر اقبال)

”یادلیل المتیحرین“ کے مشاہدات

بآسانی منزل پر پہنچنے کیلئے خاص عمل

السلام علیکم! تسبیح خانے میں جو ذکر خاص ہوتا ہے اس میں ”یَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ“ ہے اس کو میں نے راستوں میں بہت بار آزمایا ہے کہ اگر آپ کہیں جا رہے ہوں اور آپ کو ٹھیک سے راستے کا نہ پتہ ہو تو آپ یہ ذکر کرنا شروع کر دیں اس کی برکت سے اللہ پاک آپ کو سیدھا آپ کی منزل پر پہنچا دے گا۔ ایک بار میں کہیں جا رہا تھا کہ راستہ بھول گیا میں نے یہی ذکر پڑھنا شروع کر دیا اور چند ہی لمحوں میں اللہ پاک نے مجھے میری منزل دیکھا دی اور میں بآسانی وہاں پر پہنچ گیا۔

(محمد الطاف)

”المصور الودود“ کے مشاہدات

ذکر سے واقعی سالن بہت مزیدار بنتا ہے

السلام علیکم! میرا نام اشفاق احمد ہے۔ بہت پہلے کی بات ہے کہ ایک بار حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے درس میں ”اَلْمُصَوِّرُ اَلْوَدُوْدُ“ کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا کہ اگر آپ کو کھانا نہ بھی پکانا آتا ہو تو آپ یہ وظیفہ پڑھتے ہوئے کھانا

Qureshi

بنانا شروع کر دیں ان شاء اللہ وہ کھانا بہت لذیذ بنے گا۔ میں نے اس عمل کو ایک بار اپنے اوپر کیا کہ میں گھر میں شوربے والے آلو بنا رہا تھا ساتھ "اَلْمُصَوِّرُ اَلْوَدُوْدُ" پڑھتا رہا۔ جب تمام گھر والوں نے سالن کھایا تو وہ تعریفیں کرنے لگے کہ واقعی آپ نے تو سالن بہت ہی اچھا بنایا ہے۔ (محمد شفیق)

"سورۃ والضحیٰ" کے مشاہدات

عرصہ دراز بعد وظیفے سے نوکری مل گئی

السلام علیکم! میری ہمشیرہ ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھتی ہیں اس میں سے انہوں نے مجھے ایک وظیفہ دیا کہ آپ نے فجر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے سورۃ والضحیٰ اس طرح پڑھنی ہے کہ اس میں 9 جگہ پر "ک" آتا اور "ک" کی جگہ پر 9 مرتبہ "یَا کَرِیْمُ" پڑھنا ہے۔ میں عرصے سے بیروزگار تھا اور مجھے کہیں بھی نوکری نہیں مل رہی تھی۔ میں نے یہ عمل 9 دن کیا تو میرا کام نہ بنا۔ پھر میں نے 18 دن کیا پھر بھی نہ بنا، پھر میں نے 27 دن کیا تو الحمدللہ! اس وظیفے کی برکت سے مجھے اچھی جگہ نوکری مل گئی ہے۔ اس وظیفے کو میں نے اپنی جس حاجت کیلئے بھی کیا ہے الحمدللہ! مجرب ہی پایا ہے۔ (وقاص اعوان)

آنکھ میں ایلفی گرنے سے شفاء

السلام علیکم! مجھے حضرت مرشدی دامت برکاتہم نے سورۃ والضحیٰ وظیفے کے طور پر پڑھنے کیلئے اجازت عنایت فرمائی ہوئی ہے۔ کچھ دن پہلے گھر میں ایک ٹوٹی ہوئی چیز جوڑتے وقت میری آنکھوں میں ایلفی چلی گئی اور یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے آنکھ کے ڈیلے پر جم گئی ہو۔ میرے لئے آنکھیں کھولنا بھی مشکل ہو گیا تھا فوری طور پر میں سروسز ہسپتال گیا اور جاتے ہوئے مسلسل سورۃ والضحیٰ پڑھتا رہا جب وہاں پہنچا تو ڈاکٹر موجود نہیں تھے صرف ایک وارڈ بوائے تھا جس نے صرف سادے پانی سے میری آنکھ دھوئی تو ایلفی بالکل آرام سے اتر گئی اور میں آدھے گھنٹے میں فارغ ہو کر گھر آ گیا۔ (حسن ہاشمی، لاہور)

Oureshi

گھریلو حالات میں بہتری آنا شروع

السلام علیکم! ہمارے گھر کے حالات بہت زیادہ خراب تھے اور میں وکیل ہونے کے باوجود بیروزگار تھا اور میرے چار بیٹے الحمدللہ! جن میں دو کالج اور دو سکول جاتے ہیں ان کی تعلیمی اخراجات اور گھر خرچ پورا کرنا مشکل تھا اور میری اہلیہ سکول میں ٹیچنگ کرتی ہیں جس سے گھر کا کوئی چھوٹا موٹا گزارا ہوجاتا تھا۔ اپنے گھر کے اخراجات پورے کرنے کیلئے ہم نے اپنے بہن بھائیوں سے قرض لینا شروع کیا جنہوں نے بعد میں دینا بند کردیا کیونکہ واپسی کی امید نہیں ہوتی تھی۔ الحمدللہ! جب آپ دامت برکاتہم سے ملاقات ہوئی تو اس دوران آپ نے سورۃ والضحیٰ کا عمل پڑھنے کیلئے عنایت فرمایا تھا جس کے پڑھنے کی برکت سے الحمدللہ! اللہ پاک نے ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دیئے ہیں اور مجھے بہت ہی اچھے دفتر میں میرے پیشے کے مطابق نوکری مل گئی جس کی تنخواہ اچھی ملتی ہے اور ہمارے گھر کا خرچہ بھی پورا ہورہا ہے۔ ساتھ ساتھ ہم تھوڑے پیسے جن سے قرض لیا تھا انہیں واپس کررہے ہیں۔ یہ سب سورۃ والضحیٰ والے عمل کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو اعمال سے پلنے، اعمال سے بننے اور بچنے کا یقین عطا فرمائے۔ آمین! (ک۔ج، لاہور)

”یالطیف“ کے مشاہدات

پرتاثیر لفظ سے بیروزگاروں کو نوکریاں ملنے لگیں

السلام علیکم! میرا آزمودہ عمل ہے کہ ”یَا لَطِیْفُ“ نوکری ملنے کیلئے ایک بہت ہی آزمودہ اور پرتاثیر وظیفہ ہے اسے روزانہ 16641 کی تعداد میں 40 دن تک پڑھنا ہے۔ میں نے یہ عمل جس کو بھی بتایا ہے الحمدللہ! اسے ایک ہفتے کے اندر اندر نوکری مل گئی ہے۔ ویسے یہ عمل ہے تو 40 دن کرنے کیلئے اللہ پاک نے اس وظیفے کے اندر اتنی تاثیر رکھی ہے کہ آپ کو صرف 7 دن میں بہت اچھی نوکری مل جائے گی۔ میں

Qureshi

نے بہت سے بیروزگاروں کو یہ وظیفہ دیا تو انہوں نے چند دنوں بعد ہی مجھے اس کے فوائد بتائے ہیں۔ (شاکر، لاہور)

”بیعت کی تسبیحات“ کے مشاہدات

معاملات احسن طریقے سے نمٹ جاتے ہیں

السلام علیکم! ہمارے قادری ہجویری سلسلہ کی جو بیعت کی تسبیحات ”تیسرا کلمہ، درود شریف اور استغفار“ ہیں ان کا میرا بہت گہرا مشاہدہ ہے کہ جب میں یہ تسبیحات پڑھتا ہوں تو اس سے میری روحانیت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے اور جب پڑھنا چھوڑ دیتا ہوں تو اس کا معیار کم ہوجاتا ہے۔ جب اسے دوبارہ پڑھنا شروع کرتا ہوں تو اس سے روحانیت کا معیار کچھ اور ہوتا ہے۔ مجھے واضح محسوس ہوتا ہے کہ میں نے اچھا یا برا کیا ہے اور میرے روز کے معاملات بہت احسن طریقے سے نمٹ جاتے ہیں۔ (توقیر حیدر، لاہور)

”کھعیص“ کے مشاہدات

مہنگی چیز سستی قیمت پر مل گئی

السلام علیکم! میرا نام محمد عرفان ہے۔ پچھلے ماہ عبقری رسالہ میں ”کھعیص“ والا عمل آیا تھا۔ میں ایک بار اہلیہ کے ساتھ دہلی دروازے شاپنگ کیلئے گیا تو وہاں سامنے ہی لنڈا بازار تھا ہم وہاں بچوں کیلئے بیگ (بستے) خریدنے کیلئے چلے گئے۔ ہم وہاں خریداری کر رہے تو اسی دوران میری اہلیہ کو ایک ہینڈ بیگ پسند آیا جس کے دکاندار نے 600 روپے مانگے جو کافی بحث وتکرار کے بعد 500 پر اٹک گیا۔ میری اہلیہ کہنے لگی کہ رہنے دیں ہمیں نہیں لینا۔ ہم تھوڑا سا پیچھے واپس آئے تو میری اہلیہ افسردہ ہوگئی۔ میں نے اس سے کہا کہ تم بیگ کتنے میں لینا چاہتی ہو؟ کہنے لگی اگر

Qureshi

300 روپے میں مل جائے تو بہتر ہے ورنہ رہنے دیں۔ میں نے کہا اچھا ٹھیک ہے میں ٹرائی کرتا ہوں۔ میں وہیں پر ”کھیعص“ والا عمل کر کے ہاتھیوں کی انگلیاں بند کرتا گیا اور دکاندار کے پاس جا کر بھی تین بار یہ عمل پڑھ کر اس پر پھونک مار کر بیگ پکڑ کر اس کے ہاتھ میں 300 روپے پکڑا دیئے جو اس نے گن کر چپ کر کے اپنی جیب میں ڈال لئے اور میں بیگ لے کر اہلیہ کے پاس آ گیا جو یہ دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ **(محمد عرفان، لاہور)**

”اسم محمد نام رکھنے“ کے مشاہدات

بیٹا لینے کیلئے اسم محمد کا چناؤ

السلام علیکم! میرا نام گلزار ہے اور میں کوہاٹ کا رہائشی ہوں۔ میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ہر سال شب معراج کے موقع پر اخباروں میں سپیشل ایڈیشن چھپتے ہیں۔ 2007ء میں میں اسی طرح کوئی نوافل کا عمل دیکھنے کیلئے کوہاٹ کی نیوز ایجنسی پر اخباروں کے سپیشل ایڈیشن دیکھ رہا تھا کہ سامنے عبقری رسالہ نظر آیا میں نے اٹھا کر پڑھا تو بہت پسند آیا تب سے میں عبقری کا مسلسل قاری ہوں۔ بعد میں میں نے نیٹ سے درس بھی ڈاؤن لوڈ کئے جو خود بھی سنے اور باقی دوست احباب کو بھی دیتا رہتا ہوں۔ کچھ عرصہ پہلے میں نے عبقری دفتر سے بہت سی کتابیں بذریعہ ڈاک منگوائیں تو ایک کتاب ”مجھے شفاء کیسے ملی“ میں ایک وظیفہ لکھا تھا کہ جس کے ہاں صرف بیٹیاں پیدا ہوتی ہوں وہ حمل کے شروع میں ہی بچے کا نام محمد رکھ دے تو انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ ہمارے ہمسائے کے ہاں 5 بیٹیاں تھیں میں نے انہیں یہ عمل بتایا تو اللہ پاک نے انہیں لڑکا عطا فرمایا۔ پہلے میں نیٹ پر درس سنتا رہتا تھا آج تسبیح خانہ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی زیارت کرنے کیلئے آیا ہوں۔

(گلزار احمد، کوہاٹ)

Qureshi

''مسلمان بھائی کیلئے قربانی دینے'' کے مشاہدات

کسی مومن کیلئے دی گئی قربانی کے ثمرات

السلام علیکم! پشاور کوہاٹ سے 65 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے اکثر لوگ پشاور تجارتی غرض سے جاتے ہیں لیکن اڈے پر رش زیادہ ہونے کی وجہ سے ابھی ایک فلائنگ کوچ سٹینڈ پر کھڑی ہوتی ہے تو اس کے پیچھے والی گاڑی بھی بھر جاتی ہے۔ ایک دن میں نے بھی پشاور سے کوہاٹ جانا تھا لیکن رش کی وجہ سے سیٹ نہیں مل رہی تھی آخر ایک کوچ میں سیٹ مل گئی وہاں ایک صاحب کو دیکھا جو 3 خواتین اور ایک بیٹے کے ساتھ بس کی سیکنڈ سیٹ پر سوار ہوگئے اور بچے کو اپنے سے پیچھے والی سیٹ پر بٹھا دیا۔ اتنے میں تقریباً 20 سالہ ایک لڑکا آکر انہیں کہنے لگا کہ اس لڑکے کو یہاں سے اٹھاؤ میں گاڑی کا مالک ہوں اور اسی سیٹ پر بیٹھ کر سفر کیا کرتا ہوں۔ سب لوگوں نے کہا کہ یہ لڑکا تو ان کے ساتھ ہے۔ وہ مالک کہنے لگا کہ میں کیا کروں یہ سب اتر جائیں میں نے تو اسی سیٹ پر بیٹھنا ہے۔ وہ صاحب اپنی خواتین اور لڑکے کو لے کر اترنے لگے تو میں نے کہا آپ اپنے بیٹے کو میری سیٹ پر بٹھا دیں میں پچھلی گاڑی میں آجاتا ہوں۔ آخر میں اتر کر پچھلی گاڑی میں سوار ہوگیا۔ وہ گاڑی 15/20 منٹ بعد چلی اور راستے میں پٹرول پمپ پر بھی رکی لیکن جب ہم کوہاٹ پہنچے تو پہلے میں اترا بعد میں وہ گاڑی پہنچی جس کو میں نے بچے کی خاطر چھوڑا تھا۔ اس کوچ کی سب سواریوں نے مجھے دیکھ کر کہا کہ آپ نے ایک مسلمان کی خاطر قربانی کی تو اللہ پاک نے آپ کو ہم سے پہلے پہنچا دیا۔ تب سے میرا یقین اور پختہ ہوگیا کہ اللہ پاک قربانی کا صلہ بہت جلد دیتے ہیں۔ (گلزار احمد، کوہاٹ)

"آیت الکرسی" کے مشاہدات

بیٹا چھت۔ سے گرنے سے بچ گیا

السلام علیکم! میں گلشن راوی سے آیا ہوں چند ماہ سے یہاں درس میں مسلسل حاضر ہو رہا ہوں۔ تھوڑے دن پہلے میں اپنے بیٹے کو چوتھی کلاس میں داخل کروانے کیلئے سانده کے ایک سکول میں گیا جس دوران میری اہلیہ اور چھوٹا بیٹا بھی ساتھ تھا میں نے ایک بار آیت الکرسی اور "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ" پڑھ کر سب پر پھونک ماردی۔ وہاں سکول میں دوسری یا تیسری منزل پر بچے کا ٹیسٹ ہونا تھا ہم جب اوپر گئے تو چھوٹے بچے کا خیال نہ رہا وہاں دوسری منزل پر دیوار کے ساتھ گرل لگی ہوئی تھی بچہ اس میں سے گزر کر آگے کھڑا ہو گیا جہاں صرف پاؤں رکھنے کی جگہ بنی ہوئی تھی اور نیچے کافی گہرائی تھی۔ اچانک سکول کے بچوں نے آواز دی کہ آنٹی آپ کا بچہ دیکھیں نیچے گرنے لگا ہے۔ ہم نے فوراً لپک کر اسے پکڑا اور بڑی مشکل سے ٹیڑھا کر کے اسے گرل سے باہر نکالا۔ الحمدللہ! جو آیت الکرسی پڑھی ہوئی تھی اس کی بدولت ہمارا بچہ نیچے گرنے سے بچ گیا۔ (الف۔ ر، گلشن راوی لاہور)

کتے نے کپڑے یکدم چھوڑ دیئے

السلام علیکم! میرا نام زاہد اقبال ہے اور میں جہانیاں سے آیا ہوں۔ ایک بار میں موٹر سائیکل پر ذکر کی محفل سے فارغ ہو کر گھر واپس جا رہا تھا کہ اچانک ایک بہت بڑا کتا میرے پیچھے لگ گیا میں اس وقت آیت الکرسی پڑھ رہا تھا لیکن دھیان اور توجہ کہیں اور تھی۔ اس کتے نے میرے کپڑے منہ میں لے کر کھینچے تو کپڑے پھٹنے لگے۔ اچانک میرے منہ سے نکلا "اللہ اکبر" یقین جانیں اس نام کی برکت سے وہ کتا فوراً نیچے گر گیا اور میں آگے چلا گیا۔ اللہ پاک ہم سب کو اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! (زاہد اقبال، جہانیاں)

Qureshi

کیڑوں مکوڑوں میں بھی سکون کی نیند

السلام علیکم! ایک مرتبہ ہم سہ روزے پر گئے جہاں مسجد میں کیڑے مکوڑے بہت زیادہ تھے جس کی وجہ ایک رات ہم سو نہیں سکے۔ اگلی رات امیر صاحب نے بتایا کہ اگر ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں تو اللہ فرشتوں سے کہتا ہے کہ اس کی حفاظت کرو۔ اگر 2 مرتبہ پڑھیں تو اللہ کہتا ہے کہ اس کے گھر والوں کو شامل کر لو اور اگر 3 مرتبہ پڑھیں تو اللہ کہتا ہے کہ سارے محلے کی حفاظت کرو اور اگر 4 مرتبہ پڑھیں تو اللہ کہتا ہے کہ تم سب ایک طرف ہو جاؤ میں ان کی حفاظت خود کروں گا۔ اگلے دن ہم نے سونے سے پہلے آیت الکرسی پڑھ لی تو صبح ساتھیوں نے کہا کہ آج رات تو بہت سکون سے سوئے ہیں۔ میں نے کہا سنا نہیں تھا کہ آیت الکرسی پڑھنے سے اللہ ساتھ ہو جاتا ہے۔ **(شکیل احمد)**

گاڑی کھائی میں گرنے سے جان بچ گئی

السلام علیکم! ایک بار ہم پہاڑی علاقے کے سفر پر گئے تو وہاں حادثے کے دوران ہماری گاڑی پہاڑ سے نیچے گر گئی جس نے 10 قلابازیاں کھائیں اور ایک بڑی کھائی میں گرنے سے بچ گئی۔ اس میں ہمارا ایک ساتھی فوت ہو گیا، کچھ زخمی ہوئے اور مجھے خراش تک نہ آئی کیونکہ میں نے آیت الکرسی 4 مرتبہ پڑھی ہوئی تھی۔

اعمال کی برکت سے خراب گاڑی ٹھیک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میری گاڑی دو ہفتے سے خراب تھی جسے سٹارٹ کر کے تھک گئے تھے جو چلنے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ میں نے اپنے مدرسے کے استاد صاحب سے کہا کہ میں نے کسی ضروری کام سے جانا ہے اور گاڑی دو ہفتے سے سٹارٹ نہیں ہو رہی آپ کچھ دم اور دعا فرما دیں۔ کہنے لگے کہ یہ تو ٹیکنیکل مسئلہ ہے اس کو ورکشاپ لے کر جانا پڑے گا۔ میں نے کہا کہ میرے حضرت کے ہاں لوگ مجالس مجذوبی میں اپنے ٹیکنیکل مسائل اعمال کے ذریعے حل کرواتے ہیں اور اس کے مشاہدات بتاتے ہیں۔ کسی ساتھی

Qureshi

موٹر سائیکل، فریج، یو پی ایس وغیرہ خراب تھی انہوں نے اعمال کئے تو اللہ پاک نے وہ ٹھیک کر دیں۔ میں نے بھی اپنا مسئلہ بغیر ورکشاپ لے جائے اعمال کے ذریعے حل کرواتا ہے جس کیلئے بس آپ دعا کر دیں میں کوشش کرتا ہوں۔ تین بار آیت الکرسی پڑھ کر میں نے گاڑی پر دم کر دیا اسکے بعد ایک دو سلف مارے تو الحمدللہ! گاڑی سٹارٹ ہو گئی۔ الحمدللہ! جو گاڑی دو تین ہفتے سے ٹھیک نہیں ہو رہی تھی اور ایک ہی جگہ پر کھڑی تھی اللہ تعالیٰ نے اعمال کی برکت سے ٹھیک کر کے میرا مسئلہ حل کر دیا۔ (محمد نوید)

نیند میں فائدہ ہی فائدہ

ایک صاحب نے بتایا کہ 4 مرتبہ آیت الکرسی اور 7 مرتبہ لقد جاءکم سورۃ توبہ کی آخری آیات آخر تک پڑھنے سے بہترین نیند آ جاتی ہے۔ میں نے اس کے بارے میں بہت سے لوگوں کو بتایا ہے الحمدللہ! جنہوں نے بھی اس کو پڑھا انہیں فائدہ ہی فائدہ ہوا ہے۔ (توقیر حیدر)

اللہ تعالیٰ نے فرشتہ بچوں کی حفاظت پر مامور کر دیا

ایک صاحب نے بتایا کہ ہمیں اللہ پاک نے جاگتی آنکھوں سے آیت الکرسی کے ذریعے حفاظت کا مشاہدہ کرایا ہے۔ چند دن پہلے میں نے اپنی اہلیہ کیساتھ کچھ خریداری کرنے کیلئے بازار جانا تھا اس وقت شام کا وقت تھا ہم نے سوچا کہ بچے گھر میں اکیلے ہیں لہٰذا آیت الکرسی پڑھ کے ہم نے گھر کا حصار کر کے پھونک ماردی اور بازار چلے گئے اور کافی دیر کے بعد جب واپس آئے تو اہلیہ نے دروازہ کھولا اور یکدم حیران سی ہو کر دروازے میں کھڑی رہ گئی۔ میں تھوڑا پیچھے تھا مجھے سمجھ نہ آئی کہ اہلیہ اندر کیوں نہیں جا رہی؟ میں نے اس سے پوچھا کیا ہوا؟ کہنے لگی کہ جونہی میں نے دروازہ کھولا ہے ایک سفید نورانی سا ہیولا ہوا میں اڑ کر غائب ہو گیا ہے۔ میرے دل میں فوراً خیال آیا کہ یہ اور تو کچھ نہیں ہو سکتا۔ ہم نے جو آیت الکرسی پڑھی تھی یہ اسی کے برکت سے اللہ پاک نے فرشتہ ہمارے گھر اور بچوں کی حفاظت پر مامور کر دیا تھا جو ہمارے

Qureshi

آنے پر نظروں سے اوجھل ہوگیا۔ جب ہم اندر گئے تو بچے پوچھنے لگے کہ آپ آج اتنی جلدی آگئے ہیں؟ حالانکہ ہم تو ڈیڑھ دو گھنٹے بعد آئے تھے۔ یہ سب آیت الکرسی کی برکت ہے کہ اس کے ذریعے حفاظت بھی ہوئی اور وقت گزرنے کا احساس بھی نہ ہوا۔

(توقیر حیدر)

ڈاکوؤں نے ہمارا باغ چھوڑ دیا

السلام علیکم! شرقپور کے قریب ہمارا لیچی کا باغ ہے پچھلے سال جون کے مہینے میں جب لیچی کا پھل تیار ہوگیا تو میرے والد صاحب نے مجھے رات کے وقت باغ کی رکھوالی کیلئے بھیج دیا۔ میں نے وہاں جا کر ایک بار آیت الکرسی ایک بار سورۃ بقرہ کی آخری 2 آیات اور 11 مرتبہ ''یَاحَافِظُ یَاحَفِیۡظُ '' پڑھ کر باغ کے چاروں طرف پھونک دیا اور دعا کی کہ یااللہ! میں تو خود تیری حفاظت کا محتاج ہوں اس باغ کی حفاظت کیا کروں گا؟ تو میری بھی حفاظت فرما اور میرے باغ کی بھی اور میں سوگیا۔ صبح فجر کے وقت اٹھا تو کچھ دیر بعد پتہ چلا کہ ہمارے ساتھ جن کا باغ ہے انہوں نے بہت زیادہ بندے رکھے ہوئے تھے جو ساری ساری رات بندوقیں اور رکھوالی کیلئے مختلف قسم کا ساز و سامان لے کر گھومتے رہتے تھے وہاں رات کو چور آئے ان رکھوالی کرنے والے بندوں میں سے ایک بندے کو باندھ کر پھل توڑا اور لے گئے اور ساتھ اس رکھوالے کی پٹائی بھی کر گئے۔ الحمدللہ! ہمارے باغ میں لیچی کے ایک دانے کا بھی نقصان نہیں ہوا تھا جبکہ میں باغ کے باہر ایک طرف مزے سے سویا ہوا تھا۔

(محمد عثمان، شرقپور)

سنسان راستے میں شیر کے حملے سے حفاظت

السلام علیکم! میرے ایک کزن نے بتایا کہ میں ایک بار شہر سے رات گئے گاؤں واپس آرہا تھا تو راستے میں مجھے کسی قسم کی کوئی سواری نہ ملی اور میں پیدل ہی سنسان بیابان راستوں سے ہوتا ہوا آرہا تھا کہ اچانک میرے آگے ایک شیر

Oureshi

آ گیا جس کے دو بچے تھے وہ مجھے دیکھتے ہی فوراً منہ کھول کر میری طرف آنے لگا (حملہ کرنے لگا) تو میرے منہ سے بے ساختہ آیت الکرسی کے الفاظ ”اللہ لا الہ الا ھو“ نکلے ہی تھے کہ وہ شیر ایسے رکا اور بھاگ گیا جیسے کسی نے اسے ڈرا دیا ہو حالانکہ جس شیر کے ساتھ اس کے بچے ہوں وہ حملہ کرنے میں ذرا بھی دیر نہیں لگاتا۔ میرا کزن کہنے لگا کہ یہ صرف اور صرف آیت الکرسی کی برکت ہے جس نے مجھے بحفاظت گھر تک پہنچا دیا۔

جناتی وشیطانی چیزوں نے راستہ چھوڑ دیا

اسی طرح میرے ایک دوست خان صاحب ہری پور کی سائیڈ پر رہتے ہیں ایک بار وہ بتانے لگے کہ ہم جب رات کو گھر جاتے ہیں تو راستے میں جاتے ہوئے ویران جگہ آتی ہے وہاں پر جنات وشیطانی چیزیں ہوتی ہیں اکثر یہ چیزیں راستے میں کبھی کتا کبھی بلی اور عجیب عجیب چیزوں کی شکلوں میں مجھے دکھائی دیتی ہیں۔ اگر ایسی چیزیں مجھے تنگ کرنے لگیں یا راستے میں آنا شروع ہوں تو میں آیت الکرسی پڑھ کر پھونک مارتا ہوں تو وہ چیزیں راستے سے ہٹ جاتی ہیں اور اللہ پاک میرا راستہ صاف کروا دیتے ہیں۔ (عرفان، ایبٹ آباد)

ڈاکوؤں کو ایک کی جگہ 6 افراد نظر آنے لگے

خان صاحب بتانے لگے کہ ایک مرتبہ میں گھر جا رہا تھا تو راستے میں کچھ ڈاکو کھڑے تھے انہوں نے کچھ لوگوں کو روک رکھا تھا اور مجھے بھی روکنے کیلئے آگے بڑھے تو میں نے آیت الکرسی پڑھنا شروع کر دی جس کی ایسی برکت ہوئی کہ وہ ڈاکو آپس میں باتیں کرنے لگے کہ یہ 5,6 بندے ہیں انہیں جانے دو۔ میں ان کی باتیں سن کر بڑا حیران ہوا کہ میں تو اکیلا ہوں اور ان کو 5,6 کیسے نظر آ رہا ہوں۔ انہوں نے مجھے جانے دیا میں آگے جا کر سوچنے لگا کہ یہ سب اللہ پاک نے آیت الکرسی کی برکت سے ممکن بنایا ہے۔ (توقیر حیدر)

Oureshi

فجر کی سنتوں کے بعد آیت الکرسی کے فوائد

السلام علیکم! میرا نام محمد اسحاق ہے اور میں اسلام آباد سے آیا ہوں۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم اکثر درس میں حفاظت والے اعمال کرنے کا حکم فرماتے ہیں کہ گھر سے نکلتے وقت حفاظت والے اعمال کیا کریں جس کا میں نے معمول بنا رکھا ہے۔ ایک بار حضرت صاحب دامت برکاتہم نے درس میں فجر کی سنتوں کے بارے میں بھی ارشاد فرمایا تھا کہ فجر کی سنتیں گھر میں پڑھنے کے بعد گھر سے مسجد جاتے ہوئے فرض سے پہلے آیت الکرسی پڑھتے ہوئے جایا کریں۔ تب سے الحمدللہ! میں نے اس کا معمول بنایا ہوا ہے جس کی بہت ہی برکات مل رہی ہیں۔

ہیلمٹ کا شیشہ ٹوٹ لیکن مجھے ذرا چوٹ نہ آئی

ایک بار میں موٹروے کے ذریعے مری سے اسلام آباد آرہا تو راستے میں موٹروے والے رات کے وقت ٹول بکس کے قریب کوئی شیشہ لگا دیتے تھے جس کا مجھے پتہ نہیں چلا اور میں اس سے ٹکراتے ہوئے آگے چلا گیا اور میرے ہیلمٹ کا شیشہ بھی ٹوٹ کر میری ناک پر ہلکی سی چوٹ لگ گئی۔ میں نے تقریباً 500 گز کے فاصلے پر جا کر موٹر سائیکل روکی اور دیکھنے لگا کہ مجھے کیا لگا ہے اور کیا ٹوٹا ہے۔ میں نے ہیلمٹ اتار کر دیکھا تو مجھے کچھ بھی نہیں ہوا تھا بس ہیلمٹ کا شیشہ ٹوٹا ہوا تھا اور میں نے پھر موٹر سائیکل سٹارٹ کی اور بحفاظت گھر آ گیا۔ یہ سب گھر سے حفاظت والے اعمال کرنے کی برکت سے ممکن ہوا ہے حالانکہ جتنی زور سے شیشہ ٹوٹا اس سے بچنا ناممکن تھا۔ **(محمد اسحاق، اسلام آباد)**

پرسکون نیند کیلئے آزمودہ عمل

السلام علیکم! میرا نام عمران علی ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میرا آزمودہ تجربہ ہے کہ سونے کی دعا اور آیت الکرسی پڑھ کر سونے سے بہت ہی اچھی نیند آتی ہے۔ الحمدللہ! میں نے اس کا معمول بنایا ہوا ہے اس کی برکت سے صبح تہجد کے وقت اور بعد میں فجر کے دوران آسانی سے آنکھ کھل جاتی ہے۔ **(عمران علی)**

Oureshi

عینک سے نجات کیلئے مسنون عمل

السلام علیکم! میرا نام مقصود احمد اور میں قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ سے آیا ہوں۔ میں اپنا مشاہدہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ میرے پاس تقریباً 70 سال کے ایک بزرگ آکر کہنے لگے کہ میری نظر بہت ہی ویک ہوگئی اور میں نے بہت ہی موٹے شیشوں والی عینک لگوالی ہے اب میں کوئی چیز ٹھیک طریقے سے نہیں پڑھ سکتا۔ میں نے انہیں کہا کہ ہ فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنی ہے اور اس کے آخر میں ''وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا'' الفاظ آتے ہیں انہیں گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنی ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں ملنا کا بتایا کہ آپ مسلسل یہ عمل کریں ان شاء اللہ آپ کی نظر ٹھیک ہوجائے گی اور عینک بھی اتر جائے گی۔ چند دنوں بعد وہ بابا جی مجھے مل کر بتانے لگے کہ میں نے یہ عمل تقریباً 10 دن کیا ہے اس کی برکت سے میری عینک اتر گئی ہے میں اب ہر قسم کا رسالہ اور باریک سے باریک لکھائی بھی بآسانی پڑھ لیتا ہوں۔ (مقصود احمد، قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ)

''روحانی بیڈٹی'' کے مشاہدات

معدہ کی جلن اور دل کے درد کا علاج

السلام علیکم! مجھے پچھلے 15/20 دن سے معدے میں بہت جلن ہو رہی تھی اور کبھی دل کی طرف درد کا احساس شروع ہوجاتا جو بہت عجیب صورتحال تھی مجھے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیا کروں؟ پچھلے ہفتے درس میں حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ایک عمل ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' بتایا تھا جو میں نے 10 مرتبہ پڑھ کر صبح دوپہر شام اپنے جسم پر دم کرنا شروع کردیا اس سے مجھے گھنٹے بعد ہی آرام آگیا لیکن حضرت صاحب دامت برکاتہم سے میری یہ درخواست ہے کہ میرے لئے دعا فرمائیں کہ میں اپنے اس عمل میں مکمل طور پر کامیاب ہوجاؤں۔ (محمد اعجاز)

Oureshi

سارا دن ہشاش بشاش رہے

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں Bed Tea کا عمل بتایا تھا کہ روزانہ صبح سو کر اٹھنے کے بعد بستر سے پاؤں نیچے رکھنے سے پہلے 11 مرتبہ ”اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ“ پڑھا کریں۔ الحمدللہ! جب سے میں یہ عمل کر رہا ہوں اس کا اتنا فیض ملا ہے کہ سارا دن نہ کوئی تھکاوٹ اور نہ ہی کوئی پریشانی ہوتی ہے اور سارا دن بہت ہی سکون کے ساتھ گزر جاتا ہے جس پر میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں۔

(محسن انصاری صاحب حفظہ اللہ، لاہور)

3,4 گھنٹے میں نیند پوری

السلام علیکم! میں اکثر رات کو 11 بجے سوتا ہوں اور جب صبح اٹھتا ہوں تو سارے جسم میں تھکاوٹ ہوتی ہے اور نیند پوری نہ ہونے کی وجہ سے سارا دن سستی رہتی ہے۔ حضرت دامت برکاتہم نے درس میں روحانی بیڈ ٹی کا عمل ارشاد فرمایا تھا کہ 11 مرتبہ ”اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ“ پڑھ لینا چاہیے۔ الحمدللہ! میں جب بھی رات کو سونے لگتا ہوں تب اور صبح اٹھتے ہی بستر سے پاؤں نیچے رکھنے سے پہلے یہ عمل پڑھتا ہوں اس کی برکت سے نیند بھی 3,4 گھنٹے میں پوری ہوجاتی ہے اور میرے جسم میں ایک نئی تازگی و چستی آجاتی ہے اور سارا دن بغیر کسی تھکن کے جسم فریش رہتا ہے۔ **(حماد)**

جناتی چیزوں نے تنگ کرنا چھوڑ دیا

السلام علیکم! کافی عرصے سے مجھ پر جادو، سحر اور کالے علم کے وار ہوتے تھے کچھ دن پہلے میری بیٹی اچانک رات کے وقت چیختی ہوئی آئی کہ میرا گلا کوئی دبا رہا ہے میں پہلے سمجھا کہ میرا کوئی وہم ہے یا خواب ہے لیکن پھر محسوس ہوا کہ مسلسل کسی نے میرا گلا پکڑا ہوا ہے، اسکی بتاتے ہوئے حالت غیر ہو رہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ اب میں نے نہیں بچنا۔ حضرت جی

Oureshi

دامت برکاتہم نے جو روحانی بیڈ ٹی کا عمل بتایا تھا ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ '' یہ میں نے 11 مرتبہ پڑھا اور ساتھ 11 مرتبہ ''یَاحَفِيْظُ '' پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماردی اور اپنی بیٹی پر بھی دم کر دیا۔ الحمدللہ! کئی دن گزر گئے ہیں ایسا کوئی واقعہ دوبارہ رونما نہیں ہوا اور میری بیٹی بالکل ٹھیک ہے۔ **(محمد انیس گل)**

جنات اب تنگ نہیں کرتے

السلام علیکم! ہمارے گھر میں جادو، جنات کی پریشانی تھی جس کیلئے میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کے عنایت کی ہوئیں تسبیحات اور روحانی بیڈ ٹی (رات سونے سے پہلے اور صبح بستر سے پاؤں نیچے رکھنے سے پہلے ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ '' اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ پڑھنا ہے) کا اہتمام کیا تو اس سے کافی بہتری آنا شروع ہوگئی۔ تقریباً 7 ماہ سے ہم سب گھر والے یہ ورد کر رہے ہیں اور کئی لاکھ مرتبہ ذکر ہوگیا ہے۔ پچھلے دنوں رات کو بچوں کو کچھ نادیدہ چیزوں نے تنگ کرنا شروع کر دیا اور کہا کہ یہ وظیفہ پڑھنا بند کر دو ہمیں اس سے تکلیف ہوتی ہے ہم نے اور طاقت کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا اور گھر میں اذانیں بھی دیں اب ایک ماہ ہو چکا ہے نہ تو کسی بچے کو خواب میں کوئی چیز ڈراتی ہے اور نہ ہی کوئی اور پریشانی ہوتی ہے۔ الحمدللہ! اس وظیفے کی برکت سے گھر میں سکون ہوگیا ہے۔ **(طارق محمود طاہر)**

تہجد اور فجر کے وقت غیبی قوت کا اٹھانا

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے روحانی بیڈ کا عمل بتایا تھا کہ رات سونے سے پہلے اور صبح بستر چھوڑنے سے پہلے 11 مرتبہ ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ '' پڑھنا چاہیے۔ مجھے اس عمل سے یہ فائدہ ہوا کہ تہجد کے

Qureshi

وقت اور فجر کی نماز کے وقت کوئی غیبی قوت اٹھا دیتی ہے اور بھی کئی روحانی مسائل اس عمل کی برکت سے حل ہوئے ہیں۔ **(محمد نعیم جاوید معرفتی)**

گانے سننے کی عادت سے چھٹکارا

السلام علیکم! میرا نام سید محمد احمد ہے اور میں یونیورسٹی آف لاہور کا سٹوڈنٹ ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں روحانی بیڈٹی کا عمل ارشاد فرمایا تھا کہ رات سونے سے پہلے اور صبح بیدار ہو کر بستر چھوڑنے سے پہلے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' پڑھ لینا چاہیے۔ جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا ہے تب سے میرے سارے دن کی تھکان اتر جاتی ہے اور میرا پڑھائی میں دھیان بڑھ گیا ہے اور پڑھنے یاد کرنے کی صلاحیت بھی بڑھ گئی ہے۔ اس سے پہلے میں جب پڑھنے بیٹھتا تھا تو ساتھ گانے سننے کی عادت تھی لیکن جب سے میں نے اس روحانی محفل میں حاضر ہونا شروع کیا ہے تب سے یہ عادت ختم ہوگئی ہے اور دل کرتا ہے کہ ہر وقت درس سنتا رہوں۔ **(سید محمد احمد)**

گانوں کی گنگناہٹ سے نجات

السلام علیکم! میں پہلے جب بھی صبح سو کر اٹھتا تھا تو میرے منہ میں کسی نہ کسی گانے وغیرہ کی گنگناہٹ ہوتی تھی لیکن جب سے روحانی بیڈٹی والا عمل کرنا شروع کیا ہے الحمدللہ! تب سے نماز تہجد اور فجر کی سعادت نصیب ہوگئی ہے اور میرے منہ پر ہر وقت کوئی نہ کوئی وظیفہ جاری رہتا ہے۔ **(محمد سلیم)**

ڈراؤنے خوابوں سے چھٹکارا

السلام علیکم! میرا معمول ہے کہ سونے سے پہلے آیت الکرسی اور سونے کی مسنون دعا پڑھ لیتا ہوں لیکن جب صبح کے وقت اٹھتا تو کندھوں میں بہت درد محسوس ہوتا تھا اور اتنی بیزاری ہوتی تھی کہ اٹھنے کو دل ہی نہیں چاہتا تھا کہ آج کا دن

Oureshi

بھی اتنا بور ہے سارا دن کام کیسے کروں گا۔ اسی طرح کے خیالات رہتے تھے۔ پھر درس میں حضرت دامت برکاتہم نے روحانی بیڈ ٹی کے نام سے ایک عمل بتایا کہ صبح اٹھ کر بستر سے اترنے سے پہلے 11 بار اول و آخر درود شریف ”اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم “ پڑھ لینا چاہیے۔ جس دن سے یہ عمل شروع کیا ہے تب سے طبیعت سارا دن فریش رہتی ہے اور اب سوتے وقت مجھے ڈر بھی نہیں لگتا حالانکہ پہلے مجھے ڈر رہتا تھا کہ آس پاس جنات ہیں اور طبیعت میں جو چڑ چڑا پن آ گیا تھا وہ بھی اب ختم ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ جس دن سے یہ پڑھنا شروع کیا تھا اس رات مجھے خواب آیا کہ میں ایک بلڈنگ میں جا رہا ہوں وہاں ایک کمرے کے اندر جو بھی داخل ہو رہا ہے وہ باہر نہیں نکل رہا۔ میں بھی اسی کمرے میں داخل ہو گیا اور ڈرنے لگا کہ کہیں کوئی مجھے پکڑ نہ لے لیکن پھر میں نے آیت الکرسی اور یہی روحانی بیڈ ٹی والا عمل پڑھنا شروع کر دیا اور میں بحفاظت باہر نکل آیا حالانکہ ہر بندہ اندر ہی قید تھا۔ (محمد قاسم)

اب کبھی تہجد قضاء نہیں ہوئی

السلام علیکم! میرا نام ضیاء الرحمن ہے اور میں ساہیوال سے آیا ہوں۔ ایک بار حضرت صاحب دامت برکاتہم نے درس میں روحانی بیڈ ٹی کا عمل بتایا تھا جو میں اس دن سے اپنا معمول بنایا ہوا الحمدللہ! اس کی برکت سے مجھے تہجد کی پابندی نصیب ہو گئی ہے حالانکہ پہلے میرا دل تہجد پڑھنے کو بہت چاہتا تھا اور کبھی کبھار اگر آنکھ کھل بھی جاتی تو بھی اٹھ نہیں پاتا تھا لیکن جس دن سے یہ عمل شروع کیا ہے وہ دن اور آج کا دن ہے میری تہجد کبھی قضاء نہیں ہوئی۔ (ضیاء الرحمٰن، ساہیوال)

کئی خرافات سے بچنا نصیب

السلام علیکم! حضرت صاحب دامت برکاتہم نے روحانی بیڈ ٹی کا جو عمل ارشاد فرمایا

Oureshi

تھا کہ رات کو سونے سے پہلے اور صبح بستر چھوڑنے سے پہلے 11 مرتبہ ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ '' پڑھ لیں۔ جب سے یہ عمل کر رہا ہوں ایسے لگتا ہے جیسے جسم میں کوئی ریمائنڈر لگ گیا ہے۔ ذکر کرتے ہوئے اچانک دل میں آواز آتی ہے کہ تم دھیان سے ذکر نہیں کر رہے۔ اس طرح ذکر میں توجہ اور دھیان مزید بڑھ جاتا ہے اور کئی خرافات سے بھی بچنا نصیب ہو گیا ہے۔ **(صہیب ہاشمی ایڈووکیٹ)**

تہجد کی سعادت نصیب

السلام علیکم! میرا نام محمد معین ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں تسبیح خانہ سے عرصہ دراز سے تعلق ہے اور ہر جمعرات کو یہاں درس میں سننے کیلئے حاضر ہو رہا ہوں اور اس میں ملنے والے وظائف کی برکات سے مستفید ہو رہا ہوں۔ دو ہفتے قبل حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں روحانی بیڈ ٹی والا عمل دیا تھا کہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ گیارہ یا دس مرتبہ ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ '' پڑھ کر سونا ہے۔ جب سے یہ عمل کر کے سوتا ہوں الحمدللہ! اس کی برکت سے تہجد نصیب ہو جاتی ہے اور اس عمل کی برکت سے اور بھی بہت سے فوائد حاصل ہو رہے ہیں اور کام کے دوران دن بھر کوئی تھکاوٹ وغیرہ نہیں ہوتی۔ **(محمد معین)**

عمل کی برکت سے موسیقی سے نجات

السلام علیکم! میرا نام اعظم ہے میں چاندرات کو یہاں تسبیح خانہ کے ساتھیوں کے ساتھ اسلام آباد جانے کیلئے کوسٹر میں بیٹھا تو اس میں گانے لگے ہوئے تھے۔ ساتھ بیٹھے ساتھی نے کہا کہ چلو اسے بند کروانے کیلئے روحانی بیڈ ٹی والا عمل ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ '' کثرت سے پڑھتے ہیں جب ہم پڑھا تو فوراً گانے بند

Oureshi

ہو گئے۔ کل رات کو میں نے تسبیح خانہ آنے کیلئے اسلام آباد سے سفر شروع کیا تو اسی طرح بس میں گانے لگے ہوئے تھے۔ میں نے دوبارہ کثرت سے روحانی بیڈ ٹی والا عمل پڑھا تو اس کی ٹیپ خراب ہوگئی اور گانے خود بخود بند ہو گئے۔ **(اعظم، لاہور)**

انبیاء اکرام علیہم السلام کے روضے پر حاضری

السلام علیکم! میرا نام انیس گل ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے کچھ عرصہ قبل درس میں روحانی بیڈ ٹی کا عمل بتایا تھا۔ جب حضرت جی دامت برکاتہم نے یہ عمل بتایا تو قدرتی طور پر دوسرے دن میں نے عمان جانا تھا بستر سے اٹھتے وقت مجھے یاد آیا کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے جو روحانی بیڈ ٹی والا اول و آخر درود شریف کے ساتھ ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' عمل بتایا ہے وہ کرلوں۔ الحمدللہ رب العالمین! اس دن جو برکات مجھے نصیب ہوئیں اس کی بدولت اللہ پاک نے بیک وقت 4 انبیاء اکرام حضرت سیدنا ایوب علیہ السلام، حضرت یونس علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام، حضرت عمران علیہ السلام اور اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے مزارات پر حاضری کا شرف بخشا ہے۔ اس عمل کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں کہ شیطانی جناتی چیزوں سے حفاظت ہوئی ہے اور بڑے کمالات مل رہے ہیں۔ میری تمام بھائیوں سے درخواست ہے کہ روزانہ بیڈ ٹی والا عمل ضرور کیا کریں۔

(انیس گل، لاہور)

بیڈ ٹی کے عمل سے گہری نیند آنے لگی

ایک صاحب نے بتایا کہ میں سونے سے پہلے روحانی بیڈ ٹی والا عمل اول و آخر درود شریف کے ساتھ ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' پڑھ کر سوتا ہوں اس کی برکت سے الحمدللہ! مجھے نہ تو کوئی ڈراؤنے خواب آتے ہیں اور نہ ہی کوئی جناتی چیز

Oureshi

خواب میں آ کر ڈراتی یا تنگ کرتی ہیں اور میں بہت ہی اچھی گہری نیند سوتا ہوں۔

بیڈ ٹی کے عمل سے روحانی فوائد

ایک صاحب کہنے لگے کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ درس میں فرمایا تھا کہ رات سونے سے پہلے اور صبح بستر چھوڑنے سے پہلے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' پڑھیں اور اسے روحانی بیڈ ٹی) کا نام دیا تھا۔ الحمدللہ! میں یہ روحانی بیڈ روزانہ استعمال کرتا ہوں اللہ کا شکر ہے کہ مجھے اس کا بہت فائدہ ہوا ہے۔

کشیدہ علاقوں میں سکیورٹی افسر کی حفاظت

السلام علیکم! میرے ایک دوست، اسلام کے حوالے سے ایک ادارہ میں بہت بڑے سکیورٹی عہدے پر فائز ہیں ان کا ملک کے مشکل مقامات پر کئی بار آنا جانا لگا رہتا ہے۔ ایک بار انہوں نے مجھ سے کہا کہ مجھے ان حالات میں پڑھنے کیلئے کچھ بتاؤ؟ میں نے انہیں روحانی بیڈ ٹی والا عمل اول و آخر درود شریف ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' رات سونے سے پہلے اور صبح بستر سے نیچے اترنے سے پہلے پڑھنے کا بتایا۔ کچھ عرصہ بعد وہ مجھے ملے تو میں نے ان سے وظیفہ کے بارے میں پوچھا کہ وہ وظیفہ کر رہے ہیں اگر کر رہے ہیں تو اسکے فائدے بتائیں؟ وہ بہت حیران ہو کر کہنے لگے کہ یار تم نے مجھے کیا چیز دیدی ہے اس کے تو بہت ہی کمالات ہیں میں پہلے اکثر کشیدہ علاقوں میں جاتے ہوئے ڈرتا تھا اور اس دوران میرے ساتھ بہت حادثے بھی ہوتے تھے جن میں اکثر زخمی ہو جاتا تھا لیکن جب سے یہ عمل کرنا شروع کیا مجھے بہت ہی روحانی سکون میسر ہوا ہے اور ایسے لگتا ہے جیسے کوئی غیبی مدد میری حفاظت کر رہی ہے۔ (محمد احمد)

Oureshi

ایسے لگتا ہے جیسے زندگی ابھی شروع ہوئی ہے

السلام علیکم! میرا نام واجد ہے میں روحانی بیڈ ٹی والے عمل ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ '' کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ اس عمل کی برکت سے میری زندگی ہی بدل گئی ہے میرے ہر معاملات میں اس کی برکت سے نکھار آ گیا ہے اور ایسے لگتا ہے جیسے زندگی ابھی شروع ہوئی ہے۔ (واجد)

اللہ پاک نے حج کروادیا

السلام علیکم! میرا نام ذوالفقار ہے میں روزانہ صبح وشام روحانی بیڈ ٹی والے عمل کے ساتھ درود شریف کی تسبیح بھی پڑھتا ہوں الحمدللہ! اس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بہت فوائد عنایت فرمائے ہیں۔ ان میں سے سب بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے حج کروادیا ہے۔ (ذوالفقار)

سارادن باوضو...... تہجد کیلئے غیبی طاقت کا اٹھانا

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ ہر وقت باوضو رہنا چاہیے جس کے بعد میں نے کوشش کر کے ہر وقت باوضو رہنا شروع کر دیا۔ باوضو رہنے سے یہ فائدہ ہوا کہ تہجد کی نماز کے وضو سے اگلے دن کی عشاء کی نماز پڑھ لیتا ہوں۔ یعنی تہجد سے لیکر مسلسل عشاء تک وضو قائم رہتا ہے اور بندہ ہر وقت پاکی کی حالت میں رہتا ہوں۔ اس کے علاوہ حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ رات سوتے وقت روحانی بیڈ والا عمل کیا کرو۔ یعنی اول وآخر درود شریف کے ساتھ ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ '' سوتے وقت دس بار پڑھ لینے سے جونہی تہجد کا وقت ہوتا ہے کوئی غیبی طاقت آ کر جگا دیتی ہے۔ یہ سب حضرت مرشدی دامت برکاتہم کی برکت اوران اعمال کی بدولت سے حاصل ہوا ہے۔ (قاسم، لاہور)

بلی کا پنجہ لگا اور والدہ کی پسلی کا درد غائب

السلام علیکم! میرا نام حاجی منان ہے۔ ایک بار میری والدہ کو پسلی میں شدید درد ہو رہا تھا جس کی وجہ سے وہ سو بھی نہیں پا رہی تھیں۔ انہوں نے درس میں روحانی بیڈ ٹی والے عمل کے بارے میں سنا تھا۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ روحانی بیڈ ٹی کا عمل کریں انشاء اللہ آپ کو آرام آجائے گا۔ وہ اول و آخر درود شریف ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' 11 مرتبہ پڑھ کر اپنی درد والی جگہ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پھونک مار کر لیٹ گئیں۔ ابھی وہ لیٹی ہی تھیں کہ ایک کالی سی بلی نے آکر ان کی درد والی جگہ پر پنجہ لگایا اور غائب ہوگئی۔ میری والدہ ایک دم اٹھ کر بیٹھ گئیں کہ وہ بلی کہاں سے آئی تھی اور کہاں غائب ہوگئی۔ خیر ہمیں بلی تو نظر نہ آئی لیکن جب والدہ ایک دم اٹھ کر بیٹھیں تو ان کا درد غائب ہو چکا تھا اور ہمیں کہنے لگیں کہ مجھے تو کوئی درد وغیرہ نہیں تھا۔ یہ سب روحانی بیڈ ٹی والے عمل کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔

(حاجی منان)

''درود خضریؑ'' کے مشاہدات

روزانہ تہجد پڑھنے کی سعادت

السلام علیکم! میں نے ماہنامہ عبقری میں پڑھا تھا کہ حضرت خضر علیہ السلام کا درود پڑھیں اور ہر پریشانی سے نجات پائیں۔ اس میں یہ بھی لکھا تھا کہ جو شخص درود خضری کثرت سے پڑھتا ہے اللہ پاک اسے حضرت خضر علیہ السلام کے زیر سایہ رکھیں گے۔ الحمد اللہ! اس دن سے میں نے روزانہ ایک سو مرتبہ درود خضری پڑھنا شروع کر دیا ہے۔ اس کی برکت سے مجھے روزانہ تہجد کی نماز نصیب ہوئی ہے۔

(انیس الرحمٰن)

Oureshi

”درود تنجینا“ کے مشاہدات

بیماری اور جسم درد سے فوری افاقہ

السلام علیکم! میرا نام محمد حیدر ہے اور میں کافی عرصہ سے تسبیح خانہ میں درس سننے کیلئے آرہا ہوں۔ میرا مشاہدہ ہے جو میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں کثرت سے درود تنجینا پڑھتا رہتا ہوں اس کے بہت سے مشاہدات ملے ہیں۔ میں اکثر ڈائیوو بس پر سفر کرتا ہوں تو ڈائیوو کا اصول ہے کہ کسی کا انتظار نہیں کرتے لیکن میں جب کبھی لیٹ ہوجاتا ہوں تو یہ پڑھتا ہوا جاتا ہوں جس سے وہ میرا انتظار کررہے ہوتے ہیں اور جونہی میں بیٹھتا ہوں گاڑی چل پڑتی ہے۔ اگر کسی کو بخار یا جسم کے کسی حصے میں درد ہو تو درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر صرف 7 بار درود تنجینا پڑھ کر دم کردیتا ہوں جس سے الحمدللہ! فوری طور پر افاقہ ہوجاتا ہے۔

جتنے سوچے اتنے ہی...... پیسے لئے

السلام علیکم! تقریباً 2 ہفتے پہلے ہم نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے حاضر ہونا تھا لیکن رکشے والے پیسے بہت زیادہ مانگ رہے تھے۔ میں نے درود تنجینا پڑھنا شروع کردیا اور پڑھ کر دعا کرتا رہا کہ اچانک ایک رکشے والے نے خود آکر ہمیں اتنے پیسوں میں ہی لے جانے کا کہا جتنے ہم نے دل میں سوچے ہوئے تھے اور ہم اس کے ساتھ بیٹھ کر تسبیح خانہ آگئے۔ (محمد حیدر)

”یاعلیم“ کے مشاہدات

2 سال میں سینئرز کے برابر پہنچ گیا

السلام علیکم! 2007ء کے ماہنامہ عبقری میں آیا تھا کہ اگر آپ کے پاس کسی قسم کا علم نہیں ہے تو آپ ”یَا عَلِیۡمُ“ کثرت سے پڑھیں۔ میں ایک آرکیٹیکچر فرم

Qureshi

میں کام کرتا تھا میرے پاس کوئی ڈپلومہ نہیں ہے۔ جس فرم میں کام کرتا تھا وہاں کے سینئرز نے کہا کہ تم کبھی کام نہیں سیکھ سکتے۔ میں نے اس نیت سے ''یا علیم'' پڑھنا شروع کر دیا اور مسلسل 2 سال پڑھتا رہا۔ اللہ کا شکر ہے کہ صرف 2 سال کے عرصے اس نام کی برکت سے مجھے سارا کام آگیا اور جو علم تمام سینئرز کے پاس تھا وہ میرے پاس بھی آگیا اور میں ان کے برابر پہنچ گیا۔ **(محمد حیدر)**

''اعمال ہدیہ کرنے'' کے مشاہدات

بے نمازی نانا ابو کے دل کی دنیا بدل گئی

السلام علیکم! میرے نانا ابو کی عمر 70 سال سے زیادہ ہوگئی ہے مگر شروع سے ہی ان کی زندگی میں نماز، تلاوت قرآن اور اسی طرح کے دیگر اعمال سے دوری کا عنصر پایا جاتا تھا۔ کبھی کبھار روزے رکھ لیا کرتے تھے لیکن کسی سال عید کی نماز پڑھ لیتے تھے اکثر وہ بھی چھوٹ جاتی۔ ہم ان کی طرف سے بہت زیادہ پریشان تھے۔ اگر کبھی انہیں نماز پڑھنے کو کہتے تو آگے سے ان کا یہی جواب ہوتا کہ تم اپنی پڑھو میں بھی پڑھ لوں گا۔ قرآن پاک تو انہیں پڑھنا ہی نہیں آتا تھا بہر حال اسی پریشانی کا اظہار آج سے تقریباً 7 ماہ پہلے حضرت جی دامت برکاتہم سے کیا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا کہ اعمال کر کے انہیں ہدیہ کرو۔ اس دن سے اللہ پاک نے جو بھی اعمال کی توفیق دی میں اس کا ثواب نانا ابو کو ہدیہ کرتا رہا۔ روزانہ کا ذکر، نفلی، مسنون اعمال حتیٰ کہ وضو اور وضو سے پہلے سنت کی نیت سے مسواک کرنا بھی نانا ابو کو ہدیہ کرتا رہا۔ الحمدللہ! اللہ پاک نے محض اپنے فضل و کرم سے میرے نانا ابو کے دل کی دنیا بدل دی ہے اور اب وہ نماز پڑھنا شروع ہو گئے ہیں اور درود شریف بھی پڑھتے رہتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ پاک انہیں آخری وقت تک ان اعمال پر کاربند رکھے اور ان کا خاتمہ ایمان پر ہو جائے۔ آمین! **(محمد عثمان، شرقپور)**

Oureshi

خواب میں مرشد نے کی رہنمائی

السلام علیکم! میں رات کو سونے سے پہلے اعمال کر کے سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، دادا مرشد رحمۃ اللہ اور مرشد دامت برکاتہم کو ہدیہ کر کے سوتا ہوں۔ الحمد للہ! اس عمل کی برکت سے مجھے بہت اچھی نیند آتی ہے اور خواب میں اپنے مرشد دامت برکاتہم کی کئی بار زیارت بھی ہوئی ہے جس میں انہوں نے کئی بار میری رہنمائی فرمائی ہے۔ (توقیر حیدر)

“فیض مرشد” کے مشاہدات

مرشد سے ملے 5 پانچ ہزار روپے

السلام علیکم! 5 دن پہلے شام کے وقت میرے پانچ ہزار روپے گم ہو گئے میں نے اگلے دن کسی کے پیسے لوٹانے تھے میں بہت پریشان ہوا کہ اب کہاں سے دوں گا صبح اس کے ساتھ وعدہ کیا ہوا تھا۔ میری بیوی اپنے میکے رحیم یار خان گئی ہوئی تھی اور میں اسی پریشانی میں گم اپنے گھر بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا میں نے پریشانی کے عالم میں ہی کہہ دیا کہ جو کوئی بھی ہے اندر آجائے۔ دروازہ کھلا اور یہ دیکھ کر میری سٹی گم ہو گئی کہ حضرت صاحب دامت برکاتہم میرے گھر میں تشریف لائے ہیں میں حیران و پریشان کہ آپ مدظلہ اس وقت اور یہاں؟ مجھے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ میں آپ مدظلہ کو کہاں بٹھاؤں۔ کمرے میں ایک صوفہ پڑا ہوا تھا میں نے وہاں حضرت صاحب دامت برکاتہم کو بٹھایا۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے مجھ سے پوچھا کہ پریشان کیوں ہو؟ میں نے عرض کی کہ بس کوئی خاص وجہ نہیں ہے۔ حضرت دامت برکاتہم فرمانے لگے کہ پیسوں کی وجہ سے پریشان ہو یہ لو پانچ ہزار روپے اور اپنی ضرورت پوری کرو۔ میں نے روپے رکھ لئے اور سوچنے لگا کہ حضرت جی دامت برکاتہم کی تواضع کیسے کروں۔ ابھی یہ سوچ ہی رہا تھا کہ حضرت جی دامت برکاتہم کا پتہ نہیں چلا کہ کہاں تشریف لے گئے۔ اس واقعے کے بعد میں مزید حیران ہو گیا اور

Qureshi

سب گھر والوں کو بھی بتایا کہ پیسے تو میرے پاس موجود ہیں لیکن......!

(محمد کلیم اللہ، میلسی)

"تسبیح پڑھنے" کے مشاہدات

میں تو پاسپورٹ مدینے والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لوں گا

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرا مدینہ مکہ مکرمہ میں پاسپورٹ گم ہو گیا جسے میں نے بہت تلاش کیا مگر نہ ملا پھر میں جب مدینہ منورہ پہنچا تو میں نے روضہ اطہر کے سامنے کھڑے ہو کر کہا کہ میں پاسپورٹ آقا مدینے والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لوں گا جسے پاس کھڑے ایک اہل حدیث نے سن لیا اور کہا کہ توبہ کرو آپ تو مشرک ہو گئے ہیں۔ صورتحال یہ تھی کہ پاسپورٹ گم تھا اور میرے دوست ڈرا رہے تھے کہ آپ کو اریسٹ کر لیا جائے گا آپ مشرک بھی ہو چکے ہیں۔ میں بیٹھا اپنی تسبیح پڑھ رہا تھا کہ تسبیح پڑھتے مجھے اونگھ آ گئی۔ خواب میں مرشد دامت برکاتہم تشریف لائے جو بہت گڑگڑا کر دعا منگوا رہے تھے۔ دعا مانگنے کے بعد حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے تھپکی دی اور فرمایا آپ کا پاسپورٹ مل گیا ہے، آپ نہ گھبرائیں۔ ٹھیک دس منٹ بعد مکہ سے فون آیا کہ آپ کا پاسپورٹ ہمارے پاس ہے آ کر لے جائیں۔ میں نے کہا میں نے تو مدینے والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لینا تھا۔ کہنے لگے ٹھیک ہے، ہم کل آ کر آپ کو دے دیں گے۔ اگلے دن وہ صاحب روضہ مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آ کر مجھے میرا پاسپورٹ دے گئے اور میری پریشانی ختم ہو گئی **(محمد اصغر)**

"لقد جاءکم رسول من انفسکم ......" کے مشاہدات

خواب اور خطبات عبقری سے زندگی کی راہنمائی

السلام علیکم! ایک صاحب نے بتایا کہ تسبیح خانہ کے ساتھ تعلق کے پیچھے میرا ایک

Oureshi

خواب ہے کہ اکتوبر 23 تاریخ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میں اپنے والد صاحب سے کہہ رہا ہوں کہ میں اپنے ایک ساتھی کو ملنے جا رہا ہوں آپ بھی میرے ساتھ چلئے آپ کی سیر ہو جائے گی۔ ہم ساتھی کے گھر چلے گئے اور دیکھا کہ ساتھ والے گھر پر لکھا ہوا ہے ''مرشد'' اور ساتھ لمبا چوڑا نام لکھا ہے۔ میں نے والد صاحب سے کہا کہ مرشد صاحب سے تو میرا کافی پرانا تعلق ہے لیکن میں انہیں بھولا ہوا ہوں ان سے بھی ملنا ہے۔ والد صاحب کہنے لگے ٹھیک ہے چلے جائیں گے۔ پھر ہم خواب میں ہی مرشد صاحب دامت برکاتہم کے گھر گئے تو بچوں نے بتایا کہ وہ تو کہیں باہر تشریف لے گئے ہیں۔ ہم واپس آ گئے اور خواب میں ہی سو کر اٹھے تو دیکھا کہ والد صاحب کچھ خطوط پڑھ رہے ہیں میں نے پوچھا کہ کس کے خطوط ہیں؟ والد صاحب نے بتایا کہ مرشد صاحب دامت برکاتہم نے بھیجے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ ان میں کیا لکھا ہے؟ والد صاحب کہنے لگے پتہ نہیں عربی میں لکھے ہوئے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ کچھ بتائیں تو سہی۔ کہنے لگے لکھا ہے ''لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ، فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (سورہ توبہ ۱۲۸۔۱۲۹)'' اور آگے ساری آیت لکھی ہوئی سنا دی۔

اس واقعہ کے 3 ماہ بعد میں پشاور صدر میں ایک بک سٹال پر گیا تو وہاں ایک کتاب ''خطبات عبقری'' نظر آئی۔ میں نے تھوڑی سی پڑھی جو بہت پسند آئی تو میں نے خرید لی۔ پھر اسی کے ذریعے 2 انمول خزانہ کا پتہ چلا تو یہ بات مجھ پر واضح ہوئی کہ انمول خزانہ نمبر 1 میں موجود ''شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِکَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (آل عمران ۱۸)'' اور ''لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ، فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

Qureshi

اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (سورہ توبہ ۱۲۸۔۱۲۹)“ والی آیات کے علاوہ باقی سب آیات میرے معمولات میں شامل تھیں۔ لہٰذا میں نے یہ دونوں آیات بھی پڑھنا شروع کر دیں اور پھر اس کے بعد حضرت مرشد صاحب دامت برکاتہم سے میری ملاقات ہوگئی اور میں یہاں تسبیح خانہ آنے لگا جس سے میری پریشانیاں مشکلات اور مسائل حل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ **(امجد خان)**

”حفاظت والے اعمال“ کے مشاہدات

اس دعا کے بغیر گزارا نہیں

السلام علیکم! ہر بار گھر سے نکلتے وقت میں مسنون دعا ”بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ“ پڑھ کر نکلتا ہوں۔ ایک دن میں اپنی بہن کے ساتھ موٹر سائیکل پر اچھرہ بازار کی طرف جا رہا تھا باتوں باتوں میں دعا پڑھنا بھول گیا۔ تھوڑا دور جا کر میری ایک رکشے کے ساتھ ٹکر ہوگئی جس کے باعث ہم آگے نہ جا سکے اور واپس آگئے۔ واپس راستے میں یہ سوچتا رہا کہ یہ کیسے ہوگیا؟ پھر میرے ذہن میں آیا کہ آج میں دعا پڑھنا بھول گیا تھا۔ میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا کہ جس نے مجھے یاد دہانی کروادی تھی کہ یہ دعا پڑھنی ضروری ہے اس کے بغیر گزارا نہیں۔ لہٰذا ہم سب کو اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ **(محمد عثمان)**

گاڑی کا انجن ٹوٹنے سے بچ گیا

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار کراچی جاتے ہوئے رات کے وقت میں گاڑی کی پچھلی سیٹ پر سو رہا تھا اور میرا ساتھی گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا رات کے اندھیرے میں اسے پتہ نہیں چلا کہ ایک جگہ سڑک پر پٹڑی اوپر اٹھی ہوئی تھی گاڑی جونہی وہاں سے گزری تقریباً 4/3 فٹ اوپر کو اچھلی اور پھر زمین پر جا لگی جس سے میری آنکھ کھل گئی۔ وہ کہنے لگا کہ لگتا ہے کہ انجن ٹوٹ گیا ہوگا؟

Qureshi

میں نے کہا کہ ان شاء اللہ نہیں ٹوٹے گا۔ اور گاڑی کے اندر بیٹھے ہی جب بسم اللہ پڑھ کر گاڑی سٹارٹ کی تو وہ فوراً سٹارٹ ہوگئی۔ وہ کہنے لگا کہ شفیق صاحب! آپ نے جو گھر سے نکلنے کی مسنون دعا (بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ) مجھے بتائی تھی نا! میں نے وہ پڑھی ہوئی تھی اس وجہ سے اللہ نے ہماری حفاظت فرمائی ہے۔ **(محمد شفیق)**

اللہ تعالیٰ نے پوری گاڑی کو بچالیا

السلام علیکم! آج رات میں لاہور آنے کیلئے جب گھر سے نکلا تو حفاظت والے اعمال (گھر سے نکلنے کی دعا "بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ" اور 11 بار يَا حَفِيْظُ يَا سَلَامُ) پڑھ لئے۔ راستے میں میرے برابر والی سیٹ پر ایک آدمی بیٹھا تھا جو کچھ مشکوک نظر آرہا تھا۔ حفاظت والے اعمال کی برکت سے اللہ پاک نے مجھ سمیت پوری گاڑی کے مسافروں کو ایسے بچایا کہ اچانک پولیس والوں نے ہماری گاڑی روکی اور اس مشکوک شخص کو اتار کر چیک کیا تو اس کے پاس 2 ریوالور نکلے جو فل لوڈ تھے اور ساتھ 2 میگزین بھی تھے ان کے ساتھ ساتھ اور بھی کئی ممنوعہ اشیاء اس سے برآمد ہوئیں۔ پولیس والے سول وردی میں ہی لاہور آرہے تھے۔ اللہ پاک نے اعمال کی برکت سے پوری گاڑی کو بچالیا۔ **(عابد، مانسہرہ)**

"حروف مقطعات" کے مشاہدات

انکوائری سے بچت اور افسر کیساتھ تعلقات بہتر ہوگئے

ایک صاحب کہنے لگے کہ میں نے ایک کتاب "اعمال قرآنی" میں سے حروف مقطعات کا ایک وظیفہ پڑھا جو حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کتاب "بدترین پریشانیوں کے لاجواب وظائف" میں بھی لکھا ہوا ہے۔ اگر کوئی افسر یا حاکم ناراض ہو تو اس کو موم کرنے اور اپنی بات منوانے کیلئے اس کے سامنے جانے سے پہلے دائیں

Qureshi

ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کریں اور ”کعیص “ پڑھتے ہوئے ہر حرف پر ایک انگلی بند کرلیں۔ پھر بائیں ہاتھ پر ”حمعسق “ پڑھتے ہوئے پانچوں انگلیاں بند کرلیں اور حاکم یا افسر کے سامنے جا کر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک ایک کر کے کھول دیں اور پہلے دائیں ہاتھ کی انگلیاں کھولتے ہوئے ”حمعسق “ اور دوسرے ہاتھ کی انگلیاں کھولتے ہوئے ”کھیعص “ پڑھ لیں۔ میری کسی معاملے میں انکوائری لگی ہوئی تھی اور تنخواہ بھی بند تھی جس کیلئے میں نے یہی عمل کیا اور اللہ کے کرم سے تمام معاملات سلجھ گئے اور افسر کے ساتھ تعلقات بھی ٹھیک ہو گئے۔ (اظہر سعید)

”یافتاح“ کے مشاہدات

دنیاوی فوائد اور روحانی برکات کا ملنا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں کچھ عرصہ سے عبقری رسالہ کا مسلسل قاری ہوں اور اس میں شائع ہونے والے وظائف بہت شوق اور توجہ سے پڑھتا ہوں۔ ایک بار عبقری رسالہ میں علامہ صاحب لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کا عمل پڑھا تھا کہ ہر نماز کے بعد سانس روک کر 7 دفعہ ”یافتاح “ اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھنا ہے۔ میں یہ عمل تب سے کر رہا ہوں الحمدللہ! اس سے اتنے دنیاوی فوائد اور روحانی برکات حاصل ہوئی ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔ (محمد عثمان قادری، گوجرانوالہ)

”وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى “ کے مشاہدات

اللہ نے 2 ماہ میں پورے سال کا رزق دے دیا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کی کتابیں بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور اس میں سے وظائف لوگوں کو دیتا رہتا ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم کی ایک کتاب میں ”وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى “ والا عمل

Oureshi

پڑھا تھا الحمدللہ! صد الحمدللہ! اسے بہت کارگر پایا ہے۔ اس میں ایک فائدہ یہ بھی ہوا کہ پہلے ہم جس آدمی کے ساتھ کاروبار کرتے تھے وہ کچھ بدنیتی پر بدنی اعمال کرتا تھا اس سے اللہ تعالیٰ نے چھٹکارا دیا اور اسکے تقریباً 6 ماہ بعد نادیدہ طور پر اللہ تعالیٰ نے 2,3 راستے دکھائے جس میں سارے سال کا اللہ تعالیٰ نے رزق دے دیا۔

(محمد حسین)

گھٹن سے نجات

السلام علیکم! ایک بار عبقری رسالہ میں جنات کے پیدائشی دوست میں ایک آیت ''وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى'' آئی تھی جو میں نے پڑھنا شروع کی تو اللہ پاک نے اسکی برکت سے میرے اندر جو گھٹن سی رہی تھی اس کا خاتمہ کر دیا ہے۔

(محمد حیدر)

ملٹری آف ڈیفنس میں بطور آفیسر تعیناتی

السلام علیکم! 2012ء کے درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے کسی بزرگ اور افریقن جن کے بارے میں بتایا تھا اس کے بعد سے میں نے عبقری رسالہ میں شائع ہونے والا جنات کا پیدائشی دلچسپی سے پڑھنا شروع کر دیا۔ جس میرا بہت دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا جو میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں Compitition کا طالب علم رہا ہوں اور 2009ء میں CSS کیا تھا، اسکے بعد دوسرے امتحانات فیڈرل پبلک کمیشن وغیرہ کے بھی دیے ہیں لیکن میری ایڈجسٹمنٹ نہیں ہو رہی تھی۔ میں نے عبقری کے ایک شمارے میں جنات کے پیدائشی سے وظیفہ ''وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى'' والا پڑھنا شروع کر دیا اور ابھی پڑھتے ہوئے 2 ماہ بھی نہیں ہوئے تھے کہ میری ملٹری آف ڈیفنس میں ASA سویلین گزسٹ آفیسر تعیناتی ہوگئی۔ یہ سب اس آیت کریمہ کی وجہ سے اللہ پاک نے کرم کیا ہے۔

(یاسر مغل)

Qureshi

''اللہ نور السموات والارض'' کے مشاہدات

اذان اور نماز کی سعادت نصیب

السلام علیکم! مجھے قرآن پاک کا تھوڑا بہت ترجمہ یاد ہے۔ ایک دن فجر کی نماز میں مَیں نے آیت سنی ''اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ '' جو دل کو بہت اچھی لگی۔ ترجمہ یاد ہونے سے یہ آیت بھی یاد ہوگئی۔ پھر میں نے علامہ صاحب لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کا عبقری رسالہ میں مضمون پڑھا جس میں لکھا تھا کہ یہ آیت اول و آخر 3 بار درود شریف کے ساتھ 11 بار پڑھنی چاہیے۔ میں نے یہ عمل شروع کیا تو پہلے میں نمازیں پڑھتا تھا جو روٹین سے نہیں پڑھی جاتی تھیں لیکن جب سے یہ عمل شروع کیا ہے الحمدللہ! اب تو بعض اوقات اذان بھی خود ہی جا کر دیتا ہوں اور پھر جماعت بھی خود ہی کرواتا ہوں۔ اللہ پاک کی توفیق سے میری نمازوں کی پابندی ہوگئی ہے اور بہت برکت حاصل ہوئی ہے۔ اگر کبھی کبھار میری نماز باجماعت رہ جائے تو بہت زیادہ دکھ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے پھر رو رو کر دعا کرتا ہوں کہ میری جماعت نہ چھوٹے۔ اول و آخر 3 بار درود شریف اور 11 مرتبہ یہ آیت'' اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ '' سے اور بھی بہت کمالات حاصل ہو رہے ہیں۔ **(محمد وقار)**

''واللہ اشد باسا واشد تنکیلا'' کے مشاہدات

میاں بیوی کے روزانہ کے جھگڑے سے چھٹکارا

السلام علیکم! 2 دن پہلے ایک آدمی مجھ سے کہنے لگا کہ ہم دونوں میاں بیوی میں صبح و شام ہر وقت جھگڑا رہتا ہے ہم کیا کریں؟ بہت تنگ آ گئے ہیں۔ میں نے عبقری رسالہ میں علامہ صاحب لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کی قسط نمبر 7 میں پڑھا تھا کہ اگر لڑائی جھگڑا ہو تو سانس روک کر یہ قرآنی آیت ''وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا''

Qureshi

پڑھیں ان شاء اللہ جھگڑا ختم ہو جائے گا۔ میں نے اسے بھی یہی آیت بتائی۔ کچھ دنوں بعد وہ آدمی ملا تو کہنے لگا اس آیت کی برکت سے الحمدللہ! اب ہمارے معاملات بہت بہتر ہو گئے ہیں اور ہمارے درمیان جھگڑا ختم ہو گیا ہے۔ (انیس الرحمٰن)

''سورۃ اخلاص'' کے مشاہدات

دو کزنوں کی آپس میں صلح کروادی

السلام علیکم! ایک بار میرے دو کزنوں کا آپس میں جھگڑا ہو گیا۔ اس معاملے پر دونوں کے گھر والے بہت پریشان تھے۔ میں نے ماہنامہ عبقری میں پڑھا تھا کہ علامہ لاہوتی دامت برکاتہم سورۃ اخلاص کے کمالات میں لکھتے ہیں کہ کوئی بھی مسئلہ یا پریشانی ہو تو ہر کھانے کے دوران اور ہر وضو کے دوران سورۃ اخلاص پڑھیں۔ میں بھی اپنے دونوں کزنوں کی وجہ سے بہت پریشان تھا وہ آپس میں بات تک نہیں کر رہے تھے۔ ایک دن جب میں کھانا کھانے بیٹھا تو مجھے کھانے کے دوران سورۃ اخلاص پڑھنا یاد نہ آیا جب میں کھانے سے فارغ ہو گیا تب یاد آیا کہ میں نے سورۃ اخلاص نہیں پڑھی۔ میں نے اپنی والدہ سے کہا کہ امی جان! مجھے کھانا اور دیں۔ انہوں نے مجھے پھر کھانا دیا تو اس دوران میرے ابو اور میری ہمشیرہ آگئے اور اِدھر اُدھر کی باتیں شروع ہو گئیں۔ جب میں نے دوسری مرتبہ کھانا کھا لیا تو باتوں کے دوران مجھے پھر سورۃ پڑھنا یاد نہ رہی۔ مجھے پھر خیال آیا کہ سورۃ اخلاص تو میں نے پڑھی ہی نہیں۔ میں نے پھر امی سے کہا مجھے کھانا دیں۔ امی نے کھانا دے دیا اور پوچھا خیر تو ہے آج تم بار بار کھانا مانگ رہے ہو؟ میں نے بتایا کہ اُن 2 کزنوں کی وجہ سے ان کے گھر والے اور میں پریشان ہوں اور ان کی صلح کیلئے جو عمل کرنا تھا وہ میں بار بار بھول رہا ہوں۔ اب آپ سب خاموشی سے بیٹھیں تاکہ میں اپنا عمل کر سکوں۔ پھر میں نے تیسری مرتبہ کھانے کے دوران سورۃ اخلاص پڑھی اور الحمدللہ! ان دونوں کی آپس میں صلح ہو گئی۔ (انیس الرحمٰن)

Qureshi

سورۃ اخلاص سے کاروبار میں برکت

السلام علیکم! کافی عرصے سے میرا کاروبار بہت ڈاؤن جا رہا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا لیکن کچھ دن پہلے میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا کہ اول و آخر 3 بار درود شریف کے ساتھ 2 سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل جائے گا۔ میں نے یہ عمل شروع کیا اور ابھی مجھے 3 دن ہی ہوئے ہیں کہ اللہ پاک نے میرے حالات تبدیل کر دیئے ہیں اور میرے بگڑے ہوئے کام اور پریشانی دور ہونا شروع ہو گئی ہے۔ **(محمد سعید، لاہور)**

”حَلِیْمٌ کَرِیْمٌ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ“ کے مشاہدات

جنات نے تہجد اور فجر کیلئے اٹھانا شروع کر دیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم! میں نے زندگی میں پہلی مرتبہ عبقری رسالہ پڑھا تو اس میں جنات کے متعلق لکھا ہوا تھا میرے دل میں خیال آیا کہ یہ ”حَلِیْمٌ کَرِیْمٌ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ“ ورد میں بھی کیوں نہ پڑھوں؟ میں نے تہجد کی نماز میں پڑھنا شروع کر دیا۔ مجھے پتہ چلا کہ ایسے کوئی جنات ہے جو آ کر میرے ساتھ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ میں نے 2,3 دن نہیں پڑھا تو انہوں نے آ کر میرا گلا دبانا شروع کر دیا کہ اٹھو نماز پڑھو ورنہ تمہارا اور گلا دبا دیں گے۔ میں نے کہا بھائی گلا نہ دباؤ میں نماز پڑھتا ہوں۔ میں تہجد کی نماز پڑھتا رہا اور سوچا کہ جب فجر کی نماز کا وقت آئے گا تو سو جاؤں گا لیکن میں جونہی سویا تو انہوں نے آ کر پھر اٹھا دیا کہ اٹھو مسجد چلو اور جا کر فجر کی نماز پڑھو۔ الحمد للہ! جب سے میں نے یہ ورد کرنا شروع کیا ہے اللہ پاک نے بہت سے کام بنا دیئے ہیں اور مجھے تہجد اور فجر کی نماز کی سعادت نصیب ہو گئی ہے۔ **(محبوب عالم)**

Oureshi

"یاھادی کل خیران اللہ......" کے مشاہدات

علامہ لاہوتی کے وظیفہ سے قسمت جاگ گئی

السلام علیکم! میرا نام حق نواز ہے اور گوجرانوالہ سے آج پہلی مرتبہ یہاں درس میں حاضر ہوا ہوں۔ عبقری میں میں نے بہت وظائف پڑھے ہیں اس سے پہلے میں بہت سارے مسائل کا شکار تھا میں نے رمضان شریف میں علامہ لاہوتی صاحب دامت برکاتہم کا وظیفہ "یَاهَادِیْ کُلِّ خَیْرٍ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" سوا تین لاکھ مرتبہ پڑھا تھا جس سے اللہ پاک نے میری ساری پریشانیاں اور مسائل دور کردیئے اور میں اب الحمدللہ! بہت ہی خوشحال اور مصائب سے پاک زندگی بسر کر رہا ہوں۔

(حق نواز، گوجرانوالہ)

"ایاک نعبد و ایاک نستعین......" کے مشاہدات

زمین کا مسئلہ 9 دن میں حل

السلام علیکم! ایک بار مخن آباد میں حضرت جی دامت برکاتہم درس کیلئے تشریف لائے تھے جہاں پر ہمارے ایک عزیز نے اپنے رقبہ (زمین) کے مسئلہ کیلئے آپ دامت برکاتہم سے درخواست کی تھی۔ آپ دامت برکاتہم نے اسے "اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ" کا وظیفہ عنایت فرمایا تھا کہ اس کی 11 تسبیح صبح اور 11 تسبیح شام کے وقت کروان شاءاللہ تمہارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اس نے یہ وظیفہ صرف 8/9 دن ہی کیا تھا کہ اللہ پاک نے اس کا زمین کا مسئلہ حل کردیا۔ **(مخن آباد)**

صبح بیدار ہونے پر موتی مسجد حاضری کیلئے رہنمائی

السلام علیکم! جب میں 19 رمضان المبارک کی صبح اٹھا تو میرا دل کیا کہ میں موتی مسجد جاؤں اور میں نے موتی مسجد جا کر ظہر کی نماز ادا کی اور اس کے بعد نوافل شروع

Qureshi

کر دیئے۔ پہلی رکعت پڑھنے کے بعد جب دوسری رکعت میں کھڑا ہو کر ''اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ'' کی تکرار کر رہا تھا اس وقت میری آنکھیں بند تھیں اسی دوران وہاں مجھے میرے پیر جناب علاؤالدین صدیقی صاحب نظر آئے جو میرا ہاتھ پکڑ کر آگے بھاگتے ہیں تھوڑی دیر بھاگنے کے بعد میرا ہاتھ جناب علامہ لاہوتی صاحب کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں۔ علامہ صاحب دامت برکاتہم مجھے آگے لے جاتے ہیں جہاں ایک کمرے کا دروازہ کھلتا ہے جس میں کچھ سونا، چاندی، جواہرات وغیر ہوتے ہیں اور مجھے فرماتے ہیں کہ یہ لے لو۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ کس کا ہے؟ فرماتے ہیں کہ یہ سب میرا ہے۔ میں عرض کرتا ہوں حضرت! مجھے خزانہ نہیں خزانے والا چاہیے۔ جس پر آپ مجھے لے کر پھر آگے چلتے ہیں اور ایک کمرے میں داخل ہوتے ہیں اور وہاں پر میری قسمت کھل جاتی ہے۔

نبی پاک ﷺ کی زیارت مبارک

وہاں پر آقا سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ علامہ لاہوتی صاحب دامت برکاتہم فرماتے ہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ وہ ہیں جن کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ذکر کیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک چٹکی لے کر میری زبان پر رکھتے ہیں اور میں نگل لیتا ہوں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ پیچھے جاؤ اور جتنا خزانہ چاہیے لے لو۔ میں عرض کرتا ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ حکم میں ٹال نہیں سکتا۔ میں پیچھے جاتا ہوں وہاں پر ایک کالے پردے کے پیچھے خزانوں کا انبار لگا ہوتا ہے وہاں پر میرے پاس ایسی کوئی چیز نہیں ہوتی جس میں خزانہ ڈال کر لے جاسکوں۔

حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہم کا چادر عطا فرمانا

واپس آتا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں بائیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف فرما ہیں وہ مجھے اپنی سفید چادریں

Qureshi

مبارک اتار کر دیتے ہیں کہ یہ لو اس میں خزانہ بھر کر لے جاؤ۔ میں وہاں سے گٹھڑیاں باندھ کر آقا سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم مبارک میں رکھ دیتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ آپ جاؤ یہ سب آپ کے گھر پہنچا دیا جائے گا اور پھر وہاں سے سارا منظر میری آنکھوں سے غائب ہو جاتا ہے۔ مجھے اس وقت سمجھ نہیں آئی کہ میں کیا دعا مانگوں؟ ماشاء اللہ! جب سے میں نے یہ منظر دیکھا ہے الحمدللہ! تب سے میری قسمت جاگ گئی ہے۔ **(حق نواز، گوجرانوالہ)**

مسنون عمل سے مشکلات کا حل

السلام علیکم! میرا نام مبشر ہے سرگودھا کے شہر بھلوال سے آیا ہوں۔ میرا کئی بار کا آزمودہ عمل ہے کہ جب بھی مجھے کوئی تکلیف یا مشکل آتی ہے تو میں ''**اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ**'' کا ورد کرنے لگ جاتا ہوں۔ جس کی برکت سے اللہ کا فضل ہوتا ہے اور میری مشکل فوراً ہی حل ہو جاتی ہے۔ **(مبشر، بھلوال)**

''تسبیح خانہ لنگر'' کے مشاہدات

منہ کی تکلیف ختم ہوگئی

السلام علیکم! میں ہر جمعرات کو یہاں تسبیح خانہ درس سننے کیلئے آتا ہوں اور اس کے بعد جو لنگر کھانے میں ملتا ہے اس کا میرا ایک مشاہدہ ہے جو میں تمام دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں 2 ہفتے قبل تقریباً چھ سات دن سے کھانا نہیں کھا رہا تھا کیونکہ میرے منہ میں تکلیف تھی پچھلی جمعرات میں نے درس سے فارغ ہو کر لنگر کھایا تو الحمدللہ! میری منہ کی تکلیف ختم ہوگئی اور میں نے آسانی سے کھانا شروع کر دیا۔ **(کلیم اللہ)**

لنگر سے جسم درد سے نجات

السلام علیکم! میں پچھلی جمعرات کو بہت بیمار تھا پورے جسم میں درد کی وجہ سے عجیب سی طبیعت ہو رہی تھی میں بہت مشکل سے یہاں درس میں پہنچا اور یہاں آ کر درس

Qureshi

کے بعد جب لنگر کھایا تو الحمدللہ! لنگر کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے شفاء دے دی اور میری طبیعت بالکل ٹھیک ہوگئی۔ (عابد، مانسہرہ)

لنگر کھانے سے پتھریاں ختم ہوگئیں

السلام علیکم! میرے جسم میں پتھریاں تھیں جب ڈاکٹروں کو چیک کروایا تو وہ کہتے تھے کہ آپ کا آپریشن کر کے یہ پتھریاں نکالنا پڑیں گی لیکن میں نے آپریشن نہیں کروایا اور درس میں آکر دعا کرنا شروع کردی کہ یااللہ! میری یہ تکلیف اور پتھریاں خودبخود ختم کردے اور درس کے بعد اس نیت سے لنگر کھاتا رہا جس کی برکت سے وہ پتھریاں آہستہ آہستہ تحلیل ہونا شروع ہوگئیں اور اب الحمدللہ! بالکل ختم ہوگئیں ہیں۔ (محبوب خان)

اللہ کے نام پر لنگر کے بے شمار مسائل کا حل

السلام علیکم! میں سپریئر کالج میں انگلش کا پروفیسر ہوں اس کے ساتھ ساتھ اکیڈمی میں شارٹ کورسز بھی پڑھاتا ہوں۔ اکیڈمی میں بچوں کی غیر حاضری کی وجہ سے اکثر پریشانی ہوتی تھی مثلاً 12 سٹوڈنٹس میں سے کبھی 4 غیر حاضر ہوتے کبھی کتنے۔ درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک بار فرمایا کہ اگر لنگر کے فائدے بتادوں تو پورا لاہور آجائے اور ہمیں لنگر پورا کرنا مشکل ہوجائے۔ میں نے سوچا کہ اگر لنگر کے اتنے فائدے ہیں تو کیوں نہ میں روز ہی کھانا شروع کردوں لیکن ظاہر ہے کہ تسبیح خانہ میں لنگر جمعرات کو ہوتا ہے میں نے اپنی طرف سے ایک ٹوٹکہ آزمایا کہ پوری کلاس کے سٹوڈنٹ کو کوئی کھانے والی چیز بانٹی اور اس میں سے جو بچ گیا میں نے کہا کہ یااللہ! تیرے نام پر دیا تھا مجھے اس کھانے کی برکت عطا فرما اور میری زندگی آسان بنادے۔ الحمدللہ! اس عمل سے واقعی بہت برکات حاصل ہوئیں اور اس کیساتھ ساتھ وہ دن اور آج کا دن ہے کہ اکیڈمی میں سٹوڈنٹس کی غیر حاضری نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے۔

Oureshi

میاں بیوی کے درمیان مراسم خوشگوار ہو گئے

اس کے، علاوہ میرے ایک دوست کے گھر میں بہت مسئلے مسائل چل رہے تھے اور طلاق تک۔ نوبت پہنچ چکی تھی۔ وہ بھی چونکہ ٹیچنگ کے شعبے سے وابستہ ہے میں نے اسے بھی یہی ٹوٹکہ آزمانے کو کہا۔ تو وہ جو معاملات طلاق تک پہنچے ہوئے تھے کہنے لگا کہ میری شادی کو 8 سال ہو چکے ہیں جب سے اس لنگر اور ہدیے کی نیت کی ہے پہلی دفعہ بیوی نے مجھے آکر منایا ہے جبکہ پہلے تو مجھے ہی جانا پڑتا تھا۔ اس عمل کی برکت سے زندگی میں بہت زیادہ سکون ہو گیا ہے۔

دودھ فروش کے گھریلو مسائل ختم

ایک دودھ والے نے مجھے کہا کہ میں شادی کے بعد سے۔ بہت زیادہ پریشان ہوں بیماریاں میرا پیچھا نہیں چھوڑ رہیں۔ میں نے اسے بھی کہا کہ تم اس طرح لنگر بانٹو یا صرف کم از کم نیت ہی کر لو کہ میں لوگوں کو فی سبیل اللہ کھانا کھلا کر بچا ہوا خود کھاؤں گا۔ تو وہ بھی اب کہتا ہے کہ اس کے بعد سے۔ بہت سکون ہے۔

دوست کے معاشی حالات ٹھیک ہو گئے

ایک دوست کی شادی کے بعد معاشی طور پر انہیں۔ بہت زوال آگیا، ان کا کاروبار بھی ختم ہو گیا اور انہیں ہیپاٹائٹس کا مرض لگ گیا ان کے بچے میرے سٹوڈنٹ تھے۔ میں نے انکے ہاتھ پیغام بھیجا کہ آپ صرف اس لنگر کی نیت کر لیں کہ میں اس طرح کچھ ہدیہ کر کے باقی خود کھاؤں گا۔ اب وہ سٹوڈنٹ بتا رہے تھے کہ ہمارے پاپا کہتے ہیں کہ ماشاءاللہ میرے اس عمل سے۔ بہت سے مسئلے حل ہو گئے ہیں اور پوچھ رہے تھے کہ تمہیں کس بزرگ نے یہ عمل بتایا ہے۔ میں نے سوچا کہ اس عمل کی ابھی حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے اجازت لینا باقی ہے اور دعا ہے کہ جن جن کے مسائل حل ہوئے ہیں آئندہ بھی اللہ پاک ان پر اپنا کرم ہی رکھے۔ آمین! (**محمد ہارون**)

Qureshi

لنگر کی برکت سے مسلسل درس میں حاضری

السلام علیکم! میں آج سے تقریباً ڈیڑھ ماہ پہلے نہ تو نماز پڑھتا تھا نہ ہی میرا درس میں آنے کو جی چاہتا تھا۔ میری والدہ محترمہ باقاعدگی سے درس میں آتی تھیں اور واپسی پر لنگر کے بچے ہوئے ٹکڑے اور ساتھ دال ہوتی تھی وہ اصرار کر کے مجھے کھلاتی تھیں۔ میں منہ بسور کے کھاتا اور طبیعت پر بہت ہی گراں گزرتا۔ کچھ دن بعد اللہ تعالیٰ نے ایسا کرم فرمایا کہ میں درس میں آنا شروع ہوگیا اور اب باقاعدگی سے ہر درس میں آنے لگ گیا ہوں۔ اب وہی لنگر ہوتا ہے جو میں مزے سے جی بھر کر کھاتا ہوں اور سارا ہفتہ اس کی لذت میں کھویا رہتا ہوں۔ (شیخ ایاز علی)

پیٹ خراب ہونے سے شفاء

السلام علیکم! گزشتہ ہفتے نوچندی جمعرات کو رش کی وجہ سے مجھے تسبیح خانہ کے فرسٹ فلور پر جگہ ملی۔ میرا تقریباً 2 دن سے پیٹ خراب تھا اس لئے میں احتیاطی طور پر اپنے ساتھ کھچڑی لے کر آیا تھا کہ مزید تکلیف نہ ہو۔ پھر مجھے حضرت دامت برکاتہم کا حکم یاد آیا کہ لنگر شفاء کی نیت سے کھایا کریں۔ میں نے اس نیت سے لنگر کھایا اور اس سے مجھے افاقہ ہوا حالانکہ وہ چنے کی دال تھی لیکن مجھے اس سے آرام آگیا اور الحمدللہ! میں بالکل ٹھیک ہوگیا ہوں۔ (نعیم جاوید معرفتی)

لنگر کھانے کی برکت سے نمازی بن گیا

ایک صاحب کہنے لگے کہ میرا دوست کچھ عرصہ پہلے درس میں آیا تھا اور درس کے بعد اس نے لنگر کھایا تو اس کی برکت سے اللہ پاک نے اسے 3 سال بعد نماز پڑھنے کی توفیق عطا فرما دی اور الحمدللہ! اب وہ پانچ وقت کا نمازی ہے۔ اس سے پہلے وہ نماز اور دیگر اعمال کی طرف راغب نہیں تھا لیکن تسبیح خانے کا لنگر کھانے کی برکت سے وہ نمازی بھی بن گیا اور اسے اعمال کا شوق پیدا ہوگیا ہے۔ (محمد قاسم)

روٹیوں کے ٹکڑوں سے مریضوں کو نفع

السلام علیکم! پچھلی بار جب میں درس میں شریک ہوا تھا تو اس دوران میں نے دیکھا کہ لوگ لنگر کے دوران روٹیوں کے ٹکڑے چھوڑ دیتے ہیں۔ میں نے یہ ٹکڑے برکت کے طور پر لے کر بے شمار مریضوں کو دینا شروع کر دیئے ہیں انہیں کہا کہ آپ شفاء کی نیت سے کھاؤ ان شاء اللہ تمہیں فائدہ ہوگا۔ جس نے بھی یہ روٹیوں کے ٹکڑے کھائے ہیں الحمدللہ! اس کی برکت سے بہت سے لوگوں کو نفع ملا ہے۔

(محمود الحسن قادری، لاہور)

”قرآن کو خوشبو لگانے“ کے مشاہدات

روزانہ تلاوت قرآن پاک کی برکت

ایک نوجوان نے بتایا کہ میں قرآن کی تلاوت کرنے میں بہت سستی کرتا تھا اور کئی کئی دن ناغہ بھی ہو جاتا تھا۔ میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کا فرمایا ہوا عمل کیا کہ قرآن پاک کو خوشبو لگانا شروع کر دی جس سے مجھے بہت فائدہ ہوا اور اب میرا تلاوت میں بہت کم ناغہ ہوتا ہے جو نہ ہونے کے برابر ہے۔ **(توقیر حیدر)**

”سورۃ یٰسین کی آیت“ کے مشاہدات

سفر کے دوران چالان سے حفاظت

السلام علیکم! پچھلے ہفتے میں نے اپنی دکان کیلئے شاہ عالم مارکیٹ سے سامان خریدا تو اس وقت کوئی رکشہ وغیرہ نہیں مل رہا تھا جس پر لوڈ کر کے وہ سامان لے جاتا۔ اس دوران سڑک پر کافی زیادہ وارڈن کھڑے تھے جو جس بندے کو بھی موٹر سائیکل پر سامان رکھے ہوئے دیکھتے اس کا چالان کاٹ دیتے۔ میں کچھ دیر تو رکشے والے کو ڈھونڈتا رہا آخر کار میں نے لڑکے کو کہا ایک شاپر موٹر سائیکل کے پیچھے رکھ دو دوسرا میں آگے رکھ لیتا ہوں۔ وہ کہنے لگا صادق بھائی آپ کا بھی کہیں وارڈن چالان نہ کر دیں؟ میں نے کہا اب جانا تو

Qureshi

ہے اللہ مالک ہے۔ میں نے موٹر سائیکل اسٹارٹ کی اور سورۃ یٰسین کی آیت ”وَجَعَلْنَا مِنۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ (سورۃ یٰسین ۹)“ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھنا شروع کر دی اور پھر سورہ الم نشرح بھی پڑھتا رہا۔ یقین کریں وہ 10/8 وارڈن تھے جو تقریباً ہر موٹر سائیکل والے کو پکڑ کر چالان کرتے جا رہے تھے لیکن میں ان کے قریب سے گزر گیا اور کسی نے دیکھا تک نہیں اور نہ ہی مجھے ہاتھ کے اشارے سے روکا۔ الحمد للہ! اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے مجھے چالان اور رکشے کے کرائے سے بچا لیا۔ **(محمد صادق)**

”سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم“ کے مشاہدات

اللہ تعالیٰ نے ذہنی سکون عطا فرما دیا

السلام علیکم! میرا نام محمود الحسن ہے میں تقریباً 3 جمعرات قبل حضرت جی دامت برکاتہم سے بیعت ہوا تھا اور آپ کے حکم کے مطابق ”سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ“ کا کثرت سے ذکر کرتا ہوں اور درود تنجینا بھی پڑھتا ہوں۔ میں آپ کو بتا نہیں سکتا کہ آپ کا تصور اپنی آنکھوں کے سامنے رکھتا ہوں اور مجھے اتنا ذہنی سکون ملتا ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ اس ذکر کا فائدہ مجھے یہ ہوا کہ میں پہلے اکثر بیمار رہتا تھا اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء عطا فرمائی۔ دوسرا فائدہ یہ ہوا کہ مجھے ذہنی طور پر سکون نہیں ہوتا تھا وہ بھی اللہ تعالیٰ نے عطا فرما دیا ہے۔ جس پر میں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کر رہا ہوں۔ **(محمود الحسن)**

”سورہ مزمل“ کے مشاہدات

میرے نصیب جاگ اٹھے

السلام علیکم! میں ہر جمعرات درس میں حاضری دیتا ہوں اور جو کچھ یہاں سے سنتا

Oureshi

ہوں گھر جا کر اس پر عمل میں لگ جاتا ہوں۔ پچھلی جمعرات میں دفتر میں کام کے دباؤ کی وجہ سے نہ آسکا جس کی وجہ سے 3/4 دن مسلسل پریشان رہا اور ان سے لڑتا رہا کہ آپ نے مجھے درس میں جانے سے کیوں روکا۔ میں سورۃ مزمل پڑھتا رہتا ہوں اور 2 انمول خزانے کا بھی کثرت سے ذکر کرتا ہوں۔ میری دیرینہ خواہش تھی کہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کبھی میرے گھر تشریف لائیں لیکن میں اس بات کا اظہار نہیں کرسکتا تھا۔ پرسوں اچانک حکیم صاحب دامت برکاتہم خود چل کر ہمارے گھر آگئے اور میرے نصیب جاگ اٹھے۔

حضرت جی دامت برکاتہم فرماتے ہیں:۔

ہوا یہ کہ میرے ایک دوست آئے ہوئے تھے میں نے انہیں فون کیا جس پر وہ کہنے لگے ہمارا تو چوبرجی کے قریب گاڑی کا حادثہ ہوگیا تو میں موٹر سائیکل پر احباب تھے انکے ساتھ چلا گیا تو ان اللہ والوں کا گھر مجھے پتہ نہیں تھا بس درس میں آتے ہیں بے شمار لوگ آتے ہیں یاد نہیں رہتے ان کا گھر سامنے ہے تو یہ اللہ والے ہیں پہنچ گئے۔ انہوں نے مجھے دیکھا کہ میں کیسے؟ تو پھر یہ مہمانوں کو گھر لے گئے اللہ ان کو جزائے خیر دے۔ وہ بہت خوش ہوگئے، بس دل کے اندر چونکہ طلب سچی تھی اللہ کریم نے اپنے غیب کے خزانے سے کوئی حیلہ وسیلہ بنا دیا۔ اللہ ہی کی طرف سے سب کچھ ہوتا ہے۔

پتہ بھی نہ چلا اور گردے کی پتھری غائب

السلام علیکم! میرا نام شاہد شریف ہے اور میرا تعلق ڈیرہ غازی خان سے ہے۔ جب میں آٹھویں جماعت کا طالب علم تھا تب سے مجھے دائیں گردے میں پتھری تھی جو خود بخود پیشاب کے ذریعے نکلتی جس کے دوران مجھے انتہائی تکلیف ہوتی رہتی تھی اور خون بھی آتا رہتا تھا۔ لاہور شفٹ ہونے سے پہلے 1 سال بعد پتھری بنتی لیکن بعد میں 6 ماہ کے میں یہ معاملہ شروع ہوگیا۔ ایک دن میں کہیں جا رہا تھا راستے میں ایک مسجد آئی جمعہ کا دن تھا میں نے کہا کہ چلو جمعہ ہی پڑھ لیتے ہیں اس دوران خطیب صاحب خطبہ

Qureshi

دے رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ آپ کو یقین نہیں ہے اگر سورۃ مزمل کی آیت ''وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا'' اول وآخر 11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھ لی جائے تو بڑے بڑے پہاڑ ٹیلہ ہو جاتے ہیں، اگر آپ لوگ 21 مرتبہ یہ پڑھ لیں تو پھر اس کے فوائد دیکھیں۔ میں نے سوچا کہ اتنی تکلیف سے گزر رہا ہوں چلو پڑھ کر دیکھ لیتے ہیں۔ جب ان کا خطبہ ختم ہوا اور نماز پڑھ لی تو میں نے ان سے لکھوا لیا کہ یہ آیت کہاں سے ہے اور کس طرح پڑھنی ہے۔ انہوں نے مجھے طریقہ ارشاد فرمایا کہ اول وآخر 11 بار درود شریف اور 21 مرتبہ ''وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا'' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں۔ میں نے عمل شروع کیا اور کچھ دیر وہ عمل کرتا رہا اور 3 ماہ تک مجھے ذرا بھی تکلیف نہیں ہوئی لیکن مجھے اس کا ڈر لگا ہوا تھا۔ واقعی مجھے کچھ ماہ بعد بہت شدید درد شروع ہو گئی۔ میں نے عمار ہسپتال سے ڈاکٹر صاحب سے چیک اپ کروایا تو انہوں نے کہا کہ آپ کو ذرا بھی پتھری نہیں ہے۔ میں نے کہا ڈاکٹر صاحب مجھے بہت تکلیف ہے۔ میں نے پھر وہ عمل شروع کر دیا اس دوران میں حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس آیا لیکن ٹائم نہ مل سکا۔ میں نے وہ عمل جاری رکھا جہاں بھی چیک کرواتا تو سب یہی کہتے تھے کہ بیٹا پتھری بالکل بھی نہیں ہے لیکن مجھے درد رہتا تھا میں نے عمل جاری رکھا اور اس کے تقریباً کچھ ماہ بعد وہ درد غائب ہو گیا اور میں اب بالکل پرسکون ہوں۔ **(شاہد شریف، ڈیرہ غازی خان)**

سفر کے دوران نماز کی ادائیگی

السلام علیکم! میں نارووال سے آیا ہوں۔ ایک بار میں یہاں درس میں آرہا تھا اور آتے ہوئے حضرت دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ مزمل کا جو وظیفہ دیا ہوا تھا وہ پڑھ رہا تھا۔ عصر کی نماز کا وقت ہو گیا میں نے کہا یا اللہ! یہ گاڑی ٹھہر جائے ہم نماز پڑھ لیں۔ اللہ کا کرنا ایسے ہی ہوا اور ایک پٹرول پمپ پر گاڑی رک گئی اور ہم نے نماز ادا کر لی حالانکہ پہلے اس روڈ پر گاڑی والے کبھی گاڑی نہیں روکتے تھے اللہ پاک نے اس عمل

Qureshi

کی برکت سے میری نماز قضاء ہونے سے بچادی۔

نماز کیلئے ڈرائیور کو گاڑی روکنا ہی پڑی

اگلے دن جب میں واپس جا رہا تھا تو پھر راستے میں اپنا وظیفہ پڑھ رہا تھا اور جب عصر کا وقت ہوا تو میں نے گاڑی والے سے کہا کہ میں نے نماز پڑھنی ہے تھوڑی دیر کیلئے کہیں گاڑی روک لو۔ وہ کہنے لگا کہ آپ اکیلے کیلئے ہم یہ گاڑی نہیں روک سکتے۔ اللہ کا کرم ہوا کہ ان کو پٹرول کی ضرورت پڑی اور انہوں نے ایک پمپ پر گاڑی روک لی اور میں نے بہت سکون سے نماز پڑھی اور وہ گاڑی رکی رہی۔ **(محمد صادق، نارووال)**

"روحانی غسل" کے مشاہدات

بچی کا بخار فوری طور پر اتر گیا

السلام علیکم! اس ہفتے میری چھوٹی بچی کو 2 مرتبہ بخار ہوا جسے دونوں بار میں نے خود روحانی غسل کروایا اور اللہ کا شکر ہے کہ غسل کرواتے ہی اس کا بخار اتر گیا اور آج جب میں درس میں آ رہا تھا تو وہ اچھی بھلی کھیل رہی تھی۔ **(محمد آصف، منڈی بہاؤالدین)**

"یاحفیظ" کے مشاہدات

"یاحفیظ" کی بدولت ہچکی سے شفاء

السلام علیکم! میرا نام شکیل احمد ہے اور میں کراچی سے آیا ہوں۔ میرے پاس اعمال کے کچھ فوائد ہیں کہ اگر کسی کی ہچکی نہ رک رہی ہو تو سنت طریقے سے بیٹھ کر پانی پئے اور 3 سانس میں پانی پیتے ہوئے ہر سانس پر کٹورے یا گلاس سے منہ الگ کر کے 7 بار "یَا حَفِیْظُ" پڑھے یعنی 3 سانسوں پر ہی 7,7 بار جب بندہ یہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ فوراً اس کی ہچکی رک جائے گی۔ **(شکیل احمد، کراچی)**

Qureshi

''سورۃ فاتحہ'' کے مشاہدات

ایک ہی دن میں انگوٹھا بالکل ٹھیک

السلام علیکم! میرے پاس مشاہدہ ہے کہ ایک بار میرے ہاتھ کے انگوٹھے پر ایک پھنسی نکل آئی جس کی وجہ سے انگوٹھا نیلا ہوگیا۔ میں نے اس کیلئے 11 مرتبہ سورۃ فاتحہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر پھونک ماری تو اللہ پاک نے ایسا کرم کیا کہ بغیر ڈاکٹر کے پاس جانے سے ہی ایک دن میں وہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ **(نور احمد)**

''عبقری رسالہ سے فیض'' کے مشاہدات

پاک آرمی سے ریٹائرڈ ملازم کو برکتیں ملنے لگیں

السلام علیکم! میں 3 جنوری 2004ء میں پاک آرمی سے ریٹائرڈ ہوا تو میرے والدین کی طرف سے میرے اوپر دباؤ تھا کہ میں کوئی نہ کوئی کاروبار کروں کیونکہ میں اس وقت کوئی کاروبار نہیں کر رہا تھا اور صرف پنشن پر ہی گزارا کر رہا تھا۔ ایک بار حضرت حکیم صاحب راولپنڈی تشریف لائے تو میں ان کا درس سننے کیلئے گیا۔ بیان سن کر میرے دل کی حالت جاگ گئی اور میں اسی طرف چل پڑا۔ میں نے عبقری رسالہ، روحانی پھکی اور کتابچے بازاروں، محلوں میں بیچنا شروع کردیئے جس سے جو بھی منافع ہوتا ہے وہ یتیموں، مسکینوں اور غریبوں میں تقسیم کردیتا ہوں۔ الحمدللہ! اس عمل سے مجھے بہت برکتیں ملنا نصیب ہوئی ہیں اور ایسے ایسے غیب کے خزانوں سے مدد مل رہی ہے کہ بتا نہیں سکتا۔

(ریٹائرڈ آرمی ملازم)

اللہ نے 7 دن میں کام حل کردیا

السلام علیکم! میں کچھ عرصہ سے عبقری کا قاری ہوں۔ ایک بار میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا کہ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل، پریشانی، ٹینشن ہو تو ایک عمل کاغذ پر ''شیخ جمال الدین یونس'' سجاوندی کی روح کو دو رکعت نفل پڑھ کر روح کو ہدیہ کردیا

Oureshi

جائے اور دعا لکھ کر چلتے ہوئے پاک پانی یا نہر میں بہا دیں تو انشاء اللہ پہلے، دوسرے یا تیسرے دن حتیٰ کہ 7 دن میں آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا میں نے آزمایا تقریباً 7 دن تک میں وہ عمل کرتا رہا جس کی برکت سے اللہ پاک نے میرا کام کر دیا۔ **(نوید قریشی، ایبٹ آباد)**

لوگوں کے دلوں میں جذبہ محبت خداوندی

السلام علیکم! میں کچھ ماہ سے اپنے عزیز و اقارب میں عبقری بانٹ رہا ہوں۔ عبقری جس گھر میں بھی جاتا ہے وہاں پر پورا ایک سکول بن جاتا ہے اور لوگ ان کے گھر آ کر پوچھتے ہیں کہ فلاں وظیفہ اور فلاں عمل بتا دیں۔ یعنی عبقری کی وجہ سے لوگوں میں خیر و خواہی اور وظیفے چل پڑیں ہیں جسے دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے جب سے میں نے عبقری رسالہ بانٹنا شروع کیا ہے اللہ پاک نے مجھ پر اپنے غیب کے خزانوں سے رزق میں برکت عطا فرما دی ہیں اور مجھے ہر قسم کے شر اور حسد سے محفوظ رکھا ہوا ہے۔ **(فہیم نعیم)**

”درس سننے“ کے مشاہدات

باغی نفس کو قابو کرنا

السلام علیکم! میں کافی رسالے خریدتا رہتا تھا اسکے ساتھ میرا زیادہ تر وقت انٹرنیٹ پر گزرتا تھا۔ ایک دن رسالے خریدتے ہوئے مجھے ماہنامہ عبقری مل گیا میں نے اسے پڑھا تو دلچسپی مزید بڑھ گئی۔ پھر اس پر دی گئی ویب سائٹ کو کھولا تو اس میں درس ملے جو میں نے سننا شروع کر دیئے۔ ابھی 3/2 ہفتے پہلے میں نے نیٹ کے ذریعے ہی بیعت بھی کر لی ہے۔ درس سننے سے مجھے بہت فوائد حاصل ہوئے جن میں سے چند ایک کا تذکرہ ضروری سمجھتا ہوں۔ سب سے پہلے تو میں ہر وقت پریشان سا رہتا تھا اور کسی نہ کسی الجھن میں ذہن بھٹکتا رہتا تھا، درس سننے کے بعد میرے اندر ایک عجیب سا سکون اور ذہنی یکسوئی حاصل ہو گئی ہے۔ آج میں پہلی بار تسبیح خانہ میں حاضر ہوا ہوں۔ یہاں آ کر بہت روحانیت ملی ہے۔ جب آن لائن درس سنتا ہوں تو پوری توجہ سے سننے

Qureshi

پر بھی اس قسم کی طمانیت کا احساس ہوتا ہے۔ (ارسلان حبیب، اسلام آباد)

’’اللھم واغفرلی والدی......‘‘ کے مشاہدات

مسنون عمل سے عمرے کی سعادت ملی

السلام علیکم! میرا نام محمد اویس ہے اور لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں نے عبقری رسالہ میں ایک وظیفہ ’’اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءِ وَالْاَمْوَاتِ‘‘ شائع ہوا جو سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا تھا میں نے یہ پورا سوا لاکھ تو نہیں لیکن اس کی برکت اور اللہ پاک کے فضل سے مجھے اللہ پاک نے عمرے کی سعادت بخشی ہے اور جب لوگ اِدھر نیو ایئر نائٹ منا رہے تھے میں اُدھر مدینہ شریف کا سفر کر رہا تھا۔ (محمد اویس، لاہور)

’’یابصیر‘‘ کے مشاہدات

آنکھوں کا دھندلا پن ختم

السلام علیکم! میری نظر آہستہ آہستہ کمزور ہوتی جارہی تھی اور دور کی چیزیں دھندلی نظر آتی تھیں۔ ایک بار عبقری رسالہ میں ایک عمل آیا تھا کہ ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ ’’یَابَصِیْرُ‘‘ پڑھ کر اپنی شہادت والی انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر انگلی پھیر لیں۔ جس دن سے یہ عمل کر رہا ہوں آنکھوں سے دھندلا پن ختم ہوگیا ہے اور بینائی بھی پہلے سے بہت بہتر ہوگئی ہے۔ (محمد علی)

’’یامصور‘‘ کے مشاہدات

2 سال سے اٹکا ہوا کام مکمل

السلام علیکم! عبقری کے پچھلے شمارے میں ’’یَامُصَوِّرُ‘‘ کا ایک عمل 5 ہزار بار

Oureshi

پڑھنے کا شائع ہوا تھا۔ میں نے شروع کیا تو ابھی صرف فجر کی نماز کے بعد ایک بار ہی پڑھا تھا کہ اللہ پاک نے میرا 2 سال سے اٹکا ہوا کام حل ہو گیا۔ (**عامر نفیس**)

’’اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم‘‘ کے مشاہدات

اسم محمدؐ کے نام کی نسبت سے اولاد نرینہ

السلام علیکم! میرا نام محمد معراج دین ہے۔ میری اولاد نرینہ نہیں تھی اور بس 3 بیٹیاں تھیں۔ میں نے جنوری کے شمارے (عبقری) میں پڑھا تھا کہ جو کوئی نیت کر کے اولاد نرینہ کا نام محمد سے منسوب کرے گا تو اللہ پاک اسے اولاد نرینہ دے گا۔ میں نے اس کی نیت کی تو اللہ پاک نے مجھے 3 بیٹیوں کے بعد بیٹے سے نوازا ہے۔ میں اللہ پاک کا بہت بہت شکر ادا کرتا ہوں۔ (**محمد معراج دین**)

’’یاسلامُ یاسلامُ‘‘ کے مشاہدات

بیمار بھانجی کی طبیعت اسی وقت ٹھیک ہو گئی

السلام علیکم! ایک بار میری بھانجی بہت بیمار ہو گئی جو ڈاکٹر سے دوائی لینے کے باوجود بھی ٹھیک نہیں ہو رہی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں ایک عمل پڑھا تھا جس کے مطابق انڈے کی زردی میں شہد ملا کر ’’یَاسَلَامُ یَاسَلَامُ‘‘ پڑھتے ہوئے بھانجی کو کھلا دیا۔ الحمدللہ! اسی وقت بچی ٹھیک ہو گئی۔ (**محمد یوسف، لاہور**)

’’بیت الخلاء کی مسنون دعا‘‘ کے مشاہدات

گھر میں سکون کا راج

السلام علیکم! میرا نام عبدالرؤف خان ہے اور میں مونٹریال کینیڈا سے آیا ہوں۔ میں عرصہ دراز سے نیٹ کے ذریعے تسبیح خانہ سے جڑا ہوا ہوں۔ ایک بار حضرت جی

Oureshi

دامت برکاتہم نے درس میں بیت الخلاء کی مسنون دعا کا بتایا تھا جس کا ہم خود بھی اہتمام کرتے ہیں اور ہمارے بچے بھی پورے اہتمام سے یہ دعا پڑھ کر بیت الخلاء میں جاتے ہیں۔ ”بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ“ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے ہمارے گھر میں بہت سکون ہوگیا ہے اور اللہ پاک نے برکتیں عنایت فرمادی ہیں۔ **(عبدالرؤف خان، مونٹریال کینیڈا)**

گھر سے چھوٹی موٹی بیماریوں کا خاتمہ

السلام علیکم! میرا نام محمد جنید ہے اور میں اسلام آباد سے آیا ہوں۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم اکثر اپنے درس میں بیت الخلاء کی دعا ”بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ“ کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں۔ میں نے اپنے گھر کے تمام افراد کو یہ دعا یاد کروائی ہوئی ہے یہاں تک کہ اپنے تین سال کے بیٹے کو بھی یہ دعا یاد کروائی ہوئی ہے جو ٹوٹی پھوٹی پڑھ لیتا ہے اس کی برکت سے الحمدللہ! ہماری ڈاکٹروں کے پاس جانے سے جان چھوٹ گئی ہے اور ہمارے گھر سے تمام چھوٹی موٹی بیماریوں کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو اعمال سے پلنے، اعمال سے بچنے اور اعمال سے بننے کا یقین عطا فرمائے۔ آمین! **(محمد جنید، اسلام آباد)**

روزانہ کے جھگڑے اور میاں بیوی کی تکرار ختم

السلام علیکم! ہم سب گھر والے آپ کے بتائے ہوئے اعمال پابندی کے ساتھ کررہے ہیں اور آپ دامت برکاتہم درس میں جو بھی مسنون دعائیں اور اعمال بتاتے ہیں وہ بھی پڑھتے رہتے ہیں۔ آپ دامت برکاتہم نے درس میں بیت الخلاء کی دعا کے فضائل کے بارے میں بتایا تھا کہ اس عمل سے شیطانی چیزیں گھروں سے نکل جاتی ہیں۔ الحمدللہ! جب سے ہم گھر والوں نے بیت الخلاء کی مسنون دعا ”بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ“ کا اہتمام کیا ہے ہمارے گھر

Oureshi

سے روزانہ کے جھگڑے، میاں بیوی میں اکثر کی تکرار اور بچے جو ضدی تھے وہ فرمانبردار ہو گئے ہیں اور سب کچھ ٹھیک ہو گیا ہے اب گھر میں ایک سکون جیسا ماحول رہتا ہے۔

(زبیر ظفر)

”یا خالق یا مصور یا جمیل“ کے مشاہدات

جلا ہوا زخم بہت جلد ٹھیک ہو گیا

السلام علیکم! پچھلے دنوں گجرات میں جب حضرت جی دامت برکاتہم کا درس تھا تو میری موٹر سائیکل کے سلنسر سے ٹانگ جل گئی اور کافی بڑا زخم بن گیا تھا۔ درس میں حضرت دامت برکاتہم نے ایک وظیفہ بتایا تھا ”یَاخَالِقُ یَا مَصَوِّرُ یَا جَمِیْلُ“ میں نے اس کا ورد شروع کر دیا اس کی برکت سے میرا زخم بہت جلد ٹھیک ہو گیا اور ایسا ٹھیک ہوا کہ محسوس ہی نہیں ہوتا کہ کہاں سے ٹانگ جلی تھی۔

(محمد اسحاق)

اللہ تعالیٰ نے اولاد سے نواز دیا

السلام علیکم! ہمارے گجرات میں ایک صاحب پچھلے بارہ سال سے بیرون ملک میں کاروبار کر رہے ہیں وہ ہر سال 3 ماہ کی چھٹی پر گھر آتے ہیں اور پھر چلے جاتے ہیں۔ ان کے ہاں اولاد نہیں تھی انہوں نے بہت علاج معالجہ بھی کرایا لیکن بے سود رہا۔ وہ دونوں میاں بیوی اولاد کی نعمت کو ترستے رہے۔ پچھلے دنوں 31 مارچ کو حضرت جی دامت برکاتہم کا گجرات میں درس تھا جس میں حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا کہ کسی بھی مسئلے کیلئے ”یَاخَالِقُ یَا مَصَوِّرُ یَا جَمِیْلُ“ کثرت سے پڑھیں۔ ان صاحب نے بھی اپنی اولاد کی نیت سے یہ وظیفہ مسلسل پڑھنا شروع کر دیا اور الحمدللہ! اب ان کی اہلیہ امید سے ہیں۔ **(محمد الطاف، گجرات)**

Oureshi

”ولسوف یوتیک ربک فترضی“ کے مشاہدات

ایکسیڈنٹ میں خراش تک نہ آئی

السلام علیکم! میرا نام محمد یٰسین ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں یہاں درس میں پہلی بار آیا ہوں۔ میں اپنے مشاہدات یہاں پر موجود حضرات کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے عبقری رسالہ میں جنات کے پیدائشی مضمون میں ”وَ لَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى“ کا عمل پڑھا تھا اور اس وقت سے میری کوشش ہوتی ہے کہ جب میں موٹر سائیکل پر کہیں بھی جاؤں تو یہ ورد کرتا رہوں۔ ایک بار میں موٹر سائیکل پر دکان سے گھر جارہا تھا راستے میں لکشمی چوک کے قریب ایک گاڑی والا بہت تیزی سے آتا ہوا میری موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکرایا اور اس کی گاڑی کا سائیڈ شیشہ ٹوٹ گیا اور گاڑی کو خراشیں بھی آئیں۔ اللہ پاک کے کرم اور اس وظیفے کی برکت سے مجھے ذرا بھی خراش نہ آئی اور میں بالکل محفوظ رہا۔ (محمد یٰسین، لاہور)

”یاقہار“ کے مشاہدات

اہلیہ کا بخار اور لڑائی جھگڑے ختم

السلام علیکم! میرا نام منشاء ہے اور میں پنڈ دادنخان سے آیا ہوں۔ میری اہلیہ کو بہت شدید بخار ہوگیا تھا جو اترنے کا نام نہیں لے رہا تھا اور ہمارے گھر میں اکثر لڑائی جھگڑے رہتے تھے مجھے ایسا محسوس ہورہا تھا کہ جیسے کوئی شیطانی و شریر چیزیں ہم میں فساد ڈال رہی ہیں۔ میں نے عبقری رسالہ میں ”یَاقَہَّارُ“ کا عمل پانی میں پاؤں ڈال کر کرنے والا پڑھا تھا۔ میں نے وہ اپنی اہلیہ کو کروانا شروع کردیا۔ میری اہلیہ مجھے کہنے لگی کہ مجھے یہ عمل کرتے ہوئے بہت عجیب اور ڈراؤنے خواب آتے ہیں اور مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کوئی جناتی چیز مجھے پکڑنے کی کوشش کررہی ہے لیکن وہ مجھے پکڑ نہیں پارہی۔ میں نے اسے تھوڑا سا ڈرایا کہ یہ عمل کرتی رہو ورنہ تمہارا مرض بڑھ جائے

Qureshi

گا۔ الحمدللہ! اس نے یہ عمل چار ماہ تک کیا تو اس وظیفے کی برکت سے میری اہلیہ کو شفاء مل گئی ہے اور اب اس کے ساتھ کبھی کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ اللہ پاک آپ دامت برکاتہم کو اور آپ کے تمام ساتھیوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! **(منشاء، پنڈ دادنخان)**

شیطانی اور جناتی چیزوں کا وظیفہ پڑھنے سے روکنا

السلام علیکم! ہم آپ کا عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں جو بہت ہی اچھا ہے جس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ ہم نے عبقری رسالہ میں ''یَاقَھَّارُ'' کا فیض والا عمل پڑھا تھا جو میں نے پڑھنا شروع کیا تو اللہ پاک نے 12 سال کی عمر میں لگنے والے مرض سے شفاء دے دی ہے اور میری طبیعت بہتر ہوتی جارہی ہے۔ مجھ پر بچپن ہی سے کسی نے بہت سخت قسم کا جادو کیا ہوا تھا جو ابھی تک میرے ساتھ ساتھ چل رہا تھا اور اس کی وجہ سے میرے پھیپھڑے ختم ہو کر رہ گئے تھے جس کو ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا تھا اور اس وجہ سے میں بہت مایوس ہو چکا تھا لیکن اللہ پاک نے اپنے نام ''یَاقَھَّارُ'' کی برکت سے مجھے ایک نئی زندگی عطا کی ہے اور میں اب بالکل صحت مند رہتا ہوں۔ جب سے میں نے اور میرے گھر والوں نے ''یَاقَھَّارُ'' پڑھنا شروع کیا ہے اللہ پاک نے ہمارے گھر میں سکون اور چین کی راہیں کھول دی ہیں۔ ایک بار میں رات کو وظیفہ پڑھتے پڑھتے سویا تو مجھے خواب میں دو لوگ آ کر ہمارے دروازے پر کھڑے ہو کر کہنے لگی کہ تم جو حکیم طارق کے وظیفے پڑھ رہے ہو انہیں چھوڑ دو نہیں تو ہم تمہیں بہت نقصان پہنچائیں گے لیکن میں نے ان کی ایک نہ مانی اور مسلسل وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا اور وہ اتنا کہہ کر چلے گئے کہ جب تم یہ وظیفہ پڑھنا چھوڑ دو گے تو ہم دوبارہ آ جائیں گے۔ الحمدللہ! جب سے میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا ہے تب سے دوبارہ کبھی کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ جب میں نے اس خواب کا ذکر اپنے گھر والوں سے کیا تو وہ بتانے لگے کہ ہم نے درس میں سنا تھا کہ یہ شیطانی اور جناتی چیزیں ہوتی ہیں اور جو کسی بھی روپ میں آ کر اعمال کرنے سے

Qureshi

روکتی ہیں تم اعمال نہ چھوڑنا بس توجہ اور دھیان سے اپنا وظیفہ جاری رکھو ان شاء اللہ کچھ بھی نہیں ہوگا۔ جب سے عبقری رسالہ ملا ہے اس نے ہماری زندگی ہی بدل کر رکھ دی ہے اور اللہ پاک نے اس کے ملنے سے مجھے پانچ وقت کا نمازی بنا دیا ہے۔

(الف، ڈسکہ)

”آنسوؤں سے شفاء“ کے مشاہدات

آنسوؤں سے دانے ختم ہو گئے

السلام علیکم! ایک بار میرے چھوٹے بیٹے کے منہ پر دانے نکلنا شروع ہو گئے تھے جسے دیکھ کر لوگ کہنے لگے کہ اس کا علاج کراؤ ورنہ یہ بڑھ جائیں گے اور کبھی ختم نہیں ہوں گے۔ میں نے اس کیلئے دعا مانگنا شروع کر دی اور دعا مانگتے ہوئے میرے آنسو نکل آئے میں نے وہی آنسو اسکے دانوں پر مل دیئے جس سے دانے دوسرے دن ہی ختم ہو گئے۔ (اعظم مغل)

”سورة آل عمران کی آیات“ کے مشاہدات

مسنون عمل سے چور پکڑا گیا

السلام علیکم! میرا نام عاطف شیر ہے اور میں لاہور میں رہتا ہوں۔ میں ہر جمعرات یہاں تسبیح خانہ درس میں آتا ہوں۔ درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ہر نماز کے بعد سورة فاتحہ، آیت الکرسی اور سورة آل عمران کی 2 آیات ” شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (آل عمران ١٨)، قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ، تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ وَتَرْزُقُ مَنْ

Oureshi

تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (سورہ آل عمران ۲۶۔ ۲۷)'' کا عمل بتایا تھا میں تب سے یہ عمل کر رہا ہوں۔ ہمارے گھر میں اکثر چوریاں ہو جاتی تھیں اور پتہ بھی نہیں چلتا تھا کہ کون کر رہا ہے اور اس کا ملازموں پر الزام اور شک کرتے ہوئے بھی ڈر لگتا تھا۔ ایک بار میں نماز پڑھ کر اپنی اہلیہ کے ساتھ باہر بازار گیا لیکن وہاں سے جلدی ہی فارغ ہو کر گھر آئے تو ہمارے کمرے کی ایک کھڑکی کھلی ہوئی تھی۔ جب ہم نے اندر دیکھا تو ایک ملازمہ کا بچہ الماریاں کھول کر اس میں سے چیزیں نکال رہا تھا جسے ہم نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔ جن سے ہم نے پہلے بھی کی ہوئی چوریاں برآمد کر لیں۔ یہ سب اس عمل کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ (عاطف شیر، لاہور)

''بسم اللہ الرحمن الرحیم حسبنا اللہ......'' کے مشاہدات

نیچے جاتا کاروبار بلندیوں کی طرف

السلام علیکم! میں پچھلے 15 سال سے کویت میں مقیم ہوں۔ گزشتہ سال ایک مسئلہ بنا کہ جس کمپنی کا میرا اقامہ تھا وہ کمپنی غیر قانونی ہو گئی اور مجھے پریشانی بن گئی۔ میں نے جس سے بھی بات کی سب نے یہی کہا کہ اب آپ کو واپس پاکستان ہی جانا پڑے گا۔ میرا وہاں پر ذاتی کاروبار تھا، گاڑیاں تھیں جو ایک دم سب کچھ چھوڑ کر کیسے آ سکتا تھا؟ اسی پریشانی میں 6 ماہ گزر گئے۔ میرے کچھ رشتہ دار یہاں درس میں حاضر ہوتے تھے میں نے ان سے مسئلہ بیان کیا تو انہوں نے حضرت صاحب دامت برکاتہم سے ایک وظیفہ لیکر مجھے کثرت سے پڑھنے کا بتایا۔ میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا ''بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ يَاعَزِيْزُ'' میں نے دن رات یہ وظیفہ کیا اور آج الحمدللہ! میں وہاں پر بالکل خیریت سے ہوں، میرا اقامہ بن گیا اور کاروبار جو دن بدن نیچے جا رہا تھا اس وظیفے کی برکت سے اب پورے زور و شور پر ہے۔ میں اپنے اوپر اللہ کی اس رحمت اور مدد کو بیان کرنے آج تسبیح خانے حاضر ہوا ہوں۔ (حاجی افضال)

Qureshi

"حزب البحر" کے مشاہدات

اِدھر عمل کیا اُدھر لڑکا جیل سے رہا ہو گیا

السلام علیکم! میں آپ کو کچھ اپنے مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں عرصہ دراز سے عبقری کا قاری اور لکھاری ہوں اور جب سے عبقری شائع ہوا ہے تب سے لے کر اب تک تمام عبقری رسالے اور حضرت جی دامت برکاتہم کی تمام کتب میرے پاس موجود ہیں جن سے میں استفادہ کر رہا ہوں۔ 2010ء میں حزب البحر کے عمل کی اجازت کیلئے حضرت جی دامت برکاتہم کو خط لکھا تھا لیکن ماہ صفر کا مہینہ پہلے گزر گیا اور اجازت بذریعہ خط تاخیر سے ملی۔ اگلے سال میں دو ماہ کیلئے تبلیغی سفر پر بنگلہ دیش گیا تو وہاں پر مجھے حزب البحر کا عمل کرنے کا موقع ملا چونکہ ماہ صفر کی 8,7,6 تاریخ کو یہ عمل کرنا ہوتا ہے۔ الحمدللہ! طریقہ کار کے مطابق عمل کیا۔ پھر روزانہ کا معمول بنا لیا جو ابھی تک جاری ہے، اس سے جو فوائد میں نے حاصل کئے ہیں وہ بیان سے باہر ہیں۔ بہت سے لوگ مجھ سے اعمال کے بارے میں پوچھتے رہتے ہیں اور میں ہمیشہ لوگوں کو حزب البحر کا عمل بتاتا ہوں جس کے بہت زیادہ مشاہدات اور فوائد مل رہے ہیں۔ ہمارے محلے داروں کا ایک لڑکا کسی کیس کے سلسلے میں جیل بھیج دیا گیا جس کے گھر والوں نے مجھ سے اپنی پریشانی کے اظہار کیا تو میں نے اس لڑکے کی طرف سے حزب البحر کا عمل ہر نماز کے بعد 41 دفعہ پڑھا تو الحمدللہ! وہ لڑکا جیل سے رہا ہو گیا۔ اسی طرح اگر کوئی بھی پریشان ہو یا کسی کے رشتے میں کوئی رکاوٹ ہو تو میں خود ان کی نیت سے یہ عمل پڑھتا ہوں تو اللہ تعالیٰ لوگوں کے مسائل حل اور شادی میں رکاوٹیں ختم کر دیتا ہے۔

حضرت جی دامت برکاتہم کی روحانی کلاس میں بھی حاضری دیتا ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے روحانی کلاسوں کا جو اجراء کیا ہے بہت ہی اچھا ہے۔ اللہ

Qureshi

تعالیٰ حضرت جی دامت برکاتہم کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین!

(الف۔ب)

''برکت والی تھیلی'' کے مشاہدات

پیسے ختم نہیں ہوئے

السلام علیکم! میں اپنے مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں عرصہ دراز سے عبقری کا قاری اور لکھاری ہوں اور جب سے عبقری شائع ہوا ہے تب سے لے کر اب تک تمام عبقری رسالے اور آپ کی تمام کتب میرے پاس موجود ہیں جن سے میں استفادہ کرر ہا ہوں اور لوگوں کو بھی عملیات اور وظائف تقسیم کرتا رہتا ہوں۔ الحمدللہ! جب سے آپ دامت برکاتہم نے برکت والی تھیلی کا عمل آپ نے عنایت فرمایا ہے تب سے مستقل کرر ہا ہوں۔ خصوصی طور پر ماہ رمضان والا عمل 27 رمضان المبارک کو 11000 بار پڑھ کر برکت والی تھیلی پر دم کرتا ہوں جس کی برکت سے الحمدللہ! آج تک تھیلی سے پیسے ختم نہیں ہوئے بلکہ میری بیوی نے مستقل روزانہ کا معمول بنایا ہوا ہے۔ اس برکت والی تھیلی سے پتہ نہیں کتنی کمیٹیاں ڈال رکھی ہیں اور سارے اخراجات بہت خوش اسلوبی اور بآسانی پورے ہو رہے ہیں۔ میں نے اپنی تینوں بیٹیوں کی شادی بھی اس برکت والی تھیلی سے بہت ہی اچھی طرح سے کی ہیں۔ میں محلے والوں کو بھی یہی عمل بتاتا ہوں جس کا بہت زیادہ فائدہ ہو رہا ہے۔ (ارشد حسین)

''سورۃ فیل'' کے مشاہدات

اللہ تعالیٰ نے دو بیٹوں سے نوازا

السلام علیکم! حضرت جی آپ کا بہت بہت شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی دعاؤں اور آپ دامت برکاتہم العالیہ کے بتائے ہوئے اعمال ''سورۃ فیل'' سے اللہ

Qureshi

تعالیٰ نے مجھے دو پیارے بیٹوں سے نوازا ہے اور آپ سے درخواست ہے کہ میرے ان بیٹوں حسیب اور حاذق کیلئے دعا فرمائیں کہ میں انہیں ایک سچا مسلمان بنا سکوں۔ میں تہہ دل سے آپ کا بہت زیادہ شکرگزار ہوں کہ آپ کی وجہ سے میں نماز کا پابند ہوگیا ہوں بس کبھی کبھی مصروفیات کی وجہ سے نماز قضاء ہوجاتی ہے مگر میں پرامید ہوں کہ جلد ہی باقاعدگی سے پڑھوں گا۔ آپ کا درس بھی سنتا ہوں جس سے بہت سکون ملتا ہے، کوشش کرتا ہوں کہ آپ کی بتائی ہوئی مسنون دعائیں یاد کرکے پڑھوں۔ آپ کے بتائے ہوئے روزمرہ کے چھوٹے اعمال اور روحانی غسل بھی کرتا ہوں۔ الحمدللہ! ان اعمال کی برکت سے میری طبیعت ماشاءاللہ بہت اچھی رہتی ہے۔

(ش۔ راجہ، ورجینیا)

”درس سننے“ کے مشاہدات

گھر سے پیسے ملنے لگے

السلام علیکم! اللہ تعالیٰ حضرت جی دامت برکاتہم کو ہماری عمر بھی دے اور آپ کو بہت بہت صحت، تندرستی دے کہ آپ دین کی خدمت کرتے جائیں اور جنت میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ہوں۔ آپ لوگوں کے مسائل جس طرح حل کررہے ہیں کہ مسائل حل ہونے کے ساتھ ساتھ ہم لوگ اللہ کے قریب ہوتے جارہے ہیں۔ ہم جب آپ کے بیانات سنتے ہیں اس سے ایک توانائی آجاتی ہے، گندگی کی جس دنیا میں تھے اس سے دور ہوکر اللہ کو پاتے جارہے ہیں، مجھے بولنا نہیں آتا اگر کوئی گستاخی ہوجائے تو معاف کردیجئے گا۔ یہ آپ کے بیانات کا کمال ہے۔ میں نے آپ کو دیکھا تو نہیں تھا صرف سنا تھا اور آپ جو بولتے ہیں دل کہتا ہے بس عمل کرتا جاؤں۔ اب دل ہر وقت آپ کے بیانات سننے کو کرتا ہے ہیڈفون کان میں لگا ہوتا ہے، تمام کام کرتے ہوئے بھی بیانات سنتا رہتا ہوں۔ میری پچھلی زندگی بہت گندگی اور غلاظت بھری گزری ہے، میں

Oureshi

گناہگار ہوں بس دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کے طفیل مجھ سے راضی ہوجائے۔ آمین!

آپ کے بتائے ہوئے اعمال میں بہت زیادہ طاقت ہے جب بھی اعمال کے ذریعے اللہ سے مانگا اس نے خالی ہاتھ نہیں لوٹایا بلکہ توقع سے بڑھ کر دیا۔ اس نے اور شاید آپ سے ملوایا بھی اس لئے کہ ہماری زندگی صحیح راہ پر آجائے۔ ہمیں جب بھی کوئی پریشانی ہوتی ہے تو اس کا حل درس میں مل جاتا ہے، ایسا بھی نہیں کہ ہم تواتر سے بیان سنتے ہیں ہم آپ کا پچھلا کوئی بھی بیان (درس) سنتے ہیں تو اسی میں حل نکل آتا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے ہمارے دل کی آواز آپ تک پہنچ جاتی ہے لیکن سمجھ نہیں آتا کہ Live تو دل کی آواز آپ تک جاسکتی ہے لیکن پریشانی آج اور پچھلا کوئی بیان لگا کر سننا اس میں وہ مسئلہ اور اس کا حل موجود ہونا یہ سمجھ سے بالاتر ہے۔ ہم آپ سے ٹائم لئے بغیر مل نہیں سکتے لیکن اللہ نے آپ کو یہ طاقت دی ہے کہ آپ دلوں پر حکمرانی کررہے ہیں۔ لوگوں کے دلوں تک آپ کی رسائی ہورہی ہے۔

میرا دل کرتا ہے میں ہر اس بات پر عمل کروں جو آپ فرماتے ہیں لیکن وقت ساتھ نہیں دیتا۔ آپ سے ملنے اور آپ کو دیکھنے کیلئے بے قرار تھا۔ یہ حسرت دل میں تھی کہ اگلے چند دنوں میں آپ کی ویڈیو منظر عام پر آگئی۔ ایک دن بیٹھے بیٹھے سوچ آئی کتنے خوش نصیب لوگ ہیں جو تسبیح خانہ میں ہر جمعرات بیان (درس) سنتے ہیں۔ ذکر میں شامل ہوتے ہیں اور ہم کیسے ذکر میں شامل ہوں...... اللہ کا کرنا اس دن جو بیان لگایا اس میں ذکر تھا اور ہم بھی اس ذکر میں شامل ہوگئے۔

جب پہلا آپ کا بیان سنا اور تین گھونٹ وضو کے پانی کے کرشمات کے بارے میں سنا اس ناچیز نے کوشش کی کہ ہر وقت وضو میں رہوں اور رزق کیلئے دعا پڑھتا رہتا، ساتھ میں نماز میں چھ سورتوں کا اہتمام بھی کررہا تھا ابھی زیادہ دن بھی نہیں پڑھا تھا کہ کبھی کہیں سے ہزار کا نوٹ نکل آتا اور کہیں سے پانچ سو روپے کا نوٹ مل جاتا۔ ہم نے اپنے بھائی بھابھی کو بتایا دیکھو یہ عمل کرو پیسے ایسے گھر سے نکل رہے ہیں۔ پھر امی نے کہا

ایسا کسی سے ذکر مت کرو، پر ہمارے دل میں دوسروں کیلئے بھی نیک جذبہ تھا کہ جب ہم کو اتنی جلدی اس عمل سے مل رہا ہے جو سب کو بھی مل جائے لیکن بس بتانا تھا کہ پیسے آنا بند ہو گئے۔ دل میں عجیب کشمکش ہے جذبہ دوسروں کی خیر خواہی کا تھا تو ہمارے ساتھ سلسلہ بند کیوں ہوا۔ اب ہم اپنے پیسوں کا تو نہیں بتاتے پر عمل ضرور لوگوں کو بتاتے ہیں۔ ''ہم سب گھر والے آج کل نماز میں چھ سورتوں کا اہتمام کرتے ہیں۔ التحیات کے بعد سورۃ کوثر اور ''رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا '' والی دعا پڑھتے رہتے ہیں۔ ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی، فجر کے فرض کے بعد سورۃ النصر 21 بار، ظہر میں 22 بار، عصر میں 23 بار مغرب میں 24 بار اور عشاء میں 25 بار پڑھتا ہوں۔ اس کے بعد روزانہ 3 تسبیح کوشش ہوتی ہے ایک صبح و شام درود شریف، تیسرا کلمہ، استغفر اللہ کی اور کبھی اللہ اکبر کلمہ اور سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ '' کی پڑھتے ہیں۔ اس ناچیز کی روزانہ صبح و شام کوشش ہوتی ہے کہ 129 بار سورۃ کوثر، روزانہ کا ایک سپارہ، رات کو سونے سے پہلے سورۃ الملک، بچوں کے امتحان ہو رہے تھے تو سورۃ الم نشرح 21 بار صبح و شام پڑھتے رہے جس کے پڑھنے کی برکت سے الحمدللہ! اللہ پاک نے بچوں کو بہت ہی اچھے نمبروں میں پاس کر دیا ہے۔ خاص طور پر میں نے سورۃ الم نشرح کو ٹریفک میں بہت ہی آزمودہ پایا ہے میں کہیں بھی جاؤں تو اگر راستے میں رش ہو تو میں سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک راستے کھول دیتا ہے اور میں بآسانی اور وقت پر اپنی منزل پر پہنچ جاتا ہوں۔ (م۔ع، کراچی)

''ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ'' کے مشاہدات

کمپیوٹر دوبارہ خراب نہیں ہوا

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے پڑھنے کیلئے ''مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا

Qureshi

قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ ’’ عنایت فرمایا ہوا ہے جو میں ہر قسم کی کامیابی کیلئے پڑھتا ہوں جس میں اللہ پاک مجھے کامیابی عطا فرماتا ہے۔ اس کا ایک مشاہدہ کچھ ہی دن پہلے ہوا ہے کہ میں اپنا نیا کمپیوٹر لے کر آیا تو وہ کچھ دن ٹھیک چلنے کے بعد اچانک خراب ہوگیا اور بہت کوشش کے باوجود آن نہیں ہورہا تھا۔ میں نے سوچا کہ شاید اسے نظر لگ گئی ہے اسی لئے یہ خراب ہوگیا ہے۔ اچانک میرے ذہن میں وظیفے کے بارے میں آیا کہ اگر اسے نظر لگی ہے تو حضرت جی دامت برکاتہم کا عنایت کردہ وظیفہ پڑھتا ہوں ان شاء اللہ اسکے پڑھنے سے ضرور ٹھیک ہوجائے گا۔ میں نے وضو کر کے کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر کثرت کے ساتھ ’’مَاشَاءَاللهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ ‘‘ پڑھ کر بیس منٹ بعد کمپیوٹر آن کیا تو وہ چل گیا اور اس کے بعد سے آج تک دوبارہ کبھی خراب نہیں ہوا۔

(محمد جنید نصیر، راولاکوٹ)

’’اللھم باسمك‘‘ کے مشاہدات

نماز فجر کی سعادت نصیب

السلام علیکم! میری بہت عرصے سے 4 نمازیں تو باجماعت ادا ہوجاتی تھیں لیکن فجر کی نماز کے وقت اٹھنا میرا لئے ناممکن بنا ہوا تھا جس کیلئے میں بہت کوشش کرتا تھا لیکن اس کیلئے اٹھ نہیں پاتا تھا۔ پھر میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ایک عمل سنا کہ رات سونے سے پہلے اگر سینے پر انگلی کے ساتھ ’’اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ‘‘ لکھ لیا جائے تو بندہ فجر کے وقت ان شاء اللہ ضرور بیدار ہوگا اور فرشتے اسے جگا دیا کریں گے۔ جب سے میں نے یہ عمل پڑھنا شروع کیا ہے الحمدللہ پانچوں وقت کی نمازیں باجماعت ادا کرنے کی توفیق مل گئی ہے۔ **(شفقت صاحب، جہانیاں)**

☆……☆……☆……☆

Oureshi

افحسبتم اور اذان کا عمل

طریقہ عمل: سورۂ مومنون (پ 18) کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ پڑھ کر دائیں کان کا تصور کر کے دائیں کندھے پر اور بائیں کان کا تصور کر کے بائیں کندھے پر مریض خود دم کرے اور سارا گھر دم کرے اور اگر مریض سامنے موجود نہ ہو تو تصور میں سارا گھر یا جتنے زیادہ افراد کریں گے فائدہ اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ یہ عمل ہر گھنٹے یا آدھے گھنٹے کے بعد کریں، ہر نماز کے بعد بھی کر سکتے ہیں اور صرف صبح و شام بھی کر سکتے ہیں۔ وضو بے وضو کر سکتے ہیں۔

نوٹ: خواتین ایام کے دنوں میں افحسبتم کا عمل نہ کریں بلکہ ان کی طرف سے کوئی دوسرا عمل کرے تاکہ عمل میں کمی نہ ہو البتہ اذان کا عمل کر سکتی ہیں۔

(سورۃ المومنون کی آخری چار آیات): اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ٥ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ٥ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ٥ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ٥ (سات مرتبہ)

اذان: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (سات مرتبہ)

جتنی عمل میں توجہ زیادہ ہوگی اتنا زیادہ نفع ہوگا۔ اتنی بندشیں، سفلی عمل، بیماریاں اور مشکلات زیادہ جلدی ختم ہونگی۔

☆……☆……☆……☆

Oureshi

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی صاحب کی 176 تحقیقی کتب ”تالیفات“

خاندانی الجھنیں

1۔ اچھے لوگ سنہری اصول
2۔ گھریلو الجھنیں اور ماہرین کے تجربات
3۔ شگفتہ باتیں' بکھرے موتی' انمول یادیں
4۔ بڑوں کی زندگی کے ان گنت تجربات
5۔ گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز
6۔ شاداب زندگی کے راز' نبوی طریقے' جدید سائنس
7۔ کامیاب شادی کے 17 اصول' نبوی طریقے' جدید سائنس
8۔ خاندانی مسائل کا طبی ونفسیاتی نچوڑ
9۔ بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک
10۔ شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول
11۔ پرکشش زندگی کے گر' نبوی طریقے جدید سائنس
12۔ شادی شدہ زندگی ہنسی خوشی گزارنے کے راز

نفسیاتی الجھنیں

1۔ ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج
2۔ ڈیپریشن سے نجات پانے والے
3۔ پرسکون زندگی کی تلاش' نبوی طریقے' جدید سائنس
4۔ جذبات اور خیالات کے روگ' نبوی طریقے اور جدید سائنس
5۔ شفا بخش خیالات کی کرشمہ سازیاں' نبوی طریقے' جدید سائنس

اسلام اور جدید سائنس

1۔ تعلیمات نبوی اور جدید سائنس
2۔ فیضان سنت اور جدید سائنس
3۔ باپ کا تقدس' اسلام اور جدید سائنس
4۔ ماں کا تقدس' اسلام اور جدید سائنس
5۔ تربیت اولاد' اسلام اور جدید سائنس
6۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)
7۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)
8۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)
9۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)
10۔ جادو' جنات' اسلام اور جدید سائنس
11۔ موت کے سائنسی اور روحانی انکشافات
12۔ معاشرت نبویؐ اور جدید سائنس

جسمانی امراض اور جدید سائنسی تحقیقات

1۔ ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب
2۔ پرسکون نیند' نبوی طریقے اور جدید سائنس
3۔ پتھری اور ڈائیلسز' علاج نبویؐ اور جدید سائنس
4۔ امراض معدہ' علاج نبویؐ اور جدید سائنس
5۔ شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج
6۔ ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج
7۔ شاندار جوانی' جاندار بڑھاپا
8۔ موٹاپے سے نجات' علاج نبویؐ اور جدید سائنس
9۔ کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج
10۔ جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات
11۔ وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری ہیں؟
12۔ ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج
13۔ صحت بخش' خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول

طبی کتب

1۔ رنگ برنگی سبزیاں' دوا بھی' شفاء بھی
2۔ پھلوں سے صحت وخوبصورتی
3۔ حسن وصحت کیلئے انمول ٹانک۔۔۔۔4۔ شوگر کا کامیاب علاج
5۔ شافی دوائیں' شافی علاج
6۔ تندرستی کے دس راز دان ٹانک۔۔۔7۔ حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں
8۔ حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ
9۔ معالج اور مریضوں کے تجربات
10۔ طبی تجربات ومشاہدات۔۔۔۔11۔ کینسر کو شکست
12۔ انوکھی بیماریاں انوکھے علاج
13۔ میرے طبی رازوں کا خزانہ۔۔۔۔14۔ آزمودہ گھریلو معالج
15۔ الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے
16۔ دائمی قبض سے چھٹکارا
17۔ خوبصورت اور گھنے بال۔۔۔18۔ عبقری ادویات کی شفایابی
19۔ عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمے

شخصیات وتاریخی کتب

1۔ گلوکاری سے پرہیزگاری تک۔۔۔۔2۔ مشاہیر کی آپ بیتیاں
3۔ 1947ء کے مظالم کی کہانی' خود مظلوموں کی زبانی
4۔ بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟۔۔۔5۔ شہید پاکستان
6۔ جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی
7۔ مولانا طارق جمیل شخصیت وکمالات
8۔ مولانا طارق جمیل کے ہمراہ۔۔۔۔9۔ عظمت اہل بیت
10۔ صادق دوست اور مخلص برادر

خواتین

1۔ سدابہار حسن کی ضامن غذائیں
2۔ خواتین کے حسن وجمال کے قیمتی راز
3۔ عورت اسلام اور جدید سائنس
4۔ خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق
5۔ حسن لازوال کی قاتل بیماریاں

روحانیات وعملیات

1۔ روحانی غسل کے کرشمات
2۔ مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات
3۔ دو انمول خزانے (اردو)
4۔ سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاء اللہ) بیٹا پائیں
5۔ جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل
6۔ مالدار بننے کا آزمودہ راز
7۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج
8۔ جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج

Oureshi

9۔ ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری
10۔ کامیاب عامل بنئے۔۔۔ 11۔ روحانیت، جادو اور وہم
12۔ بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف
13۔ روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ
14۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج
15۔ بدترین خصلتوں کا بہترین علاج
16۔ کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض
17۔ مایوس خاندانی مشکلات کا پُرتاثیر روحانی علاج
18۔ روحانی دنیا کے انوکھے بھید
19۔ کشف اور پُراسرار روحانی قوتوں کا حصول
20۔ الحسبتم اور اذان کے کرشمات
21۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)
22 جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوم)
23۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد سوم)
24۔ عامل کامل بننے کے راز
25۔ گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے
26۔ مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟
27۔ مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات
28۔ ستر وظائف سے زندگی آسان
29۔ حٰم لا ینصرون کے کرشمات
30۔ سولی مسجد کے عمل کے کرشمات
31۔ مجھے شفاء کیسے ملی؟
32۔ کالی دنیا کا کالا جادو، وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات
33۔ صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات
34۔ مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی عمل۔۔۔ 35۔ حال دل
36۔ علماء اہل حدیث کے آزمودہ عملیات
37۔ باکمال عاملین کے بے مثال تجربات
38۔ جنات سے سچی ملاقاتیں
39۔ غلاف روضہ مبارک کے کرشمات
40۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کے کرشمات
41۔ سورۃ یٰسین کے کرشمات

صوفی ازم اور اصلاح باطنی

1۔ صوفی ازم سے روشنی کا سفر
2۔ صوفی ازم کے روشن ستارے
3۔ صوفی ازم اور قبولیت دعا
4۔ صوفی ازم اور باطنی سکون
5۔ خطبات عبقری (جلد اول)۔۔۔ 6۔ خطبات عبقری (جلد دوئم)
7۔ خطبات عبقری (جلد سوئم)۔۔۔ 8۔ خطبات عبقری (جلد چہارم)
9۔ اقوال اولیاء۔۔۔ 10۔ آداب معرفت
11۔ معرفت کے متلاشی۔۔۔ 12۔ صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف
13۔ روحانی پاکیزگی۔۔۔ 14۔ شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر
15۔ توبہ کے کمالات۔۔۔ 16۔ کمالات اولیاء
17۔ شجرہ طیبہ قادری ہجویری۔۔۔ 18۔ ندامت کے آنسو
19۔ علماء اہل حدیث کا ذوق تصوف
20۔ علماء اہل حدیث کی سچی کرامات
21۔ اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں
22۔ علماء اہل حدیث اور تصوف کی خوشبو

فطرت کے انوکھے مناظر

1۔ جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات

علاج نبویؐ اور جدید سائنس

1۔ صحت مند عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
2۔ مہلک دوائیں، نبوی دوائیں اور جدید سائنس
3۔ مہلک غذائیں، نبویؐ غذائیں اور جدید سائنس
4۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 1)
5۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 2)
6۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 3)
7۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 4)
8۔ نباتات قرآنی اور جدید سائنس
9۔ نبویؐ دسترخوان، صحت وتندرستی کے راز اور جدید سائنس
10۔ مہلک عادات، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
11۔ قدرتی ٹانک اور علاج نبویؐ
12۔ غلطیوں کی اصلاح، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
13۔ شہد کی کرامات
14۔ کلونجی کے کرشمات

نوجوانوں کے مسائل

1۔ ازدواجی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس
2۔ نوجوانوں کی جنسی الجھنیں، علاج نبویؐ اور جدید سائنس
3۔ نوجوانوں کے جنسی مسائل، علاج نبویؐ اور جدید سائنس
4۔ جنسی پاکیزگی، نبویؐ علاج واحتیاط اور جدید سائنس
5۔ جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟
6۔ عشق، اسلام اور جدید سائنس
7۔ جنسی زندگی، اسلام اور جدید سائنس
8۔ مایوس نوجوان ویران جوانی
9۔ جنس، جوانی، اسلام اور جدید سائنس

دیگر زبانوں میں تراجم

1۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد اول)
(انگلش، ہندی، فرنچ، بنگلہ وغیرہ)
2۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد دوئم)
(انگلش، ہندی، فرنچ، بنگلہ وغیرہ)
3۔ دو انمول خزانے (انگلش)
4۔ آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (انگلش)

متفرقات

1۔ جیل کا جہنم
2۔ رمضان المبارک کے روحانی وجسمانی ٹوٹکے
3۔ حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ
4۔ غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا تحفظ، انکے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں
5۔ پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک
6۔ مجاہد یا دہشت گرد۔۔۔ 7۔ رمضان میں روحانی وجسمانی تندرستی
8۔ قدرت کا انعام اور انتقام۔۔۔ 9۔ حلقہ کشف المحجوب

Oureshi